UNIVERSAL
LIBRARY
OU_188973
UNIVERSAL
LIBRARY

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. ٨٩١٥٤٣٨ Accession No. ١١٠٤٣

Author ح۔ ت فیلک 11042

Title خوب وخیال

This book should be returned on or before the date last marked below.

خواب و خیال

KHWĀB O KHAYĀL

OR

"VISIONS OF THE PAST"

OFFICIAL TEXT-BOOK

FOR THE

EXAMINATION OF CIVIL AND MILITARY OFFICERS

BY THE

HIGHER STANDARD HINDUSTANI;

EDITED WITH NOTES BY

LIEUT.-COLONEL D. C. PHILLOTT, PH.D., F.A.S.B.,

Hindustani Lecturer, Cambridge; Late Secretary and Member, Board of Examiners, Calcutta; Some time Fellow of the Calcutta University: Author of Hindustani Manual, Hindustani Stumbling-Blocks, etc., etc.

Second Edition.

CALCUTTA:

PRINTED AT THE BAPTIST MISSION PRESS, AND PUBLISHED BY THE AUTHOR.

1914.

All rights reserved.

CALCUTTA :—PRINTED AT THE BAPTIST MISSION PRESS,
AND BOUND ELSEWHERE.

INTRODUCTION.

Part I of the present selections consists of a retranslation into Hindustani of the memoirs of Sītā Rām, for which see the Introduction to the present editor's edition of "From Sepoy to Soobadar."

Parts II and III are selections from the *Rusūm-i Hind*, *Qaṣaṣ-i Hind*, *Chand Pand*, *Mir'āt^u-l-'Arūs* and *Fasāna-e-Azād.*

The editor can only repeat part of what has already been said in the Introduction to the Lower Standard Selections, that is, that this book has been carefully edited and annotated; that purely domestic words, and words etc. not useful to a beginner have been omitted, and that generally speaking colloquial expressions have been substituted for literary ones. The style is idiomatic and colloquial throughout, while the matter is certainly interesting.

The vocabulary of all three parts is the vocabulary of the uneducated; it is believed that very few words will be found in the text that are not in some form or other used by uneducated Muslims of Delhi, Lucknow, Behar, etc. etc., and certainly no word that is not easily intelligible to them. When the student is learning to read these extracts, he is also learning to talk. It must, however, be recollected that a language cannot be properly learnt from books alone; the ear and the tongue require training, and this is only to be acquired by considerable practice. The student should therefore practise on servants and sepoys what colloquial he has stored up in his memory from the book. He must, however, bear in mind the fact that the vocabulary of Hindus differs somewhat from that of Muslims; he must not therefore expect that a *Kahār*, for instance, or even a *Rājpūt* sepoy, will understand every word that is in the present text-book. Attention

is also invited to the Introduction to my "Hindustani Manual"[1] which deals with the easiest way of rapidly acquiring a new language.

Peculiarities of grammar and idiom are again and again explained in the numerous foot-notes, and the references to works where rules are detailed or further examples found, are as much for the benefit of the teacher as the taught.[2] Munshis seldom realize what an Englishman's first difficulties are, and consequently do not study how to remove them; they have in fact never been taught how to teach.

This text-book is accompanied by an English translation, which is also annotated for the purpose set forth in its Introduction. Further, a page-by-page glossary of Part I of the text is in course of preparation by Mawlavī Raẕā 'Alī Wahshat, Assistant, Imperial Record Department.

No pains have been spared to remove every difficulty from the path of the beginner. But it is useless to provide a good text-book if it is not used intelligently and diligently. Most candidates for examination consider it sufficient to read through the text-book hastily, once, or at the most twice, and then to read up the English translation: they think they have mastered the text-book if they can translate any portion of it fairly well into English. This is an error; but this subject is more fully dealt with in the Introduction to the English translation.

My acknowledgments are due to the Punjab Text-Book Committee, to Shams-ul-'Ulamā Dr. Mawlavī Naẕīr Aḥmad, LL.D., and to the Newal Kishore Press, Lucknow, for their courtesy in permitting me to make the selections from their text-books. My thanks are also due to Shams-ul-'Ulamā Muḥammad Yūsuf Ja'farī, Khān Bahādur, Head Mawlavī of the Board, for invalu-

---

[1] The name under which the improved edition of "Hindustani Stepping-Stones" has appeared.

[2] The references to "Hindustani Stumbling-Blocks" are not intended for Higher Standard candidates.

able and constant help in the preparation of this work, as well as to Muḥammad Kāẓim Shīrāzī, Persian Instructor of the Board, for assistance in the correction of the proofs.

D. C. P.

Calcutta, 1910.

SECOND EDITION.

The second edition has been carefully revised. Some passages of Part I have been omitted. The numbering of the paragraphs corresponds with the numbering in the first edition; but when the numbering is not consecutive, it indicates an omission in this edition.

D. C. P.

Cambridge, 1914.

فہرست مضامین

پہلا حصّہ - " سپاہی سے صوبہ دار "

مضمون	صفحہ
خط سیتا رام کی طرف سے	۱
پہلا باب	۳
دوسرا باب	۱۲
تیسرا باب	۲۹
چوتھا باب	۴۰
پانچواں باب	۵۹
چھٹا باب	۷۳
ساتواں باب	۹۴
آٹھواں باب	۱۱۲
نواں باب	۱۲۷
دسواں باب	۱۴۲
گیارھواں باب	۱۵۵
بارھواں باب	۱۷۳
تیرھواں باب	۱۸۹

مضمون	صفحہ
چودھواں باب	۲۰۳
پندرھواں باب	۲۲۴

دوسرا حصّہ

انتخاب از "رسومِ ہند"

جہاں آرا بیگم وغیرہ کا قصّہ	۱-۷۶

تیسرا حصّہ

جلال الدین اکبر بادشاہ	۱
نور جہاں بیگم	۷
شہاب الدین شاہ جہاں	۱۲
صفائي یعني ستھراپن	۱۴
نواب صاحب کي روانگي	۱۶

پہلا حصہ

”سپاہی سے صوبہ دار“

“سپاهي سے صوبه دار”

AN

URDU TRANSLATION

OF

LIEUT.-COLONEL NORGATE'S ENGLISH VERSION OF

SĪTĀRĀM'S MEMOIRS

STYLED

“FROM SEPOY TO SUBADAR”

OR

“THE AUTOBIOGRAPHY OF A SEPOY.”

BY

LIE COLONEL D. C. PHILLOTT, PH.D., F.A.S.B.,
Hindustani Lecturer, Cambridge; Late Secretary and Member, Board of Examiners, Calcutta; Some time Fellow of the Calcutta University; Author of Hindustani Manual, Hindustani Stumbling-Blocks, etc., etc.

AND

MAULAVI RAZA ALI WAHSHAT, M.R.A.S.,
Assistant, Imperial Record Department.

Second Edition.

CALCUTTA:

PRINTED AT THE BAPTIST MISSION PRESS.
1914.

All rights reserved.

مترجمین کي گزارش

سیتارام نے اپني زندگي کے حالات هندي میں لکھے تھے * بنگال اسٹاف کور کے لفٹننٹ کرنل نارگیٹ صاحب نے اُس تذکرہ کا انگریزي میں ترجمه کرکے هندوستان کے ایک انگریزي اخبار میں جو مدّت هوئي بند هوگیا کسي وقت سنه ۱۸۶۱ ع اور سنه ۱۸۶۳ ع کے درمیان شائع کیا تھا * یه ترجمه سنه ۱۸۷۴ ع میں عزیز الدین کے مطبع (وِکٹوریا پریس - لاهور) میں بارِ ثاني کتاب کي صورت میں چھپا تھا * هندي نسخه (قلمي) جو خاص کرنل نارگیٹ صاحب کي فرمائش سے اُنکے لئے لکھا گیا تھا معدوم هے * انگریزي ترجمه جو چھپا تھا اب نهیں ملتا - چنانچه اُسکے نسخے اِس وقت کمیاب بلکه نایاب هیں * سیتارام نے اپني زندگي کے سچے واقعات اور اُس پُر شورش اور هنگامه خیز زمانے کے مفصّل حالات جو جو تحریر کئے هیں کچھه اِسدرجه دلچسپ هیں که مترجمین کو اِس بات کے ظاهر کرنے کي ضرورت محسوس نهیں هوتي که اُنکے دل میں اُس انگریزي نسخے کو پھر اُردو کي شکل میں پیش کرنے کي تحریک کیوں پیدا هوئي * اِس ترجمه کے کرنے میں دو مقصد ملحوظ رهے هیں * اول یه که سپاهي کے لئے ایک دلچسپي کا سامان فراهم هو - دوم یه که اِسکو پڑھکر انگریزي افسر عام بول چال اور با محاورہ اُردو سیکھیں * اِس خیال کو مدّ نظر رکھکر مترجمین حتی الوسع ایسے هي الفاظ اور محاورے کام میں لائے هیں جو

دلي يا لکھنو کے انپڑھ مگر سمجھدار دیہاتي اپني گفتگو میں عام طور پر بولتے ھیں * ناظرین یہ امر نظر انداز نکریں کہ سیتارام نے کوئي نصف صدي کے واقعات و سوانح کا بیان کیا ھے ۔ علاوہ بریں اُس نے کوئي اچّھي تعلیم بھي نہیں پائي تھي اور غالباً اُسنے اپني سرگزشت بُڑھاپے میں لکھي تھي جب وہ اڑتالیس برس کي مردانہ وار اور وفادارانہ خدمت کے بعد سرکار کا وظیفہ خوار ھوا تھا * اِسلئے عجب نہیں اگر بعض بعض تاریخیں غلط لکھي ھوں یا کہیں کہیں اُسکا بیان کچھہ مُبہم سا معلوم ھوتا ھو *

اگر ایک بھي سپاھي اِسکو پڑھکر اُس دلي مسرّت اور خوشي کا نصف بھي محسوس کریگا جو مترجمین کو بوقت ترجمہ حاصل ھوئي ھے تو وہ سمجھینگے کہ ھمکو اپني کئي مہینے کي محنت کا کافي معاوضہ مِلگیا * محاورے جو روز مرّہ میں داخل ھیں مگر لغت میں نہیں پائے جاتے اُنکا بہم پہنچانا اور ترجمہ کا ایک معتد بہ حصّہ انپڑھ دیسیونکو سُنا سُناکر اُسکے عام فہم ھونے کا اندازہ کرنا کوئي آسان کام نہ تھا *

یہ سرگذشت فوجي اخبار میں - ٦ اگست سنہ ١٩١٠ع سے چھپني شروع ھوئي اور مختلف نمبروں میں سلسلہ وار پوري شائع ھوگئي *

" سپاهي سے صوبه دار "

ایک سپاهي کي آپ بیتي [1]

غریب پرور سلامت - سرکار دولتمدار کي پدرانه شفقت سے مجھے " پنشن " ملي هے اور حضور کے حکم کے بموجب میں اب اپنے بیٹے کے هاتهه اِن کاغذات [2] کو حضور کي خدمت میں بهیجتا هوں جن میں میں نے اپني زندگي بهر کي سرگزشت جهاں تک مجهکو یاد تهي لکهي هے * اڑتالیس برس تک میں نے سرکار کي خدمت کي هے اور اِس مدّت میں میں نے سات زخم کهائے هیں اور اِسي مدّت میں مجهکو چهه تمغے [3] بهي ملے هیں جنپر مجهکو بڑا فخر هے * مجهکو اُمید هے که جو کچهه میں نے یہاں لکها هے اور جو کچهه میں نے وقتاً فوقتاً حضور کي خدمت میں زباني عرض کیا هے اُس سے آپ کو یقین هوجائیگا که هندوستان میں جب وه دیوانگي کي هوا بهتي تهي [یعني ایام غدر میں] بعض ایسے بهي لوگ تهے جو اُس کے اثر سے بچے هوئے تهے [4] اور حقّ نمک نه بهولے تهے * (بندے کا خیال هے که اُسي هوا نے هندوستان کي فوج کو بگاڑ دیا تها *) حضور کو معلوم هے که بنده کوئي منشي

---

[1] From *āp*, and *bītnā*, " to happen, pass."

[2] *Kāghazāt*, " papers " ; an imitation Arabic plural

[3] *Tamgha*, T. ; vulgarly *taghma*.

[4] *Bache hū,e the*, " remained safe," but *bach-gayā*, " escaped." *Vide* verbs expressing state in " Hindustani Stumbling-Blocks."

نہیں ھے گو اُسنے کچھہ کچھہ فارسي پڑھلي ھے - اسلیئے زبان کي کم علمي میں معذور[1] ھے * بہت ممکن ھے کہ بعض بعض موقعوں پر میں نے انگریزي تاریخیں غلط لکھدي ھوں لیکن اصل واقعہ جو کچھہ میں نے آپ سے زباني عرض کیا ھے اور جو کچھہ میں نے یہاں لکھا ھے سب سچ ھے * زیادہ حدِّ ادب * حضور کا نیّرِ اقبال ھمیشہ تابان رھے !

فدوي	تلوئي - اودھہ
سیتارام صوبہ دار " پنشنر "	سنہ ۱۸۶۱ ع

[1] *Ma'zūr*, *lit.* "excused." *Āṅkh se ma'zūr hai* is polite for "he is blind." In asking a person if he was blind the word *andhā* would not be used.

پہلا باب

۱— سنہ ۱۷۹۷ ع میں میری پیدائش موضع تلوئی میں ہوئی جو اجودھیا میں واقع ہے * میرے باپ گنگادین پانڈے ایک زمیندار تھے [1] * چار سو ستر بیگھہ [2] زمین اُنکی ملکیت تھی جسکی کاشت وہ آپ کرتے تھے * میرے لڑکپن کے زمانے میں میرے والدین خوشحال تھے اور میرے باپ ایک معتبر آدمی سمجھے جاتے تھے * چھہ برس کی عمر میں میں اپنے خاندان کے پروھت دلیپ رام کے زیر تعلیم [3] کیا گیا * میرے باپ اُنکو بہت مانتے تھے اور بغیر اُنکی صلاح اور مرضی کے کوئی کام نکرتے * اُن سے میں نے ھندی لکھنا پڑھنا اور تھوڑا بہت حساب کتاب سیکھا اور اپنے کو اُن تمام ھمعمر لڑکوں سے جنکو میں جانتا تھا زیادہ قابل سمجھتا تھا - اور اُن دنوں میرا دماغ آسمان پر تھا * چھتری کایست اھیر میرے نزدیک کوئی چیز ھی [4] نہ تھے * سچ تو یہ ہے کہ میں اپنے کو اپنے پنڈت جی سے بھی بڑھکر [5] سمجھتا تھا اور اگر میرے باپ اُنکی اِتنی قدر نکرتے ھوتے تو میں اُنکے منھہ پر کہہ بھی دیتا [6] *

[1] Note plural for respect.

[2] *Bīgha*, about $\frac{5}{8}$ of an acre. A *kachchā bīgha* varies from a fourth to a third of an acre. Note the apposition.

[3] *Zer-i ta'līm hai*, "under instruction" = *ta'līm pā-rahā hai.*

[4] *Hī*, emphatic particle; here = "at all."

[5] *Baṛh-kar*; this conjunctive participle is idiomatically used as an adverb for *ziyāda*.

[6] *Kah-denā*, "to say outright."

ستره برس كي عمر تک ميں اپنے باپ كو كهيتي باڑي كے كام ميں مدد ديتا رها * اور جو مزدور كه كبهي كبهي فصل كاٹنے يا پاني بهرنے كے كام پر لگائے جاتے اُنكو اُنكا حصّه اناج كا بانٹ ديا كرتا *

٢— هنومان نام ميرے ايک ماموں تهے * وه كمپني بهادر كي ايک پلٹن ميں جماعهدار [1] تهے * ايک بار چهه ماه كي رضا ليكر اپنے گهر مسور آباد كو جاتے هوئے راه پر ميرے باپ كے هاں ٹهہر گئے *

وه ايک شكيل [2] جوان اور پهلوان [3] آدمي تهے * هر شام همارے گهر كے چبوترے [4] پر بيٹهكر دُنيا كے عجائبات [5] اور كمپني بهادر كے اقبال كا بيان كيا كرتے * گاؤں كے لوگ حيران، مُنهه كهولے، نهايت شوق سے سنتے اور جو عجيب غريب باتيں ميرے ماموں كهتے اُنكو حرف حرف صحيح خيال كرتے * ليكن مجهسے بڑهكر توجهه سے كوئي اُنكي باتونكا سننے والا نه تها * اُنكے قصوں سے ميرے دل ميں دنيا كے ديكهنے اور سپاهي بننے كا بيحد شوق پيدا هوا * رات دن بس يهي دُهن [6] تهي * منصب جماعه داري كو ميں نواب غازي الدين حيدر (بادشاه اوده) كے منصب سے كچهه كم نه

[1] Incorrectly spel جمعدار, *Jam'dār.*

[2] *Shakīl*, properly "well-shaped, well-formed," from *shakl*, generally means "good-looking in face."

[3] *Pahlawān*, any gymnast, and specially a wrestler.

[4] *Chabūtarā*, any platform; in villages generally of mud or masonry.

[5] *'Ajā'ibāt*, an Indian and Persian double plural; عجائب is the Ar. pl. of عجيبة

[6] *Dhun*, H., f. "a great longing; also perseverance, etc."

سمجھتا تھا * سچ تو یہ ہے کہ نواب کو چونکہ میں نے دیکھا نہ تھا اپنے ماموں جیسا بڑا آدمي نہیں سمجھتا تھا - میں اپنے دل میں کہتا کہ بھلا میرے ماموں کي طرح کسکے گلے میں ایسا سونے کا ہار[1] ہے اور کسکے بدن پر ایسي بھڑکیلي سنہرے "بٹن" والي لال کُرتي دکھائي دیتي ہے اور سب تو سب[2] کسکي جیب میں اِتني اشرفیاں پڑي ہوتي ہیں ؟ مجھکو اِسکي آرزو تھي کہ وہ دن دیکھوں کہ یہي نعمتیں میرے بھي ہاتھہ[3] لگیں اور سمجھتا تھا کہ بس میرے کمپني بہادر کا نوکر ہو نے ہي کي دیر ہے[4] !

٣ — میرے ماموں دیکھتے تھے کہ میں اُنکے قصوں کو کس شوق کے ساتھہ سنتا تھا اور سپہگري کا ولولہ[5] کسقدر میرے دل میں لہریں لیتا تھا[6] * جہاں تک ہوسکتا تھا وہ میرا دل بڑھاتے تھے * میرے والدین اور پنڈت جي کے آگے تو وہ کچھہ نہ کہتے[7] لیکن جب مجھے تنہا پاتے[7] تو کہتے[7] کہ اگر تم چاہو تو میں تمکو اپني رضا کي مدت پوري ہونے پر اپنے ساتھہ لیجاکر فوج میں بھرتي

1 *Hār*, m., "any single necklace, *worn* by Hindu and Muslim women and by Hindu men." *Mālā*, a necklace, may be carried in the hand.

2 *Sab to sab*, "above all; setting other things aside."

3 *Hāth lagnā*, to come to hand.

4 Idiom. *Bolne kī der hai*, "you'll get what you want as soon as you ask for it," *i.e.*, the only delay in getting what you want is the delay in asking for it. Compare *jāne hī kī der hai*; *tum ga,e aur naukarī hāth ā,ī* "as soon as you go there, you'll get an appointment": Preterite used for certain future, to express completion of wish or act.

5 *Walwala*, "eagerness"; the same as *josh*.

6 *Lahreṅ lenā*, *lit.* "to ripple"; signifies coming and going of the *walwala*; *walwala josh mārtā thā* would signify that there was no diminution of the *walwala*.

7 Note the omission of *the*, often omitted in the Habitual sense.

کروادوں * دل تو بہت چاھتا تھا کہ ميں اپني پياري امّاں کو يہہ بات سناؤں ليکن ڈر کے مارے زبان نہيں کھول سکتا تھا - ميں خوب جانتا تھا کہ ميري ماں کي دلي آرزو يہ [1] تھي کہ ميں پنڈت بنوں * ليکن ايک دن جبکہ پنڈت دليپ رام مجھے کرشن کي بڑي بڑي لڑائيوں کا ذکر پڑھکر سنا رہے تھے ميں نے اپني آرزو کو صاف صاف ظاھر کرديا * پنڈت جي پہلے تو ميرا منہہ ديکھکر رھگئے [2] - پھر مجھے برا بھلا [3] کہا اور کہنے لگے کہ " ميري کي کرائي [4] محنت ساري برباد ھوگئي - تيرے ماموں کے سب قصّے جھوٹ ھيں اور سراسر جھوٹ ھيں - فوج ميں تجھکو ضرور بيدنت کھاني ھوگي اور کمپني کي نوکري کرکے تيري ذات بھي جاتي رھيگي " * اُنھوں نے مجھے ھزاروں طرح سے ڈرايا ليکن مجھپر کچھہ اثر نہوا *

۴ — پنڈت جي ميرے والدين کے پاس دوڑے گئے [5] اور سارا حال کہہ سنايا اور جس بات کے کہنے کي مجھے کبھي جُرأت نہوتي تھي وھي آخر اِس صورت سے اُنکے کانوں تک پہنچ گئي * ميرے باپ نے کوئي اعتراض نکيا اور اِس کا مجھکو بڑا تعجّب

---

1 Note that in such cases the idiom in Hindustani is always to insert *yih.*

2 *Dekh-kar rah-jānā*, idiom, "to be astonished."

3 *Burā bhalā kahnā* is to reproach and use *mild* abuse, but *bahut kuchh burā bhalā kahnā* is the same as *gālī denā*, "to say bad words in abuse."

4 *Kī karā'ī miḥnat*, "all my past labour."

5 *Daurā-jānā*, *bhāgā-jānā*, *chalā-jānā*, etc.; for this form of the verb *vide* "Hindustani Stumbling-Blocks."

Not to be confused with the forms *chale-jānā*, *kiye-jānā*, etc.

ہوا - ہاں میری ماں نے ہر طرح مجھے روکا * کبھی روتی تھیں کبھی مجھے گھڑکتیں [1] - کبھی گالیاں [2] دیتیں اور کبھی منتیں کرتیں کہ "بیٹا اِس خیالِ خام سے باز آؤ" * تنگ آکر میرے باپ کو صلواتیں [3] سنانے لگیں کہ "تم اِس آنے والی مُصیبت کو کیوں نہیں روکتے ؟" اِسی زمانے میں میرے باپ کے سر پر ایک بلا، مقدمے کی صورت میں، منڈلا [4] رہی تھی * یہ مقدمہ کوئی چار سو آم کے درختوں کی بابت تھا * اُنکو خیال آیا کہ [5] " اگر میرا بیٹا کمپنی بہادر کا نوکر ہوجائے گا تو لکھنو کی عدالت میں میری عرضیوں پر زیادہ توجہ ہوگی " * یہ بات مشہور تھی کہ اگر ایک سپاہی اپنے " کمان افسر " کے ذریعے ' رزیڈنٹ ' صاحب بہادر لکھنو کی خدمت میں کوئی عرضی گذرانے تو فوراً اُسکی شنوائی [6] ہوتی ہے - نواب صاحب کی رعیت اگر گھونس بھی دے اور اور طرح کے وسیلے بھی پیدا کرے تاہم وہ بات حاصل نہیں ہو سکتی *

ہ — جب میرے والدین کو اِسکی خبر ہوگئی کہ میں کمپنی کی نوکری کرنے کی خواہش رکھتا ہوں تو اُسکے کئی دن بعد میرے ماموں اپنے گھر کو سدھارے جو کوئی پچیس کوس پر تھا *

---

1 *Ghuraknā*, *met.*, " to chide, rebuke "; *lit.* 'showing the eyes to frighten children.'

2 *Gālī*, strong abuse. *Gālī galauj fuḥsh gālī*, from *both* parties.

3 *Ṣalawāt*, Ar. pl. of *ṣalāt*: *ṣalwāteṅ*, Urdu double plural. *Ṣalāt* is "blessing": often in Urdu used, as here, ironically. In Urdu *ṣalāt* means *lit.* " blessing " only when mentioning the name of a prophet.

4 *Manḍlānā*, intr. " to hover as a bird."

5 Note the direct narration to express a thought in the mind.

6 *Shunawāʼī*, Pers., or *sunāʼī*, Hindu.

میري ماں نے تو اُن سے یہ خواهش ظاهر نهیں کي تهي که وہ
رِضا کے بعد پلٹن کو واپس جاتے وقت یہاں سے هوتے هوئے
جائیں لیکن اُنهوں نے خود کہا تھا که "میں لوٹتے وقت یہاں سے
هولونگا [1] اور اگر اُسوقت تک لڑکے کا یهي خیال رها تو میں اُسکو
اپنے ساتھه لیتا جاؤنگا" [2] * جب میرے ماموں اپنے گھر جانے لگے
تو میں کچھه دور تک اُنکے ساتھه هولیا - اور بار بار کمپني بہادر
کي نوکري کا حال اُنسے پوچھا کیا */

٦ — جب میں گھر واپس آیا تو میري ماں اور پنڈت جي
دونوں ملکر مجھه پر بوچھاڑ [3] کرنے لگے * اُنهوں نے هر طرح
مجھکو اس خیـــال کے چھوڑنے کي ترغیب [4] دي * امّاں
کہتي تهیں که "وہ بهي کیا کمبخت دن تھا که بهیا [5] نے گھر میں
قدم رکھا تھا *" لیکن میں نے اِسکے سوا اور کچھه جواب ندیا که "میں
اِس بات کو پھر سوچوں گا" * میں نے سوچا تو سهي [6] لیکن
روز بروز میـــرا اِرادہ پکّا هوتا گیـــا * اب مجھے گھـــر کے

[1] *Ho-lenā*, intr., to pass through intentionally, call at on the way.

[2] *Letā jānā*, 'to take with as an accessory'; but *le-jānā* would signify to come expressly for the purpose of carrying away. *Lekar jā'ūngā* = *le-hī-jā'ūngā*, "I will most certainly take with me—."

[3] *Bauchhāṛ*, f., *lit.* "a downpour of rain, a heavy shower": *bauchhāṛ k.*, met., 'to flood with words.'

[4] *Targhīb d.*, 'to offer inducement, to stimulate, urge (excite generally in a *good* cause)'; also to tempt by promises. *Taḥrīk k.* has a similar meaning but for either a good or a bad cause. *Warghalānnā* is to instigate in a bad cause, to lead astray.

[5] *Bhayyā*, a diminutive of *bhā,ī*, is used affectionately.

[6] For this idiomatic word *sahī*, *vide* "Hind. Man.," L. 57 (*d*).

کاموں میں سُستي معلوم هونے لگي * سواے کُشتي اور گتکے[1] بازي کے میرا اور کوئي کام نه تها - باپ کي کهیتي باڑي میں میرا دل پہلے کي طرح نه لگتا تها * نتیجه یه هوا که میں اُنکي خفگي میں پڑا - اُنهوں نے مجهے ڈرایا که " تو اب هرگز اپنے ماموں کو دیکهنے نه پائیگا * " یه سنکر تو میں کسیقدر سنبهلا اور اُسکے بعد پهر کبهي میرے باپ کو مجهسے ناراض هونے کا موقع نه ملا *

۷ — کئي مهینے اِسیطرح گزر گئے اور برسات بهي هوچکي * ایک دن راستے کیطرف پیٹهه کرکے میں اُونگهه کاٹ رها تها که کسي ٹٹّو سوار[2] نے میرا نام لیکر پُکارا * پهر کر جو دیکهتاهوں تو میرے ماموں هي هیں - میں دوڑ کر اُنکے گلے لِپٹ گیا * میرے والدین کي خیر و عافیت دریافت کرنے کے بعد اُنهوں نے پوچها " که کهو - اب تک تمهارے دل میں سپاهي بننے کا شوق باقي هے ؟ " میں نے زور سے کها که " جي هاں " * اِسپر وہ بهت خوش هوے اور کها " شیر کے بچّے - شاباش ! تو تو خوب جوان هے - میں تجهکو اپنے ساتهه ضرور لیتا جاؤنگا * "

میرے ماموں دو چار دن همارے هاں رهے * اِس عرصے میں میرے باپ کي تائید[3] سے اُنهوں نے میري ماں کو سمجها دیا که " اِسکي قسمت میں سپاهي بننا اور تمهاري تقدیر میں بیٹے سے جدا هونا لکها هے * " پنڈت جي سے کها گیا که " اِسکا جنم پتر دیکهئیے - اِسکے

---

1 *Gatke-bāzī*, or *gatka-bāzī*; in such compounds the *ā* of Hindi words may be inflected or not, but the modern tendency is to inflection. If the *a* is Persian it is not inflected as *ṣūba-dār*; *shu'bada-bāz*. *Ṣūbe-dār* is perhaps vulgar.

2 *Ṭaṭṭū-sawār*: compare *ghoṛ-sawār*, *sāndnī-sawār*, *fīl-sawār*, *gāw-sawār*.

3 *Tā'īd*, "help," but generally "backing up."

سدھارنے کے لیئے کوئی شبھہ گھڑي بچار کر کہدیجیے " * شام کو انہوں نے کہا کہ " آج سے چوتھے دن صبح چھہ بجے اچھي گھڑي ہے بشرطیکہ اُس وقت تک بادل نہ گرجے * " چار دن تک میں نہایت اندیشے کے ساتھہ آسمان کو دیکھتا اور نراین اور اندر سے پرارتھنا کرتا رہا - تیسرے دن شام کو جبکہ کالے بادل آسمان پر چھاگئے میرا جي بیٹھہ گیا کہ " ایسا نہو کہیں پاني برسے اور میري امیدوں پر پاني پھیردے [1] * "

۸ — دلیپ پنڈت نے جو دل میں مجھسے بڑي محبت رکھتا تھا مجھے بہت سي نصیحتیں دیں اور مجھسے وعدہ لے لیا [2] کہ " کبھي اپنے جنیؤ کي آبرو مت کھونا [3] * " اُسنے مجھکو ایک تعویذ بھي دیا کہ پراگ جي کي اُس میں کچھہ مٹي تھي جسپر ھزاروں برھمن کے قدم پڑے تھے * اور اُسنے مجھے بتایا کہ " یہ تعویذ ایسا زبردست ہے کہ جب تک تیرے پاس رھیگا کسي قسم کا آسیب [4] تجھکو نہ پہنچیگا " - اُسنے مجھے بھجنوں کا ایک گرنتھہ بھي دیا - میرے باپ نے مجھکو ایک ٹٹو خرید کر دیا لیکن روپے پیسے کچھہ ندیئے - اُنکا خیال تھا کہ " یہ تو اب اپنے ماموں کے پاس ہے اسلیئے اسکا سارا بوجھہ ماموں ھي کے سر ھونا چاھئیے * "

1 *Kisī chīz par pānī pher-denā*, of abstract things only "to destroy."

2 *Wa'da karnā*, tr., "to promise," but *kisī se wa'da lenā*—causal, "to make to promise."

3 *Khonā*, Infinitive form expressing a future Imperative, *i.e.*, 'when you *will be there* don't lose—.'

4 *Āseb*, m., is 'any trouble or misfortune,' but by the vulgar it is confined to what they consider supernatural misfortunes, those caused by evil spirits

۹ — آخر وہ دن آھي [1] گیا - مطلع بالکل صاف تھا * کاتک کي دسویں تاریخ تھي - سنہ عیسوي ۱۸۱۲ تھا [2] * چھہ بجے اپنے ماموں کے ساتھہ گھر سے روانہ ھوا - اِسکي کچھہ خبر نہ تھي کہ کہاں جا رھاھوں * سدھارتے وقت ماں نے بڑے جوش سے مجھکو بوسہ دیا اور مجھے چھہ اشرفیاں دیں جو قریب سو روپے کے ھوتي ھیں * یہ اشرفیاں ایک کپڑے کي تھیلي میں سلي ھوئي تھیں * چونکہ یہ خیال اُنکے ذھن نشیں [3] ھو چکا تھا کہ " تقدیر میں مجھسے اِسکا جُدا ھونا لکھا ھے " اِسلیئے اُنھوں نے منہہ سے تو کچھہ نہ کہا لیکن دل ھي دل میں بسورنے اور بلکنے لگیں * جب میں نے گھر چھوڑا تو میرے پاس کُل کائنات یہ تھي - ایک ٹٹو - چھہ اشرفیوں کي ایک تھیلي - ایک لوٹا اور [illegible] - تین پیتل کے برتن - ایک لوھے کا برتن اور چمچہ - [illegible] بڑے بڑے [illegible] ایک نفیس چادر - ایک خنجر جسکو بچھوا کہتے ھیں - اور ایک جوڑا جوتا * میرے ماموں کا اسباب اِس سے بہت زیادہ تھا اور ایک بڑي گٹھري میں لپٹا ھوا تھا جسکو ایک قُلي سر پر لیئے جاتا [4] تھا * شام کے وقت جب اِس قُلي کو ھماري بچي کُھچي روٹي دیجاتي تھي تو وہ سمجھتا تھا کہ " مجھکو میري پوري مزدوري ملگئي * "

[1] *Hī*, "actually."

[2] سیقارم کي غلطي ھے * اُسکا قول ھے کہ میں سترہ برس کا تھا * سنہ ۱۸۱۴ شاید مُراد ھے *

[3] *Ẕihn*, Ar., "intelligence," in Urdu means mind also; *nishīn*, Pers. from *nishastan* "to sit." Compare *kursī-nishīn* = 'entitled to a chair in a darbar'; also of an opinion 'to have the honour of being accepted.'

[4] *Liye-jānā*, "to carry along with, bring with," but *le-jānā* "to carry away, take away."

دوسرا باب

۱۰ — هم صبح کے وقت ایک منزل کوچ کرتے اور جب گرمي پڑتي تو درختوں کے سائے میں آرام لیتے * شام کو اگر کوئي سرا ملجاتي [1] توو هیں رات گزار لیتے [1] * تیسرے دن هم ایک دیہات [2] میں پہنچے جسکو درسنپور کہتے تھے * یہاں دو سپاهي جنکي رضا کی مدت پوري هوچکي تھي هم سے آملے * ایک کا نام تلک دهاري گھیر اور دوسرے کا دیو نراین تھا * میرے ماموں سے ملکر وه بہت خوش هوئے اور اُنکي بڑي عزّت کرنے لگے * دیو نراین کے ساتھه اُسکا چھوٹا بھائی بھي تھا جو نوکري کي غرض سے گھر سے نکلا تھا * چونکه سب کے پاس تلواریں نہیں اور تلک دهاري کے پاس ایک چھوٹي سي بندوق تھي جسکو شیر کا بچّه کہتے هیں هماري ' پارٹي ' رُعب دار [3] نظر آتي تھي اور ٹھگوں اور ڈاکوؤں سے جو اُس زمانے میں راستوں کا گویا اجاره کیئے هوئے تھے هم لوگ اپنے کو محفوظ سمجھتے تھے *

۱۱ — دو تین دن کے بعد ایک طایفه میراثیوں [4] کا هم سے آملا اور منّتیں کیں که " خدا کے لیئے هم کو بھي اپني حفاظت میں

[1] Note the omission of *thī* and *the*.

[2] *Dīhāt* for *dihāt*, Arabicized pl. of Pers. *dih*, a village: used in Urdu as a singular. *Dihāton men* "in the villages, in the country."

[3] *Ru'b-dār*, "formidable." *Ru'b* is "awe."

[4] *Mīrāsī*, adj., "inherited, hereditary; also a singer and player on a *dholkī*; a Muslim caste"; both men and women sing: the women (*mīrāsan*) generally sing in the *zanāna*, whereas the ordinary nautch girl (*tawā'if*) is not admitted; the *mīrāsans* are not prostitutes.

لے لو " * اِس ٹولي ميں دو آدمي ڈھول والے - چار ستار والے - ايک سنکھ بجانے والا - اور دو جھانجھہ والے تھے * اُنھوں نے کہا کہ " ہم ايک شادي کے جشن ميں فلاں شہر کو جانے والے ہيں اور يہہ شہر آپکي راہ ميں پڑتا ہے * "

۱۲— کئي دن تو سُکھہ ميں کٹے اور اُن گانے بجانے والوں نے ہمارے سفر کو بہت پُر لطف بنايا * ليکن چوتھے دن ميرے ماموں رات کے وقت نيند سے جاگ پڑے تو کيا ديکھتے ہيں کہ يہہ سب ميراثي ايک جگہہ بيٹھہ کر چُپکے چُپکے آپس ميں بڑي سرگرمي کے ساتھہ کچھہ مَشورہ کر رہے ہيں * کان لگا کر جو سننے لگے تو معلوم ہوا کہ يہ کوئي اجنبي بولي بول رہے ہيں * دہشت کھاکر سپاہيونکو جگايا اور کہا کہ " ميں سمجھتا ہوں يہ ميراثي اصل ميں ٹھگ ہيں " * اور ايک آدمي کو پہرے پر لگا ديا کہ آنکہو ديکھتا رہے اور باقي نے ليٹ کر آنکھيں بند کر ليں [1] *

۱۳— دوسرے دن صبح کو ميرے ماموں نے ميراثيوں سے کہا کہ " مجھے لمبے لمبے کوچ کرنے چاہئيں اور اِسليئے تم لوگ ميرے ساتھہ نہ چل سکو گے " * وہ منّتيں کرنے لگے کہ " ہميں بھي ساتھہ ليئے چاہئيے [2] - ہم کو راستے ميں ٹھگوں کا بڑا ڈر ہے * " ليکن ماموں صاحب نے اُنکي ايک نہ سني [3] اور تڑکے [4] کوچ کرکے اُنکو پيچھے چھوڑ ديا *

[1] *Kar-lenā*, generally used with *āṅkheṅ*; *vide* "Hindustani Manual": *āṅkheṅ band honā* is to die.

[2] *Liye chalnā* for *liye hū,e chalnā*, "to take with" (of things or infants); but *lekar chalnā* (of persons); *vide* "Hindustani Stumbling Blocks."

[3] Feminine, because *bāt* is understood.

[4] *Tarke*, early in the *morning*; but *sawere* gen.

آٹھہ 'میل' ہم سیدھے چلے گئے - پھر مُڑ کر ایک پگڈنڈي پکڑ کے نکل گئے اِس ارادے سے کہ کوئي تیس 'میل' چلکر پھر بڑي سڑک پر آرھینگے [1] *

۱۴ — چار دن اور یونہیں [2] گزرے - چوتھے دن شام کي منزل پر کوئي بارہ آدمي آملے جنکے سروں پر نیچوں کے گٹھے تھے * میراثیوں کي طرح اُنہوں نے بھي ھمارے ساتھہ چلنے کي درخواست کي * صبح کو جب روشني پھیلي میں نے دیکھا کہ اِنکے ایک آدمي کي صورت اُن میراثیوں کے ایک شخص کي شکل سے بہت مِلتي جُلتي ھے * ماموں سے اِسکا ذکر کیا - وہ نکل کر اُنسے گفتگو کرنے لگے - لیکن اُنکي بولي میراثیوں کي بولي سے جُدا تھي * اُنکے کپڑے مَیلے کچیلے تھے اور وہ دیکھنے میں قُلي جیسے معلوم ھوتے تھے - پھر بھي ماموں ھوشیار رھے اور ایک سپاھي کو مُقرّر کیا کہ اُنکي حرکتوں کو دیکھتا رھے *

۱۵ — اس رات کو میں دیر تک نہ سو سکا - مجھکو اندیشہ گزرتا تھا کہ "یہہ بھي ٹھگ ھونگے" * میں نے جاگنے کي کوششیں [3] تو بہت کیں لیکن نیند آخر آھي [4] گئي - سوتے میں میں نے مُرغے کي بانگ جیسي ایک آواز سني - اُٹھہ بیٹھا [5] - دیکھا کہ ایک شخص اُن میں سے ھم لوگوں کے نزدیک کھڑا ھے * میں نے پکارا - اُسي دم

[1] *Ā-rahnā*, "come on to and remain on."

[2] *Yūṅhīṅ*, "exactly thus, without any apparent reason"; here—"ordinarily."

[3] *Koshisheṅ*, pl., signifies various ways of trying.

[4] *Ā-hī ga,ī*, "would come, forced itself on me": note the force of *hī*.

[5] *Uṭh-baiṭhnā*, to sit up suddenly from a recumbent position.

میرے ماموں تلوار کھینچکر اُچھل پڑے اور اُنپر جھپٹے * یہ سب کچھہ ایک ھي آن میں ھوگیا لیکن اِسي عرصے میں وہ شیطان دیو نراین کے بھائي کا گلا ایک ریشمي رسّي سے گھونٹ چکے تھے اور تلک دھاري کو بھي بیہوش کردیا تھا * میرے ماموں نے اُس آدمي کي جو اُنکے سرھانے [illegible] زادے [illegible] لوگ اپني گٹھریاں چھوڑ کر کافور ہوگئے[2] لیکن اِسي عرصے میں وہ میرے ماموں کا سونے کا ھار جو ڈھائي سو روپے کا تھا اور تلک دھاري کا[3] شیر کا بچّہ اُٹھا لیگئے تھے - تلک دھاري پہرا دینے کے بدلے سوگیا تھا *

۱۶ — اِسکے بعد ھم لوگ سامنے کے گاؤں میں گئے اور وھاں کے لوگوں کو جگایا - لیکن کسي نے ذرا بھي اُن خونیوں کا پیچھا کرنا نہ چاھا - دیو نراین کے بھائي کي لاش گاؤں میں لاکر باقي رات ھم وھیں رھے * صبح کو ھم نے ٹھگوں کي نیچوں کي گٹھریاں اُسي جگہہ پڑي پائیں اور میرے ماموں نے اُنکو ایک تمباکو کے سوداگر کے ھاتھہ چھیالیس روپے کو بیچا - اُن کے بیچنے میں ذرا دقّت ھوئي کیونکہ وھاں کا لمبردار بڑے زور سے دعویٰ کرتا تھا کہ " یہ میرا مال ھے اِسلیئے کہ میري زمین پر پایا گیا ھے "

۱۷ — تمام دن ھم اُس گاؤں میں دیو نراین کے بھائي بیچارے رام‌دین کا کریا کرم کرنے کے لیئے ٹھہرے رھے - ھم گنگا جي سے کوئي دو چار ھي ' میل ' کے اندر تھے اور دیو نراین کا جي اِس سے

[1] *Par* understood.
[2] *Kāfūr hojānā*, "to disappear *suddenly*, i.e., to run away."
[3] *Kā* and not *ke* as *sher kā bachcha* is one word.

خوش هوا كه ايك برهمن نے رام دين كا پهول أسكي نظر كے سامنے
دريا ميں ڈالا اور يوں رام دين كو لچهمي نِواس ميں آرام كرنے كي
جگهه ملي * تلك دهاري گلا گهونٹے جانے سے اِتنا كمزور هوگيا تها كه
أسكو ايك اِكّا كرايه كرنا پڑا * هم أسي ماتم داري كي حالت ميں
آگے بڑھے *

١٨ — اِسكے بعد ميرے ماموں نے اور كسي اجنبي كو پاس
پهٹكنے [1] نديا گو كئي ٹوليوں نے اِس بنا پر كه همارے پاس هتهيار تهے
همارے ساتهه چلنا چاها * باقي سفر ميں كوئي اور
ايسي بات قابلِ ذكر نهوئي جو مجهے ياد هو - ' نومبر ' كي چودهويں
تاريخ كو هم اكبر آباد [2] پهنچگئے جهاں ميرے ماموں كي پلٹن
مُقيم تهي * جب ' لائن ' كے قريب پهنچے همكو
ماموں كي پلٹن كے بعض سپاهي ملے جو جمنا جي كا اشنان كرنے
جا رهے تهے * وه سب أنسے گلے [3] ملے * ' لائن ' تك پهنچتے پهنچتے [4]
كوئي تيس سپاهي أنسے ملنے كو دوڑے آئے اور سوالوں [5] كي بهر مار
كردي [6] * ميرے ماموں اپني كوٹهي ميں گئے جسكو ايك حوالدار

---

[1] *Pās phaṭaknā*; this verb, which literally means "to winnow," is only used for coming or going with *pās*.

[2] *Akbar-ābād*, Agra.

[3] *Un se gale mile*, embraced him.

[4] *Pahuṅchte pahuṅchte*, "by the time we reached—."

[5] *Sawāloṅ ki bhar mār*; *bhar mār* is used for *bauchhāṛ* in the sense of a flood of words, abuse, etc.; *bauchhāṛ* is *lit.* a heavy shower of rain.

[6] *Kar-denā*; for the signification of *denā* vide "Hindustani Manual," Lesson 22.

نے صاف [1] ستھرا کر رکھا [2] تھا اور اُنکي غير حاضري ميں اُس ميں
رھا کرتا تھا *

۱۹ — ميرے ماموں نے نہانے کے بعد کھا پي کر [3] وردي
پہني اور ' اجينٹ ' صاحب اور ' کمان افسر ' صاحب کو سلام کرنے
چلے اور مجھے بھي ساتھہ ليا * ميں ڈرتے ڈرتے گيا کيونکہ اِس سے
پہلے ميں نے کسي صاحب کو نہيں ديکھا تھا * ميں سمجھتا تھا کہ
صاحبوں کي صورت ڈراوني [4] ھوتي ھے اور وہ قد ميں کم سے کم
سات ' فٹ ' ھوتے ھيں *

۲۰ — اُن دنوں اودھہ ميں بہت کم صاحب رھتے تھے * لکھنو
ميں فقط ايک يا دو ' ريزيڈنٹ ' کي حيثيت ميں موجود [5] تھے ليکن
مجھکو وھاں جانے کا کبھي اتفاق نہ ھوا تھا * ميرے وطن ميں گاؤں
والے اُنکي نسبت عجيب عجيب خيالات رکھتے تھے * اگر کبھي کوئي
کسي صاحب کو ديکھہ پاتا تو ايک انوکھا ھي افسانہ گڑھہ [6] ليتا
اور اُنکي نسبت کوئي کيسي ھي بے پر کي بھي [7] اُڑاتا تو لوگ
فوراً باور کر ليتے * يہ بات مشھور [8] تھي کہ صاحب لوگوں کي

---

1 *Ṣāf*, Ar., and *suthrā*, H., both mean the same; together the words are intensive.

2 *Kar-rakhnā*, "made beforehand, in readiness for"; *vide* "Hind. Man.", L. 23 (*d*).

3 *Khā pī-kar*, i.e., *khā-kar aur pī-kar*.

4 *Ḍarāwnā*, adj., "frightening." Compare *roni-ṣūrat*, subs. and adj., "of doleful countenance."

5 *Maujūd*, for persons or things; *ḥāẓir*, specially for persons; and for things with an idea of respect, *vide* "Hind. Man.," L. 9 (*a*).

6 *Afsāna*, a story, a fable. *Gaṛhnā*, lit. "to coin, to make jewelry," and met., to "coin."

7 *Be-par kī* [*bāt*] *uṛānā*.

8 *Mashhūr*, "famous, renowned; also published, reported."

پیدائش ایک انڈے سے ہوئي ہے جو کسي درخت سے نکلا تھا اور یہي خیال اب تک بھي دور دراز مقامات میں پایا جاتا ہے* اگر کوئي جوان حسین 'میم' ہمارے گاؤں میں آپڑتي تو لوگ دیوي سمجھکر اُسے ڈنڈوت کرنے لگتے لیکن اگر کوئي بوڑھي 'میم' ہوتي تو اُسکو جادو گرني جانکر جنگلوں میں بھاگ جاتے - اِسلیئے تعجب کي بات نہ تھي کہ میں پہلے پہل ایک صاحب سے ملتے ہوئے ڈرتا تھا *

۲۱ — ہاں مجھے یاد آیا کہ آگرہ کے میلے میں جو تاج محل کے اِرد گرد ہوتا تھا ایک بار میں نے گاؤں کے لوگوں سے جو تاج کے دیکھنے کو آتے تھے اُنکي راے صاحبوں کي نسبت سني تھي - ایک بڑھیا نے کہا کہ " میں سنتي آئي[1] ہوں کہ یہ لوگ انڈوں سے کسي درخت پر ایک جزیرے میں پیدا ہوتے ہیں جو یہاں سے بہت دور ہے اور آج ہي صبح کو میں نے ایک صاحب کو دیکھا ہے - اُنکے ساتھہ ساتھہ[2] ایک پري تھي جسکے پر رنگ برنگ کے تھے - چہرہ دودھہ سا سفید تھا اور صاحب اپنا ہاتھہ اُسکے کندھے پر اِسلیئے رکھے ہوئے تھے[3] کہ 'یہہ کہیں اُڑ نہ جائے'[4] - یہ میري آنکھوں دیکھي بات[5] ہے اور اِسکا حرف حرف سچ ہے* " میں اِسوقت تو ایسا نادان نہیں ہوں لیکن اگر یہ بات آگرے جانے سے پہلے سنتا تو ضرور

---

[1] *Main suntī ā,ī hūn*, "I have always heard."

[2] *Sāth sāth* expresses continuation; keeping along with.

[3] *Rakhe hū,e*, past participle, expressing state. For this kind of compound verb, *vide* "Hindustani Stumbling-Blocks."

[4] *Yih kahīn uṛ na-jā,e*, "lest she fly off", is direct narration within direct narration.

[5] *Ankhon* [*kī*] *dekhī* [*hū,ī*] *bāt*, "what I've seen with my own eyes." Compare *kānon sunī bāt*.

باور کر لینا - اسکے بعد میں نے کئی بار انہیں صاحب کو اپنی ' میم '
کے ساتھہ گاڑی پر دیکھا * ' میم ' صاحبہ کے کندھوں پر ایک مور کے پر
کا گلوبند (' بیٹ ') تھا جسکو بڑھیا پری کے پر سمجھی تھی *

۲۲ — پہلے تو ہم ' اجیٹن ' صاحب کے گھر گئے جو وسعت میں
میرے گاؤں کے لمبردار کے گھر کا چوگنا تھا * ' اجیٹن ' صاحب
برآمدہ میں تھے - آنکے ہاتھہ میں ایک لمبی سی لکڑی تھی
جس سے ' رنگروٹوں ' کا قد ناپتے تھے * وہ بہت کم عمر[1] تھے اور قد میں
مجھسے چھوٹے تھے * ڈاڑھی مونچھہ بالکل صفاچٹ[2] - چہرہ بالکل
چکنا[3] اور عورتوں کا سا معلوم ہوتا تھا - مردانہ نہیں * اس سے پہلے
میں نے کسی صاحب کو نہیں دیکھا تھا - اُنکا رعب مجھہ پر کچھہ
بھی نہ پڑا * اور چونکہ اُنکا چہرہ بے ڈاڑھی مونچھہ کے تھا یہ بات
کسی طرح میرے ذہن میں نہیں آتی تھی کہ یہ اپنے وقت کے
رُستم[4] ہوسکتے ہیں * ہم لوگوں میں اگر کسی سپاہی کے
ڈاڑھی مونچھہ نہ نکلی ہو تو وہ وقعت کی نگاہ سے نہیں دیکھا
جاتا - وہ گویا چُتّھا[5] بنا ہوتا ہے جسپر ہر طرف سے ہنسی ٹھٹھے

---

[1] *Kam-'umr*, "of little age, young." *Jawān*, adj. and subs., "young, youthful" means grown up or nearly so, and also "in the prime of youth."

[2] *Ṣafā-chaṭ*, adj. (*k.*) *lit.* "licked clean"; used also of plates or food.

[3] *Chiknā*, adj., "oily; smooth; glossy."

[4] Rustam, the Persian Hercules. He was the son of Zāl.

[5] *Chutthā* or *chutthā baṭer*, lit. a quail kept for a fighting-quail to bully, and hence a "laughing-stock." Compare *dalbā*, an inferior cock kept for a game-cockeril to bully, and hence a person much bullied by every one.

کي بوچھاڑ ھوتي ھے - ليکن اُن [1] صاحب نے جوانوں کے سروں کو ديوار سے ايسا ٹکرايا کہ ظاھر ھوگيا کہ وہ کسي سے ڈرنے والے نہيں ھيں اور ' رنگروٹوں ' کي گھبرائي ھوئي نظريں کہہ رھي تھيں کہ " اب صاحب ھميں جيتا نہ چھوڑينگے * "

۲۳— جب وہ ناچنے سے فارغ ھوچکے تو ميرے ماموں سے مخاطب ھوئے * مجھکو تعجب ھوا جب وہ ھماري ھي زبان ميں گفتگو کرنے لگے * وہ ميرے ماموں سے ملکر بہت خوش نظر آئے [2] اور اُنکي خير وعافيت پوچھي * پھر ماموں کي تلوار کو ھاتھہ لگايا اور پوچھا کہ " يہ جوان کون ھے ؟ " اِنھوں نے جواب ديا کہ ميرا بھانجا ھے اور نوکري کي تلاش ميں آيا ھے " - فرمايا کہ " اِسکو ڈاکٹر صاحب کے پاس ليجاؤ - " اور ڈاکٹر صاحب کے نام ايک خط دھر گھسيٹا [3] * ميں تو حيران رھگيا کہ " آدمي اسقدر جلد کيونکر لکھہ سکتا ھے [4] ؟ اتني دير ميں تو ميں دوات ميں پاني بھي نہ ڈال سکتا اور اُنکو ديکھئيے [5] کہ صفحے [6] کا صفحہ لکھہ ڈالا " * اِس خط کو بند کرکے ماموں کے ھاتھہ ميں ديا * ھم دونوں ساتھہ ساتھہ ڈاکٹر صاحب کے بنگلے پر گئے *

---

[1] *Un ṣāḥib ne*—, "that *ṣāḥib*," a plural of respect, but *un ṣāḥiboṅ ne*— would be a real plural "those sahibs."

[2] *Naẓar* [*meṅ*] *ānā*, "to come into sight, to appear in view; also to seem."

[3] *Dhar-ghasīṭā*, "dashed off." *Dharnā*, *lit.* "to place" and *ghasīṭnā* "to drag." *Nām* for *nām par*.

[4] Note the direct narration. *Ki* "that"—"saying to myself—."

[5] *Dekhiye* = "do just look at him.

[6] *Ṣafḥe kā ṣafḥa*, "a whole page." Compare *khet kā khet*, "the whole field"; *vide* "Hindustani Manual," Lesson 48.

۲۴— یہ بنگلہ ' اجینٹ ' صاحب کے بنگلے سے بھي بڑا تھا * ماموں سے سنا کہ یہ ' میم ' والے صاحب هیں اور انکے کئي لڑکے بھي هیں * صاحب گھر میں تھے اور همکو اندر جانے کا حکم ملا * صاحب نے میرے ماموں کو ایک کرسي دي مگر میري طرف اِلتفات نکیا اِسلیئے میں زمین پر بیٹھہ گیا * ماموں نے مجھکو کہا کہ " کھڑے هوجاؤ * " پیچھے اُنہوں نے مجھے سمجھا دیا [1] کہ " صاحبوں کے حضور میں بیٹھنا گستاخي هے " * خط پڑھہ لینے کے بعد ڈاکٹر صاحب نے کہا کہ " کپڑے اُتارو " - لیکن میں اِتنا شرمایا هوا تھا کہ هل نہ سکتا تھا کیونکہ کمرے میں ' میم ' صاحبہ بھي تھیں * وہ میز کے پاس بیٹھي هوئي [2] جسپر چادر بچھي تھـي دو بچّوں کو انڈے کھلا رهي تھیں * انڈا ناپاک چیز هے - اِسلیئے یہ حال دیکھکر میں پچتانے لگا کہ " کیوں میں ماموں کے ساتھہ گھر سے نکلا تھا ؟ " اُسوقت مجھے پنڈت کا کہنا یاد آیا کہ " دیکھہ - تیري ذات جاتي رهیگي [3] * " ڈاکٹر صاحب نے ڈپٹ کر فرمایا [4] کہ " کپڑے اُتار " اور دونوں گورے بچے بھي پکار اُٹھے [5] کہ " پاپا کہتے هیں کپڑے اُتار

---

1 *Samjhā denā*, 'explained to my satisfaction, that is so that I understood.' *Samjhāyā* alone might mean "tried to explain."

2 *Baiṭhī hū,ī*, past participle, to indicate state; intransitive verb and feminine, *vide* "Hindustani Stumbling-Blocks."

Mez ke pās, "at the table," but *mez par*, "on the table."

Brahmins consider fowls and all eggs unclean; other Hindus do not consider the eggs of water-fowl unclean.

3 *Jātā-rahnā*, "to be lost"; *vide* "Hind. Man.," L. 26 (*a*) (2).

4 *Farmāyā*, "ordered"; polite for "said."

Ḍapaṭnā, intr., to call out or bawl out words; and tr. to gallop a horse.

5 *Pukār-uṭhnā*, "to call out suddenly"; note the force of *uṭhnā*: *vide* "Hind. Man.," L. 23 (*e*).

ڈالی - تم بھرے تو نہیں ھوگئے - گدھے - سوّر - اُلّو ؟ " ڈاکٹر صاحب نے کہا کہ " یہ احمق ھے - بن مانس ھے " * پھر بچّوں نے اپنی ماں سے کہا " اماں جان ! کیا اُس کے بدن میں بال بھرے ھیں ؟ " میں شرما گیا اور برآمدے میں جا چھپا - ماموں نکل آئے اور کہا کہ " ڈرتے کیوں ھو ؟ تمکو کوئی کھا نہ جائیگا * " ڈاکٹر صاحب نے مجھے ایک خالی کمرے میں دھکیل دیا اور میرا امتحان کرنے لگے * پہلے تو اُنہوں نے میرے پیٹ کو اس زور سے دبایا کہ جی متلانے لگا - میرے پپوٹوں کو اس سختی کے ساتھہ اُلٹا کہ آنسو بھر آئے - سینے کو ٹھونک ٹھانک کر دیکھا * اُسکے بعد کہا کہ " اِسکے جسم میں کوئی نقص نہیں ھے " اور یہ کہکر مجھے چھوڑدیا - میں خوش ھوا کہ " اب میری جان بچی * "

۲۵ — ماموں پھر ' کرنیل ' صاحب کو سلام کرنے گئے - ایک گھنٹے تک ھم دونوں کو باھر ٹھہرنا پڑا تب کہیں [1] اندر جانے کی اجازت ملی * میں ایسا گھبرایا ھوا تھا کہ پاؤں کانپ رھے تھے - میں ڈر رھا تھا کہ " دیکھئیے اب میرے ساتھہ کیا سلوک ھوتا ھے ؟ " میں سمجھا ھوا تھا کہ " کمان افسر کی صورت تو ضرور بھیانک ھوگی - بھلا ھزار آدمی جسکے ماتحت ھوں اور جسکی ادنی خواھش قانون کا حکم رکھے اُسکا کیا کہنا ؟ " دیکھا تو ایک بوڑھا سا شخص موٹا کپا [2] - چھوٹے

---

[1] *Tab kahīṅ,* "then and then only."
Note this meaning of *kahīṅ*.

[2] *Kuppā* lit., a large leathern vessel for *ghī*; met. an obese man; a very fat man. *Badan uskā phūl-kar kuppā ho-gayā*, would be said of a corpse in a river, much swollen; or of anything much swollen.
Gāl phulā-kar kuppā kar-lenā, "to be sulky and to pout."

قد کا - نہ سر میں بال نہ منہہ پر ڈاڑھي - لال چقندر سا [1] - بیٹھا ھے * جناب ایک بڑي دھوم دھام کا حقہ پي رھے تھے * میرے ماموں سے ملنے کو آئیھ کھڑے ھوئے * جب ماموں نے میرا حال بتایا تو وہ بہت مہرباني سے پیش آئے * فرمایا کہ " دیکھو [2] - چلن اچھے رکھنا [3] اور ھمیشہ اپنے ماموں کے قدم بقدم چلنے کي کوشش کرتے رھنا [3] " * میں نے اوپر لکھا ھے کہ میں نے اس سے پہلے کسي صاحب کو نہیں دیکھا تھا * اب تو تین تین صاحبوں کو دیکھہ چکا تھا لیکن اِنہیں کیا سمجھا ھوا تھا [4] اور یہ کیا نکلے ؟ اِسکا مجھے کسي طرح یقین نہ آیا کہ یہ بہادر ھیں - کیونکہ وہ میرے ماموں سے قد میں چھوٹے تھے اور اُنکے برابر زور آور بھي نہیں معلوم ھوتے تھے * عجیب عجیب [5] چیزیں اُنکے گھروں میں تھیں مگر اُنکا مصرف [6] ذرا بھي میري سمجھہ میں نہ آیا - 'کرنیل' صاحب کے کسي کمرے کے ایک کونے میں میز پر شیشے کے چھوٹے چھوٹے پیالے تھے - اور ایک کونے میں سات آٹھہ بندوقیں ایک ' اسٹینڈ ' پر دھري تھیں * بہت سے جانوروں (مثلاً شیر - بارہ سنگے - کالے ھرن - چیتل - وغیرہ وغیرہ) کے سر دیواروں سے لگے ھوئے

---

[1] *Lāl chuqandar sā*, "red as a lobster," *lit.*, "red as a beet-root." *Bandar kī sī lāl* (for *bandar kī gānḍ kī sī lāl*) are also in common use but are of course more contemptuous.

[2] *Dekho*, Imper., pl.; hence the two Infinitives following it, that are used as Imperatives, are also plural.

[3] *Rakhnā* and *karte rahnā*, infinitives for future imperatives.

[4] *Kyā samjhā hū,ā thā*, "what had I been (in a state of) imagining them to be?"

[5] *'Ajīb 'ajīb*, "many strange."

[6] *Maṣraf*, m., "use"; also expenditure, as: *wuh rūpiya maṣraf meṅ nahīn āyā.*

تھے * صاحب ایک تنگ نیلا ' کوٹ ' پہنے ہوئے تھے جسمیں بڑے
بڑے پیتل کے ' بُتام '[1] گلے تک لگے ہوئے تھے اور انکے شانوں
پر دو ڈُلے سے تھے جنکو میں اُسوقت سونے کا سمجھا * وہ سفید
' پتلُون ' چڑھائے ہوئے تھے - اور اُنکے لمبے کالے ' بُوٹوں ' پر سُنہرے پھندنے
تھے - اُنکے قد اور طاقت کا تو میں قائل[2] نہوا لیکن اُنکي آنکھوں میں
کچھہ ایسي بات تھي جسے میں عمر بھر نہ بھولونگا * اُنکي نگاہ
باز[3] کي سي تھي اور معلوم ہوتا تھا کہ دل کے اندر کي خبر لارہي
ہے * جب ہم وہاں سے نکلے ماموں نے کہا کہ " کرنیل صاحب ایک
مشہور شکاري ہیں - خاصے بہرام گور[4] ہیں " *

۲۶ — دو چار دن کے بعد میں ' ڈرل ' سیکھنے[5] لگا - میں اُس
دن کو کیا بھولونگا - وہ تو میرے دل پر نقش ہے * ' پریڈ ' کے میدان
پر رنگروٹوں کي ٹولیاں چھہ چھہ آٹھہ آٹھہ[6] آدمیونکي تھیں اور اُنکي
حرکتیں کچھہ عجیب و غریب هي ہوتي تھیں - حکم ایسے اجنبي[7]

---

[1] *Butām* (soft), m., but *baṭan* (hard *t*), m.; English words adopted into Hindustani long ago generally have soft *t* and *d*. The English *t* and *d* are now considered hard but the *r* always soft.

[2] *Qā,il*, Ar., pres. partic., "confessing, acknowledging, acquiescing in, etc."; from the same root as *qawl*, m., "speech, promise.'

[3] *Bāz*, properly the female goshawk, the male or tiercel being called *jurra*.

[4] *Khāṣe Bahrām Gor* (pl. of respect), "a real Bahram Gor."

Bahrām, a Persian king of the Sāssānian dynasty and a great hunter. He was known as *Bahrām-i Gor* on account of his passion for hunting the *gor* (in Persia from *gūr*) or wild ass.

[5] Note that *sikhnā* means "to learn how *to do*"; *vide* "Hin. Man.", p. 152.

[6] *Chha chha, āṭh āṭh* = "several squads of six and eight each."

[7] *Ajnabī*, "foreign and also unknown"; opposed to *jānā-pahchā-nā*, adj. *Ek ajnabī ṣāḥib ā,e haiṅ* is not the same as *bāhar ke ṣāḥib ā,e haiṅ*; the latter means 'not a co-lodger.'

زبان میں دیا جاتا تھا جسکا ایک لفظ بھي سمجھہ میں نہیں آتا تھا * پہلے تو مجھے هنسي آنے لگي - پھر اُس تماشے میں حیران سا رهگیا - ' ڈرل ' حوالدار نے جب میرا کان مروڑ دیا تو میرے هوش درست هوئے * قواعد مجھے مهینوں کرني پڑي * ایک دن میں ' ڈرل ' کي کوئي بات بھول گیا - اُسپر ' ڈرل ' حوالدار نے سر پر ایسي دھول [1] لگائي که میں چکراکر گر پڑا * میں نے اپنے ماموں سے اِسکي فریاد کي - وہ حوالدار پر بہت غصے هوئے * اُس دن سے گو حوالدار نے مجھپر هاتھه چھوڑنے کي جُرأت نه کي لیکن همیشه مجھکو ڈراتا ستاتا اور سخت سست [2] کہتا رها * چونکه میں اپنے کام کو بہت جي لگاکر سیکھتا تها اِسلیئے اِن باتوں سے میرا دل دُکھتا تھا اور قریب تھا که میں کام چھوڑ کر بھاگ کھڑا هوتا [3] * ' ڈرل ' حوالدار نے اجیٹن سے کہا که یه بڑا مگرا [4] اور گھامڑ [5] هے - هرگز سپاهي بننے کا نہیں [6] *

۲۷ — یه جو سلوک میرے ساتھه هوتا تھا اِسکي شکایت میں نے ماموں سے کي اور اُنسے کہا که " بُرا کیا جو میں آپکے ساتھه آیا " * لیکن اُنہوں نے مجھے دلاسا دیا اور میرا دل بڑھایا * ایک دن ' کرنیل ' صاحب رنگروٹوں کو دیکھنے آئے - میں نے ' ڈرل ' میں ایسي پھرتي [7]

---

1 *Dhaul*, f., a hard slap; *chapat*, f., is a slap on the back of the head; *tarī* is a slap on the top of the head.

2 *Sakht sust kahnā*, "to rate"; *burā bhalā kahnā* is the same.

3 *Bhāg kharā honā*, "to run away from an action."

4 *Magrā* is properly proud and obstinate.

5 *Ghūmar*, stupid can't learn; a general term.

6 *Sipāhi banne kā nahīn*, "not one to be made into a soldier"; *vide* "Hind. Man.," p. 112 (*e*).

7 *Phurtī*, subs. (*phurtīlā*, adj.), "smartness" and also "activity."

دکھلائي کہ وہ خوش ہوگئے اور اجیٹن صاحب سے کہا کہ " اِس سے پوري ' ڈرل ' دکھلاؤ " - اور دیکھکر فرمایا کہ " یہ رنگروٹ ' جاین ' ہونے کے لایق ہے * لال کُرتي پہننے اور بندوق اپنے پاس رکھنے کو میرا دل بہت چاہتا تہا * میں نے آٹھہ ہي [1] مہینے قواعد سیکھي تھي اور اٹھتّر ۷۸ رنگروٹوں کے گلے [2] سے جنمیں سے بعض مجھسے آگے سے سیکھتے تھے میں ہي [3] چُنا گیا * رنگروٹوں کو جنگ کے زمانے کے سوا ' جاین ' کرنے کي اجازت اکثر سال بھر کي مشق کے بعد ملتي تھي - اور بعض اوقات اِس سے بھي زیادہ وقت لگتا تہا *

تیسرا باب

۲۸ — آٹھہ ہي [4] مہینے سرکار کا نمک کہانے کے بعد اپنے ماموں کي کمپني نمبر ۲ میں مجھکو سپاھي کي جگہہ ملگئي - لیکن تکلیفیں اب تک باقي تھیں کیونکہ ' ڈرل ' حوالدار نے ' یوروپین سارجنٹ ' کے کان میري طرف سے بھر دیئے تھے [5] اور وہ مجھسے چڑنے [6] لگا تہا - ہر گھڑي وہ کچھہ نہ کچھہ میرے کام میں عیب

---

[1] *Āṭh hī mahīne meṅ,* "in as little as, in only eight months"; note the force of *hī.*

[2] *Galla,* a sepoy's word for a squad; properly in Urdu a herd of cattle. In Persian also used of birds.

[3] *Maiṅ hī chunā gayā,* "I *alone* was selected"; note the force of *hī.*

[4] *Āṭh hī mahīne* — "*only* eight months —": note force of *hī.*

[5] *Merī taraf se kān bhar diye the* = *uske dil meṅ merī taraf se 'adāwat ḍāl-dī thī,* "poisoned his mind against me."

[6] *Mujh se chiṛne lagā thā,* (or *lagā*), "he began to dislike me"; *chiṛnā* properly means "to be cross with; and also to be irritable."

نکالتا اور مجھے سزا دلواتا تھا - آخر مجھے معلوم هوا کہ ' جایں ' هونے پر میں نے ' ڈرل ' حوالدار کا معمولي نذرانہ نہیں دیا تھا - لیکن دل میں ٹھان لیا کہ " اب تو هرگز نہ دونگا " * یہ سولہہ روپے کي رقم تھي اور اسمیں سے پانچ چھہ روپے اُس کمپني کے 'یوروپین سارجنٹ' کو ملتے تھے جسمیں رنگروٹ مقرّر کیا جاتا تھا * اُس زمانے میں سپاهیوں کي هر کمپني میں ایک ' یوروپین سارجنٹ ' هوتا تھا - بعض 'سارجنٹ ' هم لوگوں کي بولي اچّھي بول لیتے تھے [1] اور وہ اکثر هم سے اچّھي طرح پیش بھي آتے تھے - مگر بہت سے پوري طرح اپنے مطلب کو ادا نکرسکتے تھے - ایسے ' سارجنٹ ' گالي دینے اور سپاهیوں کو مار بیٹھنے [2] کے عادي هوتے تھے * اجیٹن صاحب کے پاس بہت سي نالیشیں آتي تھیں لیکن زیادہ تر وہ سارجنٹوں هي کي طرفداري کرتے اور بہت کم مظلوموں [3] کي دادرسي هوتي تھي *

۲۹ — پہلے لال کُرتي کے پہننے میں مجھے تکلیف هوتي تھي * اِسکا آگا تو بیشک کُھلا تھا لیکن بغل دونوں طرف تنگ تھي - ' شکو ' بہت بھاري تھا اور اس سے میرے سر میں درد هوجاتا تھا - هاں کسیقدر خوشنما ضرور تھا * کچھہ [4] دنوں کے بعد میں اُن کپڑوں کا عادي هوگیا لیکن پھر بھي جب میں اپنے ڈھیلے ڈھالے دیسي

---

1 *Bol-lete the*, "managed to talk."

2 *Mār-baiṭhnā*, "beat without cause." *Baiṭhnā* gives the idea of "suddenness, completeness, or without forethought"; *vide* "Hind. Man.," L. 23 (*a*).

3 *Maẓlūm*, Ar., past part. (like *ma'lūm*) "oppressed": *ẓulm*, tyrany; *ẓālim*, "tyrant."

4 *Kuchh dinoṅ ke ba'd* or better *ka,ī dinoṅ ke ba'd*. *Kuchh 'arẓe ke ba'd* is, of course, correct.

کپڑے پہنتا تھا تو آرام ملتا تھا - سرکاري وردي بہت ھي تنگ تھي - ھاتھہ پاؤں ھلانا مشکل تھا

بندوق بھي بہت بھاري تھي اور بہت دنوں تک اسکے اٹھانے سے میرا شانہ دکھتا تھا * توش دان اور پیٹي اور تھیلا تو خاصہ ایک قلي کا بوجھہ تھا *

۳۰ — آٹھہ انگریزي افسر میري پلٹن میں تھے لیکن میري کمپني کے کپتان صاحب اصلي صاحب تھے جیسا میرے خیال کے مطابق صاحب کو ھونا چاھیئے * اُنکا نام برم پیل تھا - قد میں چھہ ' فٹ ' تین ' اِنچ ' تھے - اُنکا سینہ ھنومان[1] کیطرح کشادہ تھا اور زور کي تو کوئي اِنتہا نہ تھي - وہ ھمیشہ سپاھیونسے کُشتي لڑتے - اور جب اکھاڑے[2] میں اُترتے تھے تو سب کي نظر اُنپر پڑتي تھي * اُنھوں نے سب پیچ سیکھہ رکھے تھے - کسي سپاھي کي مجال نہ تھي کہ انکو نیچا دکھائے[3] * سب سپاھي اُنکو پہلوان صاحب کہتے تھے * ھر صاحب کا سپاھي لوگ ایک نہ ایک نام رکھہ دیتے تھے * ایک کو نواب صاحب اور ایک کو جنکي گردن لمبي تھي اُونٹ صاحب کہتے تھے - ایک کا لقب ' ڈام ' صاحب تھا کیونکہ ھمیشہ حکم دیتے وقت وہ ' ڈام ' کہا کرتے تھے - بعض افسر بہت کم سن[4] بلکہ محض لڑکے

1 *Hanūmān*, the monkey chief of the Rāmāyan; now worshipped as a god. He was of powerful build.

2 *Akhāṛā*, a wrestling place; the earth is dug up, and there is generally a raised platform all round: hence any arena.

3 *Nīchā dikhānā*, gen. = *maghlūb karnā*.

4 *Kam sinn* = *kam-'umr*; *vide* note 1, p. 19.

تھے - 'پریڈ' سے فرصت ہوتي تھي [1] تو بس سیر و شکار ھي [2] سے اُنکو مطلب رهتا تھا *

۳۱ — 'کرنل' صاحب کے پاس [3] چار ھاتھي تھے - اکثر شیر کے شکار کے لیئے ٹولیاں بنائي جاتي تھیں * جس زمانے کا میں ذکر کر رها هوں اُن دنوں آگرے کے ارد گرد شیر کثرت سے ملتے تھے - اور بھرتپور کے نزدیک اور متھرا جانے کے راستے پر بھي بہت تھے - اب جنگل سب کاٹ کر [4] صاف کردیئے گئے هیں - شیر کہاں سے آئیں ؟ اُس زمانے میں 'کرنیل' اسٹورٹ صاحب جب شکار کو نکلتے تو کم سے کم دو شیر تو ضرور مار لاتے - هر طرف اُنہیں کا ڈنکا [5] بجتا تھا اور پندرہ پندرہ [6] کوس کے فاصلے سے گاؤں والے شکار کي خبر دینے کو آتے اور خوب انعام پاتے تھے * اِن دنوں صاحب لوگ گرمیوں میں هر وقت دھوپ میں باهر نہیں نکلتے مگر پہلے وہ هم دیسیوں کي طرح بلکہ هم سے بڑھکر دھوپ برداشت کرتے تھے * ا

۳۲ — اکثر صاحب هندوستاني بیبیاں رکھتے تھے - پلٹن میں اِن عورتونکا بہت کچھہ اختیار تھا * اُنکو اپنے اپنے صاحبونکے مزاج میں گو اچّھا دخل تھا [7] مگر اِتنا نہیں جتنا وہ بتاتي تھیں * وہ اپنے

---

[1] *Pareḍ se* [*jab*] *fursat hotī thī, to bas*—; *vide* "Hind. Man.," L. 57(*f*).

[2] *Sair o shikār hī se*, "with outings and shootings and nothing else."

[3] For the various ways of expressing the verb "to have", *vide* "Hind. Man.," L. 20 (*e*).

[4] *Jangal kāṭ-kar ṣāf kar diye ga,e*; for this Active Conjunctive Participle of a transitive verb with a passive verb, *vide* "Hind. Stumbling-Blocks," p. 64.

[5] *Ḍaṅkā bajnā*, "to be renowned." *Ḍaṅkā* is a largish drum suspended from the neck and beaten for encouragement in the *akhāṛā*, beaten on the left side by the hand and on the right by a curved stick or cane.

[6] *Pandrah pandrah*, "as much as fifteen."

[7] *Ṣāḥiboṅ ke mizāj meṅ unko achchhā dak͟hl thā*, "they had some little influence—".

اختیار کو بڑھا کر بیان کوئی تھیں تاکہ وہ سپاھی جنکو رخصت لینے کی ضرورت ہو یا کوئی کام نکالنا چاھتے ہوں اُنکی مُٹھی گرم کریں - بعض اوقات خود سپاھی اِسکی تدبیر کرتے تھے کہ اپنے ہاں کی کسی عورت کو کسی افسر کے حوالے کریں * مگر ایسے لوگ نیچ ذات کے ہوتے تھے * * * *

۳۳ — صاحب لوگ اُس زمانے میں ہماری بولی اب سے کہیں [1] اچھی بولتے تھے اور ہملوگونسے زیادہ ملتے جُلتے تھے - اب افسرونکو امتحان ' پاس ' کرنا پڑتا ہے لیکن پھر بھی وہ ہماری بولی اُسطرح نہیں بول سکتے اگرچہ امتحان کے لیئے اُنکو کتابیں پڑھنی پڑتی ہیں * میں نے کمتر دیکھا ہے کہ ' کمیتی ' کے سامنے امتحان دینے کے بعد بھی کوئی صاحب کوئی چٹھی یا کتاب پڑھہ سکتا ہو [2] - وہ بس اپنے نوکروں سے پاجیوں [3] کی سی بولی سیکھتے ہیں جو امیرونکی صحبت [4] میں مُنہہ سے نکالنے کے لائق نہیں ہے - اُن دنوں صاحب لوگ پلٹن میں اکثر ناچ کرواتے تھے اور سپاھیوں کے ہر کھیل میں شریک ہوتے تھے - وہ شکار میں بھی سپاھیوں کو جو جانا [5] چاھتے تھے ساتھہ لیچلتے تھے - اب وہ ناچ میں کم آتے ہیں کیونکہ پادریوں نے اُنکو منع کردیا ہے - اِنہیں پادریوں کی کوشش سے صاحبوں اور سپاھیوں کے درمیان بیگانگی بڑھہ گئی ہے اور بڑھتی جاتی ہے -

---

[1] *Kahīṅ achchhī*, "far better."

[2] *Paṛhnā*, "to read, generally to oneself; also to study"; but *sunānā* "to read aloud." *Paṛh-denā* = *sunānā*, or *paṛh-kar sunānā*.

[3] *Pājī*, "wicked, naughty, as *pājī laṛkā* 'naughty boy': it also means low people.

[4] *Ṣuḥbat*, f., companionship; and also copulation of humans.

[5] *Vide* "Hind. Man.," L. 19 (*a*) and (*c*).

جب میں سپاهي تها هماري کمپني کے کپتان صاحب تمام دن دو چار سپاهیوں کو اپنے بنگلے پر بات چیت کے لیئے رکھتے تھے - اِس میں شک نهیں هے که بهتیرے اِس غرض سے جاتے تھے که صاحب اُنکي [1] ترقّي کي سفارش ' کرنل ' صاحب سے کریں مگر زیادہ تر لوگ اسلیئے جاتے که اُنکو کپتان صاحب سے دلي محبّت تهي اور کپتان صاحب بهي اسطرح اُنسے سلوک کرتے تھے گویا یه اُنکے بچّے تھے *

دیکھو - میرے بال سفید هوگئے [2] هیں - بڈھے کي بات کو سچ جانو - اِنهیں آنکھوں سے میں نے بهت کچھه دیکھا هے - صاحبوں کا مزاج بدلکر کچھه سے کچھه هوگیا [3] - میں دیکھتا هوں که اکثر صاحب اب جو [4] سپاهي سے بات کرتے هیں تو گویا مجبوراً کرتے هیں - صاف معلوم هوتا هے که اِس سے اُنکو جبر [5] هوتا هے اور بهت جلد چھٹکارا پانا چاهتے هیں - ایک صاحب نے ایک بار مجھسے کها که " هم سپاهي سے بولیں تو کیا بولیں ؟ " لیکن جب میں جوان تها اُسوقت کے صاحب لوگ جانتے تھے که سپاهیونسے کیا کهنا چاهئیے اور کسطرح اپنے مطلب کو ادا کرنا چاهئیے - میں صاف صاف کهتا هوں - آپ میري گستاخي معاف فرمائیں *

---

[1] Indirect narration. The direct could be used — *ki ṣāḥib hamārī taraqqī kī sifārish kareṅ.*

[2] *Bāl paknā* is also used for *bāl sufaid ho-jānā* in Bengal and the Punjab.

[3] *Kuchh se kuchh ho-jānā*, "to become something quite different."

[4] *Jo*, Hindi, "if."

[5] *Jabr*, m., "constraint, a burden"; properly "compulsion" and also "tyranny." *Majbūr*, Ar., past participle "compelled, forced."

۳۴ــ غدر کے بعد سے لال کُرتي کے صاحب لوگ همارے ساتهه پہلے کي طرح پيش نہيں آتے * ميں نے مان ليا که همارے نالائق بهائي بغد غدر کے وقت کي ظالمانه حرکتوں کے ايئے لعنت ملامت[1] کے سزاوار هيں ليکن يه لعنت ملامت خود کالي پلٹن کے افسروں کيطرف سے هوني چاهئيے نه که لال کُرتي کے افسروں کي جانب سے * مجهکو ياد هے که جب اُنکو معلوم بهي تها که ميں لکهنو کے بچانے والي فوج ميں سے تها پهر بهي کئي لال کُرتي کے افسروں نے مجهے " ڈام کالا سوّر " کہا تها - اور مجهے يه بهي ياد هے که ايک روز کابل ميں جب ميں تيره ۱۳ نمبر اور اکتاليس ۴۱ نمبر لال کُرتي کے افسروں کے ليئے چپاتياں پکا رها تها تو اُنهوں نے کہا که " جيک سيپوي ايز اے ڈام گُڈ فيلو " * کيا ميں اڑتاليس ۴۸ برس تک صاحبوں کے ساتهه رهکر بهي اِن تمام باتوں کا مطلب نہيں سمجهتا ؟ زياده تر اِسکا سبب اُنکي نازک مزاجي[2] هے - مگر تقدير سے کون لڑے ؟ *

۳۵ــ گوروں سے ميري هميشه اچّهي بني[3] * وه اس سے پہلے هميشه سپاهيوں کے ساتهه مهرباني سے پيش آتے تهے - کيا اُنکے کُل محنت کے کام هم سپاهي نہيں کرتے تهے ؟ گرميوں ميں اُنکے عوض ' گارڈ ' کا کام هم کرتے - اُنکے ' رم ' شراب کے پيپوں پر پهرا هم ديتے -

---

[1] *La'nat*, f., "curse," and *malāmat*, "blame": *la'nat malāmat*, "execration."

[2] *Nāzuk-mizājī*, "hastiness of temper": *nāzuk* alone, "delicate."

[3] *Goroṅ se merī [bāt] hamesha achchhī banī*, "I always got on well with the English private soldiers." *Merī us se nahīṅ bantī*, "I can't get on with him."

یہاں تک کہ اپنے کھانے میں سے اُنکو بھي کھلاتے - مگر آج کل کے گورے اور هي ڈھب [1] کے هیں - نہ وہ اب ویسے جوان هوتے هیں نہ اُنکا ویسا ڈیل ڈول [2] هوتا هے - اب گالي کے سوا اُنکو اور کچھہ هندي نہیں آتي - جسطرح جلد وہ گالي دینا سیکھہ لیتے هیں اگر یونہیں بات چیت کرنا بھي سیکھتے تو هم اُنکو اُستاد مانتے * همیشہ میرے دیکھنے میں آیا هے کہ نئي پلٹن کے لوگ خواہ افسر هوں خواہ گورے پُراني پلٹن سے زیادہ هم دیسیوں کو گالیاں دیتے هیں - سترھویں پلٹن همکو بھائي کہا کرتي تھي - اور سولہہ ۱۶ نمبر لانسرز همارے چولھوں کے نزدیک کبھي قدم نہ دھرتے تھے اور همارے کھانے پر کبھي نہ تھوکتے تھے - برسوں همارا اُنکا ساتھہ [3] رها * میں نے سنا هے اور ایک بار ایک کرنل صاحب سے جو تھوڑي بہت میري بولي سمجھتے تھے میں نے پوچھا بھی کہ " کیا یہ سچ هے کہ سرکار کے سب اچّھے اچّھے جوان رُوسي توپوں کي نذر هوگئے ؟ " جواب دیا کہ " بہت کم جوان لڑائي میں مارے گئے مگر هزاروں ٹھنڈ اور بیماري سے مرے جیسا حال کابل میں هوا تھا " * حقیقت جو کچھہ هو غدر کے وقت یہي سمجھا جاتا تھا کہ روسیوں نے سرکار کے سب جوانوں کو قتل کر ڈالا هے اور اِسلیئے ولایت [4] میں چھوکرے هي چھوکرے [5] رہ گئے هیں -

---

[1] *Aur hī ḍhab ke hain*, "of quite another pattern." *Ḍhab*, m., "sort, kind: skill."

[2] *Ḍīl ḍaul*, m., "size, physique."

[3] *Hamārā unkā sāth rahā*, "we lived together for years": *sāth*, m. = *suḥbat*, f.

[4] *Wilāyat*, any foreign country, hence Kabul, hence England.

[5] *Chhokre hī chhokre*, mere boys and nothing else. Note force of *hī*.

کچھہ تو سچ ھوگا کیونکہ کئی سالوں سے میں دیکھتا ھوں کہ اب بہت سی لال کرتیوں میں چھوکرے ھی چھوکرے ھوتے ھیں *

۳۶— میرے با ضابطہ سپاھی بننے کے بعد ھی [1] اسکا چرچا [2] ھونے لگا کہ "کمپنی بہادر امر سنگھہ تپا سے نیپال کو چھین لینے والی ھے" - اور ھمارے افسر لوگ اِس اُمید میں تھے کہ ھم اب اِس فوج کے ساتھہ جو متھرا میں جمع ھو رھی ھے جاسکینگے * تھوڑے ھی [3] دنوں میں حکم آگیا - اور ھم لوگوں نے آگرے سے متھرا تک دو دن میں کوچ کیا اور گلسپی صاحب کے 'کالم' میں مقرر ھوئے * ایک دوسری فوج جنرل اکٹر لونی کے زیر حکم تھی * کوچ کرتے کرتے [4] ھم دھرہ تک پہاڑیوں کے نزدیک پہنچے لیکن دشمن کا پتا نہ تھا - سنا کہ وہ نالا پانی نام ایک پہاڑی قلعہ کے پاس اکٹھے ھوئے ھیں * گورکھے بڑے بہادر سپاھی سمجھے جاتے تھے - اُنکی ککریوں سے سب ڈرتے تھے کیونکہ اُنکا چھوجانا گویا موت کا پیام تھا * ھمارے 'کالم' کو اُس پہاڑی قلعہ پر کوچ کرنے کا حکم ملا - ھمارا راستہ ایک گنجان جنگل کے بیچ سے تھا - ھمارے کئی ساتھی تیروں سے زخمی ھوئے - یہ تیر جنگل کی طرف سے آئے تھے مگر نہ ذرا کھڑکھڑاھٹ [5] وھاں سنی گئی اور نہ کسی کی شکل دکھائی دی * بہت سے سپاھیوں

---

[1] *Ba'd hī*, "just after."
[2] *Charchā*, m., a "talking of, rumour."
[3] *Thoṛe hī dinoṅ meṅ*, "in a very few days."
[4] *Kūch karte karte*, "marching along" (for a distance).
[5] *Khaṛkhaṛāhaṭ*, f., "noise of crackling, of leaves, paper; rattling of a cab."

نے کہا کہ " یہ جِنّوں [1] کا کام ہے یا جادو کا کھیل ہے " * جب تبر تابڑ توڑ [2] آنے لگتے تو ہم بھي اُسطرف گولیوں کي بوچھاڑ لگادیتے - لیکن جنگل ایسا گھنا تھا کہ اِسکا پتہ نہ چلتا تھا کہ آیا کوئي دشمن مارا بھي گیا یا نہیں *

۳۷ — جب ہم قلعہ کے نزدیک پہنچے ' بریگیڈیر ' صاحب نے چار کالموں کو حملہ کرنے کا حکم دیا * اُن کالموں کو چار جدے جدے راستوں سے جانا تھا لیکن پہاڑي راستے ایسے خراب اور ٹھار [3] تھے کہ ایک ' کالم ' تنہا اوروں سے پہلے پہنچا - اور اُسپر ایسي گولہ باري ہونے لگي کہ بہت سي لاشیں چھوڑ کر اُسے پیچھے ہٹنا پڑا - اِس سے سپاھي بہت پست ہمت ہوگئے اور جب دیکھا کہ گورے بھي بھاگ کھڑے ہوئے تو بات اور بھي بگڑ گئي * اُسوقت جنرل گلسپي صاحب نے خود ایک ' یوروپین رجمنٹ ' کو لیکر حملہ کیا مگر اُنکي بہادري گو وہ رستم زمانہ تھے پیش نہ گئي [4] - کئي بار مقابلہ کي تاب نہ لاکر [5] اُنکو بھي پیچھے ہٹنا پڑا * وہ پیدل تھے اور اپنے آدمیوں کا دل للکار للکار [6] کر بڑھا رہے تھے کہ یکایک زمین پر بیجان ہوکر گرے * تب تو سب پیچھے ہٹنے لگے * میري پلٹن مقابلہ کرتي رھي تاکہ باقي لوگ نکل جائیں * ایک ' میل ' ہم پیچھے ہٹ

---

1 *Jinn*, one of the Genii.

2 *Tābaṛ toṛ*, "one after another" (with breaks); *lagātār*, properly means in one string.

3 *Ṭhār*, "steep."

4 *Unkī bahādurī pesh na-ga*ʾ*ī*, "his bravery was of no avail."

5 *Muqābala kī tāb na-lānā*, "to be unable to face the enemy."

6 *Lalkār lalkār-kar*, "continuously shouting to for encouragement."

گئے اور تین چار دن وهاں مقام کیا تاکہ دلي سے کپتان هلو صاحب بڑي توپیں لیکر پهنچ جائیں *

۳۸ — قلعہ کي دیواریں بہت اُونچي نہ تهیں اور میري پلٹن کے افسر لوگ چاهتے تهے کہ جنگل کے درخت کاٹکر اُنکي سیڑهیاں بنائیں لیکن جنرل مولے صاحب کو یہ پسند نہ تها کیونکہ بہت سے سپاهي مارے جا چکے تهے * میري پلٹن کے اڑتالیس ۴۸ جوان کام آئے [1] اور گوروں کي قریب قریب دو کمپنیاں تلف هوگئیں * پهر بهي یہ همت نہ هارے [2] اور بار بار قلعہ پر چڑهائي کي - وہ گویا اصیل مرغ [3] تهے *

۳۹ — سپاهي کچهہ کچهہ دل هارے هوئے تهے لیکن جب توپیں آگئیں تو همت بهي ساتهہ ساتهہ [4] آئي * گولہ اندازي سے دیواروں میں بڑے بڑے سوراخ کردیئے گئے اور ایک اور بهي حملہ کیا گیا * گو هم لوگ نہایت استقلال [5] کے ساتهہ آگے بڑهتے رہے اور گورے دیوار کے رخنہ [6] تک دوڑ بهي گئے لیکن آخر همکو پیچهے هٹنا هي [7] پڑا - کوئي بهي قلعہ میں داخل نہو سکا * تیروں کي بوچهاڑ نے بہتوں کے دل میں بندوق کي گولیوں سے بهي زیادہ خوف ڈالدیا تها کیونکہ گولیوں کو تو کوئي آنکهہ سے نہیں دیکهہ سکتا تها * * * *

---

[1] *Kām ānā*, "to be killed in any *noble* strife."

[2] *Himmat na-hāre*, "they did not lose heart." *Himmat*, f., is "courage" and *bahādurī* is "bravery." *Vide* "Stumbling-Blocks" III, (*b*).

[3] *Aṣīl murgh*, "game cock." *Aṣīl* means "well bred."

[4] *Sāth sāth*, shows that the *himmat* kept with the guns.

[5] *Istiqlāl*, m., "firmness, resolution."

[6] *Rakhna*, "breach"; not necessarily military.

[7] *Pīchhe haṭnā hī paṛā* = "no alternative but retreat."

۴۰ — دوسرے دن صُبح کو چاروں طرف سے ایک زبردست حمله کرنے کا حکم دیا گیا * بڑھتے بڑھتے [1] هم قریب پہنچے لیکن دشمن کي طرف سے نه تیر آتے تھے نه گولی چلتي تھي * نقارچیوں کا ایک چھوکرا آگے دوڑ کر داخل هوگیا اور وهاں سے پکار کر کہا که " قلعه خالي هے " - نیپالي سب کے سب چُپکے [2] جنگل کے اندر اندر سے بھاگ نکلے تھے اور کسي کو اسکي خبر بھي نه هوئي تھي * آدھه گھنٹے تک ایک آندھي بھي چلي تھي جس سے اُنکو رفوچکر [3] هو جانے کا خوب موقع ملا تھا * اُس وقت گوروں نے منہه پھلا لیئے اور کچھه بگڑے بگڑے نظر آنے لگے - اُنکو اِسکا غصه تھا که " دشمن همیں کیوں دھوکھا دیکر بھاگ گئے ؟ " میرے [4] کوئي زخم نه لگا تھا لیکن همارے کپتان صاحب کے سینے میں ایک تیر پیٹھا [5] تھا اور چونکه تیر کا پیکان چوڑا تھا اُسکا نکالنا مُشکل نظر آیا * ڈاکٹر صاحب نے کہا که " اگر یه نکالا جائیگا تو کپتان کي جان بھي نکل جائیگي " * صاحب بہت صدمه [6] اُٹھاتے تھے اور اِسي صدمے سے تنگ آکر اُنہوں نے خود اپنے هاتھه سے تیر کو کھینچ [7] نکالا اور بہت پھین اور لہو زخم سے نکلا *

[1] *Barhte barhte*, "advancing on and on."
[2] *Chupke*, "silently"; but *chhipke* or *chhupke*, "secretly."
[3] *Rafū chakkar ho-jānā*, idiom, = *kāfūr ho jānā*; 'vide' Chaps. I and II.
[4] Hind. Man. L. 20 (*d*) (4).
[5] *Paiṭhnā* "to penetrate effectively."
[6] *Ṣadma*, "shock; also pain."
[7] *Khaiṅch-nikālnā*, "to pull out"; force of both verbs retained.

خون اتنا جاري هوا که جان کے جانے کا اندیشہ هونے لگا * مجهکو اُمّید نہ تهي که همارے کپتان صاحب چنگے هونگے * اُنکي کمپني کے لوگ اُنهیں دل سے چاهتے تهے اور پلٹن کي پلٹن [1] عزیز رکهتي تهي * اُنکي جُدائي سب کو شاق [2] تهي * آخر برم پیل صاحب ' سیک چهٹي ' پر ولایت بهیج دیئے گئے - پلٹن کا سُوربیر پلٹن سے چلا گیا *

۴۱ — اب ایک نئے جنرل صاحب مارٹنڈیل نام فوج کي کمان پر آئے * دشمن زیتک گڑهي نام ایک دوسرے قلعہ میں جا ٹهہرے تهے * همکو وهیں کوچ کرنے کا حکم ملا * یہاں بهي گوروں نے شیروں کي طرح حملہ کیا اور دیووں کي طرح لڑے * لیکن همکو بہت نُقصان اُٹهاکر پیچهے هٹنا پڑا * میرے ماموں کے گُهٹنے میں ایک گولي سے زخم هوگیا تها جس سے وہ بہت دُکهہ اُٹها رهے تهے * ' هسپتال ' کے ڈیرے میں اُنکي خدمت کرنے کي اجازت مجهے ملي تهي * مسلمان سپاهیوں نے کہا کہ " یہ لڑائي منحوس هے - کامیابي هرگز نہ هوگي " - لیکن میرے ماموں کہتے تهے کہ " صاحب اور گورے لوگوں کا یہ قاعدہ هے کہ پہلے شکست کے بعد زیادہ همّت کے ساتهہ لڑتے هیں " *

۴۲ — دوسرے دن خبر آئي کہ سرکار کي فوج جو گهورکهپور اور بیتیا کي راہ سے چکّر لگاکر گئي تهي نیپالیوں کے هاتهہ سے بالکل تباہ هوگئي هے * صاحب لوگ بہت فکرمند نظر آنے لگے * جنرل

---

1 *Palṭan kī palṭan*, "the whole regiment."

2 *Shāqq*, adj., "distressing." *Shaqq*, m., "a fissure" and *shaqq honā*, "to be split."

صاحب نے هملوگوں کو سمجھایا کہ " ایک دو کمپنیاں برباد هوئي هیں - پوري فوج نہیں " - تاهم اکثر لوگ پہلي خبر کو سچ سمجھتے تھے * ایک میرے ماموں هي [1] جنرل صاحب کي بات کا یقین کرتے تھے * اب فوج کي بري حالت هو گئي تھي اور وہ لڑنے کے لائق نہ رهي تھي * اکثر زخمي سپاهي جنگلي بخار میں مرے * همارے پانسو اسّي آدمي نکمّے هو گئے * لوگ سمجھنے لگے کہ کمپني کا اقبال اب پیٹھہ دکھلا رها هے - اس عام خیال سے فائدہ اٹھاکر بعض نواب اور راجا فوجیں جمع کرنے لگے * هماري فوج دم لینے کے لیئے دهرہ کو پیچھے هٹي * دشمن نے همکو تکلیف ندي - وہ پہاڑي لوگ تھے اور کھلے میدان میں آتے هوئے ڈرتے تھے [2] *

۴۳ — کئي هفتے بعد خبر پہنچي کہ اکٹر لوني صاحب نے امر سنگھہ تپّا کو اسکے ملک میں جانے کي اجازت دیدي [3] کیونکہ وہ بہادر آدمي تھا * انگریز لوگ بہادروں کي قدر کرتے هیں اور انکو قتل نہیں کرتے * یہ عجیب بات هے کیونکہ بہادر دشمن هي کا تو زیادہ ڈر هے * جیسا لوگوں کا خیال تھا امرسنگھہ تپّا کے چھوڑ دیئے جانے سے دو تین مهینے [4] کے اندر هي اندر پھر جنگ چھڑ گئي [5] *

---

1 ***Hī***, "alone, only."

2 *Āte hūʾe ḍarte the*, "were afraid to come"; note this idiom with *ḍarnā, ghabrānā, sharmānā, khauf khānā, pas o pesh karnā.*

3 *De-denā; denā* may mean "to hand over" but *de-denā*, "to give away."

4 — *ke andar hī andar*, "in less even than."

5 *Jang-chhiṛ-gaʾī*, "war broke out"; *chhiṛnā*, lit. "to be teased", met. "to be stirred up": *purānā qiṣṣa chheṛnā*, "to revive an old story."

انگریزوں کا مزاج خدا جانے کس ڈھنگ کا ھے کہ کبھی میری سمجھہ میں پوری طرح نہیں آیا * میں نے اُنہیں اپنے دشمنوں کو جو لڑائی میں زخمی ھوئے ھیں چھوڑ دیتے دیکھا ھے * ایکبار دیکھا کہ ایک افسر نے ایک زخمی آدمی کی جان بخشش دی [1] اور پھر اُسی آدمی نے افسر کی پیٹھہ پر گولی چلائی * یہ بھی ایک دفعہ دیکھا کہ ایک صاحب نے ایک زخمی افغان کو چھوڑ دیا اور جب وہ اُسکو پانی پلانے کے لیئے نزدیک گئے تو اُس افغان نے اُنکے پاؤں پر ایسی تلوار ماری کہ عمر بھر کے لیئے اُنکو لنگڑا کردیا * مرتے مرتے [2] بھی سانپ دو چار کو لے مرتا [3] ھے * اگر دشمن اِس قابل نہیں کہ اُسکو قتل کیا جائے [4] تو اِس قابل بھی نہیں ھے کہ اُس سے لڑائی کی جائے *

چوتھا باب

۴۴ — ھماری پلٹن کو جنرل اکثر اونی صاحب کی فوج سے جا ملنے کے لیئے ڈبل مارچ کرکے چلنے کا حکم ھوا * ایک رات ھم پیٹھن نام ایک مقام کے نزدیک ٹھہرے ھوئے تھے کہ یکایک 'بگل' بجا * کمپو میں ھل چل پڑگئی * پہلے اِسکا مطلب کوئی نہیں سمجھا * واقعہ یہ تھا کہ جنگلی ھاتھیوں کا ایک غول آکر ھمارے

---

[1] *Jān-bakhshnā* or *jān-bakhshī karnā*.
[2] *Marte marte*, "by the time it dies."
[3] *Le-marnā = le-kar marnā*, "to carry with to one's own death."
[4] For this modern construction (the accusative as a subject of passive verb) *vide* "Hind. Man.," L. 47 (c).

ہاتھیوں پر ٹوٹ پڑا تھا [1] * ہمارے ہاتھي چھوٹ گئے اور مست ہوکر اِدھر اُدھر دوڑ نے لگے * ایک گورا اور کسي صاحب کے دو نوکر اُنکے پاؤں تلے دب مرے * گورے لوگ ہاتھیوں پر فیر کرنا چاہتے تھے لیکن جنگلي ہاتھیوں اور کمیسریٹ کے ہاتھیوں میں تمیز کرنا مُمکِن نہ تھا * افسروں نے گوروں کو بمشکل روکا * اگر گورے 'فیر' کرتے تو خدا جانے [2] کتنا نقصان ہمیں اُٹھانا پڑتا - رات اندھیري تھي اسلیئے گولیوں سے ضرور ہمارے سپاهي بہت سے مرتے * تھوڑي دیر کے بعد جنگلي ہاتھي چلدیئے [3] - اُسوقت کچھہ امن چین ہوا * مہاوتوں نے دو ہاتھیوں کو غائب پایا جنکا پھر کہیں پتا نہ لگا - باقي سب پھر ملگئے * میں اُس رات سنتري کے کام پر تھا - وہ رات مجھے کبھي نہ بھولیگي - اُس سے پہلے میں کبھي اتنا خوف زدہ نہ ہوا تھا * ہردم یہي ڈر تھا کہ " اب مجھے ہاتھي روندنے آتے ہیں " لیکن اِسپر بھي میں اپنے پہرے کو چھوڑنے کي جرأت نکر سکتا تھا * میرے ماموں نے بھي خوف کھانے کا اِقرار کیا * اُنکا زخم اب تک اچّھا نہوا تھا اِسلیئے وہ دوڑ نے بھاگنے کے کام کے نہ تھے * ایک تنبو کي رسیاں کسي ہاتھي کے پاؤں سے اُلجھہ گئیں - تنبو اُکھڑ گیا اور کسي سپاهي کو اُس میں سے بھاگ نکلنے کا موقع نہ ملا - لوگ اُسمیں پھنسکر اسطرح کھنچے جا رہے تھے جیسے مچھلیاں جال میں * قناتوں کے ہونے سے اُن سپاہیوں کو کچھہ

---

[1] *Ṭūṭ parnā*, "to break upon suddenly, to attack."

[2] *Khudā jāne*; note Aorist in this idiom. But *Khudā jāntā hai ki*— "God knows—," is a solemn affirmation.

[3] *Chal-denā* "to go off in haste."

صدمه نه پہنچا - لیکن سب ایسے ڈرے ہوئے تھے که خدا کي پناہ ! دوسرے دن جب معلوم ہوا که کس صورت سے اُن کا تنبو اُکھڑا تھا توسب سپاهي اُن پر خوب هنسے اور ٹھٹھے اُڑانے لگے * وہ گورا جو رُند گیا تھا اُسکي لاش کو میں نے دیکھا - سینه چُور هو گیا تھا - چہرہ سیاہ تھا - اور آنکھیں نکلي پڑتي تھیں * عجب دردانگیز عالم تھا *

۶۵ — جہاں دشمن مقیم تھے وهاں همارا ' کالم ' دوسري فوج سے چڑیا گھاٹ کے نزدیک جا ملا * پھر کو همنے ماڈهن پورا کي طرف کوچ کیا * دو لڑائیاں هوئیں اور دونوں میں نیپالیوں کو سخت شکست هوئي - اور سرکاري فوج نے دهاوا کرکے بیچکور کا گاؤں لے لیا * نیپالي سمجھتے تھے که " اب کھٹمنڈو بهي انگریز لے لینگے کیونکه اُنکي فوج یہاں سے پندرہ هي کوس پر تو هے " * اُنہوں نے دهاونیوں [1] (قاصدوں) کو سفید جھنڈي دیکر بھیجا * اِسپر صُلح کا اِعلان کیا گیا * شرطیں اُس صُلح نامه کي بہت سخت تھیں * کمپني بہادر نے بہت سے صوبے بطور ضمانت نیپال سے لے لیئے * بعض چھوٹے چھوٹے مقام جنکو نیپال والے رکھنا چاهتے تھے اُنکو واپس دیدیئے * یه لڑائي صرف چند هفتے قائم رهي *

۶۶ — سرکار نے راجه پرتاب سنگھه کو وہ زمین دلوادي جسکو نیپالیوں نے چھین لیا تھا * جب تک همارے سپاهي راجه کے مُختلف قلعوں میں رهے راجه حاکم رها - لیکن اُنکے پیٹھه پھیرتے

1 *Dhā̆onī*, Hindi, a " runner or messenger " : this word was used by Sita Ram in the original.

هي راجه نکال دیا گیا - بیچارہ جان بچاکر بتیا کو بھاگا * جہاں تک مجھکو معلوم هے سرکار نے اُسکي پھر تائید [1] نکي * بعض کہتے هیں که اور مدد نکرنے کا سبب یه تھا که اُسنے ایک پلٹن سرکار کے لیئے قائم کرنے کا وعدہ کیا تھا مگر وعدہ پورا نکیا *

۴۷ — اِسکے بعد هماري پلٹن کو متھرا واپس جانے کا حکم ملا * یہاں تھوڑے هي دنوں رهنا هوا تھا [2] که پھر گورنر جنرل هیسٹنگس صاحب بہادر کي بڑي فوج کے ساتھه جا ملنے کا حکم هوا * یه فوج پنڈاریوں کا زور توڑ نے کے لیئے مختلف مقاموں میں جمع هو رهي تھي * پنڈاري لوگ گھوڑ سوار ڈاکو تھے * جہاں تک ممکن هوتا وہ کھلے میدانوں میں لڑنے سے بچتے * وہ دکن اور اور صوبجات میں اِدھر اُدھر پھرتے رهتے اور بے پناہ شہروں کو لوٹا کرتے تھے * مہاجنوں سے بہت روپے وصول کرتے - اور جن عورتوں کو حسن میں یگانه پاتے اُنہیں لیجاتے تھے - اور بچے هوں [3] یا بوڑھے مرد هوں یا عورت اُنکے هاتھه پاؤں کاٹکر اُنکو نکما بنا دیتے تھے * کوئي جگہه اُن سے محفوظ نه تھي اور هر شخص کي جان خطرے میں تھي * آج یه گاؤں لوٹ لیا [4] - کل یہاں سے چالیس کوس پر ایک شہر اُجاڑ دیا [4] - کبھي کوئي هزار سوار کسي شہر پر آپڑے [4] اور کچھه روپے وصول کر لئے [4] - بعض اوقات اِسي

---

1 *Tāʿīd*, f., "backing up."

2 *Rahnā huʾā thā ki—*: *rahnā* is here a noun = *qiyām*, m.: *huʾā thā*, Pluperfect, because the action is anterior to the Preterite *ḥukm huʾā*.

3 *Hoṅ*; note this Aorist for the English Past "were."

4 Note the Preterite Tense, not for the Imperfect but for the Habitual Present; *vide* "Hindustani Stumbling Blocks," p. 58, 9.

طرح دو دو لاکھ لیگئے * اگر ڈنڈ بغیر کسی دقت کے وصول ہوتا تھا تو اُس سے ڈاکو یہ تاڑ جاتے تھے کہ بیشک" اِس شہر میں اکثر لوگ دولتمند ہیں اور ضرور اُنکے پاس بہت کچھہ اور بھي نقد موجود ہوگا" تب وہ وہاں سے گھوڑے دوڑا کر کوئي بیس میل پر جاکر مقام کرتے تھے اور جب رات ہوتي تو پھر اُسي شہر پر دو بارہ دھاوا کرتے اور جو کچھہ اُنکے ہاتھہ لگتا اور گھوڑوں پر لیجانے کے قابل ہوتا اُس کو لوٹکر چلدیتے - اور جو کوئي مرد عورت یا بچّہ ذرا بھي چون و چرا [1] کرتا اُسکو یہ کب جیتا چھوڑنے والے تھے؟ اکثر وہ گاؤں کے سردار یا کسي دولتمند آدمي کو پکڑ لیجاتے اور بہت سا روپیہ بطور فدیہ کے طلب کرتے * ایک بہت بڑي رقم مانگي جاتي تھي - کبھي اُس آدمي کا کان یا اُنگلي یا ہاتھہ کاٹکر اُسکے رشتہ داروں کو بھیج دیتے اور یوں اُنکے دلوں میں خوف ڈالتے - اور نیز یہ کہکر ڈراتے تھے کہ "اگر فدیہ کے روپے جلد ندوگے تو اُسکا سر بھي اُتار کر تمہیں تحفہ [2] بھیجا جائیگا" *

۶۸ — اُندنوں ہندوستان میں اُن بے رحم خونیوں نے سب کا ناک میں دم کر رکھا تھا - اُس زمانے کي ہولناکي بیان سے باہر ہے - رام رام سیتا رام! پھر اُن ظالموں کا منہہ ندیکھنا پڑے! پنڈاریوں یا اُنکے سردار چیتو کا نام ھي آفت تھا - سوداگر سنکر کانپ اُٹھتے [3] -

---

[1] *Chūn*, Pers., "how"; *chirā*, Pers., "why"; *chūn o chirā karnā* "to query an action"; hence "to offer slight objection or resistance."

[2] *Tuḥfa*, m., "a rarity," and also 'a small thing as a present to a friend' (not to big people); here of course sarcastically.

[3] *Kāṅp-uṭhnā*, "to fall to trembling"; *uṭhnā*, with idea of suddenness.

جوان عورتیں رو رو [1] دیتي تهیں - کسیکو اطمینان نصیب نہ تها * قسم قسم کے لوگ اُن ڈاکوؤں کي جماعت میں تهے * شریف خاندانوں کے جوان بهي جنکے پاس پیسے نہ تهے اُنکے شریک هوا کرتے تهے - لیکن زیادہ تر دکن کے لوگ شامل تهے * یہ ڈاکو همیشہ بڑے بڑے راجاؤں اور نوابوں کو رشوت دیکر راضي رکهتے تهے بلکہ بعضوں کو لوٹ کا حصّہ بهي دیتے حتّی کہ اُسوقت بهي جبکہ یہ مال اُنهیں کي ریاست سے لوٹا جاتا تها * جب یہ ڈاکو هر طرف سے تنگ آتے تهے تو همیشہ کسي نہ کسي ریاست میں جو اُنکے ساتهہ دوستانہ برتاو رکهتي تهي پناہ لے سکتے تهے *

۶۹ — اب میں اپنے کو ایک جنگ آزمودہ سپاهي سمجهنے لگا تها - هار جیت دونوں هي میں شریک رہ چکا تها * صاحبوں اور گوروں کے ساتهہ لڑائیوں میں رهکر میں نے یہ راے قائم کي هے کہ انگریزوں کے مغلوب نہ هونے کا سبب یہ هے کہ وہ شکست پر همّت نہیں هارتے * میں نے دیکها هے کہ چار چار بار ایک یوروپین رجمنٹ کو بہت قتل و خون کے ساتهہ پیچهے هٹنا پڑا لیکن اُسکا پانچواں حملہ بهي پہلے حملہ کي طرح سخت تها * عجیب بات یہ هے کہ جب گوروں کا سردار مارا بهي جاتا هے تو یہ گهبرا کر بهاگ نہیں [2] جاتے کیونکہ دوسرا کوئي افسر فوراً اُسکي جگہہ پر چلا آتا هے اور گورے اُسي سے سابق طور پر حکم لیتے هیں * هندوستاني بادشاهوں

---

[1] *Ro-denā*, = "so much as, so far as, to weep." *Ro-ro-denā*, with a plural subject emphasizes the plurality, but with a singular subject it signifies at various times, as: *Maiṅ wuh dard-nāk fasāna sun-kar ro-ro diyā*, "I wept at the sad tale."

[2] "Stumbling Blocks," p. 64 (3).

اور نوابوں کي فوج کا سردار جب مارا جاتا هے تو فوج کي فوج[1]
گهبرا اُٹهتي[2] اور اکثر بهاگ کهڑي هوتي هے - لوگ نئے سردار کي
اطاعت نهيں کرتے * سبب اِس فرق کا يه هے که نواب اور راجا[3]
جو[4] لڑتے هيں تو اپنے هي فائدے کے ليئے لڑتے هيں اور جو کچهه
مال هاتهه لگتا هے اُس سے اپنا توشه خانه بهرتے هيں اور اپنے
چاهيتوں پر صَرف کرتے هيں - اپني رعايا کا کچهه خيال کبهي
نهيں کرتے * نتيجه يه هوتا هے[5] که اُنکے لوگ لڑنا نهيں چاهتے اور
اگر لڑتے هيں تو بس اسي غرض سے که کچهه لُوٹ هاتهه لگے
يا رياست ميں اُنکو ترقّي حاصل هو * دوسرا سبب يه هے که بهت
کم نواب يا راجا اپنے سپاهيوں کي تنخواه ماه بماه ديا کرتے هيں
اور جو فوج لُوٹ سے اپنا پيٹ بهرتي هو وه قواعد کي پابندي کب
کرسکتي هے[6] مانا که اُسکا هر هر آدمي بهادر هے ؟ کوئي سپاهي مارا
جاتا هے تو يه واليانِ مُلک اُسکے جورو بچّوں کو ' پنشن ' بهي نهيں
ديتے - اور اگر کوئي زخمي هوکر نکمّا هو گيا[7] تو اُسکو پوچهتے
تک[8] نهيں * سرکار انگريزي کے افسر جو لڑتے هيں تو فقط لوٹ
اُنکا مقصد نهيں هوتا - علاوه فوج کے قانون ايسے سخت هيں که زياده

---

1 *Fauj kī fauj*, "the whole army."
2 *Uṭhnā* with the idea of suddenness.
3 *Rājā*; not inflected in plural; *vide* "Platt's Grammar," pp. 33-4.
4 *Jo*, Hindi, "if, when, and who."
5 *Hotā hai*, and not *hai*; *vide* "Hind. Man.," L. 2 (*a*).
6 "How can it ever be disciplined?"
7 *Ho-gayā*, note Preterite Tense, for Aorist or Future.
8 *To usko pūchhte tak nahīn*, "they don't even go as far as to ask after him": *tak*, not a post-position, *vide* "Hind. Man.," Lesson 60 (*b*).

لُوٹ مُمکن بھي نہيں ہے - وہ اپني اپني تنخواہيں ماہ بماہ پاتے ہيں اور اُن کے ملنے کا اُنکو يقين رہتا ہے * يہ بھي وہ جانتے ہيں کہ " اگر زخمي ہونا ہماري قسمت ميں لکھا ہے تو خير - ہماري خبر گيري تو سرکار کي طرف سے ہوتي رہيگي اور شايد اِنعام بھي مل جائے " *

۵۰ — گورے جو اِسطرح جي توڑ کر لڑتے ہيں مجھکو اُسکا سبب کچھہ نہيں کھُلتا - شايد شراب کے ملنے کي اُميد ہو * وہ ايک لوٹا دارو کے لالچ سے دس لڑائياں پے درپے لڑے جائينگے [1] - طلب تو اُنکي کچھہ بھي نہيں ہے - اُسکے خيال سے وہ کيا لڑينگے ؟ ہاں - لُوٹ کا شوق اُنکو بھي ہے ليکن پھر بھي کئي دفعہ ميں نے ديکھا ہے کہ ٹوپي بھر روپيہ ايک ہي ' بوتل ' ' برانڈي ' کے ليئے اُنہوں نے ديدے ديا [2] ہے * ميں نے سنا ہے کہ ولايتي ڈاکٹر گوروں کي شراب ميں ايک قسم کا عرق ڈالتے ہيں اور اِس بات کا خيال رکھتے ہيں کہ " کہيں [3] زيادہ نہ پڑ جائے ورنہ اُنکي بيباکي يہاں تک پہنچيگي کہ جوش ميں آکر سب کے سب [4] لڑائي ميں جان کھو بيٹھينگے [5] " * بندہ يہ جانتا ہے کہ گوروں کي 'رم' ميں پاني بھي ملايا جاتا ہے گو اُن کو اِسکي خبر نہيں ہوتي * اگر ميں نے کبھي اُنکو

[1] *Das laṛāʼiyāṅ laṛe-jāʼeṅge*, "would continue fighting"; *vide* "Stumbling-Blocks," p. 83 (4). Note cognate accusative after an intransitive verb; *vide* "Stumbling-Blocks," p. 66 (*a*), and "Hind Man.," L. 61 (c) (2).

[2] *De-de diyā hai*; *de-de*—denotes repetition, *i.e.*, at various times; *diyā* is here the servile verb denoting completion.

[3] *Kahīṅ*, "lest." Direct narration.

[4] *Sab ke sab*, "one and all."

[5] *Jān kho-baiṭhnā*, "lose their lives roughly, without forethought"; *vide* "Hind. Man.," L. 23 (*a*).

همّت هار کر بیدلي سے لڑتے دیکھا ھے تو اُسکا سبب ضرور یہ تھا کہ اُنکو اُنکي معمولي مِقدار شراب کي نہیں ملي تھي* سِکھہ سپاھي جو انگریزي شراب پیتے ھیں ، یہ کہتے ھیں کہ " جب 'کمیسیریٹ رم ' کا 'ریشن ' ملا تو پھر ھم کو کسکا ڈر ؟ لیکن دیسي شراب ھمارا کلیجا جلا دیتي ھے - وہ ھم کو بہادر نہیں بلکہ پاگل بنا دیتي ھے " * مجھکو یقین ھے کہ اِسمیں کچھہ نہ کچھہ اَمرِت[1] ملا ھوتا ھے کیونکہ میں نے خود دیکھا ھے کہ لوگ زخموں سے چُور ، موت کے مُنھہ میں ، تھوڑي سي شراب پاکر دوبارہ زندہ ھوگئے ھیں * جو کچھہ ھو مجھے یقین ھے کہ اِسمیں کوئي نہ کوئي[2] عجیب بات ھے - کیونکہ میں خوب جانتا ھوں کہ گورے لوگ اُسکي پرستش کرتے ھیں . اُسکے حاصل کرنے کے لیئے جان دیتے ھیں اور پاکر اُسي کے سبب سے جان کھوتے ھیں * میں نے ڈاکٹر صاحبوں سے اِسکي کیفیت پوچھي * اُنھوں نے جواب میں کہا کہ " ھماري زبان میں اِسکو آگ کا پاني اور آبِ حیات کہتے ھیں " *

۵۱ — میري پلٹن کو بڑے لاٹ صاحب (یعني مارکوئیس آف ھیسٹینگس) کے 'ھیڈ کوارٹر ' میں ' جائین ' ھونے کا حکم ملا اور ھم کوچ در کوچ[3] چلکر بندیلکھنڈ[4] پہنچے * وھاں بہت بڑي فوج جمع ھوئي تھي - قریب قریب ایک لاکھہ

---

1 *Amrit*, the nectar conferring immortality; the milky drink of the gods.

2 *Ko*ʾ*i na ko*ʾ*i bāt*, "something or other."

3 *Kūch dar kūch chalnā*, "to make forced marches, *i.e.*, without halts."

4 *Bandelkhand* [*meṅ*] *pahuṅche*; note omission of *meṅ* and *vide* "Hind. Man.." L. 12 (*i*).

گورے اور سپاهي موجود تھے * یہاں سپاهیوں کا کام بہت مُشکل تھا کیونکہ اُنکو ایسے مُلک میں کوچ کرکے جانا آنا پڑتا تھا جہاں راستے خراب تھے * آج خبر آئي کہ کچھہ پنڈاري یہاں هیں - کل سُنا کہ وهاں هیں * همارے چھوٹے چھوٹے دستے بھیجے جاتے تھے کہ جاکر اُنکا مُقابلہ کریں لیکن دشمن بہت کم دکھائي[1] دیتے تھے * اس فوج کي چالیں شطرنج کي سي هوتي تھیں *

۵۲ — ایک دن اِتّفاق سے هم ایک بڑي جماعت سے دو چار[2] هو گئے جو اُسي وقت گھوڑوں سے اُتري تھي * نہ اُنکو همارے آنے کي خبر تھي نہ هم جانتے تھے کہ وہ نزدیک هیں * قریب سے هم نے اُنپر کئي ' والیاں ' چلائیں لیکن اُنھوں نے جھٹ سوار هوکر گھوڑوں کو سرپٹ دوڑایا اور ایسے نالوں وغیرہ سے هو کر بھاگے کہ جہاں پیدل سپاهي بھي نہ چل سکتے تھے * کوئي تیس چالیس آدمي اُنکے زخمي هوئے اور کئي گھوڑے پکڑ لئے گئے *

۵۳ — میري کمپني نے بعض پنڈاریوں کا جو پیدل تھے پیچھا کیا * میں ایک پنڈاري کے پیچھے دوڑ رہا تھا کہ میرا پاؤں کسي جھاڑي

[1] *Dushman bahut kam dikhā*ᵉ*ī dete the.* Note the ambiguity; *bahut kam* may mean either "very seldom" or "very few": here the previous meaning is intended. Better here *shāyad hī kabhī dikhā*ᵉ*ī dete the*, or *kam aisā hotā thā ki dushman dikhā*ᵉ*ī deṅ.*

[2] *Do chār honā*, "to encounter unexpectedly."

میں اٹک گیا اور میں اوندھا [1] ایک کھڈ میں جاگرا اور بیہوش ہوگیا *
جب ہوش آیا کیا دیکھتا ہوں کہ ایک شخص جو مجھہ سے بارہ
گز دور بھی نہوگا ایک توڑیدار [2] بندوق سے مجھپر نشانہ کر رہا ہے *
میں نے بھی اپنی بندوق لیکر اُسکی طرف شست باندھی مگر توبہ !
چقماق بندوق سے الگ ہو گئی تھی - گولی نہ چلی * وہ پنڈاری
چکّر لگاکر میرے سر کے اوپر آگیا اور مجھپر گولی چلائی * گولی
میری پیٹھہ میں بائیں کندھے کی طرف گھس گئی * میں اُس
کھڈ میں لُڑھک کر [3] اور بھی نیچے چلا گیا * اُسی حالت میں پڑا رہا
یہاں تک کہ اندھیرا چھا گیا * جب میں ہوش میں آیا مجھے
غضب [4] کی پیاس لگی تھی * میں نے اپنے کو لہو لہان پایا - نہ
فقط زخم ہی سے بلکہ اُن کانٹوں کے سبب سے بھی جنسے میرا جسم
چھل گیا تھا * چہرے اور ہاتھوں میں سخت خراشیں پڑگئی تھیں -
میں ہاتھہ پاؤں ہلا نہ سکتا تھا - پو پھٹنے تک میرے بدن میں بلا [5] کا
درد رہا * پھر میں جوں توں کرکے [6] اوپر کی طرف گھٹنوں کے بل
چلنے لگا لیکن اس کوشش سے میں یہاں تک تھک گیا اور
بیدم ہوگیا کہ پھر پیچھے کو گر پڑا * زخم سے دو بارہ خون جاری

---

[1] *Auṅdhā*, adj., "on the face" (but not necessarily at full length); but *auṅdhā paṛā*= "lying at full length on the face."

Muṅh ke bal= "*falling;* on the face": *bal* always gives the idea of movement.

[2] *Toṛedār bandūq*, "matchlock": *toṛā*, "match of a gun."

[3] What is the difference between *luṛhaknā* and *loṭnā* ?

[4] *G͟hazab kī pyās*, "a dreadful thirst"; *g͟hazab*, m., *lit.*, 'wrath."

[5] *Balā kā dard*=*g͟hazab kā dard*, *vide* above. *Balā*, f., "a (public) calamity." "Hind. Man.," pp. 54 and 69.

[6] *Jūṅ tūṅ karke*, "somehow or other."

ھوگیا مگر اُس خون کے بہنے سے میں چنداں کمزور نہوا * پھر
تھوڑي دور گھسٹ کر گیا لیکن پیاس کي شِدّت کو کیا کہوں - دم
نکلا جاتا تھا *

٤٥ — میں جینے سے نا اُمید ھو چکا تھا کہ کانوں میں بیل کي
گھنٹي کي سي آواز آئي * اُس اُجڑي جگہہ میں آبادي کي
علامت جو [1] پائي تو جان میں جان آئي [2] - دوبارہ زندگي ھوئي *
گھسٹتے گھسٹتے [3] ایک گھنٹے کے عرصے میں بھینسوں کے ایک گلّے تک
پہنچا جسکو ایک لڑکا اور ایک لڑکي چرا رھے تھے * مجھے دیکھتے ھي
یہ دونوں جھاڑ جنگل میں غائب ھوگئے - میں اُنہیں خدا [4] کا واسطہ
دیتا ھي [5] رھگیا کہ " مجھے ذرا پاني پلاتے جانا [6] " * ایک گھنٹے بعد
وہ لڑکي پھر نکلي اور جب دیکھا کہ " یہ چلنے کے قابل نہیں ھے " تو
میرے اور نزدیک آئي * نہ میں اُسکي بولي سمجھہ سکتا تھا نہ
وہ میري * میں اُس سے کچھہ بولا [7] مگر جواب میں اُسنے فقط
" ھاں ھاں " کہا [8] * میں نے اِشاروں سے لاکھہ [9] بتایا کہ میں ذرا

---

1 *Ki* "that, when." *Jo*, "when."

2 *Jān meṅ jān āʾī*, ' I got new life."

3 *Ghisaṭṭe ghisaṭṭe*, intr. "dragging myself along slowly and with difficulty."

4 *Khudā* is used by Hindus as well as Muslims.

5 *Detā hī rah-gayā*, "I kept on" (adjuring); *rah-gayā* gives the idea of unsuccessfully.

6 *Pānī pilāte-jānā*, "first give me water and then go"; pl. Infinitive for Imperative; polite.

7 *Main us se kuchh bolā*, "I said something to her":—*ko* is used in giving orders to. *Vide* "Hind. Man." L. 26 (*c*).

8 *Hāṅ hāṅ kahā:* articulate speech. *vide* "Hind. Man.," L. 11 (*a*).

9 *Main ne lākh batāya—magar:* 'however much I explained to them—still," or "I explained *very* much, still—." "Hind. Man.," p. 184.

پاني مانگتا هوں مگر وہ کب سمجھتي تهي ؟ آخر کو کچھہ کچھہ اُسے ميرے مطلب کا پتا چلا [1] - اُسنے ايک درخت کو دکھايا - ميں اُس درخت تک گھٹنوں چلکر پہنچا * وهاں ايک چھوٹا سا کچّا کنواں تها جس سے مويشي کو پاني پلاتے تهے * اُس نے اِس کوئيں سے پاني بهر کر [2] تهوڑا سا مجھکو پلايا * يہ پاني گرم تها اور دوا کي طرح کڑوا - مگر جو کچھہ هو اُس سے گويا ميري دوبارہ زندگي هوئي * جهاں تک هوسکا ميں نے اپنا زخم بهي دهويا * لڑکي سے بات چيت کرني بے فائدہ تهي کيونکہ نہ وہ ميري بولي سمجھتي تهي نہ ميں اُسکي * اِشاروں سے کام ليـنے کي کوشش کرنے لگا تو وہ ڈر کر جنگل ميں بهاگ گئي *

۵۵ — تمام دن ميں اُسي کوئيں کے پاس پڑا رها * شـام کو چار آدمي پہنچے جو معلوم هوتا تها کہ اُسي لڑکي کے بهيجے هوئے هيں * وہ بہت ڈر ڈر کر اور داهنے بائيں ديکھتے هوئے [3] قدم دهرتے تهے * بہت کچھہ بک بک کرنے کے بعد وہ مجھے اپنے گاؤں ميں لے گئے * يہاں فقط چند جهونپڑياں تهيں جو درخت کي شاخوں سے بنائي گئي [4] اور بڑے بڑے پتوں سے چهائي گئي تهيں * يہ تو کيونکر کہوں کہ وہ ميرے ساتهہ بدسلوکي سے پيش آئے ليکن ميں ڈيڑ

---

1 *Kuchh kuchh, use mere matlab kā patā chalā*, "she got an inkling of my meaning."

2 *Pānī bharnā* "to draw water for domestic purposes".

3 *Dāhine bā'eṅ dekhte hu'e*, "looking to the right and left continually, *i.e.*, exercising continual caution." If only once, *dekhkar* would be used.

4 *Thīṅ* from the end of the sentence, understood, otherwise *banā'ī ga'īṅ*.

ذاتوں کا کھانا کس طرح کھا سکتا تھا ؟ مجھے معلوم ھوا کہ اُنکا پیشہ لوھار کا تھا * جوں توں کرکے میں نے اُن سے راستہ دریافت کیا اور اُنہوں نے بتایا * میں نے پوچھا کہ " سرکار کي فوج کہاں ھے ؟" اُنکے جواب سے جہاں تک سمجھا یہ ظاھر ھوتا تھا کہ " بہت دور چلي گئي ھے " - مگر کسطرف یہ معلوم نہ ھوا * دو دن تک میں اُن لوگوں کے ساتھہ رھا * کھانے کو میں نے سوکھي چپاتیاں (جو میري جھولي میں تھیں) کھائیں - دُودھہ خود دُوھکر پیا *

٥٦ — تیسرے دن وہ مجھے ایک پگڈنڈي پر لے گئے اور ایک بڑے درخت کو دکھایا جو کئي کوس پر تھا - اور راستے کي دونوں طرف اِشارہ کرکے ایسي حرکت کي جیسے کوئي تیر چلاتا ھو - اِس سے میں سمجھا کہ میري جان کا ڈر ھے * میں نے سفید پتّھر کا ایک پتلا سا ٹُکڑا پڑا پایا جس سے چقماق کي طرح چنگاریاں نکالي جا سکتي تھیں اور اُسکو بندوق میں لگایا - مگر میں ایسا کمزور ھوگیا تھا کہ بندوق چلانے کي مجھہ میں طاقت نہ تھي - اسلئے گو میرے پاس ھتھیار موجود تھے میں اپني حفاظت نکر سکتا تھا * میں اُس آدمي کو ایک روپیہ دینے لگا [1] لیکن اُس نے سر ھلایا [2] کہ "نہیں" اور اپنے پیٹ کي طرف اشارہ کیا - اِس سے اور اُسکے اور اِشاروں سے میں سمجھا کہ

---

[1] *Dene lagā*, "offered." *Vide* "Hind. Man.," L. 22 *(a)* Note.

[2] *Sir hilāyā*; assent and dissent are usually expressed by nodding and shaking the head as in England. In Haiderabad, Deccan, however nodding the head signifies "no," which in Persia is expressed by throwing the head backwards and perhaps closing the eyes. In the Punjab a cluck with the tongue signifies dissent, but in Behar and Oudh="what do I care?" This clucking noise is called *tikh* *(karnā)*; uttered twice it is "gee up," to a horse.

سرکاري روپيه وهاں نهيں چلتا * پيچھے مجھے معلوم هوا که يه لوگ
سرکاري روپيه اپنے پاس رکھنے سے ڈرتے تھے کيونکه اُن دنوں اگر پنڈاريوں
کو اِس کي خبر هو جاتي تو وہ اُن کو ايسي سزا ديتے جو اوروں کے
لئے عبرت کا باعث هوتي * اُن پنڈاريوں کا اِنتقام ايسا غضب ناک
هوتا تھا که دور دور جنگلوں کے رهنے والے لوگ بھي وہ کام نه کرتے
جس سے اُن کا غصّہ بھڑک اُٹھتا [1] *

۵۷ — راستے پر اُن آدميوں نے مجھے چھوڑديا * ميں اُس بڑے
درخت کي طرف اپني بندوق کے سهارے [2] گرتا پڑتا [3] چلا * سينے ميں
سخت درد تھا اِسلئے آهسته آهسته هي چل سکتا تھا * کھانسي کا جو
ايک بار زور هوا تو خون کے ڈلے منهه سے نکل آئے - ميں اِتنا ڈر گيا
که جان سے هاتهه دهو بيٹھا [4] * شام کے قريب ميں درخت کے
نزديک پهنچا * اُس کے نيچے ايک بڑي قبر [5] تھي اور ايک
بيراگي خدمت پر تھا * جب اُس نے ميري هي زبان ميں مجهه
سے گفتگو کي تو ميري باچھيں کِھل گئيں [7] گو وہ گفتگو يهي تھي که
" تم يهاں سے چلے جاؤ مجھے دق [6] نکرو " * ميں اُس کے پاس ليٹ

---

1 *Ghuṣṣa bharak uṭhnā* "to flare up in anger": *uṭhnā* gives an idea of suddenness. The Aor. *uṭhe* could be substituted here.

2 *Bandūq ke sahāre* (*se*) "by the support of my rifle—."

3 *Girtā parṭā* "halting and limping; lamely."

4 *Jān se hāth dho-baiṭhā* "I *completely* gave up hopes of life"; *vide* "Hind. Man.," L 23 (*a*).

5 *Qabr:* Sanyāsīs of the fourth stage are buried and not burnt.

6 *Diqq karnā* (not *denā*); *vide* "Hindustani Stumbling-Blocks," p. 28, XVII.

7 *Merī bāchheṅ khil-ga'īṅ* "I was overjoyed"; *bāchh*, f., is the corner of the mouth: in distress or thought the mouth is small, in pleasure it broadens. However *uskā muṅh ẓarā sā ho-gayā* expresses a fear or shame.

گیا اور اپنا دُکھڑا [1] سنانے لگا * اُس کا دل کچھہ کچھہ نرم ہو چلا [2] مگر اُس نے کہا کہ " اگر پنڈاري تجھے دیکھہ پائینگے یا اُن کو معلوم هو جائیگا که میں نے کسي سرکاري سپاهي کو مدد دي هے تو وہ مجھے اور تجھے دونوں هي کو نیزے سے چھید ڈالینگے " * اُس نے نیم کے پتوں کا لیپا تیار کرکے میرے زخم پر لگایا جس سے مجھے بہت آرام ملا * میرے برهمن هونے نے اُس پر بڑا اثر ڈالا * میري وردي [3] اور بندوق کو جنگل میں چھپا دیا اور میرے بدن پر مرتکا [4] مَل دیا * اُس کے آشرم سے راسته دور تک دونوں طرف دکھائي دیتا تھا اِسلئے جب کوئي آنے لگتا تو مجھے چھپنے کي فرصت ملجاتي [5] * سواے چند گائے بیل کے گلّوں اور گلّه بانوں کے پانچ دن تک کوئي اُدھر سے نه گذرا * اب میں کچھه کچھه چل پھر سکتا تھا لیکن گولي میري پیٹھه کے گوشت کے اندر رهگئي تھي - اِس سے زخم میں پیپ بھر آئي اور سخت درد هونے لگا *

۵۸ — چھٹے دن کچھه گرد و غبار [6] دور سے نظر آنے لگا * گائے بیل کے چلنے میں جیسي گرد اُڑتي هے اُس سے کہیں تیز یه گرد

---

1 *Dukhṛā*, m., "tale of woe."

2 *Kuchh kuchh narm ho-chalā; ho-chalnā* is "to just begin," or "to be going to begin"; *vide* "Hind. Man.," L. 40 (*b*) (2).

3 *Wardī*, "military uniform." *Bānā*, m., is any uniform.

4 *Mirtikā* is "ashes" and not "red ochre," which is *gerū*. Hindus make their red sect-mark with *sendūr*.

5 *Miljātī:* the *thā* of the Imperfect tense can be omitted for habitual but not for imperfect action. *Vide* "Stumbling-Blocks," XL, Supplement

6 *Gard o ghubār* "dust" : *gard*, f., Per., and *ghubār*, Ar. In Urdu *gard* is general but *ghubāṛ* is applied to flying dust; *gird* is a prep. "round."

اُڑتي چلي آرهي تهي * فقير نے مجهسے كہا كه " قبر كے اندر چهپ جاؤ " * قبر پر ايک پتّهر كا چوكا ڈهكا هوا اور اُس پر مرتكا چهڑكا هوا تها * ميں لڑهتا پڑتا [1] اندر گيا * چهوٹے چهوٹے سوراخ قبر كي بغل ميں تهے - اِس پر بهي ميرا دم گهٹنے لگا - ليكن ميري جان كا بچنا اِسي پر موقوف تها كه " ميں دم نه ماروں " [2] * دو چار منٹ ميں كوئي تيس سوار آگئے اور پاني مانگا * اُس كے بعد اُنهوں نے پوچها كه " آيا تم نے كسي فرنگي يا سپاهي كو يا همارے بهائي بندوں كو ديكها هے ؟ " بارے فقير كے جواب سے اُن كي تشفّي هوگئي *

۵۹ — اُتر كر وه اپنا كهانا پكانے لگے [3] - اور فقير سے گفتگو شروع [3] كي * كهنے لگے [3] كه " هم هر طرف سے گهر گئے هيں اور تيتروں كي طرح اِدهر سے اُدهر دوڑائے جا رهے هيں * كل سے آج تک هم چاليس كوس چلے هيں * همارا اِراده هے كه اپنے سردار كريم سے جا مليں جو گواليار كي رياست ميں پناه لينے كو جارها هے * همارے آدمي پہلے كي نسبت بهت كم هو گئے هيں * پہلے هم قريب دو لاكهه كے تهے - گهٹتے گهٹتے اب كئي هزار رهگئے هيں همارے سردار نازک وقت ميں همكو چهوڑ گئے * چيتو اور كريم دونوں

---

[1] *Luṛhtā paṛtā* "rolling and falling"; *luṛhnā*, "to roll away involuntarily," but *loṭnā* voluntarily. *Vide* p. 50, foot-note 3 etc.

[2] —*ki dam na mārūṅ*, direct narration.

[3] *Lagnā* "to begin and to continue": *shurū' karnā* emphasizes the commencement of an act; *vide* "Hindustani Stumbling-Blocks," p. 31, 2 (*b*).

بھاگ کر صرف اپني اپني جان بچاني چاھتے ھیں " * اُس کے بعد دو سوار اُن میں سے آ کر قبر کي چھاؤں میں لمبي تانکر لیٹ گئے * مجھکو اُس وقت اِس کا بڑا ڈرتھا نہ کہیں وہ میرے ھانپنے یا سانس لینے کي آواز نہ سُن پائیں * جوں جوں [1] دن چڑھتا گیا قبر تنور کي طرح گرم ھوتي گئي - موت کي سي تکلیف میں نے اُٹھائي * دو پہر کے قریب وہ پھر اپنے اپنے گھوڑوں پر سوار ھوئے - اب میري جان میں جان آئي * اُنہوں نے فقیر سے کہدیا کہ " جب کوئي ھمارا آدمي آنکلے تو ٹیڈم گڑھہ کہدینا " - یہ کہکر وہ جنگل میں غائب ھوگئے * آدھہ گھنٹے تک ٹہر کر میں جو جیتا جاگتا قبر میں دفن ھوا تھا نکل آیا - مگر ادھہ مُوا ھوگیا تھا * میں نے سیتا جي کا گُن [2] مانا کہ " میري جان بچگئي [3] " *

۶۰ — دو دن کے بعد دوسري طرف سے پھر گرد اُڑتي نظر آئي * پھر میں قبر میں جا چھپا - لیکن اب جو لوگ آئے وہ کمپني بہادر کے سوار تھے اور جنرل اِسمِت صاحب بھي ساتھ تھے * میں نے جانا کہ اب ڈر نہیں ہے اِسلئے میں قبر سے نکل آیا اور رسالدار کو جو ٹولي کي ' کمان ' پر تھا اپنا نام و نشان بتایا * پہلے تو وہ [4] میرے

---

1 *Jūṅ jūṅ din charhtā gayā* (*tūṅ tūṅ tanūr ki ṭarah*—). *Din* is a *majāz* or metaphor for *sūraj*.

2 *Sitā Jī kā gun mānā* "I thanked Sītā Jī"; *lit.* "acknowledged the kindness of—." *Gun gānā* "to sing the praises of, for kindness".

3 —*ki m rī jān bach-ga'ī*; direct narration. If indirect narration were used the Pluperfect would be required.

4 *Wuh* (better than *usne*) *samjhā*; *vide* "Hindustani Stumbling-Blocks."

اُڑتي چلي آرهي تهـي * فقيـر نے مجهسے کہا کہ " قبـر کے اندر چهپ جاؤ " * قبر پر ايک پتّهر کا چوکا ڈهکا هوا اور اُس پر مرتکا چهُـڑکا هوا تهـا * ميں لـڑهتا پـڑتا [1] اندر گيا * چهوٹے چهوٹے سوراخ قبر کي بغل ميں تهے - اِس پر بهي ميرا دم گهٹنے لگا - ليکن ميري جان کا بچنا اسي پر موقوف تها کہ " ميں دم نہ ماروں " [2] * دو چار منٹ ميں کوئي تيس سوار آگئے اور پاني مانگا * اُس کے بعد اُنهوں نے پوچها کہ " آيا تم نے کسي فرنگي يا سپاهي کو يا همارے بهائي بندوں کو ديکها هے ؟ " بارے فقير کے جواب سے اُن کي تشفّي هوگئي *

٥٩ — اُتر کر وہ اپنا کهـانا پکـانے لگے [3] - اور فقيـر سے گفتگـو شروع [3] کي * کهـنے لگے [3] کہ " هم هر طرف سے گهر گئے هيں اور تيتروں کي طرح اِدهر سے اُدهـر دوڑائے جـا رهے هيـں * کل سے آج تک هم چاليس کوس چلے هيں * همـارا اِرادہ هے کہ اپنے سـردار کـريم سے جا مليں جو گواليار کي رياست ميں پنـاہ ليـنے کو جـارهـا هے * همارے آدمي پہلے کي نسبت بہت کم هو گئے هيں * پہلے هم قريب دو لاکهہ کے تهے - گهٹتے گهٹتے اب کئي هزار رهگـئے هيں * همارے سردار نازک وقت ميں همکو چهوڑ گئے * چيتو اور کريم دونوں

---

[1] *Luṛhtā paṛtā* "rolling and falling"; *luṛhnā*, "to roll away involuntarily," but *loṭnā* voluntarily. *Vide* p. 50, foot-note 3 etc.

[2] —*ki dam na mārūṅ*, direct narration.

[3] *Lagnā* "to begin and to continue": *shurū' karnā* emphasizes the commencement of an act; *vide* "Hindustani Stumbling-Blocks," p. 31, 2 (*b*).

بھاگ کر صرف اپنی اپنی جان بچانی چاھتے ھیں " * اُس کے بعد دو سوار اُن میں سے آ کر قبر کی چھاؤں میں لمبی تانکر لیٹ گئے * مجھکو اُس وقت اِس کا بڑا ڈرتھا نہ کہیں وہ میرے ھانفے یا سانس لینے کی آواز نہ سُن پائیں * جوں جوں [1] دن چڑھتا گیا قبر تنور کی طرح گرم ھوتی گئی - موت کی سی تکلیف میں نے اُٹھائی * دو پہر کے قریب وہ پھر اپنے گھوڑوں پر سوار ھوئے - اب میری جان میں جان آئی * اُنھوں نے فقیر سے کہدیا کہ " جب کوئی ھمارا آدمی آنکلے تو ٹیکم گڑھہ کہدینا " - یہ کہکر وہ جنگل میں غائب ھوگئے * آدھہ گھنٹے تک ٹھہر کر میں جو جیتا جاگتا قبر میں دفن ھوا تھا نکل آیا - مگر ادھہ مُوا ھوگیا تھا * میں نے سیتا جی کا گُن [2] مانا کہ " میری جان بچگئی [3] " *

۶۰ — دو دن کے بعد دوسری طرف سے پھر گرد اُڑتی نظر آئی * پھر میں قبر میں جا چھپا - لیکن اب جو لوگ آئے وہ کمپنی بہادر کے سوار تھے اور جنرل اسمِتھ صاحب بھی ساتھہ تھے * میں نے جانا کہ اب ڈر نہیں ہے اِسلئے میں قبر سے نکل آیا اور رسالدار کو جو ٹولی کی ' کمان ' پر تھا اپنا نام و نشان بتایا * پہلے تو وہ [4] میرے

---

[1] *Jūṅ jūṅ din charhtā gayā* (*tūṅ tūṅ tanūr kī taraḥ*—). *Din* is a *majāz* or metaphor for *sūraj*.

[2] *Sītā Jī kā gun mānā* "I thanked Sītā Jī"; *lit.* "acknowledged the kindness of—." *Gun gānā* "to sing the praises of, for kindness".

[3] —*kĕ m rī jān bach-ga'ī*; direct narration. If indirect narration were used the Pluperfect would be required.

[4] *Wuh* (better than *usne*) *samjhā*; *vide* "Hindustani Stumbling-Blocks."

بیان کو جھوٹ سمجھا لیکن جب اُس فقیر نے میري وردي اور بندوق جنگل سے لاکر سامنے رکھدي تو اُس کو یقین آیا * سواروں نے میري سواري کو ایک ٹٹو دیا اور میں اپنے محسن سے جس نے مجھے پناہ دي تھي وِداع ھوکر اور تین روپے اُس کے کجکول میں ڈالکر سواروں کے ساتھہ ھو لیا [1] *

۶۱ — اِتفاق سے یہ ' پارٹي ' ایک رسالہ کي تھي جو میرے ھي ' کالم ' کے ساتھہ تھا * تین دن کے بعد میں ماموں صاحب کے پاس جو مجھے رو پیٹ [2] چکے تھے پہنچکر اُن سے گلے ملا * میں تیرہ دن تک غائب رہا تھا * میري کمپني میں کسي کو میري خبر نہ ملي تھي * کوئي کہتا تھا کہ " ھم نے اُس کي لاش دیکھي ھے " - کوئي کہتا تھا کہ " پنڈاري اُس کو پکڑ لے گئے * میں یہاں تک کمزور دبلا اور بیدم ھوگیا تھا کہ ھسپتال جانے کي ضرورت ھوئي * کرنل صاحب اکثر مجھے دیکھنے اور میرا قصّہ سُننے آتے تھے اور اور افسر بھي بڑي مہرباني سے پیش آتے تھے *

۶۲ — ڈاکٹر صاحب نے میري پیٹھہ کے گوشت کو کاٹکر گولي باھر نکالي * میں نے بہت سا خون قَي کرکے نکالا جس سے مجھے بہت آرام مِلا * دن بدن [3] میں اچّھا ھوتا گیا [4] اور طاقت بڑھتي گئي

---

[1] *Sāth ho-lenā* (without *ne*) "to accompany." *Ho-lenā* also means "to call for on the way," and "to be completely finished." *Vide* "Stumbling-Blocks," p. 3.

[2] *Ro pīṭ chuke the* "had *already* mourned me as dead": note *chuknā*, = "already." *Vide* "Hind.Man.," L. 16 (*a*).

[3] *Din ba-din*, better *roz ba-roz; din* is Hindī, while *ba* and *roz* are Persian.

[4] *Hotā jānā* denotes progress as in, *Wuh din ba-din dublā hotā jātā hai*, "he gets thinner and thinner every day."

لیکن اب تک بندوق اُٹھانے کے لائق نہوا تھا اور لڑنے بھڑنے [1] کے کام کا نہ تھا * میں کرنل صاحب کا ' اردلي ' مقرّر هوا * مطلب یہ تھا کہ جب تک گھر جانے کے قابل نہو جاؤں یہي کام کروں * اردلي بننے کے سبب سے میں بندوق اُٹھانے اور پھروا دینے سے بچ گیا * اجیٹن صاحب جو اِس سے پہلے مجھپر چنداں مہربان نہ تھے اِسوقت بڑي عِنایت کرنے لگے * اُنہوں نے کہا کہ " هم اِس بات سے بہت خوش هوئے کہ تم اِتنا دُکھہ اُٹھانے پر بھي اپني بندوق اور کارتوس اپنے ساتھہ پھیر لائے " * شاید یہ بھي ایک وجہہ هو لیکن میرا خیال هے کہ کرنل صاحب اور اور افسروں کي اِتني توجہہ جو میرے حال پر تھي اِس کا بھي کچھہ کچھہ اثر تھا کہ اجیٹن صاحب کا مزاج بدلا *

پانچواں باب

۶۳ — پنڈاریوں کي لڑائي کے مُتعلّق ایک بات جو قابلِ ذکر هے وہ یہ هے کہ اُن کو سرکاري فوج کي چال اور حرکت کي پوري پوري خبر رهتي تھي اور سرکاري فوج کو اُن کي خبر ویسي معلوم نہوتي تھي * هماري هرچال کِتني هي پوشیدہ کیوں نہوتي [2] فوراً اُس کي خبر اُن کو هو جاتي تھي * هماري طرف جاسوسوں کي کوئي کمي نہ تھي اور جب یہ کبھي کوئي سچي خبر لاتے تو مُنھی

---

[1] *Laṛnā bhiṛnā*, "to fight at close quarters": *bhiṛnā* alone is "to come in contact with": *kiwāṛ bheṛnā* is "to close the door to, set it ajar."

[2] *Kitnā hī—kyūṅ na-ho*, "however much"; for this idiom *vide* "Hind. Man.," L. 50 (*b*).

بھلا بھر کر روپے لیجاتے لیکن سچي خبر وہ بہت ھي کم لاتے تھے * مجھکو یقین ھے کہ وہ ھماري چالوں کي خبر دشمن کو دیدیتے تھے ھم سے کبھي کچھہ کہا[1] تو اِتناھي کہ " پنڈاریوں کي ایک جماعت قریب ھے " - لیکن اِس سے پہلے پنڈاریوں کو خبر کر دیتے تھے کہ سرکاري فوج آرھي ھے - اور اِسطور پر اُنھیں فرار ھوجانے کا موقع ملجاتا تھا * جہاں دشمن کے موجود ھونے کي خبر ھوتي ھماري فوج جلد جلد وھاں کوچ کر جاتي * پہنچنے پر اِتنا تو سچ نکلتا کہ دشمن وھاں آئے تھے - چنانچہ آس پاس کے لوگ اِس بات کي گواھي بھي دیتے - اور یوں جاسوسوں کي سچائي کا یقین ھوجاتا تھا * مگر جب کبھي سرکاري فوج کسي موقع پر پہنچتي تو دشمن کو ھرگز نہ پاتي * اگر کبھي ھماري فوج دشمن سے دو چار ھو جاتي تو یہ بالکل اِتّفاق کي بات تھي * اِن موقعوں پر یا تو جاسوسوں نے خبر ھي نہ دي تھي یا کہاتھا کہ " دشمن بیس کوس کے اندر موجود نہیں ھیں " *

٦٤ — اِس بات کا تعجب ھے کہ اُن پنڈاریوں سے لڑنے اور اُن کے مٹانے میں سب نے سرکار کي مدد کیوں نہ کي * بلکہ اِس کے برخلاف بہت سے راجاؤں اور نوابوں نے خود پنڈاریوں کي تائید کي - بعضوں نے کھلم کھلا بعضوں نے پردے میں * بندیلکھنڈ کے جتنے لوگ تھے سب پنڈاریوں کي طرف تھے اور یہ کوئي تعجّب کي بات نہیں ھے کیونکہ اگر اُن بندیلیوں کے پاس گھوڑے ھوتے تو وہ بھي سب کے سب پنڈاري بن جاتے - اگر کوئي مرھٹوں سے بڑھکر مفسد

---

[1] *Ham se kabhī kuchh kahā to—; agar* understood.

اور لٹیرا ہو سکتا ہے تو وہ بندیلي ہے * جنرل اور کرنل صاحبوں کو تعجب ہوا جب اُنھوں نے سنا کہ پنڈاریوں کي ایک جماعت کو کسي راجا کي ریاست میں پناہ ملي ہے - اور طرفہ یہ [1] کہ اُسي راجا کے دو گاؤں کئي دن ہوئے اُنھیں نے لوٹے تھے * اِسکا سبب میں اوپر بیان کر چکا ہوں *

۶۵ — فوج کي جماعتوں کو رات کے وقت کوچ کرنے کا حکم اچانک ملتا تھا اور پہلے سے کسیکو اِس کي مُطلق خبر نہوتي کہ کے بجے کوچ کرنا پڑیگا * رہبر کو یکایک حکم ہوتا تھا کہ " ہمیں فلاں مقام پر لے چلو " * اگر ہم لوگ باز [2] کي طرح اُن پر برابر نگاہ نہ رکھتے تو وہ جنگلي جانوروں کي مانند کسي گھنے جنگل میں بھاگ جاتے * اگر کوئي صاحب جو اوروں سے ہوشیار ہوتے [3] اُنھیں رسّي سے باندھکر لے چلتے تو یہ یا اُلٹا راستہ بتادیتے یا بات نہ سمجھنے کا بہانہ کرتے * کسي رہبر کو بندوق سے مارڈالنا اوروں کے واسطے عبرت کا باعث نہیں ہوتا تھا * وہ ڈاکوؤں کے جانبدار تھے اور سرکار سے اُن کو نفرت تھي * میں نے یہ سنا ہے کہ جب پنڈاریوں کو اِسکا شبہہ ہوتا کہ کسي شخص نے سرکار کو کسي قسم کي مدد دي ہے یا کوئي خبر پہنچائي ہے تو وہ اُس پر غضب کا عذاب کرتے - مثلاً برچھے کے پھل کو آگ میں لال کرکے آنکھوں کو پھوڑنا - کان ناک ہونٹھ کاٹ

---

[1] *Aur ṭurfa yih ki*, "and what was stranger still; and the best of it all was—."

[2] The *bāz* or female goshawk has peculiarly sharp sight, sharper sight than a falcon even.

[3] Plural of respect.

ڈالنا - اور اِسي قسم سے اور اور خوفناک طور پر کاٹ چھانٹ کرنا اُنکا معمولي بدله لینے کا طریقه تها * هم سپاهي اُن سے اِنتها [1] درجه کي نفرت رکھتے تھے اور چونکه هم سرکار کے نوکر تھے وه بهي جب موقع پاتے همکو نه چھوڑتے *

۶۶ — اب اُن شیطان کي اولاد کا ستاره کچھه کچھه چمکتا نظر آیا[2] کیونکه مرهته فوج کے سرداروں نے اُن کو مدد دینے کا وعدہ کیا تها * مگر کمپني بهادر کے اِقبال کو بهلا کون روک سکتا هے ؟

مرهتوں کي فوج نے سپرا ندي کے کنارے پر آجاپن کے قریب شکست کهائي جهاں سے هم بہت دور تھے * یه خبر آسي دم تمام بندیلکهند میں پهیل گئي اور پنڈاري چهوٹي چهوٹي جماعتوں میں اِدهر اُدهر بهاگنے لگے * اُنهوں نے کوشش کي که مهاراجه سندهیا کي ریاست میں رام پوره کے نزدیک گهسیں لیکن کئي جگهوں پر اُن سے مقابله کیا گیا اور بہت سے مارے گئے * اُن کے بهتیرے پرانے رفیق اُن سے اب علیحده هوگئے * جب پنڈاریوں نے دیکها که سرکار کي هر طرف فتح هو رهي هے اور پہلے کي طرح همکو اب خبریں بهي نهیں ملتیں تو اُس وقت اِسطرح کانپنے لگے جسطرح هرن چیتے کو دیکهکر کانپتا هے * کریم نے شکست کهائي اور آخر ایک جنرل صاحب کے آگے اپنا سر جهکا دیا - چیتو پنڈاریوں کا دوسرا سردار میدان چهوڑ کر گهندار جنگلوں میں بهاگ گیا * مشهور هے که آخر سانپ کے کاٹے سے مرا *

---

[1] *Intihā* [*ke*] *darja kī nafrat; intihā*, subs. f., is here used as an adjective.

[2] *Naẓar āyā*; but *naẓar āne lagā thā* (Pluperfect and not Preterite).

۶۷ — اُن لٹیروں کا زور اب بالکل ٹوٹ گیا اور کمپنی بہادر کا نام خوب روشن ھوا * اُسکے بعد فوج کے ' کالم ' سب الگ الگ کردیئے گئے اور میری پلٹن اجمیر بھیج دی گئی * میں ایک پلٹن کے ساتھہ کردیا گیا جو آگرے جاتی تھی اور چھہ مہینے کی ' سیک ' چھٹی پر میں گھر گیا *

۶۸ — اِس جنگ میں ھماری پلٹن کے بیس سے زیادہ آدمی نہیں مارے گئے لیکن ایک سو نفر یا ھیضہ کرکے یا بُخار میں مرے - اور کوئی سو آدمیوں کی صحت [1] ایسی بگڑی کہ وہ نکمے ھوگئے اور اپنے اپنے گھروں کو بھیج دیئے گئے - کہتے ھیں کہ بہیر [2] اور نوکر چاکر کوئی سات سو اِس ھیضہ کی نذر [3] ھوئے - یہ نئی قسم کا مرض تھا اور اِس سے پہلے اُن علاقوں میں نہیں دیکھا گیا تھا - گورے اور صاحب لوگ بھی اُس سے نہ بچے - [4] اُنکے ڈاکٹروں نے اِس بیماری کو کبھی نہیں دیکھا تھا اور اُسکے علاج سے عاجز تھے - یہ بلا کا مرض تہا - چیچک سے بھی زیادہ مہلک *

۶۹ — میں اُس پلٹن کے ھمراہ جسکے ساتھہ [5] میں کردیا گیا تھا

---

[1] *Ṣiḥḥat* means *good* health.

[2] *Bahīr*, subs. f., "camp-followers." In the Panjab *kamīna log*, lit. "mean fellows," is used, a term better avoided. *Ūprī log*, "outsiders," is sometimes used for "followers of an army."

[3] *Haiza kī nazr hu'e ;* used *ṭanz se* or sarcastically. *Nazr*, f., "a vow; an offering; a present from an inferior to a superior."

[4] For difference between *bachnā* and *chhūṭnā vide* "Stumbling-Blocks," p. 27.

[5] *Us palṭan ke hamrāh jiske sāth maiṅ kar-diyā gayā thā*; note that the prepositions *sāth* and *hamrāh* are never used for lifeless things. *Samet*= "taking it with me," and therefore is generally used for subordinates or for lifeless things.

آگرہ میں صحیح سلامت [1] پہونچا - گیارہ روپے کو میں نے ایک ٹٹو خریدا اور دو چار اور سپاہیوں کے ساتھہ جنکو رخصت ملي تھي گھر روانہ ہوا * ایک دن بو پہنچنے سے پہلے میں گھر پہنچا اور صبح ہوتے تک [2] باہر ٹھہرا رہا [3] - جب میري ماں پاني بھرنے کو گھر سے نکلیں میں نے اُن کو پکارا * اُنہوں نے مجھکو ذرا بھي نہ پہچانا - اِن چار پانچ برسوں میں جو باہر گذرے تھے میں لڑکے سے جوان [4] ہو گیا تہا - ڈاڑھي مونچھہ بھي نکل آئي تھي اور میں اپنے کو ایک شکیل [5] سپاهي سمجھنے لگا تھا * ماں مجھے دیکھکر اِسقدر گھبرائیں کہ میں تو ڈر گیا - پیچھے باپ نے مجھسے کہا کہ "تمہارے ماموں نے تمہاري نسبت لکھہ بھیجا تھا کہ وہ لڑائي میں کام آیا - اِسلیئے تمہاري ماں نے پہلے تمہیں دیکھکر سمجھا کہ تم بھوت ہو" *

۷۰ — میرے باپ اب گھر سے باہر نکل آئے - اور یہ سنکر مجھے بڑي خوشي ہوئي کہ میري غیر حاضري میں اپنوں میں سے کوئي مرا نہیں تھا [6] - جیسا میں سب کو چھوڑ کر گیا تھا ویساهي پایا * بہت دنوں [7] کے بعد یہ مجھکو پہلا موقع ملا کہ

1 *Saḥīḥ salāmat*, adj., "safe and sound." *Salāmat*, an Arabic noun, is used as an adjective in Urdu, *salāmatī* being coined for the noun.

2 *Ṣubḥ hote tak* more idiomatic than *ṣubḥ ke hone tak.*

3 *Ṭhahrā-rahā* or *ṭhahrā hu'ā rahā* "remained waiting."

4 *Jawān*, a full-grown youth, a young man.

5 *Shakīl*, "good-looking in face; sometimes fine-looking": *shakl*, f., "form" in Urdu generally means "face."

6 *Marā nahīn thā;* better than *nahīn marā thā.*

7 *Bahut dinon ke ba'd*, better than *bahut din ke ba'd*; *vide* "Hind. Man.," L. 4 (*a*).

میں سمجھا شکھہ کیا چیز ہے - میں روز بروز چنگا ہوتا گیا *
اب میری بچپن کی آرزو بر آئی [1] یعنی شام کو اُسی چبوترے
پر بیٹھکر جس پر میرے ماموں بیٹھتے تھے میں نے گاؤں والوں کو
اپنی سر گذشت کہہ سنائی کہ " لڑائی میں مجھے یہ یہ پیش آیا -
اِس اِس [2] طرح میری جان بچی اور دنیا میں یہ یہ [2] انوکھی
باتیں میں نے دیکھیں " * بہت جلد میں اپنے دِہات میں ایک بڑا
آدمی سمجھا جانے لگا * بڈھے پنڈت جی اب تک جیتے تھے *
اُنہوں نے میری بڑی آؤ بھگت [3] کی اور بڑے فخر کے ساتھہ کہنے
لگے کہ " یہ سب میرے دئے ہوئے تعویذ کی بدولت [4] ہے " *

٧١ — میری ماں نے میری غیر حاضری کے زمانے میں
ایک زمیندار کی لڑکی سے میری نسبت ٹھیرائی تھی * حضور کو
معلوم ہوگا کہ شادی بیاہ [5] کا بندوبست ہمارے ماں باپ کرتے
ہیں اور بیاہ کی رات سے پہلے دولہا دلہن کا مُنہہ نہیں دیکھہ سکتا *
میری تو خواہش نہ تھی کہ میں شادی کروں جب تک سپاہی
کا کام کرتا ہوں - مگر تقدیر کے چارہ نہ تھا * پنڈت جی نے
شبھہ لگن [6] بچار کر ایک دن ٹھیرایا جو چھہ مہینے کے بعد آنے

---

1 *Ārzū, maqṣad, maṭlab*, or *murād*, etc., *bar ānā* "to get one's wish."

2 *Is is—yih yih*; in these *various* ways, etc. "Hind. Man.," Less. 48.

3 *Āʾo bhagat* (*k.* and *h.*), Hindi, "a welcome."

4 — *ki ba-daulat*, prep., f., "by means of"; only used for good or pleasant things, except sarcastically.

5 *Shādī biyāh*, "marriage and its attendant festivities"; note the force of two synonyms. "Hind. Man.," L. 48 (*b*).

6 *Subh-lagan* "auspicious conjunction of stars"; *lagan* is used for marriage and birth only.

والا تها - اس مدّت میں میں نے اکثر کوشش کی که اس لڑکی کو ایک [1] نظر دیکهه لوں - میں نے اسکی دائی سے اسکے متعلق بهت پوچهه پاچهه [2] کی لیکن اس نے بس اسی قدر کہا که " اسکی گردن صراحی دار هے - آنکهیں هرن کی سی هیں - اسکے پاؤں کنول سے هیں اور وه لنجهپر مرتی هے - اس سے زیاده اور میں کچهه نهیں کَهه سکتی " * میں نے اس لڑکی کو صرف ایک بار رتهه میں سوار هوتے دیکهه لیا تها لیکن اسکا چهره نظر نه آیا تها کیونکه وه دور تهی - اسکے سواے اور کبهی اسکو نهیں دیکها تها * میری ماں نے اور پنڈت جی نے بهی کہا که " دیجا [3] تمهاری زندگی بهر کے خرچ کے لئے کافی هے - تمهیں اب کمپنی بهادر کی نوکری کی ضرورت نهیں " * میری ماں کے سمجهانے [4] پر میں اپنے ماموں کو لکهنے والا تها که " میرا نام کٹوا دیجئیے" لیکن میرے باپ شادی کو چنداں پسند نهیں کرتے تهے کیونکه دچهنا زیاده تهی - نیز میرے باپ نهیں چاهتے تهے که "یه کمپنی بهادر کی نوکری چهوڑے" کیونکه آم کے درختوں والا [5] مقدمه اب تک فیصل نهوا تها - اور اب میرے گهر آنے پر انکو یه خیال هوا که " یه بیٹا عدالت میں همارا مختار بنے " * سبب یه تها

---

1 *Ek nazar dekh-lenā* " to get one peep at."

2 *Pūchh pāchh karnā*, " to cross-examine one person, or ask a number of persons."

3 *Daijā*, presents made by bride's family to secure a husband of higher grade.

4 *Samjhāne par*, " at the persuasion of." *Samjhānā* also means " to console; to reason with," as well as " to explain."

5 *Ām ke darakhtoṅ-wālā muqaddama*; note the compound adjective *darakhtoṅ-wālā*; the substantive inflected.

کہ میں سرکار کا نوکر تھا - اِسلئے فریقِ ثانی [1] سے میری عِزّت زیادہ تھي *

٧٢ — پہلے کي طرح میں اپنے باپ کي کھیتي کا کام دیکھنے لگا * اب میرے زخم بھي بھر آئے تھے مگر [2] مینھہ برستا تو درد ھوتا * ایک دن شام کو اپنے زخمي ھونے کا قصّہ بیان کرتے کرتے اُس لڑکي کا ذکر بھي میري زبان پر آگیا جو جنگل میں بھینس چَراتي تھي اور جس نے پاني پلاکر میري جان بچائي تھي * ایک پنڈت [3] جو سنتا تھا بول اُٹھا کہ " تمھاري بات سے معلوم ھوا کہ وہ لڑکي ڈوم ذات کي تھي - تم نے اُسکے ھاتھہ کا پاني پیا - تمھاري ذات جاتي رھي " * میں کہتا رھا کہ " پاني مَیں نے اپنے لوٹے میں سے پیا تھا " مگر وہ کب سنتا تھا ؟ وہ اتنا چِلّائے اور مجھے سخت سست [4] کہنے لگا کہ محلّے کے سارے لوگوں نے سن لیا اور بات چاروں طرف پھیل گئي * ھر کوئي مجھسے کنارہ کرنے لگا اور میں اجات [5] کردیا گیا * میں نے پنڈت دلیپ رام سے اپنا حال کہا * اُنھوں نے بھي سارا قصّہ سنکر کہا کہ " تیري ذات جاتي رھي - تیرے ساتھہ اب میرا اُٹھنا بیٹھنا نہیں ھوسکتا " * باپ کے بھي گھر [6]

---

1 *Farīq-i sānī*, "the other party."

2 *Magar meṅh barastā*; *agar* or *jab* is understood.

3 *Panḍit* colloquially means any learned man, but properly a Brahmin versed in the Shastras.

4 *Sakht sust kahnā*, *vide* note 2, p. 25. "Hind Man.," p. 136, footnote.

5 *Ajāt*, adj., "outcasted": *a* = "not," and *jāt*, lit. "birth," means "caste": *zāt* is a corruption.

6 *Ghar*; note omission of *meṅ* and *vide* "Stumbling-Blocks," III, 5. Supplement.

مجھے جانے کي اجازت نہ تھي * ميري بري حالت هوگئي *

٧٣ — ميرے باپ کا لحاظ کرکے [1] ايک دن لوگ پنچايت ميں بيٹھے اور ميرے معاملے کا فيصلہ کرنے لگے * برهمنوں نے بہت سي رسميں ادا کيں اور بہت دنوں مجھے اُپاس رکھا [2] * اِسکے بعد ميں نے اُنکو کھانا کھلايا اور دان ديا ـ تب اُنہوں نے مجھکو ذات ميں ليا اور ايک نيا جنيئو ديا * جو کچھہ ميں نے پانچ سال کي نوکري ميں جمع کيا تھا يوں برباد هوگيا * قسمت سے کون لڑے ؟

٧٤ — بياه کا دن نزديک آيا * شادي رچانے کي ساري رسميں بے ميرے کہے سنے [3] ادا کي گئيں - ميں ايک ميں بھي شامل نہ کيا گيا * ميري ماں اور ميري ساس اور برهمنوں نے اُنکو انجام ديا * شادي هو چکي تب دُلہن کا مُنہہ ميرے گھر کے لوگوں نے ديکھا * دائي کي زباني [4] جو کچھہ سنا تھا سب جھوٹ نکلا * چاند کے مُنہہ پر اگر چيچک کے داغ هوتے تو کيا وہ خوشنما هوتا ؟ ميري بيبي کي قريب قريب سب جائداد اِستري دھن [5] ميں ملي *

---

1 *Bāp kā liḥāz karke*, "in consideration for my father."

2 *Mujhe upās rakhā* caus., "made me fast"; *upās rahnā*, intr., "to remain (involuntarily) without eating; "to fast": the primary meaning of *upās* is a *religious* fast. The Muslim fast is called *roza*.

3 *Be mere kahe sune*, "without consulting me, ignoring me."

4 — *kī zabānī*; note this feminine preposition.

5 *Istrī-dhan*, "the dowry to wife, given either by her parents or her husband."

٧٥ — میري چهه مهینے کي رخصت دیکھتے دیکھتے [1] تمام هوگئي اور میں نے اپني پلٹن میں جانے کا پکّا ارادہ کر لیا * بي بي کو ماں کے حوالے کرکے میں اجمیر کو روانہ هوا جهاں خیال تها کہ میري پلٹن مُقیم هوگي - کیونکہ اتنا جانتا تها کہ جب میں چهٹّي پر آنے لگا تها تو پلٹن کو وهیں جانے کا حکم هوا تها * جب تک میں گهر میں رها میرے ماموں کے پاس سے ایک بهي خطّ نہ آیا - میں نے دو دو بهیجے تهے * اُن دنوں ڈاک کا اِنتظام ٹهیک نہ تها اِسلئے اگر کسي کو کہیں خطّ بهیجنا هوتا تو سرکاري ڈاک سے نہ بهیجکر کسي آدمي کے هاتهہ بهیجتا جو اُسطرف کو جانے والا هوتا [2] *

٧٦ — تهوڑے هي دنوں میں میں آگرے پهنچا اور ' اجینٹ جنرل ' صاحب کے پاس پلٹن کي خبر کے لیئے گیا * صاحب کچهہ ایسي خبر نہ دے سکے * اُنهوں نے اِسیقدر کہا کہ " همارے خیال میں تمهاري پلٹن ایک فوج کے ساتهہ ناگپور [3] گئي هے " * مجهکو دو مهینے کي پیشگي طلب ملي اور میں جیپور کي راہ سے چلا - جیپور [3] پهنچنے سے پہلے کوئي ایسي بات نہ هوئي جو لکهنے کے قابل هو *

٧٧ — جیپور جیسا صاف ستهرا شهر، کبهي پہلے میري نظر

[1] *Merī chha mahine kī rukhṣat dekhte dekhte tamām ho-ga'ī* means the time passed quickly.

[2] *Hotā*; Imperfect of habitual action, *thā* therefore omitted. *Thā* could be inserted after *bhejtā*, but not after *bhejnā hotā*.

[3] *Vide* "Stumbling-Blocks," III, 5 (*a*).

سے نہ گذرا تھا - سڑکیں [1] خوب کشادہ ہیں * جگہہ واقعي بہت دلفریب ہے * مور اِدھر اُدھر پھر رہے تھے * سب جانور گھریلو [2] سے نظر آتے تھے - ھرن تک بھي ہمارے پاس آجاتے تھے - کبوتر رنگ برنگ کے کثرت سے تھے * کوچوں [3] کي دونوں طرف صاف شفاف [4] پاني کي نہریں جاري تھیں * دکانیں بڑي بڑي تھیں اور چاروں طرف دلکشا باغ تھے :—

وہ بلبلوں کا شاخوں پہ مستانہ پن
وہ غنچوں کا کھلنا وہ گل کا پھبن
سبھي مست تھیں شہد کي مکھیاں
جو پھولوں سے کرتي تھیں بس شوخیاں
وہ کویل کي کوکو [5] کا شاخوں پہ شور
عجب ناز سے چلتے پھرتے تھے مور

ایک پنڈت نے مجھسے بیان کیا کہ " یہ شہر راجہ جی سنگھہ کا آباد کیا ہوا ہے - ایک فرانسیسي صاحب نے نقشہ بنایا تھا مگر یہاں کے لوگ اِس بات کو چھپاتے ہیں " * میں راجہ کے باغ میں گیا -

---

1 *Saṛak*, f., any broad road or street; *kūcha* = *galī*.

2 *Gharelū se*, "domestic-like."

3 *Kūcha* or *galī* may be either a lane, or a narrow street that is not a great thoroughfare.

4 *Ṣāf shaffāf*, "clear and transparent."

5 *Kū kū* is the cry of the ko,el or Indian cuckoo, as well as of the dove. The male ko,el is jet black with striking crimson eyes; the female is spotted and quite a different colour. The ko,el is often confused with the "brain-fever bird" or common Hawk-cuckoo. It is a Hindu compliment to say that a man or a woman has a voice like a ko,el (*kokil-kanṭh*, *adj.*).

اور ایک جانور کو دیکھکر بھیچک [1] رھگیا * سر اُسکا نیل گائے کا سا تھا - گردن چار گز لمبي تھي - سم گھوڑے کے سے تھے - چیتے کي طرح اُسکا بدن داغ دار تھا - لیکن وہ گوشت نہ کھاتا تھا * درختوں کي ٹہنیاں اُسکي غذا تھیں جنکو وہ اپني گز بھر لمبي جیبھہ سے پکڑ کر توڑ لیتا تھا * میں نے اُسکے مُحافظ سے اُسکے مُتعلّق پوچھا * اُسنے کہا کہ " یہ کافرستان [2] کے صحرا سے آیا ہے جو یہاں سے چار ھزار کوس پر ہے - یہ جانور بڑا غریب ہے " * وھاں کے لوگ اُسکو گاؤ پلنگ کہتے تھے - مگر مجھکو اُسکے نام اور جنس کي خبر نہیں ہے - اتنا جانتا ھوں کہ عجیب و غریب [3] جانور تھا * ایسے جانور کا ذکر کسي بھسنڈي [4] کي کہاني میں بھي نہ سنا تھا * جیپور ایک انوکھا دیس ہے * وھاں کي سب باتیں انوکھي ھیں * ایک اور عجیب جانور نظر پڑا - یہ ایک پرند تھا جو پیرو سے سوگُنا اور سارس سے دس گُنا بڑا تھا - ھوا کي طرح تیز دوڑتا تھا - اُسکے پَر تھے مگر اُڑ نہ سکتا تھا * اُسکے مُحافظ نے کہا کہ " پتّھر اِسکي خوراک ہے اور یہ بھي کافرستان سے آتا ہے - وھاں کے لوگ گھوڑے کي جگہہ اُس پر سواري کرتے ھیں " * یہ شہر واقعي طلسمات کا شہر تھا *

---

1 *Bhaichak* = *ḥairān*, "aghast, bewildered."

2 *Kāfiristān*, here Africa, and not Kafiristan to the N. W. of India.

3 *'Ajīb o gharīb* "very wonderful." *'Ajīb*, "wonderful" and *gharīb*, "strange, foreign." In Urdu *gharīb* is never used in its proper sense except with *'ajīb*.

4 *Bhusanḍī*. *Bhusanḍ* is a crow who has lived through the four ages and can repeat the oldest tales. After the destruction of the world at the end of each age, he repeats the occurrences of the previous ages to the Rishīs or Sages.

یہ تمام عجیب جانور راجہ کو سورت کے نواب ناصرالدین نے جسکے جہاز دنیا کے تمام بندروں کو جایا [1] کرتے تھے بطور تحفہ کے دیئے تھے *

۷۸ — میں یہاں کئي دن رھکر اجمیر کو چلا * تارہ گڑھ کي اونچي پہاڑي جو اجمیر کے نزدیک ہے دو دن کي راہ سے نظر آتي تھي * معلوم ہوا کہ ہماري پلٹن اجمیر سے چلي گئي ہے اسلئے میں ایک سلاح دار [2] رسالے کے شریک ہوگیا اور ناگپور کو سدھارا *

۷۹ — پندرہ دن کے بعد انبورہ میں مجھکو اپني پلٹن ملي * ماموں میرے ہٹے کٹے [3] تھے گو اُنکے داھنے بازو میں گولي کا ایک اور زخم لگا تہا * مجھکو بڑي خوشي ہوئي جب میں نے دیکھا کہ ہمارے کپتان صاحب ولایت سے واپس تشریف لائے ہیں * اب وہ بہت دُبلے ہوگئے تھے اور کشتي کرنے کے لائق نہ رہے تھے - لیکن وہ ویسے ھي بہادر تھے اور لوگ اُسیطرح اُن پر اپني جانیں فدا کرتے تھے * برھمپیل صاحب کي طرح میں نے فقط دو ھي صاحب دیکھے ہیں - یہ اصل ولایتي تھے - پہاڑي جزیرے کے نہیں * اب میں پھر اپني نوکري کرنے لگا * میرا زخم اب مجھکو دُکھہ ندیتا تھا سواے برسات کے زمانے کے یا جب ہوا نمناک رہتي تھي *

[1] *Jayā karnā*, not *gayā karnā*, *vide* "Hind. Man.," L. 19 (*a*) note 2, and L. 47 (*d*) (2).

[2] *Silāḥ-dār risāla*. The *silāḥ-dār* system was introduced into the Company's Army in 1824. *Silāḥ-dār*, or "bearer of arms," is a Sawar who provides his own horse and accoutrements; opposed to *bār-gīr*, a trooper who was mounted and equipped by a leader who drew all pay and assigned the trooper what *he* thought fit.

[3] *Haṭṭā kaṭṭā*, "hale and sound; well and hearty": often applied to a sturdy beggar. *Jītā jāgtā* is "alive and kicking."

۸۰ — تھوڑے دنوں میں ھمکو ایک گاؤں آھنپورہ نام پر حملہ کرنے کا حکم ھوا * عرب لوگ جو اپّا صاحب کے سپاھي تھے اُس پر قابض تھے * مشہور تھا کہ بہادري اِن لوگوں پر ختم ہے - یہاں تک کہ یہ گوروں کا [1] جواب ھیں * اِسپر بھي ھمارے کرنیل صاحب نے ھم ھندوستانیوں کو لیکر بیدھڑک اُن پر چڑھائي کردي * یہ عرب جي توڑ کر لڑے اور ھماري پلٹن کے بہت سے سپاھي کام آئے * ایک [2] ھماري ھي کمپني میں گیارہ آدمي یا مارے گئے یا زخمي ھوئے * جہاں [3] ھم نے ایک گھر پر قبضہ کرلیا وہ دوسرے پر جا ٹھہرے - بھاگے نہیں بلکہ مردوں کي طرح اپني اپني جگہوں پر جان دي * وہ بڑے اُستاد [4] نشانہ باز تھے اور جب جب اُن سے مُقابلہ ھوا ھم نے بڑا نقصان اُٹھایا * چند جھونپڑیوں میں سے بھي اُنکو نکال دینا کام رکھتا تھا *

چھٹا باب

۸۱ — ھم نے جان توڑ [5] کوششیں کیں کہ دشمن کو اُس گاؤں سے بھگادیں مگر چنداں کامیابي نہوئي [6] * آخر جو تھوڑے بہت دشمن کے سپاھي بچ رہے تھے وہ کسي نالے کي راہ سے چلدیئے [7] *

---

1 "Hind. Man.," L. 56 (*g*).

2 *Ek hamārī hī kampanī meṅ*, "in my one company alone"; emphatic.

3 *Jahāṅ*, "where"; here "when."

4 *Ustād*, here an adjective.

5 *Jān-toṛ* here = adj., "strenuous; *lit.* wearing out our lives."

6 *Chandāṅ kāmyābī na hu'ī*, "made little progress; were not very successful."

7 *Chal-denā*, "to go off, make off."

لیکن قریب قریب یہ سب بھگّو [1] سپاہی مرہٹہ قوم کے تھے * میں ایک گلی سے دوڑا [2] جارہا تھا کہ کسی گھر کے احاطے کے پاس پہنچا * میں اندر گیا اور سمجھتا تھا کہ " خالی ہوگا " لیکن کیا دیکھتا ہوں کہ ایک عرب ایک جوان عورت کو قتل کیا [3] چاہتا ہے اور یہ اُسکے قدموں پر گر گر کر اور گِڑ گِڑا کر [4] کہہ رہی ہے کہ " پرمیشر [5] کی دوہائی ہے میری جان نہ لے " * عرب نے مجھکو دیکھتے ہی بلند آواز سے پکار کر کہا " ذرہ ٹھہرو " اور شیر کی طرح میری طرف لپکا [6] * اور اسطرح زور سے دیوانہ وار مجھپر جھپٹا [7] کہ خود بخود میری سنگین پر گر کر اُس سے گُتھہ گیا [8] اور میں ہکّا بکّا رہگیا * میں نے جھٹ لبلبی دبا کر اُسکے سینے میں گولی سے ایک بڑا سا چھید کردیا * اسپر بھی مرتے مرتے اُسنے میرے بازو پر ایک گہرا زخم لگا ہی چھوڑا [9] * عرب گیدڑ کی طرح سخت جان ہوتے ہیں اور غازیوں کی طرح لڑتے ہیں *

---

1 *Bhaggū*, "an habitual runaway; a turn-tail": a term used in cocking.

2 *Daura [hū,ā] jā rahā thā ki—; vide* "Stumbling-Blocks," pp. 83 (5) and 84 (7), Remark.

3 *Qatl kiyā chāhtā hai*, "about to kill," but *qatl karnā chāhtā hai*, "wishes to kill." "Hind Man.," L. 20 (*b*).

4 *Gir-girāke kahnā*, "to speak in a very supplicating tone; also to whine, as a beggar."

5 *Parmeshar kī duhā,ī hai*, "I implore *you* by God." *Permeshar* and *Bhagwān*, H., both mean the Supreme Deity.

6 *Lapaknā*, "to hurry in walking."

7 *Jhapaṭnā*, "to rush at; dart (of a snake); spring (of a lion); stoop, of a kite)."

8 *Guthnā*, *guth-jānā*, intr., "to be threaded, of beads; to be pierced or skewered." The transitive is *gūthnā*.

9 *Lagā hī chhoṛā*, "succeeded in (giving me a severe wound)."

۸۲ — وہ لڑکي اب میرے قدموں پر گر پڑي اور پاؤں پکڑ لئے * واقعي حسن میں وہ ہو بہو ویسي هي تهي جیسا دائي نے میري دلہن کو بتایا تھا * میں نے اُس سے پوچھا کہ " تم کون هو اور کہاں سے آئي هو [1] ؟ تمہارے بھائي برادر کہاں رهتے هیں ؟ " اُس نے جواب دیا کہ " میں بندیلکھنڈ کے ٹھاکر موکھم سنگھہ کي بیٹي هوں * پنڈاري مجھے پکڑ لائے تھے اور اِس عرب کے هاتھہ بیچا تھا * میں مجبوراً اُسکي داشتہ [2] رهي هوں * لٹیروں سے اپنا گھر بار بچانے میں میرے باپ اور بہت سے میرے اپنے بیگانے مارے گئے " * اُس نے یہ بھي کہا کہ " میرے بھائي بند اب مجھے اپنے ساتھہ نہ رهنے دینگے کیونکہ میري آبرو بالکل مٹي میں ملگئي " * اُسنے اپنا دُکھڑا بیان کرکے آخر میں یہ کہا کہ " اب تمہیں میرے مالک اور مختار هو " *

۸۳ — گاؤں میں آگ لگادي گئي تھي اور دھواں گھنگھور [3] گھٹا کي طرح هجوم کرکے جہاں هم کھڑے تھے چلا آرها تھا * میں نے اُسیدم جوں توں کرکے اُس مقتول [4] عرب کي پگڑي سے اپنا زخمي بازو باندھہ لیا اور اُسکي تلوار اپني بہادري کے ثبوت میں لے لي - اور اُس چھوٹي مرگني [5] کو اپنے ساتھہ لیکر گاؤں کے اُس حصے سے

---

1 *Āʼī ho*, Perf., as she was a stranger and not expected. To an expected friend the Pret., *vide* "Stumbling-Blocks," pp. 55 (9) and 59 (2 *b*), notes.

2 *Dāshta*, f., P. (and vulg., *rakhnī*, Hindī, "keep"), any "kept-woman."

3 *Ghanghor*, "thick (of clouds)."

4 *Jūn tūn*, "somehow or other." *Maqtūl*, "killed," Past Part. Ar. from قتل and of the same measure as معلوم.

5 *Mirignī*, in Urdu, for *mrignī*, Hindī, a general term for deer, antelopes and gazelles.

جہاں آگ نہیں لگی تھی چلا اور اپنی ' کمپنی ' سے جا ملا *
میں حیران تھا کہ " اس لڑکی کو [1] کیا کروں ؟ " یہ خوب جانتا تھا
کہ اُسکو اپنے ساتھہ رکھنا نا مُمکن ہے * اس لڑائی کے بعد ہماری
فوج نے کئی میل ہٹ کر اھنپورہ کے پیچھے ڈیرہ ڈالا * میں نے
اپنے ماموں سے اُس واردات [2] کا ذکر کیا * اُنہوں نے یہہ صلاح دی
کہ " لڑکی کو چھوڑ دو - لڑائی کے زمانے میں اپنے کو ان بکھیڑوں
سے الگ ہی رکھو " * لیکن میں بھلا کیونکر اُسے جل مرنے کو چھوڑ سکتا
تھا ؟ میں نے کپتان صاحب سے جاکر اُس مُعاملہ کو بیان کیا *
اُنہوں نے میری پیٹھہ ٹھونکی اور کہا کہ " اُس کو بازار چودھری کے
سپُرد کرو " *

۸۶ — میں اُس بیچاری لڑکی کو اپنے ٹٹّو پر سوار کرکے
چودھری کے پاس لے گیا اور وہ اِسکی حِفاظت میں رہنے لگی *
میں ہر دن اُس سے ملنے کو جاتا * آخر میرے دل میں عِشق کی
آگ بھڑک [3] اُٹھی - وہ نہایت حسین تھی اور ہمیشہ مجھے اپنا
والی [4] کہتی * اب میں بوڑھا ہو گیا ہوں - بال سفید ہو گئے - لیکن
آج تک ایسی صورت کہیں نہیں دیکھی - دلّی میں بھی نہیں *

---

[1] *Is laṛkī ko kyā karūṅ*, "what can I do *with* this girl?"

[2] *Wāridāt*, f., used as a singular in Urdu; generally used of an unpleasant occurrence, such as a police case.

[3] *Bhaṛak-uṭhnā*, "to flare up suddenly."

[4] *Wālī*, "patron, lord, master"; a term used by wives of their husbands or of any protector. *Wālī* also means a Governor.

۸۵ — دو ایک هفتے تک کسي نے نه مجھے نه اُس لڑکي کو چھیڑا - مگر اِس مدّت کے بعد اجینٹ صاحب نے مجھے بُلوایا اور کہا که " لڑکي تمهارے ساتھه نہیں رہ سکتي کیونکه پلٹن کا ایسا حکم نہیں ھے " * یه سنکر میں بہت ھي اُداس ھو گیا اور میرا دل نا اُمیدي کے تیروں کا نشانه بنگیا * میں نے کہا که " لڑکي بہیر [1] کے ساتھه ھے اِسلئے کسي قسم کي تکلیف کسي کو نہیں ھو سکتي - اور نه سرکار کا کچھه خرچ ھوگا " * پہلے اجینٹ صاحب سَو روپے مجھے لڑکي کے عوض میں دینے لگے که [2] " اُسکو چھوڑ دو " * پھر چار سو تک بڑھے * لیکن میرا دل اُس نازنین سے ھرگز جدا ھونے کو نه چاھتا تھا گو میں سمجھنے لگا تھا که یه میرے ھاتھه سے نکل جائیگي * ماموں نے بھي مجھے تاکیداً اِس بات کي صلاح دي که " اُسکا پیچھا چھوڑو ورنه تم اُسکے پیچھے رسوا ھو جاؤ گے - وہ تمهارے سر پر آفت لائیگي " - یه پہلا موقع تھا که ماموں میں اور مجھه میں رنجش ھوئي اور نزدیک تھا که باھم بگاڑ ھو جائے * پنڈت دلیپ کا کہنا آخر سچ نکلا : - " تریا چرتر [3] میں جتنے مرد پھنستے ھیں ھوشیار سے ھوشیار ماھي گیر [4] کے جال میں اُتنی مچھلیاں بھي نہیں پڑتیں * عورت کي نظر کے تیر بھیلوں کے زھر میں بجھے ھوئے تیروں سے زیادہ مُہلک [5] ھوتے ھیں " *

---

[1] *Bahīr*, f., *vide* note 2, p. 63.

[2] *Ki* = saying that, *vide* note 3, p. 76. For "to offer" *vide* p. 53, n. 1, and "Hind. Man.," L. 22 (*a*), Note.

[3] *Triyā-charitr*, m., "women's wiles."

[4] *Māhīgīr*, a "fisherman (professional)." In the Panjab *māchhī*.

[5] *Muhlik*, "deadly" (of wounds or diseases; not of poison): from the same root as *halāk* "destruction."

۸۶ — اگر میں چھاؤني میں ہوتا تو لڑکي کي خبر کسي کو نہ ہوتي اور کوئي ادھر خیال بھي نکرتا * بہت سے سپاہیوں کے ساتھہ عورتیں ہوتي تھیں اور صاحب لوگ اِس کو کبھي منع نہ کرتے کیونکہ ہمیشہ کچھہ نہ کچھہ رشتہ آنکے ساتھہ بتادیا جاتا تھا * اگر برھمپیل صاحب لڑکي کو مانگتے تو شاید میں دے بھي دیتا مگر اُنہوں نے ہرگز ایسي بات نکي بلکہ میں نے جو لڑکي کي حمایت [1] کي تھي اُسکي اُنہوں نے داد دي [2] اور مجھے کرنل صاحب کے حضور میں لیگئے اور میرے ہاتھہ سے عرب کے قتل ہونے کا واقعہ بیان کیا * میں نے وہ تلوار کرنل صاحب کي نذر کي * اُنہوں نے نہایت مہرباني سے اُسکو قبول کرلیا اور فرمایا کہ " تیري ترقّي بھي جلد ہو جائیگي " * یہ بھي حکم دیدیا کہ " یہ لانس نایک بنا دیا جائے " * اگرچہ اِس درجے کے ملنے سے میري تنخواہ کچھہ نہ بڑھي - لیکن چار سپاہیوں کي ' کمان ' مجھے دي گئي اور بلّا بھي بازو پر باندھا گیا * اب کیا پوچھنا [3] تھا میں تو بڑا آدمي بنگیا *

۸۷ — ہماري پلٹن کبھي دشمن کے اِس پہاڑي قلعہ کي طرف جاتي تھي کبھي اُس پہاڑي قلعہ کي طرف - کبھي توپخانہ اور گورے ہمارے ساتھہ ہوتے تھے اور کبھي ہمکو تنہا لڑنا پڑتا تھا *

---

1 *Ḥimāyat*, f. (*k.*) "backing up"; also sometimes, as here, "helping." *Tāʾīd*, (*k.*) is "helping" and not "backing up"; however *tāʾīd karnā*, "to second a resolution at a meeting."

2 *Dād denā*, "to dispense justice; to appreciate, (and sometimes) to admire; to give due praise to."

3 *Ab kyā pūchhnā thā main to*— "why ask about me — I was a big man now." *Kahnā* could be substituted in this idiom.

کبھي کبھي ہم پسپا بھي کردیئے جاتے تھے * ایک لڑائي میں دو افسر
گولي کھاتے ھي مرے اور چار زخمي ھوئے جنمیں اجیٹن صاحب
بھي تھے * اُنکے داھنے شانے پر تلوار کا ایک گھرا زخم لگا تھا * عرب
لوگ بہت دنوں سے اپّا صاحب کے نوکر تھے اور اُنکي بہادري
کي اِتني قدر کیجاتي تھي کہ اُنکي تنخواھیں کمپني بہادر کے
سپاھیوں کي تنخواھوں کي دگني تھیں - اب جو وہ لڑ رہے تھے تو
اپني ھي خوشي سے - کیونکہ اپّا صاحب کا حکم تھا کہ وہ ھتھیار
ڈالدیں [1] - مگر وہ کب سنتے تھے ؟ میرا خیال ہے کہ یہ عرب لوگ
سرکار کي شرطیں نہیں سمجھہ سکے * شرط فقط اِتني تھي کہ
" ھتھیار ڈالدو اور اِس ملک سے نکل جاؤ " * کوئي صاحب اُنکي
زبان میں گفتگو نہیں کرسکتے تھے اِسلئے ھمیشہ ایک مولوي ترجمان
ھوتا تھا - یہ مولوي جسقدر عربي بول سکتا تھا سو معلوم ہے - لیکن
اپنے مُنہہ سے تو میاں مٹّھو [2] بنتا تھا * یہ لوگ سرکار کا حکم سمجھے
یا نہ سمجھے خدا ھي جانے [3] - مانا تو نہیں * اخیر دم تک لڑتے
رہے اور امان [4] نہ کبھي طلب کي - نہ دي *

---

1 *Hathyār ḍāl-denā,* "to surrender."

2 *Miyāṅ Miṭṭhū bannā,* "used to make himself out a Pretty Polly," *i.e.,* praised himself. *Miyāṅ Miṭṭhū,* or Mr. Sweetspeech is an affectionate term for a parrot.

3 *Khudā hī jāne,* "God alone knows (knew)"; *vide* note 2, p. 41.

4 *Amān,* f. (*māṅgnā* or — *ṭalab karnā*) "to ask for quarter." *Amān* is security, safety (for people). *Amān! Amān! Amān!* is said by a peacemaker to belligerents, and the Quran is perhaps held aloft at the same time.

۸۸ — میجر اسپارکس صاحب کے زیرِ کمان ایک نئي رجمنٹ تھي (دس نمبر پلٹن کي دوسري بٹالین) - عربوں نے صلح کي سفید جھنڈي کا پاس [1] نہ کرکے قریب قریب اُسکي پوري تین کمپنیوں کو برباد کردیا [2] * بریگیڈیر آڈامس صاحب نے اُن سے اِسکی دغابازي کا بدلہ لیا * اُنہوں نے عربوں اور گونڈوں کي اُس جماعت کو جو اُنکے سردار چین شاہ [3] کے ماتحت تھي بالکل نیست نابود [4] کردیا اور کئي اور لڑائیوں میں بھي عربوں نے شکست کھائي * عارضي صلح کي گئي لیکن اُنہوں نے اُسکا لحاظ نکیا *

۸۹ — اب سرکار کے پاس ایک بڑي فوج جمع ھوگئي اور بہت سي توپیں بھي موجود تھیں * سرکار نے کہلا بھیجا کہ قلعہ ھمارے حوالے کردیا جائے * لیکن جسونت راو حاکم قلعہ نے نہ سنا اور اخیر دَم تک قلعہ کے بچانے کا اِرادہ کرلیا * وہ بڑا ھي جوان مرد [5] تھا * ایک سرکاري افسر قلعہ کے دروازے تک گیا اور قلعہدار کو سمجھایا کہ " بغیر خون ریزي کے قلعہ سرکار کو سونپ دو - دیکھو تمھارا اور اِس قلعہ کا مالک مہاراجہ سندھیا سرکار کا بڑا دوست ھے " * مگر قلعہ دار نے ایک نہ مانی * جسونت راو کو قلعہ کي مضبوطي اور اپنے عربوں کي بہادري پر اِتنا بھروسا تھا کہ اُسنے اُس افسر

[1] *Pās*, subs., "regard."

[2] The meaning in the original English is obscure.

[3] This is not an Arab name.

[4] *Nest nā-būd kar-denā*, "to annihilate"; *lit.* "to make is not and was not."

[5] *Jawān mard* = a real man, *i.e.*, "brave and also generous." A brave woman should not be called *jawān-mard*, but *bahādur*.

کو بے عزت کیا یہاں تک کہ اپني بے باکي دکھلانے کے لئے اُسپر گولي بھي چلائي *

۹۰ — اپنے افسر کي اِس بے عزّتي پر گورے لوگ بہت برھم ھوئے اور اُس قلعہ پر دوڑ پڑنے کے لئے بیتاب ھوگئے * قلعہ بڑا ھي مضبوط تھا اور اُسکي دیواریں بہت چوڑي تھیں * وہ ایک پہاڑي [1] پر واقع تھا جو ھزار ' فُٹ ' اونچي تھي - اور اُس تک پہنچنے کي سب راھیں بالکل قلعہ والوں کے گولوں کي زد [2] میں تھیں * ھم لوگوں میں سے اکثر کا خیال یہ تھا کہ قلعہ پر مدّت تک مُحاصرہ [3] کا کچھہ اثر نہو سکیگا - لیکن ماموں صاحب کہتے تھے کہ سرکار " نے اِس سے پہلے ایک بار اِسي قلعہ کو فتح کیا تھا [4] اور اب تو بآساني فتح کرسکتي ھے. کیونکہ فوج پہلے سے کہیں [5] اچّھي ھے اور اِسوقت توپیں بھي بہت سي ھیں اور بڑي بڑي ھیں " * میري قسمت تو اب تک بہت اچھي رھي تھي لیکن پھر بھي اُن برجوں پر نظر ڈالنے سے جي دَھَلتا [6] تھا - کلیجا [7] بیٹھا جاتا تھا *

---

1 *Pahāṛī*, "a little hill."

2 —*kī zad* (or *mār*) *meṅ honā*, "to be commanded by —"; of positions.

3 *Muḥāṣara*, m., "a siege": from the same root as *ḥiṣār*, "a fort."

4 Note the Pluperfect and *vide* "Stumbling-Blocks," p. 59.

5 *Vide* "Stumbling-Blocks," VIII (c), Supplement.

6 *Jī dahaltā thā*, "my heart was beating." *Jī*, more common than *dil* in this idiom. *Dil* or *kalejā kāṅpnā* is also used.

7 *Kalejā*, "liver," is generally used where in English we say "heart."

۹۱ — مُحاصرہ شروع هوا اور توپیں چلنے لگیں * دشمن بار بار اندر سے نکل پڑتے اور حملہ کرتے تھے لیکن همارے ' بم ' کے گولے جنسے اُنہیں کبھي پالا نہ پڑا تھا [1] اُنکو پٹرا کردیتے تھے [2] * بہت جلد دیوار کے بڑے بڑے ٹکڑے گرگئے * توپوں کي دمادم [3] گرج برسات کے بادلوں کي سي تھي جو پہروں کڑکتے رهتے هیں *

۹۲ — کرنیل فریزن صاحب شہر کے اندر جا گھسے اور چند بنئیوں کي دُکانوں کو دو تین دن تک اپنے قبضے میں رکھا * دشمن قلعہ میں سے نکل کر اُنپر ٹوٹ پڑے اور جب یہ اُنکا مقابلہ کرکے اُنکو هٹا دے رهے تھے مارے گئے *

۹۳ — دوسرے دن صبح کو دشمن قلعہ چھوڑ کر بھاگ گئے اور میري پلٹن کو اُسپر قبضہ کرنے کا حکم هوا * جب هم اُسمیں دوڑ کر داخل هورهے تھے دشمن نے یکایک عین همارے قدموں کے نیچے سُرنگ اُڑائي * میں سرنگ کے زور سے اُڑا اور بیہوش هوکر زمین پر آگرا * دیر تک مجھے خبر نہ رهي - نہ هوش باقي تھا نہ آنکھہ کام کرتي تھي - اور نہ کچھہ سنائي دیتا تھا * جب هوش آیا تو کیا دیکھتا هوں کہ دو گورے توپچي میري ٹانگیں پکڑ کر اِینٹ پتّھر کے تودے کے اندر سے مجھے کھینچ رهے هیں * ایک نے ' رم ' شراب

---

1 *Unheṅ kabhī pālā na-paṛā thā*, "who had never experienced it'; idiom: only used of unpleasant things.

2 *Paṭrā kar-denā* "to flatten out"; *lit.* "made planks of them."

3 *Dam-ā-dam*, "of every moment." Compare *garm-ā-garm ; daur-ā-daur ; gird-ā-gird ; sar-ā-pā, etc.*

میرے منہہ میں آنڈیل [1] دي * آخر مجھے نکالکر ایک صاحب
کے پاس لے گئے اور اُسکے بعد میں ' فیلڈ هسپتال ' میں بھیجدیا
گیا تا کہ آرام سے مروں ! میرے پاؤں [2] ٹوٹے نہ تھے لیکن میرا بایاں بازو
بیٹھس لٹکتا تھا اور میرے سر میں لکڑي یا اینٹ کے چار سخت
زخم پڑ گئے تھے جنکو میں لڑائي کے زخم کہہ سکتا هوں * میں کمپني
بہادر کي نوکري میں سات بار گھایل هوا هوں * مجھکو اسکي
خبر نہیں کہ میں کتنے دن ڈیرے میں پڑا رها *

۹۴ — آئے دن [3] توپوں کے دھماکے [4] سننے میں آتے تھے *
ایک روز صُبح کو اُنکي آواز سنائي ندي * اُس دن کچھہ کچھہ
میري زبان کھلي * میں نے اپنے ماموں اور کمپني کا حال
پوچھا * اپني پلٹن کے ایک زخمي سپاهي کي زباني معلوم هوا
کہ سواے میرے اور تین اور سپاهیوں کے (جنکے نام تلک دهاري گیر
قادر بخش اور نایک دیو نراین تھے) کوئي بھي نہ بچا تھا - سب کے
سب سُرنگ کے اُڑنے سے هلاک هوگئے تھے * میں تو سنکر دهل [5] گیا *
سنا کہ چار اور سپاهي بھي جو ' گارڈ ' پرتھے بچگئے تھے * سینتالیس
۴۷ آدمي اُس خوفناک سرنگ کے اُڑنے سے هلاک هوئے تھے * میرا دل
جو محاصرے سے پہلے کانپا تھا تو یہ کچھہ بیجا نہ تھا * ماموں صاحب

---

[1] *Undelnā*, "to pour out": *undel-denā*, "to pour down."

[2] *Pāʾoṅ*, m., "foot" is also used for "leg."

[3] *Āʾe din*, adv., "every day"; *āʾe din kā*, adj.

[4] *Dhamākā*, m., "the boom of big guns"; also the great crash of a falling building.

[5] *Maiṅ dahal-gayā*, or *merā jī*, etc., *dahal-gayā*; *vide* note 7, p. 81.

کي لاش کا هرگز پته نه لگا * ملبے [1] کا ڈھیر اِتنا لگا هوا تها که اُسکے صاف کرنے کي ، فوج کو فرصت نه تهي * میرا دل بہت چاهتا تها که جاکر اُنکي لاش کو تلاش کروں لیکن هاتهه پاؤں هِل نه سکتے تهے *

۹۵ — ' هسپتال ' کے ڈیرے اُسوقت اتنے بهرے هوئے تهے که خود صاحبوں نے اپنے ڈیرے زخمیوں کے لئے خالي کردیئے * میرے کپتان صاحب مجهپر بہت مہربان تهے * کپتان برما صاحب بهي سخت زخمي هوکر میرے هي ڈیرے میں پڑے تهے * برهمپیل صاحب کي جان کا بچ جاتا ایک عجیب بات تهي کیونکه وه سُرنگ کے کنارے سے ایک هي دو گز کے فاصلے پر تهے * وه گِر پڑے تهے اور مِٹّي جو اُنکے اوپر پڑي تهي اُس سے دم رُک گیا تها لیکن کوئي چوٹ نه آئي تهي * دو نمبر والي کمپني کا برباد هونا اُسکي قسمت میں لکها تها کیونکه ایک نمبر کمپني اُس سُرنگ پر سے کئي منٹ آگے سلامت گُزر چکي تهي * قلعه فتح هوگیا اور قسم قسم کے لوگ اُسمیں ملے - عرب - باوچ - کابلي وغیره وغیر *

۹۶ — سرکار نے راو سار [2] کو سزا ندي - اُسکو چهوڑ دیا * میں نے کپتان صاحب سے پوچها که " جسونت کیوں نهیں قتل کیا گیا ؟ " اُنهوں نے جواب دیا که " وه فقط اپنے آقا مهاراجه سندهیا

---

[1] *Malbā*. Hindi, "debris."

[2] راو صاحب ؟

کا حکم بجا لایا - مہاراجہ بہادر اپنے کو سرکار کا دوست بتاتے ہیں مگر اصل میں دشمن ہیں - سزا اُنہیں کو ملني چاهئیے " * سرکار کا اِنصاف عجیب ہے * اُسکي کار روائیاں سمجهه میں نہیں آتیں * لڑائي سے کیا حاصل اگر دشمن قتل نکیا گیا [1] ؟ سرکار کا یہ طریقہ دشمن کے لئے ایک نئي بات تهي * وہ کہتے تهے کہ " سرکار کیا دیواني هوگئي ہے کہ کیوں رحم سے کام لیتي ہے ؟ " وہ همیشہ سرکار کي اِس مہرباني سے اپنا کام نکالتے تهے - مگر لارڈ مالکم صاحب ایسے دانا سردار تهے کہ اِنکے آگے اُنکي کم چلتي تهي [2] * اِنکي طرح لاٹ صاحب بہت کم دیکهنے میں آئے *

۹۷ — میں جو کچهہ پہلے کہہ چکا ہوں اُسکا ثبوت اب ملگیا یعني کہ صاحب اور گورے جو لڑتے ہیں تو فقط شوق کي خاطر لڑتے ہیں - اور کچهہ مطلب نہیں هوتا * گوروں کو اگر تهوڑي سي شراب جسپر وہ جان دیتے ہیں ملگئي تو پهر وہ هر طرح راضي ہیں * لڑنا تو اُنکے لئے گویا ایک دل لگي [3] ہے - کهیل ہے *

۹۸ — جنگ کے ختم هونے پر فوج کي پلٹنیں اپنے اپنے مقام پر چلي گئیں * میري پلٹن کو کوئل یعني علیگڈهه [4] جانے کا حکم ملا * مجهے ایک ڈولي میں لیگئے * ' سِیک ' چهٹي گهر جانے کے لئے اُسوقت مجهے مل سکتي تهي [5] مگر میں نے چند باتوں کا

[1] More idiomatic than *na-kiyā jā*ᵉ*e*.
[2] —*ki inke āge unkī* [*bāt*] *kam chaltī thī*, "seldom got round him."
[3] *Dil-lagī*, a joke in words or deeds.
[4] Generally so spelt, but always pronounced '*Alīgaṛh*.
[5] —*us waqt mujhe mil-saktī thī*, "could have got"; = *mil to jātī*.

خیال کرکے درخواست نکي * میں ایک جھونپڑي میں تنہا رھنے لگا اور وہ جوان ٹھاکراني میري خدمت کرنے لگي * اُسوقت میں اِتنا خوش رھتا تھا جتنا کبھي گھر میں بھي نرھا تھا * دو چار مہینے میں اِتنا اچّھا ھوگیا کہ چلنے پھرنے لگا *

۹۹ — اِس زمانے میں دو چار نئي پلٹنیں قائم کیجا رھي تھیں * میرے کرنل صاحب نے مجھسے کہا کہ " اگر تم اِن نئي پلٹنوں میں سے کسي میں جانا چاھو تو نایکي پر تمھاري ترقّي ھو سکتي ہے " * میرے پیارے ماموں بیکنٹھہ باشي [1] ھو چکے تھے اور میري کمپني میں میرے پُرانے ساتھي بھي نرھے تھے * اسلئے میں نے اپني قدیم پلٹن کو خیر باد [2] کہنے کا اِرادہ کرلیا * لیکن جس بات سے کہ میري روح کو صدمہ ھوتا تھا وہ اپنے مہربان کپتان برھمپیل صاحب سے جدا ھونے کا خیال تھا * ایک ھي برھمپیل صاحب تھے جنکو اللہ نے ولایت میں پیدا کیا تھا اور وہ میري پہلي پلٹن میں تھے *

۱۰۰ — میں جولائي سنہ ۱۸۲۰ع میں فتحگڑھہ کي پلٹن کے ' ھیڈ کوارٹر ' میں ' جاین ' ھوا * وھاں مجھے معلوم ھوا کہ اُسمیں صرف دو ھي کمپنیاں ھیں جو مُختلف پلٹنوں کے سپاھیوں سے بنائي گئي ھیں اور گویا اُس نئي پلٹن کي بُنیاد ھیں جسکو سرکار

1 *Baikunṭh-bāshī*, "dweller in Baikunṭh" (the highest heaven, the abode of Vishnu), a respectful term for 'late, dead'; used of course by Hindus and of Hindus only. *Swarga* is the abode of the gods who also hope to attain to *Baikunṭh*. *Swarg-bāshī* is an ordinary term for one that has departed this world.

2 *Khair bād kahnā*, "to say good-bye"; *lit.* "to say 'may it be well.'"

کھڑا کیا [1] چاہتي ہے * اُن میں فقط دو افسر تھے یعني میجر
گاردین صاحب اور ایک اجیٹن صاحب *

۱۰۱ — میجر صاحب بہت لمبے آدمي تھے اور رنگ اُنکا سیاهي مائل[2] تھا * مزاج اُنکا بڑا کڑا تھا اور اُنکي یه عادت تھي که شکار کے کپڑوں میں پریڈ پر آتے اور اپنا بھاري سونٹا رنگروٹوں کے سروں پر دے مارتے[3]- اور اگر ڈرل سکھلانے والے کبھي کوئي ایسي بات کرتے جو اُنکي مرضي کے خلاف ہوتي تو وہ اُنکو بھي نه چھوڑتے * اِس سبب سے سب لوگ اُنکو بُرا کہتے تھے مگر ڈرتے بھي تھے * میجر صاحب سرداروں سے کہتے که " هم اپني مرضي کے خلاف اپني رجمنٹ سے ہٹائے گئے هیں اور تمہارے افسر بنا کر[4] بھیجے گئے هیں۔ هم تمکو بالکل دیکھه نہیں سکتے " * چنانچه چار مہینے میں بس کوئي چالیس هي رنگروٹ بھرتي هونے کو حاضر هوئے *

۱۰۲ — اُسکے بعد چار اور صاحب اور اور پلٹنوں سے آکر 'جاین' هوئے اور تین نئے صاحب بھي (یعني کَڈِٹ) * سپاهي بھي اور آئے اور ڈرل شروع هوگئي *

۱۰۳ — صاحب لوگ بھي میجر سے خوش نه تھے اور پریڈ کے وقت کے سواے اُن سے کبھي بات نه کرتے اور

---

1 Hind. Man. L. 20 (*b*).

2 *Siyāhī-māʼil*, rather dark. *Sāṅwlā*, "sallow and dark" (not applicable to Europeans). "Hind. Man.," L. 28 (*c*).

3 *De-mārnā*, "to dash against; also to throw with force from a short distance.

4 *Tumhāre afsar banākar bheje gaʼe haiṅ.* The Passive of the conjunctive Participle is not used, *vide* "Stumbling-Blocks," p. 64, 4 (*a*). The intransitive *bankar* would mean that he had made himself the officer, and it would also have to be followed by a verb in the active voice.

کسي طرح کي اُن سے راہ و رسم [1] نہ رکھتے * ایک آبدار ھِي تھا جسکو میجر صاحب دوست رکھتے تھے * کسي کو خبر نہ تھي کہ " آبدار کا جادو [2] صاحب پر کیوں اِتنا چلا ھوا ھے ؟ " لیکن مجھے اِتنا معلوم ھے کہ جن جن سپاھیوں کو رُخصت کي ضَرورت ھوتي یا اور کوئي کام نکالنا چاھتے تو وہ آبدار کو خوش کرنے کي کوشش کرتے تاکہ وہ اپنے صاحب سے اِنکي سِفارش کرے *

۱۰۴ — ایک دن اُنکے بنگلے پر میري گارڈ کي نوکري تھي * شام کو میجر صاحب نے حُقّہ پینا چاھا * حُقّہ بولتا نہ تھا [3] وہ آپے سے باھر [4] ھوگئے اور جلتي چلم [5] کو حقّہ بردار [6] کے سر پر دے مارا * گُل سارے اِدھر اُدھر کمرے میں لڑھک گئے [7] اور چٹّائي [8] میں آگ لگ گئي * دوسرے کمرے میں ایک تنبو پڑا تھا - اُسمیں بھي آگ لگ گئي * نوکر چاکر اور سارے گارڈ دوڑ پڑے اور آگ کو بجھادیا لیکن اُسوقت تک تنبو بہت کچھہ جل چکا تھا * اِتنا کچھہ ھوا مگر صاحب اپني جگہہ سے ھرگز نہ ھلے * پیچھے آبدار آیا اور صاحب سے کچھہ کہا * بس - بات کي بات [9]

---

1 *Rāh o rasm*, f., "dealings, connection."

2 *Ābdār kā jādū ṣāḥib par kyūn itnā chalā hū,ā hai?* "—how the Abdar had so powerful an influence on the Sahib."

3 *Ḥuqqa boltā na thā*, "the ḥuqqa *would not* draw properly"; note this meaning of the Imperfect.

4 *Āpe se bāhir honā*, "to be beside oneself (with rage or joy)."

5 *Chilam*, f., "bowl of the ḥuqqa (for the tobacco)."

6 *Ḥuqqa bardār*, "pipe-bearer"; a special office for which one servant was kept.

7 *Luṛhak-jānā*, "to roll *involuntarily*"; *vide* note 1, p. 56.

8 *Chaṭā,ī* matting made of reeds, split bamboos, or of palm leaves.

9 *Bāt kī bāt men*, "in a moment," *i.e.*, in the time that it takes to say one syllable.

میں غُصّہ ٹھنڈا ہو گیا * یوں آپے سے باہر ہونے کے سبب سے اُنکو نقصان اُٹھانا پڑا کیونکہ تنبو ابھي نیا ھي تھا اور کم سے کم تین سو روپے کا مال ہوگا [1] *

۱۰۵ — ہم سپاھي لوگوں نے اس بھید کے معلوم کرنے میں بہت زور مارا کہ آبدار کي بات ایسي کیوں بنی ہوئي ہے - لیکن کچھہ پتہ نہ لگا * پلٹن کے بعض سپاھي کہتے تھے کہ " دونوں میں قریب کا رشتہ ہے " * اسمیں کچھہ شک نہیں کہ میجر صاحب کا سر کچھہ پھرا ہوا تھا - اُنکي عادتیں اور صاحبوں کي سي نہ تھیں * اُنکا ایک دستور یہ تھا کہ گھنٹوں ، اپنے برآمدے میں ، پیٹھہ کے پیچھے ھاتھہ پر ھاتھہ دھرے، اِدھر سے اُدھر اور اُدھر سے اِدھر ٹہلا کرتے اور بڑ بڑاتے [2] رھتے اور ھر بار گھومتے وقت دیوار پر ٹھوکر چلاتے * ھماري زبان ھماري ھي طرح بولتے * رنگروٹوں کے ستانے میں اُنکو خاص طور پر مزہ ملتا تھا * وہ اُن سے پوچھتے کہ " تمھاري شادي ہوئي ہے یا نہیں؟ " - اور اُنکو اُنکي بیبیوں کے نام بتانے پر مجبور کرتے - ھندوؤں کے لئے یہ بڑي لاج کي بات ہے * میں یہ بھي دیکھتا کہ انکا برتاؤ [3] اور صاحبوں کے ساتھہ نرالا تھا * اجیٹن صاحب کو اپنے سامنے کبھي بیٹھنے [4] ندیا - اور جب کوئي صاحب اُنسے ملنے آتا تو 'بہرا ' [5] بغیر خاص حکم کے اُسکو چوکي نہ دیتا *

---

1 *Hogā,* "must have been"; not *hū*ʾ*ā hogā.* For this use of the Future for the Past *vide* "Stumbling-Blocks," p. 46 (7).

2 *Burburānā,* "murmur in discontent; to mutter like a madman or as a magician."

3 *Bartā*ʾ*o,* m., "treatment" = *sulūk,* m.

4 Hind. Man., L. 18 (*a*).

5 *Bahrā* or *bairā,* "bearer; the servant." In Calcutta a *kahār* is called *bairā.*

۱۰۶ — اب پلٹن میں ایک نئے کپتان آئے - عمر میں وہ میجر هي کے سے معلوم هوتے تھے * اتفاقاً جب یہ افسر میجر صاحب کي مُلاقات کو آئے میں اُس روز بنگلے پر گارڈ کي نوکري کرتا تها * میں اِس بات کا کھوجي [1] هوا کہ " دیکھوں میجر صاحب اِنکو چوکي دیتے هیں یا نہیں " * یہ تھوڑي دیرتک کھڑے رهے اور پھر آپ کُرسي لیکر بیٹھہ گئے * میجر صاحب بہت بک جھک [2] کرنے لگے - اور دونوں طرف سے باتوں کي جھڑي [3] سي لگ گئي * اِسپر کپتان صاحب نے میجر کے [4] ایک گھونسا [5] مارا جس سے یہہ گر پڑے * پھر اونچي آواز سے کچھہ بولتے هوئے نکل آئے *

۱۰۷ — دوسرے دن فجر کو جب میں جنگل پھر [6] کر باهر سے آرها تها دیکھا کہ چاند ماري کے پیچھے چار صاحب موجود هیں * چاند ماري ' لاین ' سے کچھہ دور تھي اور چند نالوں کے نزدیک * چونکہ پلٹن کے صاحب لوگ عموماً وهاں ' پستول ' چلایا کرتے تھے اِسلئے پہلے میں نے اُسطرف توجّہہ نکي * لیکن جب نزدیک آیا کیا دیکھتا

---

1 *Main is bāt kā khojī huwā*, "I became anxious to know," or "I began to pry." *Khoj*, m., "search; and clue."

2 *Bak jhak karnā*, "storm at (of women at servants); *also* loud raving (of mad people)."

3 *Bātoṅ kī jhaṛī lag-ga,ī*, "a storm of words": *jhaṛī*, a downpour of rain (for hours or longer).

4 *Mejar ke [badan] par—*; *vide* "Hind. Man.," pp. 68, note 1, and L. 20 (*e*) 4.

5 *Ghūṅsā*, "a forward blow with the fist"; *mukkā* is a downward blow with the fist.

6 *Jangal [meṅ] phirnā*; a village term for *paikhāne jānā*. *Maidān jānā* is another village term.

هوں [1] کہ " میجر صاحب اور کپتان صاحب دونوں کھڑے ھیں " * میں جانتا تھا کہ صاحب لوگوں میں دستور یہ ہے کہ بگاڑ کے بعد ایک دوسرے کے اوپر ' پستول ' چلاتے ھیں اسلئے میں تماشا دیکھنے کو ٹھہر گیا * ایک افسر نے میجر صاحب کو کپتان صاحب سے تھوڑي دور پر کھڑا کیا اور ایک دوسرا افسر اُنکي پیٹھہ پر کھڑا رھا * دونوں طرف سے گولي چلي اور میجر صاحب مُنہہ کے بل [2] زمین پر آگرے * میں اُنکي طرف دوڑا گیا [3] - دیکھوں [4] تو میجر صاحب مُردہ پڑے ھیں * ایک گولي اُنکے سر کے وار پار [5] ھو گئي تھي * میں ھسپتال ڈولي لانے گیا * دم کے دم [6] میں خبر سارے لائین میں پھیل گئي * میجر کو اُنکے بنگلے پرلے گئے اور وہ شام کو دفن کئے گئے * ایک ھي آدمي تھا جسپر اُنکے مرنے کا کچھہ اثر معلوم ھوتا تھا اور وہ آبدار تھا * کسي صاحب کے چہرے سے رنج ظاھر نہ تھا *

۱۰۸ — اِن فرنگیوں کے بھي کیسے انوکھے دستور ھیں ! اِسي واقعے کو دیکھیئے کہ جھگڑے کے وقت جب مزاج گرم تھا اور غُصّہ تیزي پر، اُسوقت بدلا نہ لیا گیا - نیز یہ کہ لڑائي تلواروں کي نہ ھوئي * کوئي منہہ سے کچھہ نہ بولا - نہ گالي گلوچ [7] کي

---

[1] *Kyā dekhtā hūṅ ki*—; historical present.
[2] *Muṅh ke bal*, "on the face."
[3] *Daurā [hū,ā] jānā*; *vide* note 5, p. 6.
[4] *Dekhūṅ* for *dekhā*, *vide* "Stumbling-Blocks," p. 42 (7).
[5] *Wār pār*, or *ār pār*, adv., "right through."
[6] *Dam ke dam meṅ*, "in a single moment"; *lit.* breath.
[7] *Gālī galauj*, "filthy *mutual* abuse."

نوبت [1] آئي * دونوں صاحب، خاموش، بے پروا، دل کے تھیر، [2] کھڑے تھے گویا پریڈ پر تھے * جو بات میري سمجھہ میں نہ آئي وہ یہ تھي کہ وہ افسر جو میجر صاحب کي پیٹھہ پر تھے کپتان صاحب کے بڑے دوست تھے اور دونوں حمایتي [3] صاحب آپس میں بات چیت کر رہے تھے - اور چونکہ ایک هي بنگلے میں رهتے تھے ضرور دوست بھي هونگے * عزت کي بابت انگریزوں کا قاعدہ سخت هے * اگر کوئي اُنمیں کسي کو بے آبرو کرے تو اُسکو لڑنا هي پڑتا هے * نہیں تو اُسکي پلٹن کے افسر اُسکو صحبت سے خارج کردیتے هیں اور پھر کبھي اُس سے بات نہیں کرتے * اُن دنوں صاحب لوگ اکثر آپس میں لڑا کرتے - اور لڑائي کے بعد پہلے سے بھي بڑھکر دوست بنجاتے * کئي سال سے هم نے صاحبوں کو لڑتے نہیں سنا - اگر کہیں لڑتے هونگے تو چھپ چھپا کر [4] گویا اب یہ شرم کي بات هے * لیکن بندے کا خیال یہ هے کہ لڑائي کے متعلق آجکل کے سرکاري قانون بہت سخت هیں * اگر کوئي صاحب لڑے تو اُسکے اوپر 'کورت مارشل' هوتا هے اور وہ نوکري سے خارج کردیا جاتا هے - کوئي عذر سنا نہیں جاتا * میں نے سنا هے کہ ولایت کے بادشاہ نے مجبور هوکر اس لڑنے کے دستور کو اُٹھا دیا هے کیونکہ اِس سے

1 *Gālī galauj kī naubat na-āʾī*: note this idiom with *naubat* and a negative verb. *Gālī galauj* is *mutual* filthy abuse. With an affirmative verb, *naubat* means "so much so that—, the matter reached such a point that—."

2 *Dil ke thīr*, pl., "calm in mind." *Thīr*, "calm" (sp. of water).

3 *Donoṅ ḥimāyatī ṣāḥib*, "both the seconds; the backers-up"; *vide* note 1, p. 78.

4 *Chhip chhipākar*, "secretly."

اُنکے بہت سے اچّھے اچّھے افسر ضائع ہوتے تھے اور جو صاحب مارا جاتا تھا اُسکے بال بچّوں کي پرورش سرکار کے سر[1] ہوتي تھي * یہ کسي طرح میري سمجھہ میں نہیں آتا کہ جب صاحبوں کا غُصّہ ٹھنڈا ہو چکتا ھے تو وہ کیونکر لڑتے ھیں * یہ بھي اُنکي ھر ایک بات کي طرح اُنکا عجیب دستور ھے *

۱۰۹ — گورے آپس میں ' پستول ' یا تلوار سے نہیں لڑتے - گھونسا مارتے ھیں جو کچھہ کم نہیں ھے - کیونکہ مجھکو معلوم ھے کہ اُس سے بعضوں کي جانیں جا چکي ھیں * مگر لڑنے کے بعد ھي[2] وہ دوست بن جاتے ھیں * اُنمیں بھي یہ قاعدہ ھے کہ اگر کوئي لڑنے سے اِنکار کرے تو وہ ذات کھوتا ھے گویا اُسکا حُقّہ پاني بند[3] ھوگیا *

۱۱۰ — پلٹن کي کمان کے لئے ایک دوسرے افسر کرنل ھیملٹن نام بھیجے گئے * اِنمیں اور میجر صاحب میں کوئي نسبت[4] نہ تھي - یہ افسروں اور سپاھیوں میں ھردل عزیز[5] تھے * اب میري پلٹن میں ھزار سپاھي تھے - سب لمبے چوڑے اور قدآور جوان *

۱۱۱ — جہاں تک مجھے یاد ھے دو تین سال تک کوئي بات ذکر کے قابل واقع نہ ھوئي سواے اِسکے کہ پلٹن نے میرٹھہ کو کوچ

---

1 *Sarkār ke sar* [*par*] *hotī thī*, "fell on the shoulders of the Government."

2 *Larne ke ba'd hī*, "immediately after fighting—."

3 *Kisikā ḥuqqa pānī band honā*, "to be sent to Coventry"; of Hindus and of low-class Muslims.

4 *In meṅ aur Mejar Ṣāḥib meṅ ko'ī nisbat na-thī*, "there was no comparison between him and the Major Sahib." —*kī nisbat* is only used with adjectives; otherwise—*ke i'tibār se*, or —*ke liḥāẓ se*.

5 —*meṅ har-dil-'azīz honā*, "to be popular with."

کیا * میرے بہت سے روپے ٹھاکرانی کو ذات میں لانے کے لئے خرچ ہوئے اور گندربھ[1] کی ریت سے اُسکے ساتھہ شادی کی * میرٹھہ میں میرے ایک بیٹا میری آنکھہ کا تارا پیدا ہوا *

۱۱۲ — اِس زمانے میں عام چرچا[2] تھا کہ بھرتپور کے مہاراجہ بلونت سنگھہ کو سرکار مدد دینے والی ہے * مہاراجہ کو اُسکے بھائی دُرجن نے گدّی سے اُتار کر دیس سے نکال دیا تھا * مہاراجہ نے مِنّت و زاری کے ساتھہ سرکار سے اِلتماس کیا کہ "میرے حق دلوائیے" * اُسوقت مہاراجہ محض لڑکا تھا اور بھرتپور میں ایک زبردست جماعت اُسکے خلاف میں تھی *

ساتواں باب

۱۱۳ — جنرل اکٹرلونی صاحب اُسوقت دھلی کے گورنر تھے * اُنھوں نے ایک فوج کے جمع کرنے کا حکم دیا * ھماری پلٹن کو آگرے جانے کا حکم ملا لیکن یہ دو چار ھی کوچ گئی تھی کہ میرٹھہ میں واپس بُلوائی گئی - افسروں کے دل بہت افسردہ ھوگئے کیونکہ وہ اِس بات پر مرتے تھے[3] کہ "ھماری نئی پلٹن لام پر جائے اور نام پیدا کرے" *

---

[1] *Gandarbh*, a marriage of love without the consent of parents or guardians. The contracting parties exchange garlands. Though one of the eight forms of marriage mentioned by Manu, it is no longer considered legal.

[2] *'Āmm charchā*, "a general talk, a common report, rumour."

[3] *Is bāt par marte the ki*—"to long eagerly for." But *apne bāp dādā ke nām par martā hai*, "he boasts of his ancestors."

۱۱۴ — ایک مہینے کے بعد دوبارہ کوچ کا حکم ملا اور پلٹن پھر آگرے گئی - یہاں ایک بڑی فوج نے جمع ہوکر خیمے ڈالے تھے * کچھہ عرصے تک یہاں ہمارا رہنا ہوا * بعضوں کا خیال تھا کہ درجن شاہ [1] یہ سنکر کہ " ایک فوج لڑائی کے لئے آرہی ہے " بے لڑے بھڑے [2] قلعے کو سونپ دیگا * لیکن وہ تو کبھی کہلا بھیجتا کہ " میں قلعے کو حوالے کردونگا " - اور کبھی کہتا کہ " نہیں میں لڑونگا " * یہ فقط سپاہی اور ہتھیار جمع کرنے کی مہلت حاصل کرنے کیلئے ایک بہانہ تھا * ایک دفعہ پہلے بھی سرکار نے بھرتپور کے قلعہ کا محاصرہ لیک صاحب کے وقت میں کیا تھا اور آدھی فوج کا صفایا [3] ہو گیا تھا - قلعہ کو تو قلعہ والوں نے سونپ دیا تھا لیکن یہ نہیں کہا جا سکتا کہ فتح کیا گیا تھا - اسکو لوگ خوب جانتے تھے اور اس بات کو بھولے نہ تھے * اسوقت قلعہ پہلے سے بھی مستحکم اور مضبوط تھا اور یہ بات مشہور تھی کہ " اسمیں بہت سی ایسی توپیں ہیں جنکے گولے تین تین کوس تک جاتے ہیں " * انپر بھرتپور والوں کا بڑا بھروسا تھا اور قلعہ کو اجیت [4] جانتے تھے *

---

[1] درجن ساہو؟

[2] *Be laṛe bhiṛe*, "without any sort of fight": *laṛnā* "to fight" gen.; but *bhiṛnā*, "to fight hand to hand:" more idiomatic than *be laṛne bhiṛne ke*.

[3] (*Fauj*) *kā ṣafāyā honā*, "to be wiped out (of an army, a city, a family, a stable, etc., etc.): *ṣafāyā*, m., is not a correct Arabic form.

[4] *Ajīt*, "impregnable; invincible."

۱۱۵ — لاٹ صاحب نے اس فضول کہا سنی [1] سے تنگ آکر آگرے سے فوج کو کوچ کروایا اور بہت سي بڑي توپیں لیکر قلعہ کا محاصرہ کیا * اب دشمن کے سوار بہت دقّ کرنے لگے - وہ لشکر گاہ کے اِرد گِرد منڈلاتے [2] پھرتے اور اُپري لوگوں [3] اور اِدھر اُدھر پھرنے والوں کو جہاں پاتے مارڈالتے - اور جب سرکار کے سوار اُنکا پیچھا کرتے تو وہ ھمیشہ گھوڑے دوڑا کر بھاگ جاتے اور قلعہ کي توپوں کے نیچے پناہ لیتے یا کسي چور دروازے [4] سے قلعہ میں جا چھپتے * سرکار کي توپیں قلعے کي دیوار کے رخنہ [5] کرنے میں نکمّي تھیں * قلعہ کي دیوار ایسي چوڑي تھي کہ ایک پوري کمپني اُس پر ' کالم ' میں کھڑي ھوکر ' لاین ' میں ' ویل ' کر سکتي تھي *

۱۱۶ — دشمن رات کو تنبو پر ھلّا کیا کرتے تھے اور آس پاس کي ریاستیں اِس خیال میں تھیں کہ " دیکھئیے [6] سرکار کي جیت ھوتي ہے یا ھار؟ " اگر ھار ھوتي تو وہ پیچھے سے (جہاں گھن کا جنگل تھا اور جس میں پھاڑا لگانا کام رکھتا تھا [7]) ھمارے تنبو پر آپڑتیں *

---

1 *Fuzūl kahā sunī*, "useless negotiation."

2 *Mandlānā*, lit. "to hover (of a bird)."

3 *Uparī log*, *vide* note 2, p. 63.

4 *Chor-darwāza*, "secret door"; *chor-rāsta*, secret way; *chor-zakhm*, "sinus," etc., etc. *Kām-chor* "shirker of work."

5 *Rakhna*, gen., "breach."

6 *Dekhiye*, impersonal = "let us see" *or* "let one see": *dekheṅ* could be substituted.

7 *Kām rakhtā thā* = *kār-e dārad*, was a difficult job.

۱۱۷ — ' سفر مینه ' والے قلعه کي دیواروں کے نیچے نیچے
سُرنگ لگانے کے کام میں لگا دیئے گئے * ایک رات ایک نالے کے
سِرے پر میں پَہرے پر تھا که ' سنتري ' نے خبر دي که " پاني
کھیتوں پر بڑھا چلا آرھا هے [1] " * دشمن نے بڑي خندق میں سے
پاني کو بہا دیا تھا - اگر میں وقت پر خبر ندیتا تو سُرنگ لگانے والے
اِسطرح گھٹ کر مر جاتے جسطرح چھیان بِلوں میں برسات کے پاني
سے مرتي هیں * ' سفرمینه ' والوں نے جلد جلد ایک پائي [2] بنا لي
اورسُرنگ کے منهه سے پاني کا رُخ پھیر دیا * یه بڑے دن کا واقعه هے [3] *

۱۱۸ — اِسکے کئي هفتے بعد سُرنگ قلعه کے ایک برج کے
نیچے پہنچائي گئي اور خبر تھي که " اب سُرنگ اُڑائي جائیگي " *
ساري فوج تماشا دیکھنے کو نکل آئي * دشمن کو یه خیال هوا که
حمله هونے والا هے - چنانچه وه دیواروں پر اپني اپني جگهه پر
کھڑے هوگئے اور اُنکا سارا دھیان ایک بہت بڑي توپ کے سَر کرنے
پر لگا تھا جو اُسي بُرج پر تھي * تھوڑي دیر تک سارے کمپو میں
سناٹا [4] رها - لیکن سُرنگ نه اُڑي [5] * ' سفر مینه ' کے افسر ڈرتے
تھے که کہیں ایسا نہو دشمن نے سُرنگ کے تلے سُرنگ [6] لگائي هو * دو

---

[1] *Pānī barhā (hū,ā) chalā [hū,ā] ā-rahā hai,* "the water is encroaching *with force* (or *speed*)"; this signification is given by two synonyms: omit *chalā* and the idea of force or speed disappears.

[2] *Pā͗ī*, a low mud barrier, temporary, a few inches high, for irrigation purposes.

[3] *Hai* more idiomatic than *thā*.

[4] *Sannāṭā*, m., a dead silence; also sound of wind.

[5] *Surang na-uṛī*, "the mine *did not* go off," but *surang na uṛtī thī*, "the mine *would not* go off."

[6] *Surang ke tale surang lagānā*, "to countermine."

تین افسر آگے دوڑے کہ " دیکھیں [1] - کہیں فتیلہ تو نہیں بجھگیا " - اتنے میں سُرنگ اُڑ پڑي اور برج اور توپ اور سپاهي سب کے سب اُڑ کر خندق کے اِدهر اُدهر آگرے - اور دیوار میں اِتنا بڑا رخنہ هوگیا جس سے ایک پوري کمپني گزر سکتي تهي * دشمن خوف زدہ [2] اور حیران هوگئے اور کچهہ دیر تک توپیں نہ چلا سکے * هماري توپیں ساري رات رخنے پر گرما گرم [3] گولہ اندازي کرتي رهیں *

۱۱۹ — ایک هلّا کرنے والي پارٹي بنائي گئي - اِس حملہ کرنے والے کالم میں میري کمپني اور میري پلٹن کي ایک دوسري کمپني کے کچهہ سپاهي شامل کیئے گئے * درجن کے پیرو [4] جي توڑ کر لڑے لیکن فرنگیوں کے ریلے [5] کي کون تاب لا سکتا هے ؟ اُسي دن دس بجے بهرتپور کا قلعہ جو دور دور مشهور تها سرکار کے قبضے میں آگیا * خود درجن بهاگنے [6] میں جیتا پکڑ لیا گیا *

۱۲۰ — لوٹ خوب هاتهہ لگي - صاحب لوگوں کو اچّهي اچّهي اور قیمتي چیزیں ملیں - میں نے ایک عورت کي لاش پر سے ایک ستهرا سا [7] هار پایا - یہ میرا حقّ تها - اِرادہ کرلیا کہ اِسے میں اپنے بیٹے کے گلے میں ڈالونگا * اِتّفاق سے دو گوروں نے

---

1 *Dekheṅ*, "let *us* see"; (not *dekhiye* impersonal or 2nd pers. pl.). This could also be indirect narration. *Kahīṅ* = "we fear lest."

2 *Khauf-zada*, terror-stricken.

3 *Garm-ā-garm*, "hot and hot, continuously hot."

4 *Pairau*, gen., "followers (relig. or otherwise)."

5 *Relā*, "rush" (spec. rushing or pushing through); but *jhapaṭ*, f., is "pouncing on or rushing upon."

6 *Bhāgte meṅ* or *bhāgte hu'e*.

7 *Suthrā*, adj., gen., "clean, nice, elegant, nice-looking." *Suthrā sā* "rather nice."

دیکھہ لیا اور مجھسے چھینؔ کر اُسکے دو ٹکڑے کر ڈالے اور آپس میں بانٹ لیئے - لیکن کچھہ دیر کے بعد میں نے ایک کو نشے میں چور[1] پایا اور آسانی سے بغیر چھینا جھپٹی کے اُسکا آدھا ھار لے لیا *

۱۲۱ — گولوں سے دشمن کے بہت سے سپاھی - یا یوں کہئیے[2] کہ شہر کے لوگ - مارے گئے تھے اور بہت سے سُرنگ کے اُڑنے سے ھلاک ھوئے تھے * میں اُس مقام کو دیکھنے گیا * عجب سما تھا * وہ بڑی توپ نیچے خندق میں پڑی تھی اور جگنناتھہ کے رتھہ کا سا حال تھا یعنے لوگ اُسکے نیچے پس پس کر رہ گئے تھے * لیکن اُنہوں نے اپنی توپ کے پاس رہ کر جان دی تھی - اس سے اچھی موت اُنکو اور کیا نصیب ھوتی[3] ؟ اِس توپ کا نام فتح جنگ سر-پھوڑنہار تھا - اُسکی لمبائی تین بندوقوں کے برابر تھی اور گولہ ایک گھڑے کے برابر تھا * توپ پر لکھا ھوا تھا کہ اُسکی باروت کی پوری مقدار پچھتر سیر ھے[4] * میں نے صاحبوں کو ولایت کی نئی قسم کی بڑی بڑی توپوں کا ذکر کرتے سنا ھے مگر میں بمشکل مان سکتا ھوں کہ اُن چار پانچ توپوں سے جو میں نے یہاں دیکھیں بڑی ھونگی[5] *

---

1 *Nashe meṅ chūr* = *badmast* or "dead-drunk"; *chūr*, lit. broken to bits.

2 — *yā yūṅ kahiye ki* — "or say rather— ; in other words."

3 *Naṣīb hotī* better than —*ho-saktī*. *Naṣīb honā*, "to fall to the lot of, but *naṣīb meṅ honā*, "to be destined."

4 *Hai*, not *thī*. However natives translating from English might incorrectly write *thī*.

5 *Hongī*, "could *have been*"; for this use of the Future for the Past *vide* "Stumbling-Blocks," p. 46 (7).

۱۲۲ — یوں تو [1] قلعہ کي نسبت بہت کچھہ سنا گیا تھا لیکن اُسکي فتح میں جان کا نقصان بہت نہ ھوا * پچاس سپاھي سے زیادہ کام نہ آئے اور میري پلٹن کي ھلّا کرنے والي پارٹي کے صرف پانچ سپاھي مارے گئے اور پندرہ زخمي ھوئے * فرنگیوں کا بھي اِتناھي نقصان ھوا * لیکن بہت سے صاحب اِسلئے زخمي ھوئے کہ وہ خواہ مخواہ [2] قلعے کے نزدیک اپني چھوٹي چھوٹي بندوقیں [3] اور ریفل چلانے کے لئے چلے ھي جاتے تھے - اِسکي سخت ممانعت تھي لیکن حکم کوئي نہیں مانتا تھا *

۱۲۳ — اِس مُحاصرے کے بعد میري پلٹن ضلع کي کئي چھوٹي چھوٹي گڑھیوں کے مستحکم کرنے کے لئے بھیجي گئي اور میري کمپني کو بیانہ گڑھي جانے کا حکم ملا * اِن گڑھیوں کي دیواریں اُڑا دي گئیں اور جلد وھاں کي توپیں وغیرہ سب نِکمّي کردي گئیں * پلٹن کوئي ایک سال کے بعد میرٹھہ [4] واپس آئي *

۱۲۴ — اِسوقت ایک نئے لاٹ صاحب ھندوستان میں آئے جنسے سب افسر نا خوش تھے - یہ اُنکي تنخواھیں گھٹانا چاھتے تھے * صاحب لوگ غدر کرنے پر تیار ھوگئے - اپنے اپنے بنگلوں پر وہ اکثر مجلسیں کیا کرتے اور بہت گھبرائے ھوئے تھے * بہت سے کہتے تھے کہ "اب ھم سرکار کي نوکري نکرینگے" * کمپني بہادر نے اِن [5] لاٹ صاحب کو اِس غرض سے بھیجا تھا کہ روپے کي کچھہ کفایت ھو * کہا جاتا

[1] *Yūṅ to*, although vainly; while.
[2] *Khwāh ma-khwāh—chale hī jāte the*, "they *would* go, they insisted on going."
[3] Or *tapānche*, "pistols?"
[4] "Stumbling-Blocks," p. 4, Remark.
[5] Note this plural.

تھا کہ لڑائیوں کے بے حساب خرچ سے سرکار کا ھاتھہ اِسوقت تنگ ھے * لیکن کون باور کرے کہ یہ سچ تھا ؟ کمپنی بہادر کو روپے کی کیا کمی تھی ؟ میں نے سنا کہ ایک پلٹن کے افسروں نے دوسری پلٹن سے دریافت کیا کہ " آیا تمھارے سپاھی تمھارا ساتھہ دینگے یا نہیں اگر ھم دونوں ملکر کلکتے کو کوچ کر کے لاٹ صاحب کو اپنا حق دلانے پر مجبور کریں ؟ " اور یہ بھی میں نے سنا کہ گورے کہتے تھے کہ " ھم کالی پلٹنوں کے افسروں کو کچھہ ضرر نہ پہنچائینگے جب تک اُنکا مطلب فقط بھتا ھے " * اُس وقت ھر صاحب کے دل میں آگ لگی ھوئی تھی اور سب سرکار کو بے نقط[1] سناتے تھے - لیکن زیادہ تر اِلزام نئے لاٹ صاحب ھی کو دیا جاتا تھا - صاحب لوگ کہتے تھے کہ " یہ اپنی ھی طرف اسے یہ بے انصافی کر رھے ھیں - اُنکا مطلب صرف کمپنی کی خوشامد[2] ھے " *

۱۲۵ — جتنا کچھہ لڑائی پر سرکار کا خرچ ھوا تھا وہ سرکار نے کم عمر[3] مہاراجہ بلونت سے وصول کرلیا * یہ مبلغ کروڑ روپے سے زیادہ تھا * نوابوں اور راجاؤں کی نظر میں سرکار نے اِس حرکت سے اپنے کو حقیر بنایا کیونکہ اب تک سرکار کو یہ لوگ اپنا حقیقی دوست سمجھتے تھے نہ کہ بھاڑے کا دوست * بعضے یوں ڈینگ مارتے اور شیخی بگھارتے[4] کہ " ھم روپے دیکر جب چاھیں سرکار

---

1 *Be nuqat sunānā*, "to use (filthy) abuse."

2 *Khush-āmad*, f., *lit.* flattery; also = the schoolboy's phrase "sucking up to."

3 *Kam 'umr* and *jawān* are not the same.

4 *Shekhī baghārnā*, "to boast"; *baghārnā*, lit., is "to brown onions and spices in *ghī*" (as a seasoning).

کي مدد خريد سکتے هيں " * اور ميں نے يه بهي سنا که ايک
راجه نے اپنا وکيل سرکار کے پاس بهيجا تا که وه يه بات معلوم
کرے که ايک دوسرے راجا کا سر کچلنے [1] کے لئے (جسنے اُسے بے عزّت
کيا تها) سرکار کتنا روپيه ليگي - ليکن يه بات بازاري گپ تهي -
شايد سچ نه هو *

۱۲۶ — بڑي بڑي چهاؤنيوں کے بازاروں ميں هر ايک قسم کي
خبر پر، سچ هو که جهوٹ ، بحث هوا کرتي هے - جو بات که
سرکار کے اقبال کے خلاف ميں هوتي هے بڑے شوق سے سب
سنتے هيں اور اِس سبب سے بيکار لوگ جنکو دنيا ميں اور کوئي کام
نهيں هے خبريں گڑهتے [2] رهتے هيں - جهوٹ جسقدر زياده هو اُسيقدر
سچ سمجها جاتا هے بشرطيکه وه سرکار کے فائدوں کے خلاف هو * مجهے
ياد هے که جب روس کے ساتهه جنگ چهڑي هوئي تهي (وهي ايک
زمانه تها جبکه هندوستان ميں کوئي لڑائي نه تهي) کيا کيا خبريں نه [3]
اُڑتي تهيں - مثلاً يه که " سرکار نے زک [4] اُٹهائي هے - روسيوں نے ساري
انگريزي فوج کا ستياناس کرديا اور کُل جنگي جهازوں کو ڈبوديا
هے " * اس خيال کو غرضي اور مطلبي لوگ ترقّي ديتے تهے
چنانچه جب غدر ٹوٹ پڑا تو اکثر هندوستاني يهي سمجهتے تهے که
" سرکار کي فوج جو کچهه هے هندوستان هي ميں هے " * باغيوں کي

---

1 *Sar kuchalnā*, lit. " to pound the head," and fig. " chastise."

2 *Khabareṅ gaṛhnā*, " coin news " : *gaṛhnā*, to coin ; and also to make gold and silver, etc., ornaments.

3 Note the negative in this idiom.

4 *Zak*, f., " reverse."

حیراني کي کچھہ اِنتہا نہ تھي جب اُنہوں نے دیکھا کہ پلٹن پر پلٹن چلي آرهي هے - اُنکي هِمّت پست هوگئي - اُنکا جي چھوٹ گیا [1] * وہ اب سمجھے کہ "هم دھوکھے میں پڑے هوئے تھے" اور بہت جلد اُنکو معلوم هوا کہ زبردست انگریزي راج کا مقابلہ کرنا بیکار هے *

۱۲۷ — میرٹھہ میں دو سال رهکر میري پلٹن شاهجہان پور بھیجي گئي اور اُسکے بعد کرنال اور پھر لودھیانے کو [2] * اِس مُدّت میں کوئي واقعۂ قابلِ ذکر نہ هوا سواے اِسکے کہ سپاهیوں کي وردیوں میں کچھہ تبدیلیاں هوئیں اور بعضي پلٹنوں میں 'رفل دمپنیاں' قائم کي گئیں * کوئي نہ کوئي لڑائي هندوستان کي کسي نہ کسي طرف هوتي هي رهتي تھي مگر میري پلٹن کسي میں شامل نہ هوئي *

۱۲۸ — میري ترقّي هوئي یعنے مجھے حوالدار کي جگہہ ملي * بے حوالدار' کا کام بھي مجھے ملا اور اِس کام پر اُن دنوں سب کا دانت رهتا تھا [3] * کمپني کے اکثر سپاهي میرے هي پاس اپنا روپیہ رکھتے تھے اور چونکہ اُسکي ضرورت اُنکو صرف اُسي وقت هوتي تھي جب وہ رِضا رُخصت پر جاتے تھے میں اُنکا کچھہ روپیہ معقول [4] سود پر قرض دیا کرتا * جو سپاهي کہ اپني تشفّي اور اِطمینان کے لئے جاننا چاهتا کہ "میرا روپیہ سلامت موجود هے"

---

1 *Jī chhūṭ-jānā*, "to lose heart" = *himmat hārnā.*

2 *Ko* must be inserted here, otherwise the two names might be subjects to verbs. *Vide* "Hind. Man.," L. 12 (*i*), Remark.

3 *Us par sab kā dāṅt thā* means "all wanted it to taste" (as sweets, etc.); = *us par sab kī rāl ṭapaktī thī.*

4 *Ma'qūl sūd*, "considerable interest" and not "reasonable interest."

اُسکو ہر مہینے دکھلادیا جاتا * یہ کار و بار مہینوں جاري رہا یہاں تک کہ میرے پاس پان [1] سو روپے جمع ہوگئے *

۱۲۹ — ' بے حوالدار ' لوگ صاحبوں کو بھي روپیہ قرض [2] دیتے اور چونکہ اِنکي تنخواہیں بے حوالداروں ہي کے ہاتھہ میں ہوتیں روپیوں کے ضائع ہونے کا اندیشہ کم تہا * ہاں اگر کوئي صاحب مرجاتا تو اور بات تہي کیونکہ اُس روپے کا دعوی کرنے سے ' بے حوالدار ' ڈرتے تہے * قرض دینے کي سخت ممانعت تہي مگر کسي کو سزا پاتے ہوئے کم سنا *

۱۳۰ — افسروں کي تنخواہیں گو بڑي بڑي ہوتي تہیں لیکن اُنکي ضرورتوں کے لئے کافي نہ تہیں * دو ہي افسر ہماري پلٹن میں تہے جو قرضدار نہ تہے - بہت سے سخت قرضدار تہے * وہ بہت سے روپے ضیافتوں پر ٹہیکري کرتے [3] - بعض جُوا کھیلتے - بعض گھوڑدوڑ پر بہت روپیہ کھو بیٹھتے [4] - اِس کھیل کے پیچھے وہ دیوانے تہے * ' بیبیانے ' (یعني میم والے) صاحب لوگ اکثر قرضدار رہتے - اُنکا خرچ بہت تہا لیکن بعضے اپني بدقسمتي سے بھي تنگ دست رہتے تہے *

۱۳۱ — میري کمپني کے کپتان صاحب کا مال متاع سب کا سب جہاز کے ڈوبنے سے جاتا رہا * اُنکے پاس ، ضرورت کي چیزیں خریدنے کو ،

---

[1] *Pān sau* for *pāṅch sau.*

[2] *Rupiya qarẓ denā,* "to lend money, not necessarily at interest."

[3] *Ṭhīkrī karnā,* "to spend lavishly" (as though money were potsherds).

[4] *Kho-baiṭhnā*; *baiṭhnā* gives the idea of impropriety: (*kho-mārnā* is not used): *vide* "Hind. Man.," L. 23 (*a*).

روپیه نه تها اِسلئے میں نے اُن کو پان سو روپے قرض دیئے - لیکن بدنصیبي سے رضا کا وقت آگیا اور سپاهیوں نے اپنا اپنا روپیه لینا چاها * چونکه کچهه اُنکا بهي روپیه اپنے روپیوں کے ساتهه میں نے صاحب کو قرض دیدیا تها اِسلئے پورا مَبلَغ جو میرے پاس هونا چاهئیے تها نه دکها سکا * اِسپر کرنل صاحب کے حضور میں مجهه پر رپورٹ هوئي - گو میرے پاس جو کچهه تها سب میں نے بیچ ڈالا اور کپتان صاحب نے بهي روپیه پیدا کرنے کے لئے هاتهه پاؤں خوب مارے پهر بهي ایک سو سینتیس روپے کي کمي رهگئي * میرے اوپر ' کورٹ مارشل ' هوا اور میں عدول حکمي کا مُجرم ٹهہرایا گیا اور بے حوالداري مجهسے چهین لي گئي * اگر میرا پہلے کا چال چلن بہت هي اچها نهوتا تو میرا بِلّا بهي لے لیا جاتا اور درجے سے اُتار کر[1] ایک دم سے[2] سپاهي بنادیا جاتا * اِس سے پہلے میرے اوپر کبهي ' کورٹ مارشل ' نهیں هوا تها *

١٣٢ — سرکار کا قانون بهي کسقدر هم هندوؤں کي سمجهه کے باهر هے ! میري هي پلٹن کے سرداروں نے مجهے مُجرِم ٹهہرایا حالانکه ایک کا بهي خیال نه تها که " اِسکا کوئي گُناه هے " - اور سچ تو یه هے که اگروه بهي هماري جگهه هوتے تو ایساهي کرتے * چونکه وه کرنل صاحب کي مرضي پاچکے تهے که " اِسکو سزا ملني چاهئیے " اِسلئے اُنهوں نے مجهکو مُجرِم ٹهہرایا * صاحب لوگ بهي اِس بات کو خوب جانتے تهے لیکن یه فوجي دستور تها - کیا کرتے ؟

[1] Note active participle and *vide* " Stumbling-Blocks," p. 64 (4).
[2] A colloquialism.

۱۳۳ — لشکري آئين بار بار پلٹن کو پريڈ پر سنائے جاتے هيں مگر اُنکي عبارت کوئي نهيں سمجهتا هے کيونکه عربي فارسي الفاظ اُسميں بهرے هوتے هيں * بعض بعض حصّے تو سليس هيں ليکن اُن کا زيادہ حصّه (جيسے گورنر جنرل صاحب کے احکام وغيرہ) صرف اُنهيں لوگوں کي سمجهه ميں آسکتا هے جنهوں نے اچّهي تعليم پائي هو * عام طور پر آئين کو سن لينے کے بعد کمپني ميں دو يا تين سے زيادہ آدمي نهوتے تهے جو سمجهه سکتے که " همکو کيا کيا کرنا چاهئيے اور کيا کيا نکرنا چاهئيے" * اول تو ترجمان صاحب اکثر بهت هي جلد جلد آئين پڑهکر سناتے هيں - دوسرے يه که اکثر لفظوں کا غلط تلفّظ کرتے هيں *

۱۳۴ — جناب عالي ! سپاهي کو بهت سے قانون قاعدے پڑهه سنانے کي چنداں ضرورت نهيں کيونکه اِس سے اُسکے دل ميں طرح طرح کے شک شُبهے اور قسم قسم کے انديشے اور وسواس پيدا هوتے هيں * اُسکو چاهئيے که وہ اپنے کمان افسر کو ماں باپ - اپنا پالنے والا - اپنا بهگوان سمجهے - اور ايسا هي سمجهنے [1] اور اُنکي فرمان برداري کرنے کي اُسکو هدايت کيجائے * دو آقاؤں کي خدمت گزاري هم لوگوں کي سمجهه ميں نهيں آتي - هاں کامل اختيار والوں کے هم غُلام هيں * انگريزوں ميں اختيارات بهت بٹے هوئے هوتے هيں * کمان افسر صاحب کو کچهه اختيار حاصل هے اور اجيٹن صاحب کو بهي - (بعض وقت کمان افسر صاحب سے زيادہ) - جنگي لاٹ صاحب کو البته بهت

---

1 *Kī* understood after *samajhne*.

کچھہ اور 'وایسراے' صاحب کو اُس سے بھي زیادہ * مگر ھر کسی کو کوئي ایک کام کرنے سے پہلے اپنے اُوپر والے صاحب سے اِجازت لیني پڑتي ھے * کمانڈنگ افسر صاحب کو اِس سے پہلے کہ وہ کسي سپاھي کو سزا دیں کوئي ایک ' درجن ' اور افسـروں سے صلاح لیني پڑتي ھے اور جب تک [1] سزا ملے مہینوں [2] گذر جاتے ھیں * جب سزا دي جاتي ھے اُسوقت تک آدھے سپاھیوں کے خیال سے مُقدّمہ کے حالات بالکل جاتے رھتے ھیں [3] - اور اُس سے جو عبرت حاصل ھو سکتي تھي وہ نہیں ھونے پاتي * مجھے یاد ھے کہ ایک پلٹن میں کوئي حوالدار گُستاخي کے جُرم پر (جو بینت کي سزا کا مُستحق تھا) ' کورٹ مارشل ' کے آگے پیش کیا گیا لیکن وہ صرف نوکري سے برطرف کردیا گیا * جب پریڈ پر حکم سنایا گیا اُسنے دُوبدُو کمانڈنگ آفیسر سے کہا کہ " میں سیدھا جنگي لاٹ صاحب کے حضور میں جاتا ھوں [4] اور ' اپیل ' کرتا ھوں [4] * اُسکي جگہہ پر دوسرا حوالدار مُقرّر ھوا * پہلا حوالدار شملہ گیا اور لاٹ صاحب کي ' لیڈي ' کے قدموں پر گِر کر دُھائي دي کہ " میں اِنصاف چاھتا ھوں - مجھپر رحم کیجئیے " * تین مہینے کے بعد وہ اپني جگہہ پر بحال کردیا گیا [5] * وہ اپني پلٹن میں واپس آیا اور یوں بڑے جنرل اور بریگیڈر جنرل صاحب اور اپنے کمانڈنگ افسر صاحب پر دل ھي دل میں ھنسنے لگا *

---

1 *Vide* "Hind. Man.," L. 38 (*b*). 2 "Hind. Man.," L. 33 (*h*).

3 Note the Present Tense for "—by that time the facts of the case *have* gone out of their heads." Pres. Tense here expresses a general truth. In speaking of a particular occasion in the past, the Preterite would be used.

4 Note Present Tense to express immediate future.

5 *Ba-ḥāl karnā*, "to reinstate, put back in its former state."

اُن دنوں کسي سپاهي کو 'کورٹ مارشل' کي پروا نه تهي لیکن اُس زمانے میں 'کمانڈر اِن چیف' صاحب هر نالشي کي فریاد کو کان لگاکر سنتے تهے * حوالدار کي اِس کار روائي پر کرنل صاحب بہت بگڑے مگر اُنکا اِختیار هي کیا تها - وہ کیا کر سکتے تهے ؟

۱۳۵ — چاهئیے که کمانڈر کے هاتهه میں سپاهي کے مرنے جینے کا اِختیار رهے * جب تلوار تین سو کوس کي دوري پر هو تو اُس سے کون ڈرے ؟ جب سپاهي دیکهتا هے که " میرا کمانڈر اصل میں کمانڈر نہیں هے " تو اُسکي نظر کسي اور بڑے صاحب کي طرف جاتي هے * غدر کا یه بهي ایک سبب تها * سپاهي اپنے افسروں سے کم ڈرنے لگے تهے - وہ دیکهتے تهے که افسروں کا اِختیار تهوڑا هي هے * تعجب هوتا هے کسطرح افسروں کا اختیار رفته رفته کم کردیا گیا - پہلے صاحب لوگ سپاهیوں کو ڈرل سکهاتے وقت چهڑي کام میں لاتے تهے - پهر یه منع هوگیا * کمانڈنگ آفیسر ضرورت پر سپاهیوں کو بینت مارتے - یه بهي موقوف هو گیا *

۱۳۶ — میں کہه چکا هوں که هندوستان کے لوگ کامل اختیار والوں کے غلام بنجاتے هیں * وہ بهڑک اور دولت کي نمایش سے بهي عشق رکهتے هیں - عوام پر اُسکا بڑا اثر پڑتا هے - انگریز جتنا سمجهتے هیں اُس سے بہت زیادہ * هم لوگ جب اپنے بادشاهوں اور نوابوں کا خیال کرتے هیں تو ساتهه ساتهه اُنکے زرق برق ساز و سامان کا بهي

خیال آتا ھے جو سونے چاندي کي بہتایت سے دمکتے[1] ھوتے تھے * بچپن ھي سے ھم ایسا خیال رکھتے آئے ھیں اور ھر ایک قصہ کہاني کا دار و مدار[2] اِسي پر ھوتا ھے * ایسے 'وایسراے' یا ایسے 'لفٹنٹ گورنر' کا ھم پر کیا رعب ھو جو کالے کپڑے پہنکر بگھي پر اِدھر اُدھر پھرتا ھو - جس کے بدن پر نہ کوئي زیور ھوتا ھے اور نہ رکاب میں سوار ھوتے ھیں ؟ بیشک سرکاري عہدہ دار اور عملے[3] جانتے ھیں کہ یہ اِختیار والے ھیں لیکن عام لوگ سمجھتے ھیں کہ " یہ سب جھوٹھہ ھے " اور اُنکے خیال میں یہ کسي راجہ یا نواب یا وزیر کے بھي برابر نہیں ھیں اور وہ ایسے لفظوں میں دونوں کا مقابلہ کرنے لگتے ھیں جنکو سرکار سنکر خوش نہوگي *

۱۳۷ — میں نے بارھا صاحبوں سے پوچھا کہ " کیوں آپ اپني اپني میم صاحبہ کي طرز پر زیور نہیں پہنتے - میں نے تو بعض انگریزي لیڈیوں کو دیکھا ھے جو ناچ پر جاتے وقت یوں بن ٹھنکر[4] نکلتي ھیں گویا شہزادیاں ھیں " * اُنھوں نے جواب دیا کہ " مرد کے لئے جواھر یا زیور کا پہننا (تمغہ وغیرہ چھوڑ کر) شرم کي بات ھے " * لیکن یہ تمغے کچھہ یوں ھي سے[5] ھوتے ھیں * ایک صاحب نے کہا کہ " ھماري میم صاحبہ خود زیور اور جواھر

---

[1] *Damaknā*, to glitter (of jewelry): *chamaknā*, gen., to shine (of anything; the sun, a lamp, metals, etc.).

[2] *Dār o madār is par hai*, " turns on this—".

[3] *'Amala*, Ar. pl. of *'āmil*, is treated as a singular in Urdu. *'Amale*, " native officials."

[4] *Bannā ṯhannā*, " to be dressed out, tricked out: gen. in bad sense.

[5] *Yūṅ hī se*, " very ordinary."

پر اتنا خرچ کرتي هيں که اگر ميں پهننا بهي چاهوں تو لاؤں
کہاں سے ؟ *

۱۳۸ — غير معمولي مزاج کے آدميوں اور اعلی درجے کي عقل والوں کے آگے بهي کبهي کبهي هم سر جهکاتے هيں مگر اِتنا نهيں جتنا ظاهري دهوم دهڑکے [1] کے آگے * بعضے لوگ جنرل نکلسن صاحب کو اوتار [2] سمجهتے تهے اور اب تک بهي اُنکے دنيا سے اُٹهه جانے پر آنسو بہاتے هيں * بہت سي پہاڑي قوميں جنرل جيکم صاحب کو بعد محمد صاحب [3] کے سمجهتے هيں - ميں نے سنا هے که يه صاحب بهي گزر چکے هيں *

۱۳۹ — يه بات سرکار کو ياد رکهنا چاهئيے که پلٹن کا اچّها يا بُرا هونا بہت کچهه اُسکے کمانڈنگ آفيسر پر موقوف هے * اگر سپاهي اُس سے خوش هوں اور وه سپاهيوں کا مزاج پہچانے اور اُنکا درد سمجهے اور اُنکا اُسپر کامل بهروسا هو (يه ايک دن يا ايک سال کا کام نهيں هے) اور سب سے بڑهکر اگر وه صاحب اختيار [4] اور اِنصاف پسند هو تو جو وه کهيگا يه کرينگے - جهاں اُنکو جانے کا حکم ديگا جائينگے اور اُسکي مرضي کو قانون سمجهينگے * ليکن جب ايسا افسر باهر سے کمانڈر بناکر [5] بهيجا جاتا هے جو نه اُنکا مزاج پہچانتا اور نه

---

[1] *Dhūm dhaṛakkā*, "bustle, ado"; but *dhūm dhām*, "bustle and pomp."

[2] *Avatār*, *autār*, m., "incarnation of Vishnu only," but in modern literature the word is used in a general sense.

[3] Only Hindus or English Missionaries say *Ṣāḥib* after *Muḥammad*, but vulgar Muslims say *Paighambar Ṣāḥib*.

[4] *Ṣāḥib-ikhtiyār*, comp. adj., "possessed of authority."

Note Active Conj. Partic. *Vide* note, p. 105.

اُنکا دُکھہ درد سمجھتا ھو تو ناراضي کا پیدا ھونا ضرور ھے * ھم لوگ نئے طریقے پسند نہیں کرتے * ایک صاحب دوسرے صاحب کے سکھائے ھوئے طریقے کو بدل دیتا ھے اور ھم حیران رھجاتے ھیں کہ " کیا کرنا چاھئیے کیونکہ جو کچھہ ھم نے آج سیکھا وہ کل غلط ثابت ھوتا ھے ؟ " ایک سال کے اندر میں نے چار چار افسروں کو ایک ھي پلٹن میں باھر سے آتے دیکھا اور تین اجیٹن اور دو کوارٹر ماسٹر - اور اُسکا سبب کچھہ یہ نہ تھا کہ پلٹن کے صاحب لڑائي میں کام آچکے تھے * ایک صاحب کے طریقے سیکھنے میں مدّت گزر جاتي ھے اور جب سپاھي اُسکا مزاج پہچان چکتے ھیں تو اُسوقت اُسکا بدلنا مُناسب نہیں * غدر کے آگے جو صاحب ھوشیار ھوتا تھا اُسکو اُسکي پلٹن سے نکالکر دوسرے کام پر بھیجدیتے اور شاید برسوں وہ واپس نہ آتا اور جب تک واپس آئے [1] سپاھیوں کو بھول چکا ھوتا *

۱۴۰ — سپاھي لوگ ھي نہیں ھیں جو اپنے کمانڈنگ آفیسر سے محبّت یا نفرت رکھتے ھیں - مجھے یاد ھے کہ ایک دفعہ ایک یوروپین رجمنٹ بھي اڑگئي [2] اور اُس نے سِکھوں کي ' باتري ' پر حملہ کرنے سے اِنکار کیا - وجہ یہ تھي کہ گورے اپنے کرنل سے نفرت رکھتے تھے * وہ جمکر کھڑے ھوگئے یہاں تک کہ توپوں کے گولوں نے اُنکو خاک سے برابر کردیا مگر اپني جگہہ سے نہ ھٹے پر نہ ھٹے [3] * کرنل صاحب زخمي ھوئے (بعض کہتے ھیں کہ اپنے ھي آدمیوں کے ھاتھہ

---

[1] *Āʼe* Aor.; or *ātā* Imperfect; former more idiomatic.

[2] *Aṛ-jānā*, "to jib, to refuse to move."

[3] *Na-haṭe par na-haṭe*, "still they did not move" compare—*magar wuh na-āyā par na-āyā.*

سے) اور جب ایک دوسرے صاحب نے جس سے اِن گوروں کو محبت تھی کمان لي فوراً انہوں نے باتري کو فتح کرلیا اور خالصہ فوج کو یوں بھگادیا جسطرح ھوا کے آگے گرد اُڑ جاتي ھے *

آٹھواں باب

۱۴۱ — اب میں سرکار کي نئي فوج کي نسبت کچھہ عرض کیا [1] چاھتا ھوں یعني وہ فوج جو غدر کے بعد قائم کي گئي * جہاں تک مجھے معلوم ھے سپاھي اب نوکري کو ناپسند کرتے ھیں کیا ھندو کیا مسلمان کیا سکھہ کیا پٹھان کیا ڈوگرے * سپاھیوں کو دم لینے کي فرصت نہیں ھے - ذرا بھي آرام نہیں ملتا * وہ اپنا کام سیکھہ نہیں سکتے کیونکہ اِس سال ایک قسم کي ڈرل سکھائي جاتي ھے دوسرے سال دوسري قسم کي - اور جب وہ نئي نئي ڈرلوں کو یاد نہیں رکھہ سکتے تو اُنکو سزا ملتي ھے * اب تو امتحان بھي ھونے لگے اور ترقّي خیالي لیاقت پر یعني کمانڈنگ آفیسر کي مرضي پر (جو بڑي بے ثبات چیز ھے) موقوف ھوتي ھے † *

* * * * * *

۱۴۲ — یوں تو [2] بہت سے جوان بھرتي ھونے کو ھمیشہ ملینگے - لیکن جب نوکري کا نیا نیا [3] مزہ جاتا رھیگا تو وہ ایسے

---

† سیتارام کو یاد نہ رھا جو وہ پہلے لکھہ گیا ھے یعني کمانڈنگ افسر کي مرضي کو قانون کا حکم رکہنا چاھئیے (مترجم انگریزي)

[1] *Vide* "Hind. Man.," L. 20 (*b*).

[2] *Yūṅ to*, "although, certainly, whilst"; must be followed by *lekin*, *magar*, etc.; *vide* "Stumbling-Blocks," p. 14 (2), and p. 100, note 1, previous chapter.

[3] *Nayā nayā*, 'quite new.'

نوکري سے بر طرف هونا چاهینگے جو روز بروز بے لطف هوتي
جاتي هے - اور یوں افسروں کي محنت جو اُنکو ' ڈرل ' سکهانے میں
صرف هوئي هے مفت برباد جائیگي * پنجاب میں سکهه لوگ
بهرتي هوتے رهینگے کیونکه اپنے اپنے گهروں کے نزدیک هونگے لیکن
وه اور کسي علاقے میں جانا پسند نهیں کرینگے * ایک اور بات یهه هے
که تنخواه کي طرف سے سپاهیوں کا دل آسوده نهیں هے * سواروں
کي تنخواهیں تو بڑهه گئي هیں پر پیدل پلٹن کا حال پہلے هي
کا سا هے * اب جبکه هر چیز هندوستان میں مهنگي هوگئي هے
(اِس سبب سے که بنیے جو چاهتے هیں سو کرتے هیں اور سرکار
کچهه نهیں کهتي) سات روپے مهینے سے نه سکهه کا پیٹ بهریگا نه
پنجابي کا ، اور نه هندوستاني مسلمان کا * * * * *
* * * * * -

۱۴۴ — سرکار کا یهه قاعده که وه کئي ایک کالي پلٹنوں کو
یکجا ایک هي چهاؤني میں رکهتي هے مصلحت کے خلاف هے
کیونکه اُسوقت جوان مست هو کر بازاروں میں اکڑے اکڑے [1] پهرتے
هیں - اُنکے سروں میں بیهوده خیالات بهرے هوتے هیں اور نامعقول [2]
باتیں کیا کرتے هیں - جسکا نمک کهاتے هیں اُسکو بهول
جاتے هیں *

---

[1] *Akṛe akṛe.* *Akaṛnā* is to be stiff, rigid, or cramped (of the body, of a corpse, etc.); also to hold the body in a stiff or constrained position and hence to swagger by puffing out the chest. The reduplication gives the idea of "all along the way, as they go."

[2] *Nā-ma'qūl bāteṅ*, "improper words" (*lit.* "unreasonable words").

۱۴۵ — سپاهیوں کو طرح طرح کی بدمعاشیوں پر اُبھارنے کے لئے هرایک بڑے شہر اور اکثر صدر بازاروں میں بہت سے پاجي لنگاڑے [1] همیشه موجود رهتے هیں - یه بری عادت غدر کے بعد سے بڑھتي گئي هے - اُس سے پہلے میں اِس قسم کي باتیں کم سنتا تها * اب جو [2] هندوستان پر مُصیبت پڑي هے تو یه اُن لوگوں کا عام قاعده هوگیا هے * اِن بازاري نمکحراموں کے پاس هے هي کیا جسکے ضائع هونے کا اُنکو ڈر هو؟ اُنکو یقین هے که فتنه فساد اور هلچل [3] کے زمانے میں کچهه نه کچهه اُنکے هاتهه لگیگا جیسا که غدر میں هوا تها * میرٹهه کانپور اور کئي اور شہروں میں ایسے لوگ کثرت سے هیں * وه اپني زیادتیوں کي سزا سے جو غدر میں اُنسے هوئي تهیں بچگئے - اور اِسي پر فخر کرتے هیں * هر ایک پلٹن میں کچهه نه کچهه [4] فسادي آدمي هوتے هیں جنکے زهریلے [5] اثر سے سپاهیوں کو بچانا چاهئیے - خاص کر نئے جوانوں [6] کو *

۱۴۶ — کئي ایک سال تک هماري پلٹن میں کوئي بات قابلِ ذکر واقع نهوئي * میرا بیٹا ایک اچّها [7] جوان نکلا اور میري پلٹن میں بهرتي هوا *

---

[1] *Pājī lungāṛe.* *Pājī*, gen., is a "rascal" and also sometimes "mean"; *lungāṛā* is more than *bad-maʻāsh*; it means a cheat and blackguard.

[2] *Ab jo*, now when, now that.

[3] *Halchal*, f., "tumult in the streets, commotion and uproar."

[4] *Kuchh na kuchh fasādī ādmī*, "a certain number of—"; note this use of *kuchh* with living things to express quantity: but *koʼī na koʼī*, "some one or other." "Hind. Man.," L. 8 (c).

[5] *Zahrīle asar*, "poisonous effects"; *asar* is sometimes used for *taʼsīr*.

[6] *Na,e jawān* = young soldiers, newly-enlisted youths.

[7] *Achchhā* (or *khāsa*) *jawān*; but in the Panjab *khūb jawān*; *khūb* however is properly an adverb and not an adjective.

۱۴۷ — سنہ ۱۸۳۷ ع میں سارے ہندوستان میں یہ چرچا پھیل گیا کہ شاہ شجاع الملک امیرِ کابل کو سرکار مدد دینے والی ھے تاکہ وہ اپنے تخت کو دو بارہ قبضے میں لائے * دن بدن[1] افواھوں کی کثرت ھوتی گئی اور ھندوستان میں ھلچل سی پڑگئی * بعض کہتے تھے کہ " سرکار کو افغانستان میں روس سے مقابلہ کرنا پڑیگا کیونکہ روسیوں نے امیر دوست محمد خان کو جو کابلیوں کا عزیز حاکم ھے مدد دینے کا وعدہ کیا ھے - چنانچہ نہ فقط کابل والے ھی لڑینگے بلکہ روسی اور ایرانی بھی جنگ میں شریک ھونگے " * * *

* * * * * * * * * *

۱۴۸ — پھر بھی ایسے لوگ تھے جو اِس خیال پر قائم رھے کہ " کمپنی بہادر کا اِقبال سب پر غالب آئیگا " * سرکار کی فوج اٹک کی طرف بڑھتی گئی اور سنہ ۱۸۳۸ ع کے اکتوبر میں ایک فوج فیروز پور میں جہاں میری پلٹن مقیم تھی اِکٹھی ھوئی * ایک لاکھ سپاھی جمع ھوئے - اِسکے علاوہ ایک اور فوج بھی تھی جسمیں ھندوستان کی ھر طرف کے لوگ شامل تھے جو لڑائی میں اپنی اپنی قسمت آزمانا چاھتے تھے * افسر اِسمیں سب انگریز تھے اور کہا جاتا تھا کہ " اِس فوج کا خرچ شاہ شجاع دیتا ھے " *

۱۴۹ — اِس بڑے لشکر میں مجھے حوالدار کی جگہہ تنخواہ کی ترقّی کے ساتھہ دی گئی اور میں نے بہت خوشی سے قبول کرلی کیونکہ اپنی پلٹن میں مجھپر ' کورٹ مارشل ' ھونے کے سبب سے

---

[1] *Din ba-din*; better *roz ba-roz* as *din* is Hindī.

ترقّي کي اُميد بند هوگئي تهي * لوگ اُسوقت کهتے تهے که کمپني بهادر هي اِس فوج کي تنخواه ديتي هے - اِتنا ميں بهي جانتا هوں که جب شاه دوباره تخت پر بيٹها تو وه اپنے هي جلَودَاروں [1] کي تنخواهيں نه دے سکتا تها * اِس فوج ميں توپ خانه اور سوار اور پيدل پلٹنيں تهيں اور شاه شجاع کي 'ليوي' کے نام سے فوج مشهور تهي * جو فوج همارے ساتهه کابل کو گئي اُس ميں کمپني کي اَصل فوج کي صِرف ايک چهوٹي سي يوروپين پلٹن تهي * کالي پلٹنيں بردوان کاسٹر اور گرانڈ اور دو اور تهيں *

۱۵۰ — کابل کا سب سے نزديک کا راسته پنجاب کے بيچ سے تها * پنجاب اُسوقت مهاراجه رنجيت سنگهه کے زيرِ حکومت تها جو سرکار کا بڑا دوست اور خير خواه تها - اور ميرا خيال هے که اُسنے سرکار سے کها بهي تها که " آپکي فوج همارے مُلک کے اندر سے گزر سکتي هے " - ليکن ساتهه ساتهه اُسنے لاٹ فين صاحب سے يه بهي کها تها که " آپ کي فوج بهت چهوٹي هے اور مُمکن هے که اُسميں اور هماري فوج ميں جسکو هم بمشکل اِختيار ميں رکهه سکتے هيں مُٹهه بهيڑ هو جائے " * اِسلئے سرکار نے حکم ديا که فوج مُلک سندهه کو کوچ کرے اور افغانوں کے مُلک ميں بولان گهاٹ سے داخل هو *

۱۵۱ — هم بڑي بڑي نديوں کے کنارے کنارے جهاں نيچي گهن کي جهاڑياں تهيں کوچ کرتے گئے - مُلک بهت هي خراب تها اور

[1] *Jilau-dār*, P., *lit.* "rein-holder," means "retainers, retinue, mounted or on foot."

لوگ وحشي تھے * دو مہینے کے کوچ کے بعد کہ جسمیں ہماري آدھي فوج کو اندروني بخار[1] ہوگیا ہم شہر روڑي میں پہنچے جو سندھہ دریا کے ایک کنارے پر واقع ہے * بڑي محنت و مشقت سے کشتیوں کا ایک پل بنایا گیا اور فوج سندھہ پار گئي جہاں جانے سے وہ ڈرتي تھي - اور یہ پہلي دفعہ تھي کہ ہندوستاني سپاہ نے آدھر قدم رکھا * پرلي طرف بھي ملک ویساھي تھا جیسا ورلي طرف - اور لوگ بھي ایک ھي قسم کے تھے یعني غلیظ اور میلے کچیلے - میں اپني کمپني کے ساتھہ پار جا رہا تھا کہ پل یکایک ٹوٹ گیا اور دھارے کا زور تین کشتیوں کو قلعہ بھکر کے پاس سے بہا لیگیا - اور جب تک کہ کشتیاں چھہ میل نہ جا چکیں ملاح آنکو روک نہ سکے * چار سپاھي ڈوب کر مرے[2] اور ساري رات کمپني کو ایک گنجان مرطوب جنگل میں پڑ رہنا پڑا * راستہ کسي کو معلوم نہ تھا لیکن صبح کو ہم نے 'ھیڈ کوارٹر' ڈھونڈھہ نکالا[3] * ·

۱۵۲ — لاٹ صاحب کو بخار آگیا - اور ایسي تکلیف اٹھائي کہ مجبور ہوکر[4] ولایت چلے گئے * بمبئي کي فوج بنگال

[1] *Andarūnī* or *bhītrī bukhār*, internal fever, *i.e.*, "low or slight fever"; another expression for this is *haḍḍiyoṅ meṅ kā bukhār*.

[2] *Ḍūbkar marnā*, "to drown" (accidentally), but *ḍūb-marnā* is to commit suicide by drowning (drown on purpose).

[3] *Ḍhūnḍ nikālnā*, "search for and find out, to search out"; note, meanings of both verbs are retained.

[4] "Was obliged to—."

کي فوج سے آ ملي اور دونوں نے مل کر شکارپور کي طرف کوچ کیا * یہاں کے لوگ سب مسلمان تھے اور اُن کي زبان کوئي نہیں سمجھہ سکتا تھا * اُنھوں نے ھماري کوئي روک ٹوک نکي اور اُسوقت نہ تو کوئي ڈاکا پڑا اور نہ خون ھوا * شکارپور چھوڑنے کے بعد ھماري اَصَل تکلیفیں شروع ھوگئیں * مُلک کا مُلک لقّ و دقّ رَیگستان [1] تھا * کنوئیں تھوڑے تھے اور پاني کھاري [2] تھا اور سب کچھہ ، یہاں تک کہ جلاوَن [3] اور پاني بھي ، اُونٹوں پر لیجانا پڑتا تھا *

۱۵۳ — اب بلوچ لوگ راتوں کو حملے کر کر [4] کے ھمکو تکلیف پہنچانے لگے - اُونٹ قطار کي قطار [5] اُڑا لیجاتے * اُنکا اُونٹ چوري کرنے کا طریقہ اَنوکھا تھا * ایک بلوچ سوار تاک میں رھتا - اُونٹوں کي کوئي قطار چرانے کو نکلتي یا اسباب لیکر 'کمپو' سے کچھہ دور ھوجاتي تو اُسوقت وہ ایک لَتّا اونٹني کے خون میں بھگوکر اور نیزے پر لپیٹ کر ایک اونٹ کے مُنھہ کي طرف بڑھاتا * اونٹ مست ھوجاتا اور چور کا پیچھا کرتا اور ساري قطار اونٹوں کي اُس اونٹ کے پیچھے پیچھے لگي چلي جاتي * اِس طرح بلوچ سوار بیس بیس [6] اونٹ ایک ایک دفعہ میلوں پہاڑیوں ، کي طرف ، لیجاتے * اِتني بار برداري

---

[1] *Laqq o daqq*, adj., "bleak and barren," of open spaces only; *registān*, "place of sand; sandy desert."

[2] *Khārī*, "brackish"; *bhārī*, "heavy," and perhaps one or two more adjectives have the same form for the masculine and feminine: *khārā pānī* is a vulgarism.

[3] *Jalāwan*, m., "wood for burning.

[4] *Rātoṅ ko ḥamle kar karke*, "by repeated night attacks": *shab-k͟hūn*, m. (*karnā* or *mārnā*), generally translated "night-attack," means "night-slaughter." *Vide* "Stumbling-Blocks," p. 65 (6).

[5] "Hind. Man.," pp. 171-7.

[6] *Bīs bīs*, "as many as twenty."

کے جاتے رهنے سے فوج کو سخت تکلیف هوتي تهي * گو بہت سے اور اونٹ ملتے تهے لیکن چونکه سدهے هوئے نهوتے تهے اسلئے بوجهه کو پٹک دیتے [1] اور بیابان [2] کو بهاگ جاتے *

۱۵۴ — کوچ ٹهیک اُس وقت هوا جب عین سردي کا موسم تها لیکن پهر بهي گرمي ایسي پڑتي تهي که بہت سے گورے اور سپاهي مر مر [3] گئے * ایک دن کا ذکر هے که پینتیس آدمي گرمي کا [4] شکار هوگئے * نزدیک تها که دیسي فوج آگے بڑهنے سے انکار کر بیٹهے [5] اور هندوستان کو واپس جانے پر اُڑجائے * تینوں فوجوں میں غدر [6] کي جهلک [7] دکهلائي دینے لگي * کچهه تو شاه کے بیحد اور جي بڑهانے والے وعدوں اور کچهه بلوچیوں کے خوف سے جنکي تعداد روز بروز بڑهتي جاتي تهي فوجین کوچ کرتي گئین - اور جہاں تک صاحبوں سے هو سکا اُنهوں نے سپاهیوں کا دل بڑهایا * همارا دُکهه بیان سے باهر هے * هندوستانیوں کا کلیجا پاني هوگیا تها [8] *

۱۵۵ — هم لوگ دادر نام ایک گهاٹي سے جسکو نرک [9] کا منهه کہا چاهئیے گزرے * یه مقام نشیب میں تها اور اُسکي چاروں

---

[1] *Paṭak-denā*, "throw down with force, cast (loads, etc.).

[2] *Biyābān*, m., "wilderness."

[3] *Mar-mar gaᵉe*, "died one after another." "Hind. Man.," p. 69, note 4.

[4] "Hind. Man.", L. 56 (*g*).

[5] *Inkār kar-baiṭhe*: expresses completeness and impropriety: *vide* "Hind. Man.," L. 23 (*a*).

[6] *Ghadr*, m., mutiny, mil.

[7] *Jhalak*, f., *lit.*, "glimmering" and met. "signs."

[8] *Kalejā* (or *pittā*) *pānī ho-gayā*, a phrase used by Sītā Rām to express "were worn out by exertion."

[9] *Narak*, a general term for the Hindu hell, or place of torture.

طرف پہاڑیاں تھیں - ہوا کا مطلق گزر نہ تھا وہ میري بندیلکھنڈ
والي قبر سے بھي بدتر تھا * اِسکے بعد ہم بولان گھاٹ میں پہنچے *
یہاں بولاني کاکروں نے بہت سے سپاهیوں اور اُپڑي لوگوں کو مارا *
جب اُنہیں موقع ملتا تو کسي نہ کسي کو خون کرتے - پہاڑیوں پر
سے بڑے بڑے پتّھر لُڑھکا [1] دیدیتے * پاني کے نالوں کو کاٹ کے بہاؤ
کا رُخ بدل دیدیتے اور کنوؤں میں پیلو [2] کي لکڑیاں بھر دیتے جس سے
پاني ایسا بدبو هوجاتا کہ پاس جاتے هي لوگوں کو
اُبکائي [3] آتي * اِسکے بعد ہم کوئٹہ پہنچے * یہاں سردي بلا کي
تھي اور یکایک هوا کي تبدیلي سے بہتوں کو بخار آگیا * آخر
قندهار نظر آیا * مُقابلہ جو کچھہ کرنا پڑا وہ بلوچیوں اور پہاڑي
قوموں هي سے تھا جو درّوں کے آس پاس رهتي تھیں - قندهار
والوں نے ذرا بھي مقابلہ نکیا * کہا جاتا تھا کہ افغان لوگ یہ
نہیں سمجھے تھے کہ سرکاري فوج همارے مُلک میں چکّردار راستے
سے داخل هوگي - وہ یہ خیال کرتے تھے کہ پیشاور کے پاس
درّۂ خیبر سے یا اُتّر کے بعض اور درّوں کي راہ سے آئیگي - اس خیال
سے وهاں جمع هوکر اُنہوں نے اُن جگہوں کو لڑائي کے واسطے تیار
کر رکھا تھا - غالباً بڑے صاحب یہ خوب جانتے تھے اور اُنہوں نے
اپنے جاسوسوں کے ذریعے سے یہ خبر پھیلا دي تھي کہ " انگریزي

---

1 *Patthar luṛhkā-denā*, tr., "to roll."

2 *Pīlū kī lakṛiyāṅ*, "pieces of *pīlū* wood"; *miswāk* or tooth-sticks are made from this tree which, according to Watt (S., 705), is *Salvadora oleoides.*

3 *Ubkāʾī ānā*, "nausea"; *i.e.*, either feeling of nausea or actual vomiting: *jī matlānā* is to have a feeling only of nausea.

فوج خیبر کي راہ سے آنے والي ہے " * فوج کے سب صاحب تعجب کرنے لگے جب دیکھا کہ " دشمن کہیں نہیں ہے - درّوں کي اُس طرف جدھر کابل واقع ہے کوئي بھي مقابلہ نہیں کرتا " *

۱۵۶ — پہاڑي لوگ کُھلے میدانوں میں آنا پسند نہیں کرتے اور بہت کم کسي گاؤں یا قافلے کو لوٹنے کي غرض سے اپنے گھروں کو چھوڑ کر چند کوس بھي جاتے ھیں لیکن پتّھروں کي آڑ میں تو وہ بلا ھیں * وھاں سے وہ اپنے لمبے لمبے جزایلوں سے گولي چلاتے ھیں * یہ گولیاں ھماري بندوقوں کي گولیوں کي تگنّي ھوتي ھیں اور چار سو گز تک بخوبي جاتي ھیں * لیکن جب ھمارے سپاھي نزدیک جاکر ' والیاں ' چلاتے تو وہ عاجز آکر ھٹ جاتے * اُنکے لڑنے کا یہ طریقہ ھے کہ ھر ایک آدمي الگ الگ اپنے طور پر لڑتا ھے * یہ لوگ سرکار کي فوج کي طرح دستہ دستہ جمع ھوکر نہیں لڑتے * جو کوئي اُنکے پہاڑوں کے بیچ سے گزرے اُسپر حملہ کرکے اُسکو لوٹ لیتے ھیں خواہ دوست ھو خواہ دشمن * جو قافلے اپنے مُلک کے خشک میوے اور چمڑے وغیرہ لیکر ھندوستان کو آیا کرتے ھیں اور یہاں سے یہاں کي جنس لیکر واپس جاتے ھیں - وہ اِن قوموں کو دستوري [1] دیتے ھیں جب [2] کہیں گزرنے پاتے ھیں * کبھي کبھي ضرر سے بچنے کے لئے

1 *Dastūri*, lawful perquisites, or commissions paid by shop-people to servants on purchases for masters (2 pice a rupee is considered legitimate); also, as here, vulgar for *guẕāre kā maḥsūl.*

2 *Jab kahīn*, "then and then only": *jab* for *tab.* "Hind. Man.," L. 57 (*e*).

اَنجلیوں [1] روپے دیتے هیں لیکن پهربهي کوئي نه کوئي قوم ضرور یه کہتي هے که " همکو کچهه نهیں ملا " اور اِس بهانے سے اُسي طرح لوت مار کرتي هے * یه قومیں برائے نام امیر کابل کي رعیت هیں * شاه نے بار بار کہلا بهیجا که " انگریز همارے دوست هیں " لیکن اُن لوگوں نے کچهه خیال نکیا - اور نه فوجوں میں کوئي تمیز کي - وه شاه کے سپاهیوں سے اُسیطرح لڑتے بهڑتے اور اُنپر گولیاں چلاتے جسطرح سرکار کے آدمیوں سے پیش آتے تهے - واقعي یه لوگ خونخوار وحشي هیں جو نه خدا کو مانتے هیں نه اِنسان کو *

۱۵۷ — تهوڑي مدّت کے بعد فوج قندهار پهنچي جو کئي ناموں سے مشهور هے مثلاً لهراسپ پور - حسین آباد - نادرآباد * جب هم لوگ وهاں پهنچے تو گرمي کا موسم تها لیکن گرمي ایسي شدّت کي نه تهي جیسي هندوستان میں پڑتي هے * پہلے تو وهاں کے سردار کچهه لوگوں کو ساتهه لیکر مقابلے کي غرض سے نکلے لیکن جب سرکار کي لال کرتي کي پلٹنوں کو دیکها تو اُنکے دلوں پر ڈر چها گیا - سب کے سب بهاگ گئے * اگر وه بولان گهاٹ میں جهاں سے گزرنے میں همکو سات آٹهه دن لگے سرکار کي فوج کے مقابلے کو کهڑے هوجاتے تو آدهي فوج کا ستیاناس کردیتے *

---

[1] *Unjliyoṅ rupay*, "handfuls of rupees": *unjlī* is a double handful, *i.e.*, as much as can be contained in both hands held together to form a cup." *Lap* is a single handful of dry things, and *chullū* of liquids.

۱۵۸ — میں نے پہلي بار اِس کوچ میں جس میں ہم لوگوں کو بیحد زحمتیں [1] جھیلني پڑیں صاحب لوگوں میں اِختلاف اور نا اِتفاقي ہوتے دیکھي * بمبئي کے لاٹ صاحب اور بنگال کے جنرل صاحب دونوں میں بگاڑ ہوا * بمبئي کے لاٹ صاحب کے خیال میں اُنکي فوج سب سے اچھي تھي اور بمبئي کے کُل افسر شاہ کي فوج کو حقیر سمجھتے تھے اور با ضابطہ سپاہي ہمیں بُرے ناموں سے یاد کیا کرتے تھے اور ہمکو نجیب [2] کہا کرتے * لاٹ کین صاحب کا درجہ ہمارے جنرل صاحب سے بڑا تھا - اُنہوں نے حکم دیا کہ کچھہ فوج سندھہ میں چھوڑ دیجائے * وہ اِنتظام جسکے لئے سرکار مشہور ہے اُسکو دونوں ہي کمانیر بھول گئے *

۱۵۹ — جوں جوں ہم قندھار کے نزدیک ہوتے گئے یہ بات کُھلتي گئي [3] کہ جو شاہ نے ہندوستان میں کہا تھا یعني کہ "افغان لوگ دل سے ہمارے وہاں جانے کے خواہشمند ہیں" سراسر جھوٹ ہے * سچ تو یہ ہے کہ اُنکو اُسکا حاکم ہونا کسي طرح پسند ہي نہ تھا * اب ڈر اور پچھتاوا دوبارہ سپاہیوں کے دل میں پیدا ہونے لگا * وہ سمجھے کہ "شاہ کے وعدوں سے ہم نے

---

1 *Zaḥmat*, f., more than *taklīf*, gen.: *jhelnā*, "to undergo (willingly or voluntarily)."

2 *Najīb*, *lit.* "noble," meant "irregular infantry." In the Mughal army this irregular infantry disdained uniform, sentry-go, and fatiguing duties: their business was to fight and protect the person of their prince. The Najib troops in the service of the King of Oudh seem to have been an inferior body. *Vide* Irvine's "The Army of the Indian Moghuls."

3 "Stumbling-Blocks," p. 84 (8).

چکما [1] کھایا - اُس نے محض سبز باغ دکھا رکھا تھا - [2] خود سرکار نے بھي دھوکا کھایا " * لیکن انگریز افسروں کي حیرت انگیز نظیر [3] ایسي تھي کہ باوجود شور و واویلا کرنے اور بڑبڑانے [4] کے فوج کوچ کرتي چلي گئي * سپاھیوں کا خیال تھا کہ " اگر شاہ نے وعدہ خلافي بھي کي تو کیا ؟ هم اگر بچگئے تو انجام کار سرکار سے صلہ [5] مِل رھیگا [6] * جب هم نے قندھار کا شاداب [7] مُلک دیکھا جہاں باغ کثرت سے تھے اور طرح طرح کے پھولوں اور پھلوں کي بہتایت تھي تو همارے دل پھر کچھہ کچھہ تازے هوگئے * بڑے درختوں کے سائے میں جہاں صاف اور میٹھے پاني کي نہر تھي میں نے کھانا پکایا * شکار پور چھوڑنے کے بعد اب تک کسي کو پیٹ بھر کر کھانا نصیب نہ هوا تھا * صرف چبینا ستّو یا گمسا [8] آٹا کھانے کو ملتا تھا *

۱۶۰ — جس ملک میں سے هم آئے وہ واقعي جہنّم کي سرحدّ پر واقع تھا * هر طرف پتّھر هي پتّھر تھے * اگر کہیں سبزہ نظر آتا تو وہ جواسا [9] تھا * گدھوں کے سوا اور کوئي پرند نہ تھا اور یہ بار

1 *Chakmā khānā*, "to be tricked."

2 *Sabz bāgh dikhā-rakhā thā. Sabz bāgh dikhānā* is "to allure by specious promises or hopes."

3 *Naẓīr*, f., "example; exemplar; precedent."

4 *Burburānā*, "to murmur or grumble in a low tone from discontent or madness."

5 *Ṣila*, m., "reward," gen., either the thing given or the abstract idea: *in'ām*, m., is the thing given.

6 The future of *rahnā* added to an intrans. may signify some time or other: *vide* "Hind. Man.," p. 85.

7 *Shādāb*, fresh and green, verdant.

8 *Gumsā āṭā*, "musty flour": *is meṅ phaphūndī lag-ga'ī*="mouldy."

9 *Jawāsā*, the camel-thorn, *Alhagi maurorum*.

برداري کے جانورں اور همارے ساتهيوں کي لاشوں [1] کو جنکے
دفن کرنے کي همکو فرصت نهيں ملتي تهي کها کهاکر اپنا پيٹ
بهرتے تهے *

۱۶۱ — اس کمبخت ملک ميں جنگلي جانور نه تهے -
رهتے [2] تو اُنکو کهانا کہاں سے ملتا ؟ ليکن سند کے ريگستان سے
گيدڑ غول کے غول [3] فوج کے ساتهه ساتهه آئے تهے اور اِس رفاقت سے
موٹے تازے هوگئے تهے * جب کوئي هندو مرتا تو داه کرم [4] کرنے
کو لکڑي نهيں ملتي تهي اور وه کاشي جي اور گنگا مائي سے بهي
دور هوتا تها - وه عجب بد نصيب تها - بهوکے گيدڑ اسکو پيٹ
ميں ليکر اِدهر اُدهر ڈهوتے پهرتے تهے * اب ميں سمجها که
کس ليئے درياے سندهه کو عبور کرنا منع هے * واقعي اگر کوئي ايسا
کرے تو اُسکا انجام بُرا هے - اور جب همکو يه خيال آتا تها که " هم
سبهوں نے اپنے دهرم کے خلاف يه کام کيا هے " تو هماري تکليفيں
دُگني نظر [5] آتي تهيں *

۱۶۲ — اب فرجيں قندهار ميں داخل هوئيں * شاه
شجاع الملک دوباره تخت پر بٹهايا گيا اور اُسکے لوگوں نے بڑي

---

1 *Lāsh*, f., "carcass" (sp. of animal). *Na'sh*, f., human corpse.

2 *Rahte ; agar*, understood.

3 *Ghol ke ghol*, "whole troops of them": *ghol*, m., a troop of men, monkeys, etc., but of birds properly in flight only.

This word must not be confounded with *ghūl*, the ghoul of the Arabian Nights.

4 *Dāh karam karnā*, "funeral rites," *i.e.*, burning and other rites.

5 *Nazar ānā*, "to come in view ; also to appear, seem."

خوشیاں منائیں * آگے آگے شاہ کی فوج جاتی تھی اور پیچھے پیچھے سرکار کی * بڑا تماشا تھا - معلوم ہوتا تھا کہ لوگ اُسکے واپس آنے سے خوش ہوئے ہیں مگر سنا گیا کہ حقیقت میں وہ اُس سے نفرت رکھتے تھے * سرکار کی فوج ہی کا خوف تھا کہ وہ یوں تابعدار بنے تھے * بندے کے خیال میں عوام کو اسکی فکر نہ تھی کہ " فلاں ہی شخص ہمارا حاکم ہو " لیکن سردار اور رئیس لوگ اِس بات سے ناراض تھے کہ " یہ ایک فرنگی فوج لیکر واپس آیا ہے ۔ اسنے فرنگیوں کو ہمارے مُلک کی راہ دکھادی - اور یقین ہے کہ یہ لوگ عنقریب ہمارے مُلک پر قبضہ کر لینگے اور اُسکا وہی حال کرینگے جو ہندوستان کا کیا ہے - اور اپنا منحوس آئین قانون یہاں بھی جاری کرینگے " * یہی خیال تھا کہ وہ اِس قدر جل بھُن گئے تھے [1] * کہا کرتے تھے کہ " اگر شاہ فقط اپنی فوج لیکر آتا تو مضایقہ نہ تھا [2] " * بندے کو اتنا معلوم ہے کہ جب شاہ قندہار میں کچھہ دن رہ چکا تو پھر لوگ اُسکو ذرا بھی خاطر میں نہیں لاتے تھے - اور جب اُنہوں نے دیکھا کہ انگریزی فوج جانے کا نام نہیں لیتی اور قندہار کو خاصی [3] چھاؤنی بنا لیا ہے تو اُنکی آنکھوں میں خون اُتر آیا [4] *

---

[1] *Jal bhun-jānā*, lit. to be burnt and over-roasted, and met. to be madly jealous.

[2] *Thā* for *hotā*. For this substitution of *thā* for *hotā* 'vide' "Hind. Stumbling-Blocks," p. 101 (15).

[3] *Khāṣī chhāʾonī* "a regular cantonment."

[4] *Āṅkhoṅ meṅ khūn utar-ānā*, to be enraged.

۱۹۳ — قندھار میں ھمیں بہت سے ھندو اور بنیے ملے جنکو یہ بھي یاد نہ تھا کہ " ھمارے باپ دادا یہاں کب آئے تھے " * اُنکو دیکھکر ھمیں تعجّب ھوا - لیکن سچ پوچھئیے تو کوئي تعجّب کي بات نہ تھي کیونکہ بنیے وھاں ضرور جائینگے جہاں اُنہیں ٹھگ کر[1] روپیہ پیدا کرنے کا موقع ملیگا * اِسکے بعد یہ قوم غزني اور کابل میں بھي دیکھي گئي اور سنا ھے کہ بعضے روس بھي پہنچے ھیں *

۱۹۴ — کچھہ مُدّت تک ھم لوگ قندھار میں یونہیں[2] ٹھہرے رھے * فصل کا وقت نزدیک تھا اور ھم اِسلئے ٹھہرے ھوئے تھے کہ یہ تیار ھو لے[3] تو ھم آگے بڑھیں * قندھار ایسا کمبخت شہر تھا کہ وھاں ھماري فوج کے لئے کافي اناج نہیں مل سکا - یا تو دکانداروں نے غلّہ گاڑ رکھا تھا یا اصل میں اُنکے پاس اِتنا تھا ھي نہیں * اِسلئے آگے کے کوچ کے لئے رسد جمع کرنے میں ھمیں مُدّت لگ گئي *

نواں باب

۱۹۵ — جو کچھہ کہئیے[4] قندھار ایک بے رونق شہر ھے اور ھندوستان کے بعض چھوٹے چھوٹے شہروں کي بھي برابري نہیں کر سکتا * یہاں کے لوگ زلزلوں کے خوف سے بہت بڑے مکان[5]

[1] *Ṭhagnā*, tr., now means simply "to cheat."

[2] *Yūṅhīṅ*, lit. "like this," *i.e.*, doing nothing.

[3] *—ki yih taiyār ho-le—; lenā* here indicates that one action is to be done before another; *vide* "Hind. Man.," L. 22 (7).

[4] *Kahiye*, impers., "one may say."

[5] *Makān*, m., "dwelling-house."

نہیں بناتے - زلزلے یہاں پیشاور کي بنسبت بھي زور سے اور کثرت سے ہوتے ہیں * ایک ہي بڑي عمارت[1] ہے اور وہ احمد شاہ کا مقبرہ ہے * صاحب لوگوں کو لڑائي کي اُمید تھي لیکن لڑائي نہ ہوئي - اور اُنکے دل افسردہ ہوگئے *

۱۹۶ — سپاہیوں نے کوئي قرینہ[2] نہ دیکھا کہ " شاہ اپنے وعدوں کو پورا کریگا اور ہمکو انعام دیگا " * بات تو یہ تھي[3] کہ اُسکي حکومت قندھار کے آس پاس ہي تک محدود تھي - وہ افغانستان کا بادشاہ نہ تھا *

۱۹۷ — یہ مجھکو کسي طرح معلوم نہوا کہ سرکار اور شاہ کي فوجوں نے اتنے دنوں قندھار میں کیوں قیام کیا لیکن اِتنا جانتا ہوں کہ اِس دیر لگانے کا یہ نتیجہ ہوا کہ دوست محمد کو جنگ کي تیاري کرنے اور چاروں طرف سے آدمي جمع کرنے کي خاصي[4] مُہلت مل گئي * فرنگیوں کے وہاں ہونے سے باشندوں میں بیچیني سي پھیلگئي اور ایک جوش پیدا ہو گیا * وہ اِنکو ناخواندہ مہمان سمجھتے تھے * اگرچہ اُنکو سمجھایا گیا کہ " ہم لوگ تمہارا ملک فتح کرنے یا اُسپر قبضہ کرنے کے لئے نہیں آئے ہیں " لیکن وہ کب سنتے تھے ؟ اُنکو ہندوستان کا حال معلوم تھا - وہ کسطرح باور کرسکتے تھے کہ انگریز صرف شجاع الملک سدوزئي کو اُسکے موروثي تخت پر بٹھانے آئے ہیں !

[1] *'Imārat*, f., "large building."
[2] *Qarīna*, "likelihood"; also "indication and context."
[3] *Bāt to yih thī ki*— "the fact was—."
[4] *Khāṣī muhlat*, pretty ample leisure, or respite.

۱۶۸ — کئي مہینوں کے توقّف کے بعد فوج غزني کي طرف بڑھي کیونکہ یہ شہر شاہ کي حکومت کو تسلیم نہیں کرتا تھا * غزني قندھار سے ایک سو چالیس کوس پر واقع ھے * گو کہیں کہیں راستہ بہت ھي خراب تھا پھر بھي جس راستے سے ھم قندھار آئے تھے اُس سے کہیں اچّھا تھا * ھر کوئي کہتا تھا کہ غزني ایک مُحکَم اور مضبوط شہر ھے * افغانوں کو کامل یقین تھا کہ " اِسکو کوئي فتح نہیں کرسکتا " *

۱۶۹ — سب کو تعَجُّب ھوا جب لاٹ کین صاحب صرف ھلکي توپیں اپنے ساتھہ لیکر چلے اور اُن بھاري توپوں کو جنھیں دروں کے بیچ میں سے گھسیٹ کر لیجانے میں بیحساب دِقتیں پیش آئي تھیں قندھار میں رھنے دیا جہاں دو تین ھزار آدمیوں کي ایک فوج بھي چھوڑدي گئي * جب قلعۂ غزني نظر آیا تو معلوم ھوا کہ واقعي یہ جگہہ بہت ھي مُستَحکَم ھے اور بغیر بھاري توپوں کے اُسکا فتح کرنا آسان نہیں *

۱۷۰ — جب فوج نزدیک پہنچي دشمن شہر سے جوق جوق[1] باھر نکلے اور دونوں جانب سے خوب خوب گولیاں برسنے لگیں - لیکن یہ بہت جلد پسپا ھوگئے * یہ پہلي دفعہ تھي کہ افغانستان میں آنے کے بعد ھمکو لڑنے کا موقع ملا * قلعۂ غزني کا حاکم حیدر علي خان تھا - اور اُسکے لوگ سارے

[1] *Jūq jūq*, "a big body of men": in Urdu, not used of flocks of birds, or animals.

دوست محمد کي طرف تهے اور شاہ کے خلاف * اُنکو اپنے قلعہ کي مضبوطي پر پورا بهروسا تها * ديواريں اِتني اُونچي تهيں کہ سيڑهي يا کمند لگاکر اُن پر چڑهنا مُمکن نہ تها * ' هارس آرٹيلري ' کي هلکي توپيں بهي بہت کم کارگر هوتي تهيں *

۱۷۱ — سرکار اور شاہ کي فوجيں اب يہہ قصد رکهتي تهيں کہ قلعہ کو ويساهي [1] چهوڑ کر واپس پهريں کہ ايک رات دشمن کا ايک بهگوڑا همارے خيموں ميں آيا اور کہا کہ " هم تمہارے جنرل صاحب سے ملنا چاهتے هيں " * هملوگوں کا خيال تها کہ اُسي نے قلعہ کے ايک دروازے کو بتايا جس سے فوج قلعہ ميں گهس سکتي تهي * امير کے بہت سے بيٹوں ميں سے يہ بهي ايک تها * وہ اپنے باپ سے لڑا تها اِس لئے وہ دروازے کا بهيد دشمن پر کهولکر بدلا لينا چاهتا تها *

۱۷۲ — کئي دن بعد ايک هلّا کرنے والي ' پارٹي ' مُقرر هوئي اور حکم هوا کہ فوج قلعہ کے اُس رُخ پر لگاتار گولہ باري کرے جو اُس دروازے کي دوسري طرف تها - مطلب يہ تها کہ غازيوں کا دهيان اور طرف بٹ [2] جائے - ساتهہ هي همارے سپاهيوں کي ايک جماعت باروت کي تهيلياں ليکر دروازے تک پهنچ گئي اِس غرض سے کہ اُسکو اُڑادے * رات کا وقت تها اور هوا زور سے چل رهي تهي اور هرطرف خاک کثرت سے اُڑتي تهي جس سے رات اور بهي اندهيري معلوم هوتي تهي * جب هماري توپيں سر هونے [3] لگيں

[1] —*ki qil'a ko waisā hī chhoṛkar*, "—to leave the fort untouched, leave it as it was and—"

[2] *Dhiyān aur ṭaraf baṭ-jā'e*, "their attention might be directed elsewhere": *baṭnā*, intr., "to be distributed, divided"; *bāṅṭnā*, tr.

[3] *Sar honā*, "to be fired off" (of guns): tr., *sar karnā*.

تو غازي لوگ مشعلیں لئے ہوئے ادھر اُدھر دوڑتے نظر پڑے اور اُس مقام پر یکایک روشني کے ہونے سے دیپ پوجا [1] کا عالم ہوگیا *

۱۷۳ — تھوڑي دیر کے بعد ایک چکا چوند [2] کر دینے والي چمک دکھائي دي مگر توپوں کي گرج میں اور کوئي آواز نہ سنی گئي * ' بگلوں ' پر ' اڈوانس ' بجایا گیا اور ھلّا کرنے والي ' پارٹي ' یعني تیرہ نمبر لال کُرتي اور سولھہ نمبر ' گرانیڈیر ' (کالي پلٹن) اور میري پلٹن کي دو کمپنیاں سب جھپٹ [3] پڑیں * کسي کو خبر نہ تھي کہ دروازہ اُڑا یا نہیں * شاہ کي سپاہ کچھہ رُک گئي لیکن جب دیکھا کہ بندوقیں لگاتار چلائي جا رھي ھیں [4] اور ' بگل ' بج رھا ھے اور صبح بھي ھو چلي ھے [5] تو آگے بڑھي * غازي لوگ دیووں کي طرح لڑے لیکن کچھہ بن نہ پڑا [6] * بندوقوں نے اُنکا صفایا [7] کردیا *

۱۷۴ — اِسوقت بڑي گھبراھٹ پڑ گئي * بعض کہتے تھے کہ دروازہ اب تک نہیں اُڑا - بعض کہتے تھے کہ ھلّا کرنے والي ' پارٹي ' اُسمیں سے گزر چکي ھے * ھمارے بریگیڈیر نے ' ریزرو ' کے کالموں کو ' ھالٹ ' کرایا اور ایک صاحب کو خبر لانے کے

---

[1] *Dīp pūjā*, or *dīwālī*, a Hindu festival that generally falls in the latter part of October. Lights are offered to ancestors to illuminate their abode.

[2] *Chakāchaund karnā*, tr., "to dazzle."

[3] *Jhapaṭ-paṛnā*, "rush on," for *relā mārnā*: *jhapaṭnā* is properly "to pounce on."

[4] Passive of *chal rahī haiṅ*.

[5] *—aur ṣubḥ bhī ho-chalī hai*, "and dawn was just about to break," "Hind. Man.," L. 40, (*b*) (2).

[6] *Kuchh ban na-paṛā*, "they couldn't effect anything."

[7] *Ṣafāyā*, 'vide' note 3, p. 95.

لئے آگے بھیجدیا * اُسوقت صبح کي روشني پھیلنے لگي تھي - قلعه کے اندر اپني ھي لال کرتي کي پلٹن نظر آنے لگي * غازي لوگ تلوار ھاتھه میں لئے دروازے پر ھجوم کرکے ٹوٹ پڑے اور مدافعة کرنے لگے * گوروں کي کمپنیاں پیچھے ھٹا دي گئیں - تب سپاھیوں کي دو کمپنیوں نے جھپٹ کر دروازے پر قبضه کرلیا * اِس کام سے گورے اسقدر خوش ھوئے که اُس پلٹن کے ھر ایک آدمي سے ھاتھه ملایا * سنا ھے که کسي غازي نے بریگیڈیر صاحب پر حمله کرکے اُنکو سخت زخمي کیا تھا * اب قلعه لے لیا گیا اور خون کي ندیاں بھنے لگیں * وہ رئیس لوگ جو سپاھي نه تھے اور عورتیں ، سبھوں نے نکل کر جنرل صاحب سے پناہ مانگي - ھر قسم کي بے عزتي اور ضرر سے اُنکو امان دي گئي *

۱۷۵ — قلعه کے حاکم کا کھیں پتا نه تھا - اور کچھه معلوم نه تھا آیا وہ مارا گیا ھے یا زندہ ھے * سارے قلعه میں اُسکي تلاش ھوئي * آخر ایک افسر نے اُسکو ایک گھر میں چھپا ھوا پایا * وہ اُسپر فیر کرنے ھي کو تھا [1] که یه پُکار اُٹھا " دیکھنا [2] میں حیدر علي ھوں " * اُسکو جنرل صاحب کے پاس لے گئے [3] جو اُس سے بہت مہرباني کے ساتھه پیش آئے * حیدر علي نے دلیرانه طور پر لاٹ صاحب سے کہا که " میں اپنے وطن اور اپنے بادشاہ کے لئے لڑتا ھوں - ھم افغانوں نے کبھي انگریزوں کا کچھه بگاڑا نہیں ھے *

---

[1] *Wuh uspar fair karne hī ko thā ki*—"was just going to fire at him when—". "Hind. Man.," L. 54 (*g*).

[2] *Dekhnā* = "beware!" Note idiom: this Infinitive, here, is neither a polite, nor a future Imperative; *vide* "Hind. Man.," L. 32 (*d*).

[3] "Hind. Man.," L. 47 (*b*).

پھر کیا سبب ہے کہ آپ لوگ ھمارے مُلک میں گھسکر ایک ایسے بادشاہ کو تخت پر بٹھاتے ھیں جس سے سب کو دلي نفرت ہے ؟ ھمارے گھروں میں آپکے آنے سے موت اور تباھي پھیل گئي " * آخر میں اُس نے کہا کہ " آپ [1] چاھیں تو مجھے مار ڈالیں لیکن اگر چھوڑ دیا تو میں ھمیشہ آپ لوگوں کا جاني دشمن رھونگا اور جہاں تک مجھسے ھوسکیگا میں یہاں کے باشندوں کو آپ سے لڑنے کے لئے اور کابل سے آپکو ھنکا دینے کے لئے اُبھارونگا " * لاٹ صاحب کچھہ خفا نہوئے - اُنھوں نے فرمایا کہ " آپ دلیر آدمي ھیں اور میں آپ کے دلي خیالات کي عِزّت کرتاھوں - لیکن میں تو یہاں ایک نوکر ھوں اوراپني سرکار کا حکم بجا لاتا ھوں " * پھر یہاں بندے نے انگریزوں کے عجیب دستور دیکھے * حیدرعلي جو کچھہ یہاں بولا اگر اُسکا ایک حصہ بھي کسي نواب یاراجہ کے آگے مُنھہ سے نکالتا تو اُسي وقت اُسکے پُرزے اُڑادیئے جاتے - مگر اِس کُھلے دربار میں وھي صاحب لوگ جو اُس سے لڑے تھے پکار اُٹھے " بارک اللہ ! بارک اللہ ! " [2] * یہ کچھہ نرالا [3] ھي طریقہ ہے - بھلا وہ لڑتے کیوں ھیں ؟ وہ اِس بات کے لئے نہیں لڑتے کہ دشمن کو ماریں بلکہ اِس لئے کہ دل لگي [4] کے طور پر اُنکو پکڑ پکڑ کر چھوڑ دیں - واقعي اُنکے طریقے کوئي نہیں سمجھہ سکتا * یہ بھي طُرفہ تماشا تھا کہ ایک آدمي جو باتیں کرنے میں اِتنا دلیر تھا لڑائي کے بعد ایک کونے میں چھپا ھوا پایا گیا *

---

[1] *Agar*, understood.

[2] *Bārak Allāh*, an expression of admiration and approval: *lit.* "May God prosper thee."

[3] *Nirālā*, "singular; novel; peculiar; *also* unmixed, pure."

[4] *Dil-lagī*, "a joke (in words or deed)."

۱۷۶ — غزني بڑا شهر تها اور اونچي ديواروں سے گھرا هوا تها * اسميں ايک اونچا ارگ [1] تها * افغان سمجهے هوئے تهے که "همارا قلعه اجيت هے - کوئي کيساهي طاقتور هو اسکو نهيں لے سکتا" - اور اسميں شک نهيں که انکي اپني قوموں کے مقابلے ميں وه اجيت هي تها - ليکن سرکار کے اقبال کے آگے کون ٹهہر سکتا هے ؟ خبر ملي که امير کا بيٹا اکبر خان دهاوا [2] کرکے غزني کي طرف چلا آرها هے * ليکن جب اسکو خبر پهنچي که انگريزوں نے شهر کو فتح کرليا هے وه الٹے پاؤں پهرا [3] * جتنے صاحب اس قلعه کے لينے ميں زخمي هوئے يا مارے گئے تهے کسي اور محاصرے ميں ميں نے اتنوں کو زخمي هوتے يا مرتے نهيں ديکها - ليکن سپاهيوں کي فوتي تعداد کم تهي يعني ايک سو اسّي سے زياده نهيں * هماري 'ليوي' کے رسالے نے اچّهي خدمت کي اور نام پيدا کيا - اور شاه کي فوج کا بڑا نام هوا * سنه ۱۸۳۹ ع کي گرميوں ميں يه محاصره هوا تها * بعض صاحبوں کي 'ليڈياں' دوسري سرکاري فوج کے ساتهه آ پهنچي تهيں † ليکن کسطرح وه آئيں مجهے خبر نهيں * وه بهادري ميں بيمثال [4] تهيں * جنرل صاحب کي 'ليڈي' تو واقعي 'جنگي ميم صاحبه' [5]

---

† سيتارام يه نهيں بتاتا که کس طرح ۱۳ فوٹ اور ۱۶ گوبنڈير پلٹنيں غزني کے محاصرے ميں آکر شامل هوئيں * ايک بڑي فوج درّهٔ خيبر اور اور شمالي درّوں کي راه سے افغانستان ميں داخل هوئي تهي *

1 *Arg*, a small citadel. In Mod. Pers. *ark* is usually applied to the residence of a Governor.

2 *Dhāwā karke*, "making forced marches = *kūch dar kūch karnā*.

3 *Ulṭe pāʼoṅ [se] phirnā*, returned at once, without staying."

4 *Yaktā*, adj., "unique" = *lā-s̤ānī*.

5 '*Jangī memṣāhib*' is Sitā Rām's own expression.

تھیں * میں کسي طرح نہیں سمجھ سکتا کہ یہ لیڈیاں کیونکر آئیں - سپاھیوں کي زباني تو معلوم ھوا کہ لڑائي ھر طرف ھو رھي تھي - لیکن چونکہ میں اپني آنکھوں سے ایک لیڈي کو ' کالم ' کے آگے آگے درّے میں سے کوچ کرتے دیکھہ چکا ھوں اِسلئے اب آنکي کسي بات پر مجھکو تعجّب نہیں ھو سکتا * پنڈت دلیپ رام مجھے یہ نصیحت کیا کرتے کہ " بیٹا [1] ! عورتوں کي صلاح مت ماننا [2] - وہ برف کي طرح ھوتي ھیں - صبح کو سخت اور مضبوط لیکن جوں جوں دھوپ چڑھتي جاتي ھے وہ پگھلتي جاتي ھیں " - مگر سچ تو یہ ھے اُنہوں نے کسي میم صاحبہ کو نہیں دیکھا تھا * بعض افسر اگر اپني میموں کي صلاح سنتے تو انگریزي فوج کو ایسے بُرے دن نہ دیکھنے [3] پڑتے *

۱۷۷ — قلعۂ غزني میں ایک فوج چھوڑ دي گئي اور ھماري فوج نے آگے کابل کو کوچ کیا * کوچ میں مہاراجہ رنجیت سنگھہ کي موت کي خبر پہنچي اور انگریز افسروں کو اِس بات کي فکر پڑگئي کہ " دیکھئیے اب کیا ھوتا ھے ؟ " کہا جاتا تھا کہ سکھہ لوگ افغانوں سے ملکر اُنکو سرکار کے ساتھہ لڑنے میں مدد دینگے اور جو انگریزي فوج اُنکے مُلک میں سے گزرنا چاھیگي اُسکا راستہ روک دینگے *

---

1 *Beṭā* is more affectionate than the correct vocative (*ay*) *beṭe*.

2 *'Auratoṅ kī ṣalāḥ mat mānnā*: instead of the colloquial *mat*, *na* is to be preferred before an Infinitive.

3 *Angrezī fauj ko aise bure din na-dekhne parte*, "the English army would not have had to see such evil times, been so unfortunate." Note that the subject to *parte* is *din na-dekhne*: *dekhne* is plural because *din* is plural. Lucknow people would say *aise bure din dekhnā na-parte*; for they maintain that an Infinitive cannot have gender or number.

یہ بھي افواہ تھا کہ " نہیں - ایسا نہیں ہونے پائیگا - سرکار اُنکو رشوت دیکر راضي رکھے گي " * افغان لوگ بھي ویسے هي فکر مند تھے جیسے انگریز افسر - کیونکہ اُنکو معلوم تھا کہ سرکار کي دولت اور اُسکے مُلک کي پیداوار [1] اور وسائل بیحد هیں - سرکار کے ایک شہر میں جتنے روپے هیں اُتنے همارے سارے افغانستان میں نہ نکلینگے " * طرح طرح کي خبریں اُڑتي رهتي تھیں - کوئي کہتا تھا کہ " انگریز قندهار سے هنکا دیئے گئے هیں اور بولان میں اُنکي فوج برباد هوگئي " - کسي کا یہ بیان تھا کہ " انگریز بولان کي راہ سے لاکھوں سپاهیوں کے ساتھہ آرهے هیں " * خبروں کي کوئي اِنتہا نہ تھي اور ایک خبر سے دوسري خبر کي تردید [2] هوتي تھي * خود صاحبوں کو حقیقتِ حال معلوم نہ تھي - اِس لئے بازار میں جو خبریں سنی جاتي تھیں اُنکي تغلیط نہیں کر سکتے تھے *

۱۷۸ — اسوقت کئي قاصد همارے خیموں میں پہنچے اور جنرل صاحب نے هم لوگوں سے فرمایا کہ " هماري دو بڑي بڑي فوجیں اب افغانستان میں آنے والي هیں " - اِس سے هماري چھوٹي سي فوج کي ڈهارس بندهي [3] * همارے سب ' کمانیر ' صاحب بہت چاهتے تھے کہ " اِن فوجوں کے پہنچنے سے پہلے هم آگے بڑھیں - کہیں ایسا نہو کہ وہ آجائیں اور دشمنوں سے لڑکر لوٹ پاٹ اور نام آوري سے فائدہ اُٹھائیں اور هم مُنہہ دیکھتے رہ جائیں [4] " *

---

[1] *Mulk kī paidāwār aur wasā'il*, "resources"; *paidāwār*, m., f., "products": *wasā'il* (pl. of *wasīla*) "means."

[2] *Tardīd*, f., refutation, contradiction.

[3] *Fauj kī ḍhāras bandhī*, "took heart."

[4] *—aur ham muṅh dekhte rah-jā'eṅ*, "and we look on *helplessly*."

کابل غزني کے شمال کي طرف اُس سے آٹھہ پڑاو کے فاصلے پر واقع ہے * جب هم کوچ کرتے تھے امیر دوست محمد کے چند ایلچي همارے خیموں میں آئے اور اُنمیں امیر کا بھائي نواب زبیر خاں بھي تھا * اُسنے اِس بات کي درخواست کي که انگریزي فوج اب افغانستان سے واپس چلي جائے - لیکن همارے 'پولیٹکل' افسروں نے منظور نکیا اور وہ اپنا سا منه لیکر چلا گیا [1] * یه دیکھکر تعجب هوتا تھا که کسطرح یه وکلاء بار بار انگریزي خیموں میں آکر بیجا اور بیهوده عرض معروض [2] کیا کرتے هیں * اُنکو کچھه خوف نه تھا کیونکه اُنکو انگریزوں کي شرافت [3] پر پورا بھروسا تھا *

۱۷۹ — نواب کے جانے کے کئي دن بعد خبر پهنچي که " دوست کے اکثر لوگ اُسکو چھوڑ کر الگ هوگئے هیں " - اِس لئے اُسکا پیچھا کرنے کے لئے ایک هلکے سامان والا ' کالم ' مقرر هوا * انگریز افسروں کو اُسکے گرفتار کرلینے کا یقین تھا * اِس ' کالم ' کا رهبر ایک افغان، حاجي کاکڑ نام، تھا * اُسکا دعوی تھا که " میں امیر کے اِرادوں اور چالوں سے پوري واقفیت رکھتا هوں اور ' کالم ' کو نزدیک کے راستے سے لیکر عین اُسکے سر پر جا پڑونگا " - لیکن کئي قبل کوچ یعنے یلغاریں [4] کرکے چلنے اور کئي جگهه مقام کرنے کے بعد (اور مقام جب کیا جاتا تھا کاکڑ کي هي نصیحت سے کیا جاتا تھا) کسي نه کسي تدبیر سے

---

[1] *Apnā sā muṅh lekar chalā-jānā*, "to depart disappointed or shame-faced from disappointment."

[2] *'Arẓ ma'rūẓ*, different sorts of petitions; "Hind. Man.," L. 48 (*b*).

[3] *Sharāfat par bharosā*, "trusting in the honour of—"; *sharāfat*, f., *lit.* "nobility."

[4] *Yalghār*, a Turkoman raid and hence a forced march.

امیر بھاگ ھي کر رھا [1] گو اُسکے سارے خیمے اور توپیں لے لي گئیں * شاہ نے جب سنا کہ دوست محمد ھمارے ھاتھہ سے نکل گیا تو اُسنے کاتر کا سر طلب کیا * وہ کہتا تھا کہ " یہ غدّار اور نمک حرام [2] ھے " * انگریزوں نے اُسکو حوالے نکیا بلکہ گرفتار کرکے ھندوستان بھیجدیا *

۱۸۰ — فوج بغیر کسي قسم کے مقابلے یا مُزاحمت [3] کے کابل میں داخل ھوئي * شاہ شجاع تخت پر بٹھایا گیا اور اُسکي بادشاھي کا اعلان [4] کیا گیا * لیکن یہاں بھي قندھار کي طرح عوام نے خوشي کا اظہار نکیا - شاہ ھي کي فوج اور درباریوں نے خوشیاں منائیں * کُل لوگوں کو دوست محمد کے ساتھہ ھمدردي تھي *

۱۸۱ — شاہ نے کھلے دربار میں بہت سے قیدیوں کا جو غزني میں پکڑے گئے تھے خون بہایا * ان مقتولوں [5] میں بعض بعض بڑے بڑے گھرانوں کے سردار تھے * اِس حرکت سے انگریز افسروں کو بڑي نفرت ھوئي اور کابل والے بھي بر افروختہ [6] ھوئے * لاٹ مکناٹن صاحب بھي سخت ناراض ھونے اور شاہ سے کہدیا کہ

---

[1] *Bhāg hī kar-rahā*, "succeeded in getting off (with difficulty)"; *vide* "Hind. Man.," L. 23 (*b*) (3) (*Rahnā*).

[2] *Namak-ḥarām*, "faithless to one's salt, treacherous to a superior": *ghaddār* is used of one who is a traitor to his party.

[3] *Muqābala*, m., "confronting, face to face"; *muzāḥamat*, f., "hindrance."

[4] *I'lān*, m., "proclamation": *ishtihār*, "advertisement."

[5] *Maqtūl*, "killed," past partic. Ar., from قتل

[6] *Bar afrokhta honā*=*āṅkhoṅ meṅ khūn utarnā*=*badan meṅ āg lagnā* "to be enraged."

" اگر دوبارہ اِس قسم کي ناجائز حرکت واقع هوئي [1] تو انگريزي فوج افغانستان سے واپس چلي جائيگي " * خوب هوتا جو [2] که یه فوج اُس منحوس مُلک سے اُسي وقت چلي گئي هوتي * شاہ تخت پربٹھایا جا چکا تھا [3] اور امير دوست محمد افغانستان سے نکالا جاچکا تھا * ليکن يه خوب معلوم تھا که اِدھر [4] انگريزي فوج نے پيٹھه پھيري اُدھر [4] بلوہ هر طرف شروع هوگيا * شاہ شجاع اور اُسکے حوالي موالي [5] اِسي بات کو [6] ڈرتے تھے * ميرا خيال هے که اُنهيں کي منّتوں اور خوشامدوں سے سرکار نے اپني فوج کو ٹھہرا رکھا * کابل کے لوگ کھلم کھلا بازاروں ميں کہتے تھے که شاہ کا تخت جبھي [7] تک هے که " يه 'سرخ خلايق' [8] اُسکي حفاظت کے لئے موجود هيں " *

۱۸۲ — فوج کے لوگ کابل ميں گھر لے لے [9] کر رهنے لگے * بعض افسروں نے ديسي لوگوں کے گھروں کو کشادہ کيا اور بعضے شہر کي حوالي ميں مکان ليکر رهنے لگے - اور اُسي طرح ايک زندگي بسر

1 The Preterite is generally used conditionally for the Future in warnings, and is then followed by a Future.

2 *Jo*, "if."

3 *Biṭhāyā jā chukā thā*, "had been *successfully* placed on the throne": note this force of *chuknā*.

4 *Idhar — udhar—*; "as soon as"; can be followed by the Present to indicate habit: *vide* Hind. Man., L. 51 (*a*).

5 *Ḥawāli-mawālī*, "servants and retainers."

6 *Isi bāt ko ḍarte the*, "they feared this would happen," but *is jānwar se ḍartā hūn*, I fear (from) this animal.

7 *Shāh kā takht jab-hī tak hai ki—* "the Shāh's throne lasts just so long as — and no longer": *tab* would not be so modern.

8 'سرخ خلايق' يعني سرخ لوگ کيونکه بهت لال ورديان پهنے هوئے تهے * — م The term *surkh khalā'iq* is not correct.—Ed.

9 *Ghar le-le-kar*, "taking different houses." If the subject were singular *le-le-kar* would mean taking several times.

کرنے لگے جسطرح ہندوستان کي چھاؤنیوں میں گذران کرتے تھے بہت جلد سخت سردي پڑنے لگي * ایسي شدّت کي سردي کبھي همارے مُلک میں نہیں دیکھي گئي تھي - سپاهیوں کا بُرا حال تھا [1] * اُنکے هاتھہ پاؤں نکمّے هوگئے اور خون اُنکي رگوں میں جم جمکر [2] رهگیا * گورے جو یورپ سے آئے تھے وہ سردي سے اِتني تکلیف نہیں اُٹھاتے تھے لیکن اُنمیں سے بہتوں کو پالا مار گیا [3] اور اُنکي بِوائي بھي پھٹي تھي [4] * برف قدّ آدم پڑي * بڑي مہنگي هوئي * هم هندو لوگ نہانے سے ڈرتے تھے کیونکہ نہانا موت کا شکار بننا تھا * نہ سکھہ تھا نہ چین - علاوہ اِسکے اُس منحوس ملک میں هم لوگونکو لانے کے لئے جو لمبے چوڑے وعدے شاہ نے کئے تھے اُنمیں سے ایک کو پورا نکیا - ایک کوڑي بھي کسي کے هاتھہ نہ لگي *

۱۸۳ — جاڑوں سے پہلے بمبئی کي فوج کي کئي پلٹنیں هندوستان کو واپس بھیجي گئي تھیں * میرا خیال هے کہ یہ جگدلگ اور خیبر کي راہ سے گئیں جو نزدیک‌ترین راہ هے اور جہاں ریگستان نہیں هیں * لیکن سکھوں کي فوجوں سے مُٹھہ بھیڑ [5] هوجانے کا اندیشہ لگا تھا * اُن لوگوں کو اگر موقع ملتا

---

[1] *Sipāhiyoṅ kā burā ḥāl thā*, "sepoys were in an evil plight, suffered much."

[2] *Khūn jam jam-kar rah-gayā*, "congealed in different places."

[3] *Pāla mār-jānā*, "to be frost-bitten." *Mār-jānā* often used of diseases.

[4] *Biwāʾī phaṭnā*, to have chilblains; also to have cracked heels (of a horse).

[5] *Muṭh bheṛ ho-jānā*, to encounter suddenly = *do chār honā*. Properly speaking *muṭh bheṛ*, f., is a hand-to-hand conflict.

تو ضرور انگریزي فوج پر آ پڑتے هرچند که دونوں سرکاروں کے درمیان صُلح قائم تهي * هماري فوج اب کم هوگئي تهي - تاهم کچهه مدّت تک امن چین رها *

۱۸۴ — افغان لوگ اب دل میں پیچ و تاب کهانے لگے که " انگریزي فوج یہاں کیوں مُقیم هوگئي ؟ " کہتے تهے که لاٹ مکناٹن صاحب نے جو وعدہ کیا تها پورا نہیں کیا یعني " جب شاہ تخت پر بیٹهه لیگا اور کسي قسم کا اندیشه نه رهیگا تو فوج هندوستان کو واپس چلي جائیگي " * اُنہوں نے کہا که " پادشاہ کو تو مُلک واپس مِلگیا - پهر بهي فرنگي یہاں پاؤں جمائے بیٹهے هیں " * مکناٹن صاحب نے جواب دیا که " فوج کا بڑا حصّه واپس بهیج دیا گیا هے " * اُنہوں نے شکایت کي که " ساري فوج تو نہیں گئي - اصل میں همارا مُلک انگریزوں کے قابو میں هے " * لاٹ صاحب نے کہا که " انگریزي سرکار (اُن لوگوں کو چهوڑ کر جو شاہ شجاع وارثِ تخت کے مخالف هیں) افغانوں کو هرگز دشمن نہیں سمجهتي " * افغانوں نے جواب دیا که " همکو اِس کا حق هے که هم جس کو چاهیں بادشاہ بنائیں " * اِسي طرح کے ردّ و بدل [1] اور بحث مباحثے [2] انگریزوں اور سرداروں کے بیچ هوتے رهے *

* * * * * * * *

---

[1] *Radd o badal=ḥujjat o takrār*, "a war in words; an unfriendly contention or controversy."

[2] *Baḥs mubāḥasa*, "discussion, argument (friendly or otherwise)."

دسواں باب

۱۸۶ — انگریزوں نے نئي افغاني پلٹنیں قائم کیں اور افغان شوق سے بھرتي ھونے لگے کیونکہ اُنھوں نے سنا تھا کہ انگریزي سرکار سپاہ کو برابر ماہ بماہ تنخواہ دیا کرتي ھے * ھماري ' لیوي ' کا ایک ' کپتان ' ان نئي پلٹنوں میں سے کسي کا کمانیر بنایا گیا *

۱۸۷ — معلوم ھوا کہ امیر دوست محمد بخارا کي طرف چلدیا[1] ھے اور سنا جاتا تھا کہ وھاں قید بھي ھوگیا ھے * تھوڑي مدّت کے بعد خبر پہنچي کہ وہ قید سے بھاگ نکلا[2] اور اب انگریزوں کے ساتھہ لڑنے کے لئے ایک فوج لیکر چلا آ رھا ھے * ھماري فوج کا ایک حصّہ مقابلہ کے لئے بھیجا گیا * سیغان میں ایک لڑائي ھوئي - یہاں افغانوں کي نئي پلٹن نے لڑنے سے اِنکار کیا اور اپنے افسروں سے کہا کہ " اگر آپ ھمیں لڑنے پر مجبور کرنا چاھینگے تو اچّھا نہوگا " * لیکن پھربھي انگریز امیر کو شکست دے ھي کر رھے[3] اور وہ دوبارہ بھاگا * اُسکے سب ساتھي تِتّر بِتّر ھوگئے - فقط چند نفر اُسکے ساتھہ رھگئے *

۱۸۸ — اِسکے بعد کبھي کبھي چھوٹي چھوٹي لڑائیوں میں انگریزوں کو بھي شکست ھوئي لیکن امیر کو قطعي طور پر کوئي فائدہ نہوا اور جب اُسنے دیکھا کہ سرکار کي ایک اور فوج کابل آرھي ھے تو اُسنے لڑائي سے ھاتھہ اُٹھا لیا * کابل والے اور خود انگریز بہت

---

[1] *Chal-diyā hai*, 'has gone off *in a hurry*.'

[2] *Bhāg niklā*, "escaped"; meanings of both verbs retained.

[3] *Angrez shikast de hī kar rahe*, "the English at last did succeed in defeating the Amir." *Vide* "Hind. Man.," L. 23(*b*) (3) (*Rahnā*).

حیران هوئے جب اُس نے اپنے چاهیتے بیٹے کے ساتهہ آکر اپنے کو انگریزوں کے حوالے کردیا * سرکار نے اُسکو هندوستان بهیجدیا اور وہ کلکتے میں نظر بند کیا گیا *

۱۸۹ — اب شاہ شجاع کے دربار میں خوشیاں منائي جانے لگیں کیونکہ اُسکے سب دشمن رفع دفع هو چکے تهے - لیکن ایسے لوگوں [1] پر کوئي کیا حکمرانی کرے جو اپنے حاکم سے نفرت رکهتے هوں [2] ؟ افغان یہ سمجهتے تهے کہ شاہ شجاع کے زور ڈالنے سے [3] دوست محمد قتل کردیا جائیگا اور بعضے کہتے تهے کہ وہ اِسواسطے هندوستان بهیجا گیا هے کہ انگریز اُسے کابل میں قتل کرنے سے ڈرتے هیں * جب اُن سرداروں نے جو شاہ شجاع کے دشمن تهے یہ بات سني تو وہ ڈرنے لگے کہ " کہیں ایسا نہو کہ هم بهي گرفتار هو کر جلا وطن کئے جائیں " - چنانچہ وہ سخت گهبرائے * اِن سرداروں نے پہاڑي قوموں کو یہ کہکر اُبهارا کہ " دیکهو اب انگریز تمہیں ضرور اپني رعیت بنا لینگے " * اِس سے دو تین چهوٹے چهوٹے بلوے هوئے لیکن بہت جلد مٹا دیئے گئے * افغان لوگ لال کرتي کي پٹرا کر دینے [4] والي بندوقوں کي بوچهاڑ سے [5] ڈرتے تهے *

۱۹۰ — انگریزوں کے کابل پہنچنے کے کوئي دو برس پیچهے

---

1 *Logoṅ* (not *log*) *par*: in good Urdu *log* is inflected in the oblique cases.

2 *Rakhte hoṅ*, Dubious Present; speaking generally. If some particular people were mentioned *rakhte haiṅ*. *Vide* "Stumbling-Blocks," p. 89 (4 and 5).

3 *—ke zor ḍālne se*, "by his influence"; but *zor lagāne se*, "by his pressing, bringing pressure to bear" = *dabā*ʾ*o ḍālne se*.

4 *Paṭrā kar dene-wālī bandūqeṅ*, "plank-flattening rifles"; *vide* note 2, p. 82.

5 *Bauchhāṛ*, f., *lit.* "heavy shower."

خود شہرِ کابل میں ایک بلوہ ہوا * پہلے صرف چند بر گشتہ [1] افغانوں نے سر اُٹھایا - اُنھوں نے برنس صاحب ' پولیٹکل ' افسر کے گھر کو گھیر لیا اور آگ لگادی - اور جب صاحب باغ کے ایک چھوٹے دروازے میں سے بھاگنے لگے اُنہیں کے افغان نوکر نے تلوار سے اُنکا کام تمام کردیا * دو تین اور انگریز افسر بھی مارے گئے * جب بازاروں میں یہ خبر پھیلی کہ " برنس صاحب مارے گئے " تو عوام بھی شورِش میں شامِل ہوگئے اور شہر بھر میں ہر طرف دنگا فساد ہونے لگا * یہ شورِش یکایک ہو پڑی تھی اور اُس کے دبانے کے لئے افسر لوگ کسی طرح تیار نہ تھے - اُنکی فوج یکجا نہ تھی * ایک حصّہ شہر میں مقیم تھا دوسرا بادشاہی باغ میں جو ایک کوس پر واقع تھا - تاہم انگریز جمے رہے * ہر روز باہر سے نئی نئی قومیں لڑائی میں شریک ہونے کے لئے پہنچتی تھیں اور خود شجاع کے دربار میں غدر اور نمک حرامی کے آثار پیدا ہوگئے *

۱۹۱ — اب انگریزوں پر آفتیں اور مُصیبتیں ہر طرف سے آ ٹوٹیں * دشمن نے اُنکی رسد اور سامان کو یا لُوٹ لیا یا جلا دیا - ہماری فوج کی ہمّت پست ہو گئی * سردی اِس بلا کی تھی کہ ہندوستانی نکمّے ہوگئے * اب یہ افواہ اُڑا کہ دوست محمد کا بیٹا اکبر خاں ایک بڑی سی فوج لیکر آ پہنچا ہے اور خود فوج کا ' کمانیر ' ہے - آئے دن [2] لڑائی ہوتی رہتی تھی [3] * گوروں کو اچھا کھانا نہ ملنے سے اُنکے ولولے [4] پست ہوگئے اور وہ پہلے کی طرح نہیں

---

1 *Bar-gashta*, "disaffected."

2 *Āʾe din*, every day.

3 *Vide* "Hind. Man.," L. 30 (*b*).

4 *Un ke walwale past ho-gaʾe = wuh himmat hār-baithe. Walwala*, in Urdu, means youthful ambitions, long thoughts of youth.

لڑ سکتے تھے * ہر طرف دشمن ہي دشمن تھے * دشمن کو اُنکي 'پوزیشن' سے ہٹا دینے کے لئے بار بار کوششیں کي گئیں - کبھي کبھي یہ کوششیں چل بھي جاتي تھیں [1] لیکن ہمیشہ انگریزوں کا بڑا نقصان ہوتا تھا * ہماري 'لیوي' والي پلٹن بھمرو کي جنگ میں موجود تھي - بہت نقصان اُٹھا کر پسپا ہوئي اور سخت نامردي دکھلائي * اُس پلٹن کے سپاہي لڑنے میں مشاق نہ تھے اور سب پچتاتے تھے کہ "ہم اِس مُلک میں کیوں آئے ؟" اب چھاؤني میں رات دن گولے آ آ کر ہمکو نقصان پہنچانے لگے * ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ہر دن دشمنوں کي تعداد میں ہزاروں کا اِضافہ ہوتا جاتا ہے * اُنکے جزایل کي مار سرکار کي بندوقوں سے زیادہ دور تک کي ہوتي تھي * اگرچہ دشمن ایک با قاعدہ حملے کي کبھي تاب نہ لائے لیکن جب تک دیواروں یا مکانوں کي آڑ میں رہ سکے اُنکے جزائل غضب ہي ڈھاتے [2] رہے *

١٩٢ — افغان لوگ کابل کے آس پاس کي پہاڑیوں سے بار بار بھگا دیئے جاتے تھے لیکن ہمارے ڈیروں میں واپس آتے آتے [3] وہ پہلے سے بھي زیادہ ہجوم کرکے وہیں آ پہنچتے * چونکہ یہ لوگ پوستیں پہنے ہوتے تھے اِسلئے تلوار اکثر اُنپر کارگر نہوتي تھي اور بندوقوں کي گولیاں بھي بدن پر لگ کر پھسل جاتي تھیں * لوگوں

[1] *Kabhī kabhī yih koshishen chal bhī jātī thīn*, "these attempts were sometimes successful."

[2] *Un ke jazāʾil ghazab ḍhāte rahe*, "their jezails made havoc." *Ḍhānā*, lit. "to demolish buildings."

[3] *Hamāre wāpas āte āte*, "by the time we *got* back; *lit.* "by our getting back."

کي عامّ طور پر یه راے تهي که بعضے اُنمیں سے خصوصاً بدوراني قوم رُوئین تن [1] هیں * ایک دن کا یه ذکر هے که اُنکے سواروں کا ایک دسته ایک نالے سے کوئي بیس قدم پر جہاں هماري پلٹن گهات میں بیٹهي تهي آ پہنچا * افسروں نے سپاهیوں کو گولي چلانے سے روکا * جب افغان سوار نزدیک پہنچے همارے سپاهي سب اُچهل پڑے اور 'والي' چلائي لیکن دو چار گهوڑوں سے زیاده خالي پیٹهه نه پهرے * یه واقعه دیکهکر همارے سپاهي اور بهي پست همّت هوگئے * سردي بهي زیاده هوئي یہاں تک که هم بیکار سے هو گئے * کتنوں کے هاتهه پاؤں کي اُنگلیاں سردي کے صدموں سے گِر گِر گئیں * ساري فوج کا بُرا حال تها - روز کي لڑائي اور شب بیداري سے اور اچهي غذا کے نه ملنے سے هم بالکل خسته هو گئے تهے *

۱۹۳ — جیسا میں اوپر بیان کر چکا هوں هماري فوج دو علیحده علیحده جگہوں میں تهي جس سے اُسکي قوّت بہت گهت گئي * شاه باغ دشمن کے قبضے میں تها اور اُسکي آڑ سے وه هم لوگوں کو بہت نقصان پہنچاتے تهے * سرکاري فوج نے اُس باغ کے دوباره لینے کي کئي بار کوششیں کیں - مگر یه کارگر نهوئیں * نتیجه یهي هوا که همارے هي بہت سے سپاهیوں کي جانیں تلف هوئیں اور یه نقصان ایسا نه تها جسے هم آساني سے سهه سکتے تهے * غزني اور قندهار میں حکم بهیجا گیا که "شاه اور سرکار کي جتني فوجیں هیں اُنکو اِدهر جلد روانه کردو" - لیکن اغلب هے که قاصد

[1] *Rūʾīn-tan*, "invulnerable," *lit.* "brazen-bodied," an epithet of Isfandyār, whose body, like that of Achilles, was impenetrable to weapons.

مارے گئے * کچھہ مدّت کے بعد گرکھوں کي ایک فوج نے جو کسي صاحب کے زیرِ حکم تھي ھم سے آ ملنے کي کوشش کي لیکن اُسکے سب سپاھي کٹ کٹ کر مرے[1] - فقط دو افسر بچکر کابل کو بھاگ آئے - اِس مُصیبت نے ھماري بات اور بھي بگاڑدي اِسلئے کہ اب ھمارا یہ خیال ھونے لگا کہ " سرکار کي ساري فوج کا جو افغانستان میں ھے یہي حال ھونے والا ھے " *

۱۹۴ — اِسوقت ایک ایسي بات دیکھنے میں آئي جو پیشتر میں نے نہ کبھي دیکھي نہ سني تھي * افغان سرداروں نے قاصد بھیجکر حاکمانہ طور پر شرطیں پیش کیں اور کہا کہ " اب انگریزي فوج بالکل ھمارے قابو میں ھے - جب چاھیں اُسکو مٹا دے سکتے ھیں - لیکن ھم اُسکو چھوڑ دینے پر راضي ھیں بشرطیکہ وہ ھمارے مُلک سے چلي جائے " جب یہ بات معلوم ھوئي تو میں نے دیکھا کہ بہت سے صاحب غم و غُصّہ سے آنسو بہانے لگے * اُنھوں نے اِس ذِلّت کے لئے اپنے ' جنرلوں ' کو اِلزام دیا - کہنے لگے کہ " یہ بوڑھے ھوکر نکمّے ھوگئے ھیں " * چند روز تک لڑائي موقوف رھي * اِس مُدّت میں دشمنوں نے اور وُکلاء ' کیمپ ' میں بھیجے * طرح طرح کي خبریں ھمارے خیموں میں اُڑنے لگیں * بعضے کہتے تھے کہ " ھماري تمام فوج یا یہاں سے نکل کر رھیگي یا ھتھیار ڈالدیگي " * بعض کہتے تھے کہ " نہیں - فوج ھر حال میں لڑیگي " * اِس

---

[1] *Us ke sipāhī kaṭ kaṭ-kar mare*, "being wounded and killed one after another."

کہا سُنی کا جو انگریزوں اور افغانوں کے درمیان ہوتی رہی کوئی مُفید نتیجہ نہ نکلا - بلکہ لڑائی پہلے سے بڑھکر ہونے لگی *

۱۹۵ — آخر مکناٹن صاحب نے کہلا بھیجا کہ" ہمکو شرطیں منظور ہیں " * تب اکبر خان خود مشورہ کرنے آیا * اِسکے بعد معلوم ہوا کہ لاٹ صاحب اور جنرل صاحب دونوں یرغمال [1] دینے پر راضی ہوئے ہیں * دو تین دن بعد ہماری فوج بالا حصار کو چھوڑ کر چھاؤنی میں آرہی - افغانوں نے کسی قسم کی روک ٹوک نہ کی * اِسی وقت کا ذکر میں نے پہلے کیا ہے جہاں میں نے لیڈیوں کی عجیب و غریب ہمّت کی تعریف کی ہے * وہ یرغمال دینے کے خلاف تھیں لیکن اُنکی نصیحت نہ سنی گئی - اور جب یرغمال دیئے گئے تو اِن یرغمالوں کی بیبیاں اپنے صاحبوں کے ساتھہ قید میں گئیں * سرداروں نے رسد اور بار برداری کے دینے کا وعدہ کیا لیکن ہرگز بہم نہ پہنچائی [2] - کچھہ اور مدّت تک ہماری فوج اِسی بُرے حال میں رہی * افغانوں نے یوں تو [3] اُسکو ضرر نہ پہنچایا لیکن کھانے پینے کی چیزوں کے پہنچنے میں جہاں تک ہو سکا رُکاوٹ ڈالی [4] * نتیجہ یہ ہوا کہ اِنکی قیمت بے اِنتہا بڑھہ گئی اور سب سخت مُصیبت میں پڑے خاصّ کر صاحب لوگ - کیونکہ اُنکو سوا خُشک میووں اور چبینے [5] کے اور کچھہ نہیں ملتا تھا *

---

[1] *Yarghamāl*, T., "hostage."
[2] *Ba-ham pahunchānā*, "to procure."
[3] *Yūn to*, whilst; *vide* note 2, p. 112.
[4] *Rukāwaṭ ḍālnā*, "to throw obstacles in the way of."
[5] *Chabenā*, "parched gram"; from *chābnā*, or *chabānā*, tr., "to chew."

۱۹۶ — ایک روز کا ذکر ہے کہ جب مکناٹن صاحب اور اُنکے مُصاحب جمع ہوکر سرداروں سے دوستانہ گفتگو کر رہے تھے خبر پہنچي کہ اکبر نے اپنے ہاتھہ سے مکناٹن صاحب کو خون کیا * اُسیدم لوگوں کے نعرے سنائي دیئے جسطرح طُوفان کے آگے ہوا کي آواز سنئي جاتي ہے - تھوڑي ہي دیر بعد ہمارے خیموں پر بندوقیں چلنے لگیں * لاٹ صاحب کے خون ہونے کي خبر سچ تھي * اب دونوں کمشنر صاحب مارے جا چکے تھے * اِس دغا بازي کا جنرل صاحب نے شہر والوں سے بدلا لینا چاہا لیکن اور افسروں نے کہا کہ " ہمارے سپاہي حملہ کرنے کے قابل نہیں رہے ہیں " * بندے کي راے میں تلوار ہاتھہ میں لیکر مرنا اُس قتلِ عامّ میں ہلاک ہونے سے کہیں بہتر تھا جو حال آخر پسپائي کے وقت ہوا * معلوم ہوتا تھا کہ افسروں کے سر عقل سے خالي ہوگئے ہیں اور وہ چُستي [1] جو صاحبوں کا خاصّہ [2] تھي جاتي رہي * اُن پر اِتني مُشکلیں پڑچکي تھیں کہ اُنکے دل ٹوٹ گئے تھے * خبر تھي کہ خود شاہ شجاع، اور امیروں کے ساتھہ ملکر، سرکار کے خلاف کھڑا ہوا ہے * اُسنے دیکھا کہ سرکار کا اِقبال اُس سے پھر گیا اور اب اُس کا ساتھہ دینا اپنے کو خطرے میں ڈالنا ہے *

۱۹۷ — اب اِسوقت جبکہ سردي شِدّت کي تھي ہماري فوج کي پسپائي شروع ہوئي * کابل سے نکلتے وقت پہلے کوچ میں

---

[1] *Chustī*, "energy."

[2] *Khāṣṣa*, m., "peculiarity, characteristic, etc."

افغانوں نے همکو اذیت ندي * دوسرا کوچ بهي یونهیں گزرا * تیسرے دن بهیڑ هجوم کرکے همارے ' کالم ' میں گهس آئي اور بے انتہا بدترتیبي پهیل گئي * یه دیکهکر افغانوں نے ستانا شروع کیا اور رات دن پہاڑوں کے اوپر سے همارے ' کالم ' پر گولیاں برسانے لگے * یہاں هم بیچاروں کي ویسي هي حالت تهي جیسي هتهکڑي والے قیدیوں کي هوتي هے *

۱۹۸ — اکبر خان خود پیچهے پیچهے آتا تها اور جب اِس دغا کي اُس سے شکایت کي گئي تو وه قسم کها کر کہنے لگا که " جو کچهه هوا هماري مرضي کے خلاف واقع هوا - غازي لوگ میرے روکے نہیں رُکتے [1] " * افغانوں نے اور بهي افسر بطور یرغمال طلب کئے * کیونکر صاحبوں نے اِسکو قبول کیا بغدے کي سمجهه میں نہیں آتا - اِسکے سوا اور کیا کہا جا سکتا هے که سبهوں کي عقل پر پرده پڑگیا تها جیسا میں ذکر کر چکا هوں ؟ افغان همارے افسروں کو لیتے جاتے تهے اور هماري فوج بے سر هوتي جاتي تهي * ایک صاحب کا جانا گویا دو سو سپاهیوں کا جانا تها * آخر افغانوں نے یه کہا که " اب هم اِسي شرط پر انگریزي فوج کي محافظت کر سکتے هیں که جنرل صاحب همارے حوالے کر دیئے جائیں " * هر شخص حیران رهگیا جب جنرل صاحب جانے پر رضي هوگئے * اُنهوں نے برنس صاحب اور مکنٹن صاحب کا حال دیکها تها - اُنکو اور کیا اُمید رهي تهي ؟ جنرل صاحب کا جانا اور بدانتظامي کا آنا تها - [2]

[1] *Ghāzī log mere roke nahīṅ rukte*, "however much I try to stop the Ghazis they won't be stopped." *Roke* = *rokne se*. Note this idiom which occurs with many verbs. *Vide* Supplement XLVIII 1 (*d*), "Stumbling-Blocks."

[2] "Hind. Man.," L. 43 (*b*) (2).

جسکا جو جي چاهتا تها کرتا تها * نتیجه یه هوا که پہلے سے بهي زیاده افغان همیں ستانے لگے اور جا بجا همارا رَستہ روکنے لگے * بہت سے سپاهي اور نوکر چاکر همارا ساتهه چهوڑ کر افغانوں سے جا ملے اِس امید پر که " هماري جانیں بچ جائینگي " *

۱۹۹ — میري پلٹن کا کہیں پتا نه تها اِسلئے میں ایک لال کرتي کے باقي ماندوں میں جا ملا که اِنکے ساتهه ساتهه رهنے سے شاید میں اِس کمبخت مُلک سے نجات پاؤں - مگر آه ! قسمت کے لکهے کو کون مٹائے؟ قدم قدم پر هم لڑتے اور نقصان اُٹهاتے جاتے تهے * کبهي همپر سامنے سے گولي چلائي جاتي تهي کبهي پیچهے سے، کبهي پہاڑیوں کے اُوپر سے - بس، دوزخ کا نقشه تها * میں اُس هول[1] کو بیان نہیں کر سکتا * آخر پتّهروں کي ایک اُونچي دیوار هماري سدِّ راه هوئي اور چڑهائي کر کے اُسکے لے لینے کي کوشش میں هماري بچي کهچي پارٹي کا بالکل خاتمه هوگیا * همارے ساتهي لڑے تو دیووں کي طرح، لیکن اِسکو کیاکرتے که دشمنوں کي تعداد کہیں بڑهه چڑهکر تهي[2]؟ ایک جزایل کي گولي میرے سر کے ایک طرف لگي اور میں بیہوش گر پڑا * جب هوش میں آیا کیا دیکهتا هوں که میں ایک گهوڑے کے اوپر، سر ایک طرف پاؤں ایک طرف،

---

[1] *Haul*, Ar., "terror": more than *khauf*.

[2] *Dushmanoṅ kī ta'dād kahīṅ baṛh chaṛhkar thī.* "the enemy *far far* exceeded in numbers"; note this meaning of *kahīṅ* "very much" and *vide* "Stumbling-Blocks," VIII, Supplement.

Baṛh chaṛhkar (more forcible than *baṛhkar* alone) means "far exceeding."

بندھا ہوا لٹک رہا ہوں - اور کچھہ لوگ گھوڑے کو جلد جلد لڑائي
کي جگہہ سے کابل کي طرف لے جا رہے ہیں * مجھسے کہا گیا کہ
" وہاں چلکر تجھکو بطور غلام کے بیچینگے " * میں نے اِلتجا کي کہ
" مجھے گولي سے مار ڈالو - میرا گلا کاٹ لو " - پھر اُن افغانوں پر
اپني زبان میں اور پشتو میں بھي گالیوں کا جھاڑ باندھہ دیا * بہت
سے چھرے میانوں میں جنبش کرنے لگے لیکن میرا گرفتار کرنے والا
میرا مُنہہ نہیں بند کرسکتا تھا * جب دیکھا کہ " یہ جان پر کھیلنے کو
تیار ہے " اُسنے مجھے یوں ڈرایا کہ "دیکھہ! مُنہہ بندکر، زبان روک -
نہیں تو یہیں تُجھہ [1] کافر کي مسلماني [2]کردونگا " * جاتے
ہوئے میں نے راستے پر کیا کیا قصائي پن کے آثار نہ [3] دیکھے ؟
کہیں کوئي ہاتھہ برف کے اندر سے نکلا ہوا ہے - کہیں ایک پاؤں
دکھائي دیتا ہے - گوروں اور ہندوستانیوں کي لاشیں برف میں نیم دفن
نظر آرہي ہیں - گھوڑے اور اونٹ اِدھر اُدھر مُردہ پڑے ہیں * یہ
ایسا سما تھا کہ جب تک جیونگا نہ بھولونگا *

۲۰۰ — جب میرے گرفتار کرنے والے نے دیکھا کہ " یہ
مرنے ہي پر جان دیتا ہے " تو اُسکے دل میں کچھہ رحم آیا *
مجھے گھوڑے پر سے اُتارا اور کجاوے میں بٹھا کر باندھہ لیا * یہاں
بھي آرام نہ تھا - تاہم یابو کے اوپر سرنگوں لٹکنے سے کہیں بہتر تھا *

---

[1] *Tujh kāfir kī*; note this form of the genitive of a personal pronoun when in apposition.

[2] —*kī musalmānī karnā*, vulg., "to circumcise": here after the word *kāfir*, it is better than *khatna* or *sunnat*, as it also implies conversion.

[3] Note the negative in the Urdu idiom. "Stumbling-Blocks," VIII (*j*), Supplement.

اِس افغان نے میرے زخم پر برف مَلي جس سے درد کم هوا * گولي فقط کهال میں سے رستہ کرکے سر کي هڈّي سے اُچٹ [1] گئي تهي * چار پانچ دن میں هم کابل پهنچے * مجهے افغاني کپڑے پهنائے گئے اور میں بازار میں بطورِ غلام بیچا گیا *

۲۰۱ — دولتمند افغان لوگ هندوستانیوں کي قدر [2] کرتے تهے اور اُنکے بہت سے هندوستاني نوکر هوتے تهے * میں ایک طاقتور سجیلا [3] جوان تها اور چالیس " طلا " یعني دو سو چالیس روپے کو بِکا * ایک شخص عثمان بیگ نامي نے مجهے خریدا * میرے ساتهہ اور بهي کئي ایک سپاهي بِکري کے لئے تهے اور دو تین گورے بهي * افغان اُن گوروں سے اپني فوج کي تعلیم کا کام لینا چاهتے تهے - اور چونکہ اُنکو شیرازي شراب کے کئي ایک مشکیزے دیئے گئے تهے وہ هماري طرح اپني تقدیر کو روتے نہ تهے - اُن گوروں میں میں نے ایک صاحب کو بهي دیکها جو کمپني بہادر کي فوج کے تهے * اُنهوں نے کہا کہ " سرکار جلد ایک بڑي فوج یہاں بهیجیگي اور مُلک کو پهر فتح کر لیگي اور اگر هماري جانیں بچ گئیں تو اُسوقت هم چهڑا لئے جائینگے " * جہاں تک مجهے یاد هے صاحب کا نام والن تها - لیکن ٹهیک یاد نہیں کہ اُنکا یهي نام تها یا اور کچهہ * اُنکي باتوں سے کچهہ تسلّي سي [4] هوئي *

---

[1] *Uchaṭ jānā*, "to ricochet; to slide off."
[2] *Qadr karnā*, "to appreciate, value."
[3] *Sajīlā*, "well-made; well turned out."
[4] *Kuchh tasallī sī hūʾī*, "somewhat comforted."

۲۰۲ — میرا نیا آقا مجھسے چندان سختي سے پیش نہ آتا مگر ھمیشہ ڈرایا کرتا کہ " اگر تونے حکم نہ مانا یا بھاگنے کي فکر کي تو تجھے خوجہ بنوا کر کسي حرم سرا کي نوکري کے لئے اچّھے داموں[1] بیچونگا " * چونکہ میں اُس کي زبان کم سمجھتا تھا اِسلئے اُسنے حکم دیا کہ " اِسکو فارسي سکھائي جائے " * میں تو کب[2] کا خود کُشي کر لیتا اگر والی صاحب کي بات کا مجھے کامل یقین نہ ھوتا - یعني " وہ وقت جلد آنے والا ھے جب ھم اِس غلامي سے چھوٹ جائینگے " * میں محمد صوفي نام ایک مولوي کے حوالے کیا گیا * وہ اوّل اوّل مجھے فقط بُرا بھلا کہتا اور لعنتیں کرتا کہ " تو مُشرک[3] ھے " لیکن جب اُسنے دیکھا کہ " ھماري زبان کے سیکھنے میں دل لگاکر کوششیں کرتا ھے " تو اُسکا برتاؤ[4] بدلا * اب وہ ھر طرح مجھے ایمان لانے کي ترغیبیں دینے لگا *

" عیاں نہ شد کہ کُجا آمدم کُجا بودم "
" دریغ و درد کہ غافل زکارِ خویشتنم "

میں کسي طرح مسلمان نہوا - ھرگز اپنا دھرم نہ بدلا - بلکہ اپني قسمت پر صبر شکر[5] کرکے وھي ھندو کا ھندو[6] رھا * پہلے حُقّہ بھرنے

---

1 *Achchhe dāmoṅ* (*par*) *bechnā*, "to sell for a good price."

2 *Maiṅ to kab kā k͟hud-kushī kar-letā. Kab kā*, "a long time ago"; masculine on account of *maiṅ*. *Wuh kab kī āʾī baiṭhī hai*, "she's been here for a *long* time."

3 *Mushrik*, lit. "polytheist," *i.e.*, one that imputes *shirkat*, or partnership to the Deity; hence any infidel.

4 *Bartāʾo*, "treatment."

5 *Qismat par ṣabr shukr karke*, "bearing up under my fate —"; note this idiom: not "returning thanks for —." Theoretically a man should be thankful for everything; hence the word *shukr* is used.

6 "Hind. Man.," p. 172, line 1.

کا کام ملا * غنیمت تھا کہ اور کسي چھوٹے کام پر نہ لگایا گیا * جب عثمان بیگ کو معلوم ھوا کہ یہ حساب جانتا ھے تو اُسنے اپنا حساب کتاب میرے سپرد کیا اور اِس بات سے اُسکے گھر میں میري قدر[1] بھي کچھہ بڑھي *

گیارھواں باب

۲۰۳ — اب شہر میں یہ خبر پھیلي کہ " فرنگیوں کي ساري فوج برباد ھوگئي ھے " * افواہ یہ تھا کہ غزني - قندھار - اور کابل تینوں جگہوں میں انگریزي فوج کا خاتمہ ھو گیا * اب اِسپر بڑي خوشیاں منائي جانے لگیں * گو شاہ شجاع نے جب مُعاملے کي صورت اور دیکھي[2] تھي اُنہوں ھي کا ساتھہ دیا تھا لیکن پھر بھي افغان اُسکو شبہھ ھي کي نظر سے دیکھتے رھے * باشندے سب اُسکے نام پر لعنتیں کرتے اور گالیاں دیتے تھے کہ وہ تخت حاصل کرنے کے لئے انگریزوں کو ھمارے ملک میں لایا اور تباھي اور بربادي پھیلائي * وہ بالا حصار کے محل میں رھتا اور ابتک ظاھراً بادشاہ ھي تھا لیکن اُسکي بادشاھت جسکو سقّے[3] کي بادشاھت کہہ سکتے ھیں بہت جلد جاتي رھي * ایک دن جب وہ سرداروں کے خیموں میں جانے

[1] *Merī qadr kuchh baṛhī.* "I became of more importance; my value was somewhat increased."

[2] *Jab usne mu'āmale kī ṣūrat aur dekhī,* "when he saw the change of affairs—."

[3] *Uskī bādshāhat, jisko saqqe ki bādshāhat kah sakte hain,*" his reign, which we may term the reign of the *bihishtī*—." There is some story about a *bihishtī* becoming a king for a day.

کے لئے محل کے اندر سے نکل رہا تھا چند بارکزئیوں نے اسپر گولي چلائي اور وہ وهیں [1] گر کر مرگیا * سردار فتح جنگ نے تخت پر قبضہ کرلیا لیکن امیر اکبر خاں نے کچھہ فوج ساتھہ لیکر کابل پر دھاوا کیا اور اُسکو شہر سے بھگا دیا - کہا جاتا تھا کہ اُس سردار نے اُس انگریزي فوج میں جاکر پناہ لي جو کابل آرهي تهي *

۲۰۴ — خبر تھي کہ کئي صاحب کابل میں قید هیں * میں نے کئي بار کوششیں کیں کہ اُنسے ملوں - لیکن چونکہ چاروں طرف پہرا رهتا تها صرف ایک دفعہ موقع ملا * میں نے پانچ صاحبوں اور تین لیڈیوں کو دیکھا * یہ شہر کے اندر ایک چھوٹے سے مکان میں قید تھے * میں اُنکي کوئي خدمت نکرسکا - فقط اِتني تسلّي دي کہ " عام طور پر یہ افواہ ہے کہ 'انگریزي فوج مُلک میں آپہنچي ہے' " - اِسکو سنکر اُنکا دل کچھہ قوي هوا * میں نے وعدہ کیا کہ " جسوقت فوج نزدیک آئیگي خبر دونگا " * ایک افسر نے مجھسے کہا کہ " بار بار هم لوگوں کو یہ کہکر ڈرایا گیا ہے کہ 'اب هم تمہیں یہاں سے نکالکر کسي اور مُلک میں بطورِ غُلام بیچینگے' " * صاحب ڈرتے تھے کہ واقعي ایساهي هونے والا ہے قبل اِسکے کہ انگریزي فوج یہاں پہنچے * اُنہوں نے اِس بات کي بھي شکایت کي کہ " بازاري لوگ همیشہ هم لوگوں کو بے نُقط [2] سُناتے هیں " *

---

[1] *Wuh wuhīṇ girkar mar-gayā*, "he fell and died on the spot."
[2] *Be nuqaṭ sunānā*, "to abuse (filthy abuse)."

جنرل الفنسٹن صاحب کي نسبت بهي بہت کچهه پوچهه گچهه [1] کي - وہ بهي قيد ميں تهے ليکن ضرور شہر کے باهر هونگے [2] کيونکہ مجهکو اِنکا کبهي پتا نہ لگا * رات آچکي تهي جب ميں اِس بہانے سے کہ " امير نے مجهے تمباکو ليکر بهيجا هے " صاحبوں سے ملا - ليکن افغانوں نے اِسقدر ديکهه بهال اور پوچهه پاچهه [1] کي کہ دوبارہ جانے کي جُرأت نہوئي - يہي غنيمت تها کہ ميں جان سلامت ليکر واپس آيا *

۲۰۵ — انگريزي فوج کي آمد آمد [3] کي خبر گرم تهي بس هر روز يہي چرچا تها * سب لوگ کہتے تهے کہ " سرکار کي فوج نے دّروں پر چڑهائي کرکے اُن کولے ليا هے اور لاکهوں سپاهي ٹِڈّي دَل [4] کي طرح افغانستان ميں چلے آرهے هيں " * اب افغانوں کے دلوں پر دهشت چها گئي اور اُنکو آس کُشت و خون پر جو اُنهوں نے کيا تها ندامت هوئي - سارا اِلزام غازيوں کے سر [5] دهر ديا گيا * شہر کے اکثر رئيس شہر چهوڑ کر چلے جانے لگے * ايک دن ميں نے اپنے آقا کي توجّهہ کو انگريز قيديوں کي طرف مائل کرنے کي کوشش کي اور کہا " اگر آپ کچهه بهي انکي تائيد کرينگے تو معقول [6]

---

[1] *Pūchh gachh* (f.) *k.*, "to consult": *puchh pāchh k.*, "cross-examine (one person); *also* asking a number."

[2] *Hoṅge* "must *have been*"; *vide* "Stumbling-Blocks," p. 46 (7).

[3] *Fauj ki āmad āmad ki khabar garm thī*, "there was a *strong* rumour of the *near approach* of the army"; *us kī āmad āmad kī khabar hai* = "he's expected shortly."

[4] *Ṭiḍḍi* [*ke*] *dal kī ṭarah*, "like a flock of locusts": *dal*, m., is "a party of men; a mass of things."

[5] *Ghaziyoṅ ke sar* [*par*] "on the Ghazis—."

[6] *Ma'qūl ṣila*, "rich reward": *vide* note 4, p. 103.

صلہ پائیںگے " - اسکے جواب میں میں نے گالیاں سنیں اور وہي پُراني دھمکیاں * اگرچہ میرا لباس افغانوں ہي کا سا تھا پھر بھي میرا لب و لہجہ میرا بھانڈا پھوڑے دیتا تھا [1] - چنانچہ صاحبوں کے پاس دوبارہ جانے کي مجھے جرأت نہ ہوئي - روپیہ بھي نہ تھا جو رشوت دیتا [2] * ایک لڑکا میرے آقا کے گھر گوشت لایا کرتا تھا - اُسکو میں نے اپني طرف کرنے کي کوشش کي - ایک بار اُسے کہتے سُنا تھا کہ " میں کلکتہ اور فرنگي عجایبات دیکھنے کا شوق رکھتا ہوں اور جب گرہ میں روپے ہونگے ضرور کسي قافلے کے ساتھہ ہندوستان جاؤنگا " * میں نے چند سطریں ہندي زبان لیکن فارسي خطّ میں لکھکر اُسکے حوالے کیں کہ " کسي صاحب کو دیدینا " - لیکن اُس لڑکے کو پھر میں نے کبھي نہ دیکھا - معلوم نہیں خط پہنچایا یا نہیں - اور پہنچایا بھي تو صاحب اُسکا مطلب سمجھے یا نہیں * مضمون صرف اسیقدر تھا کہ " سُنا جاتا ہے انگریزي فوج کابل سے دس پڑاو کے فاصلے پر ہے " * جوں جوں انگریزي فوج نزدیک آتي گئي [3] دہشت دلوں پر چھاتي گئي [3] اور میرے آقا نے شہر چھوڑنے کا مُصمّم ارادہ کر لیا * میں نے اُسکو لاکھہ [4] سمجھایا کہ " میں فرنگیوں کے دستور سے خوب واقف ہوں - وہ آپ کو ہرگز ایذا نہ دینگے کیونکہ آپ اُنکي مُخالفت پر

---

[1] *Merā bhāndā phoṛe detā thā*, "threatened to reveal my secret"; idiom. *Bhāndā* = *maṭkā*, a large earthen vessel for storing grain. For this form of verb *vide*, "Hindustani Stumbling-Blocks," XLIX, 2.

[2] *—jo rishwat detā*, "that I might have given a bribe" or *—dūn*, "that I might give."

[3] "Stumbling Blocks," p. 84 (8).

[4] *Main ne us ko lākh samjhāyā ki—*, "I explained and explained"; after this idiom *lekin* is either expressed or understood. "Hind. Man.," p. 184, footnote 3.

کبھي کھڑے نہیں ھوئے " - لیکن اُسنے ایک نہ ماني - آخر شہر کو چھوڑ ھي دیا *

٢٠٦ — اب میں ھر وقت نظربندي میں تھا - بھاگنے کا موقع ملتا تو کیونکر[1] ؟ میرا آقا اپنا گھر بار[2] لیکر اِستالف کي طرف چلا اور میں آزادي کي اُمید سے ھاتھہ دھو بیٹھا[3] * اِستالف ایک پہاڑ کے دامن میں ھے اور اُسکي چاروں طرف گھرے کھڈ ھیں - یہاں پہنچنا قریب قریب[4] ناممکن تھا - لوگوں نے موٹي موٹي دیواروں اور چھوٹے چھوٹے بُرجوں اور سنگروں[5] سے اُسکو مُستحکم کیا تھا * افغانوں کا خیال تھا کہ " ھم ساري دُنیا کے مُقابلے میں اِسکا بچاؤ کر سکینگے " - اور شاید وہ گوروں کو چھوڑ کر اور قوموں کے مُقابلے میں کر بھي سکتے *

٢٠٧ — تھوڑي مُدّت کے بعد سنا گیا کہ " نہ فقط کابل کو بلکہ غزني اور قندھار کو بھي انگریزوں نے لے لیا ھے - اور پھر ایک فوج اِستالف پر چڑھائي کرنے کو چلي آرھي ھے " * چنانچہ میرا آقا پہاڑیوں کي اُسطرف اور بھي دور یعني شیر دَرہ تک ھٹ گیا * جاتے ھوئے ھملوگوں کو خبر ملي کہ " انگریزوں نے افغانوں کو بڑے کشت و خون کے ساتھہ اِستالف سے نکالکر شہر کو مسمار[6] کردیا ھے " *

---

[1] *Miltā* understood after *kyūṅkar*. This sentence as it runs is more idiomatic than *bhāgne kā mauqa' kyūṅkar miltā* ?

[2] *Ghar bār*, " household and belongings."

[3] *Āzādī kī ummed se hāth dho-baiṭhā* " I gave up all hopes of freedom." "Hind. Man.," L. 23 (*a*).

[4] *Qarīb qarīb*, "almost."

[5] *Sangar*, a stone wall or breastwork of loose stones.

[6] *Mismār karnā*, " demolish completely."

۲۰۸ — سات مہینے تک میرا مالک شیر کدہ میں رہا * یہاں میں نہایت غمگین تھا کیونکہ اگر بھاگنے کا موقع ملتا بھي تو کیا ہوتا ؟ کوئي رستہ بھي تو معلوم نہ تھا * اب میں فارسي لکھنا پڑھنا واجبي طور پر سیکھہ چکا تھا لیکن لب و لہجہ میں فرق ہونے کے سبب سے میں اپنے کو اہلِ زبان [1] نہ بتا سکتا تھا * مدّت تک انگریزوں کي کوئي خبر نہ سني گئي - اِس سے میري اُمیدیں مِٹنے لگیں * اِس خیال سے کہ " ہمیشہ غُلامي کرني ہے " میں زندگي سے بیزار ہوکر سر کو ہتھیلي پر لئے پھرتا تھا [2] * سخت پچھتاتا تھا کہ " ہاے ! میں نے کیوں اپني پُراني پلٹن کو چھوڑا ؟ " آخر اِس دور اُفتادہ اور کَس مپرس [3] مقام میں خبر پہنچي کہ انگریزوں نے کابل کو ایک سِرے سے دوسرے سِرے تک جَلا کر خاک کردیا اور ہندوستان کو واپس چلے گئے *

۲۰۹ — اب چند افغان قبایل اپنے اپنے گھروں کو پھرے اور جب میرے آقا نے کسي دوست سے سنا کہ یہ خبریں سچ ہیں تو وہ بھي چلنے کي تیاري کرنے لگا * ہم اُسوقت کابل پہنچے جب برف پڑني شروع ہوگئي تھي * شہر نہیں جلایا گیا تھا - ہاں علي مردان یعني بازار بالکل ہِي ویران کردیا گیا تھا * باشندوں کو کوئي اذیت نہیں پہنچائي گئي تھي - اِسکا لوگوں کو بڑا تعجّب

---

1 *Ahl-i zabān*, "people of the mother-tongue."

2 *Sir ko hathelī par liye phirtā*, "I went about recklessly."

3 *Kas ma-purs maqām*, "outlandish place," *lit.*, "no one asks about it." In Urdu *kas ma-purs shakhṣ* is "insignificant, known to nobody."

تھا * پاداش کے خوف سے ہر شخص نے جو مقدور رکھتا تھا شہر کو چھوڑ دیا تھا *

۲۱۰ — اب اِس کمبخت مُلک میں مجھے آئے تین سال سے زیادہ ہوچکے تھے اور اِس مُدّت میں نہ مجھکو اپنے [1] جورو بچّوں کی خبر ملی تھی نہ ماں باپ کی - دل میں کہتا تھا کہ " خدا جانے کون میری بیبی کی خبر گیری کرتا ہے اور اگر وہ زندہ ہے تو کسطرح اُسکی گذران ہوتی ہے " * طرح طرح کے شک شُبہے میرے دل میں گذرتے تھے * میرا آقا مجھپر نا مہربان نہ تھا لیکن بہت سے ایسے کام مجھسے لیتا تھا جو میرے دھرم کے خلاف تھے اور یہ نہیں سمجھتا تھا کہ " اِنکے نام سے اِس غریب کا دل کانپ جاتا ہے " *

۲۱۱ — اب جبکہ انگریز اَفغانستان سے چلے گئے آزادی کی رہی سہی اُمید بھی جاتی رہی اور بھاگنے کا خیال بھی خواب و خیال ہوگیا * چند مہینوں کے بعد میرے مالک کو کسی کام پر غزنی جانے کا اِتفّاق ہوا * میں گھر میں رہا * چونکہ کچھہ عرصے سے میں اپنے حال پر نہیں رویا تھا اور نہ بھاگنے کا نام لیا تھا اِسلئے نظر بندی مجھپر کم ہوگئی تھی اور آزادی زیادہ ملی تھی * میں نے ایک شخص احمد شاہ نام سے دوستی پیدا کی * یہ ایک قافلے کا سردار تھا جو ہر سال ہندوستان جایا کرتا تھا * چونکہ وہ میرے مُلک [2] کے شہرشہر سے واقف تھا اور وہاں کے بہت سے سوداگروں سے اُسکی جان پہچان تھی۔ اِسلئے میں نے دل کھول کر اُس سے آزاد ہونے

[1] *Apne:* 'vide' Hind. Man., L. 20 (*g*).
[2] *Mulk*, "country," and as here, "district."

کي آرزو ظاهر کي * میں نے اُس سے کہا کہ " اگر تم میرے بھاگنے میں تائید کروگے تو ھندوستان پہنچکر تمکو ایک معقول رقم دونگا " * بہت کہا سني [1] اور مول جول [2] کرنیکے بعد وہ اِس بات پر راضي ھوا کہ مجھے نوکر کے طور اپنے ساتھہ لیچلے [3] اور ھندوستان پہنچکر میں اُسے پانسو روپے دوں [3] * اِسکا اِقرار نامہ بھي مجھسے لکھوا لیا * اب مجھے اندیشہ ھونے لگا کہ " کہیں وہ میرا بھید کھول ندے " - لیکن پھر اِس خیال سے دل کي تسکین بھي کرتا تھا کہ " وہ ایسا نکریگا - وہ مجھے مدد دینے سے بہت کچھہ پا سکتا ھے - اگر دغا کرکے پکڑوادیگا تو کیا پائیگا ؟ "

۲۱۲ — چند روزوں میں اُسکے اُونٹ روانگي کے لیئے تیار ھوگئے * میں نے کچھہ مَیلے کچیلے کپڑے مول لیئے * اپنے بال مُنھہ پر بکھیر لیئے اور اُن کے سِرے چُونے سے جلا دیئے تا کہ وہ پٹھانوں کے سے اُلجھے پُلجھے دکھائي [4] دیں * اپنے مالک عُثمان بیگ کا حساب ٹھیک ٹھاک کرکے رکھدیا - جو کپڑے اُسنے دیئے تھے وہ بھي چھوڑ دیئے - فقط ایک لمبا چُھرا اپنے پاس رکھہ لیا * ایک دن صبح سویرے ایک سَو پچھتّر اُونٹ کے ایک قافلے کے ساتھہ نکلا - لیکن بہت جلد مجھکو معلوم ھوا کہ میري بغاوت کي نوکري اصل میں بہت ھي سخت ھے * احمد شاہ مزاج کا بڑا تیکھا [5] تھا اور ھندي

---

1 *Kahā sunī*, talk on *both sides*, negotiation.
2 *Mol jol*, haggling.
3 Indirect narration.
4 *Dikhā*ʾ*ī denā*, "appear in view; *also* to seem." *Uljhe puljhe*, "tangled and matted."
5 *Mizāj kā baṛā tīkhā thā*, hot-tempered.

زبان میں گالیوں کی مجھپر جھڑی لگا دیتا - اسکا سہنا آسان نہ تھا * مجھے اونٹوں کی خدمت کرنی پڑتی - میں اُن کو چرائی کے لیئے باھر لیجایا کرتا - گویا شتربان کا سارا کام کرنا پڑتا تھا * یہ سب کچھہ میں سہتا رہا * جوں جوں قافلہ کابل سے دور ھوتا گیا میرا دل چھٹکارے کی صورت دیکھکر باغ باغ [1] ھوتا گیا * یکایک ایک دن احمد شاہ سردار قافلہ کو خبر پہنچی کہ " اُتر کی راہ پنجاب میں سے گزرنا خطرناک ہے کیونکہ مُلک میں بد امنی پھیلی ھوئی ھے اور بیحساب اور بھاری بھاری محصول ضرور وصول کیے جائینگے " - اسلئے اُسنے دوسری راہ سے یعنی ڈیرا اسماعیل خاں سے گزرنے کا قصد کرلیا * میرا دل دھڑکنے لگا کہ " اب ھم لوگ غزنی کی طرف جا رہے ھیں جہاں میرا مالک گیا ہے - ایسا نہو کہ وہ مجھسے دوچار ھوجائے اور میرا دعویدار ھو " * چونکہ مجھے معلوم تھا کہ میرے مالک نے کچھہ سوار اپنی حفاظت کے لیئے اُجرت پر غزنی جاتے وقت مقرر کیئے تھے اسلیئے میں برابر دیکھتا رہا کہ " کوئی مُسافر سواروں کے ساتھہ تو نہیں آرہا ہے ؟" *

۲۱۳ — کوئی دو پڑاو کا فاصلہ قلعۂ غزنی تک پہنچنے میں رہگیا تھا کہ عُثمان بیگ اور اُسکی ٹولی کے لوگ ھمارے قافلے کی بغل سے گزرے * میں نے دور سے اُسکو دیکھا اور جھٹ ارادہ کر لیا کہ " اِس ' پستول ' سے جو مجھے دیا گیا ہے یا اُسکی جان لونگا یا اپنی دونگا - لیکن اب تو دوبارہ غلامی نکرونگا " * یہ بڑے چِنتے کی گھڑی تھی - ذرا چُوک ھوئی اور [2] پکڑا گیا * اتفاق سے

[1] *Bāgh bāgh honā*, "be delighted."
[2] *Aur*, expressing simultaneous action; *vide* "Hind. Man.," L. 43 (*b*)(2).

میں اُونٹوں کي قطار کے اُسطرف تھا جدھر سے اُسکا گزر ھونے والا تھا - اسلئے میں پہلي طرف چلکر افغان شتربانوں کي سي آواز کرنے لگا اور یہ آواز ھندوستاني ساربانوں کي آواز سے بالکل نِرالي [1] ھے * گُزرتے میں آغا نے پُکار کر پوچھا کہ " یہ کسکا قافلہ ھے اور تمہیں کابل چھوڑے ھوئے کتنے دن ھوئے ؟ " میري قسمت اچّھي تھي کہ میرے بغل کے آدمي نے جواب دیا اور میں بولنے سے بچگیا ورنہ مُمکن تھا کہ بھید کُھل جاتا * عُثمان اور اُسکے ساتھہ کے سواروں نے میري طرف دھیان نکیا اور آگے بڑھہ گئے - اب چھٹکارے کي اُمید قوي ھوتي گئي * جان میں جان آئي * جب عُثمان بیگ کے سواروں کے برچھے فاصلے پر چھوٹے دکھائي دینے لگے تو دل کو وہ تسکین ھوئي جو اُسوقت بھي حاصل نھوئي تھي جبکہ بندیلکھنڈ کي قبر پر سے جہاں میں چھپا ھوا تھا پنڈاري لوگ چلے گئے تھے * ایسي مصیبتیں کم کسي پر دو دو [2] دفعہ پڑي ھونگي *

۲۱۴ — قافلہ غزني کو چھوڑنے کے بعد پورب کي طرف چلا اور تعجّب کي بات یہ ھے کہ پہاڑي قوموں کو کچھہ دے دلاکر بے ایذا اور تکلیف کے گزرنے پایا اور ڈیرا اسماعیل خاں جو سِکھوں کے مُلک میں تھا پہنچا * یہاں ہماري محصول دیئے گئے جب جاکر [3] آگے بڑھنے کي اجازت ملي * اگرچہ ابتک میں اپنے وطن نہ پہنچا تھا

---

[1] *Nirālā*, "different; unique; pure"; *vide* note 3, p. 133.
[2] *Do do*. as much as two.
[3] *Jab jākar*, "then and then only."

پھر بھي اسکي خوشي تھي کہ افغانوں کے منحوس[1] مُلک سے نجات پا کر دوبارہ سندھ ندي کے اِس کنارے قدم رکّھا *

۲۱۵ — ڈیرا اسماعیل خان میں سُنا کہ مُلک سندھ میں انگریز لڑ رہے ھیں - اِسلیئے میں نے احمد شاہ سے کہا کہ " اُدھر ھي سے قافلہ لیچلو " لیکن وہ سیدھا فیروز پور جانے پر تلا[2] ھوا تھا * رستے میں سِکھ حاکموں نے بہت تکلیف دي - وہ کسي نہ کسي بہانے سے قسم قسم کے محصول قافلے سے وصول کرتے رہے * آخر اکتوبر سنہ ۱۸۴۳ ع میں ھم فیروز پور کے نزدیک پہنچے *

۲۱۶ — جب چھاؤني کے مکانوں کي صورت دکھائي دینے لگي اور میں نے پلٹنوں کے ' بگل ' اور طنبور کي آوازیں سنیں میرا کیا پوچھنا تھا[3] کہ میں تو مارے خوشي کے جامے میں پھولا نہ سماتا تھا[4] - لیکن احمد شاہ مجھکو چھاؤني کیطرف کب جانے دینے والا تھا جب تک وہ خود سرا میں اپنا بندوبست ٹھیک ٹھاک نکر چکتا ؟ ایک پل بھي وہ مجھے اپني نظر سے الگ نکرتا تھا * جب اونٹوں کے بوجھہ اُتارے گئے اور وہ چرائي کے لئے بھیجدیئے گئے ھم دونوں سوار ھوکر چھاؤني کي طرف چلے * میں پہلے اُسے ساتھہ لیکر ' بریگیڈ میجر ' کي کوٹھي پر گیا - ' اردلیوں ' نے کہا کہ " احاطے کے باھر جاؤ - صاحب کو میوے نہیں چاھئیں "[5] * تب میں نے اُنسے اُنہیں

---

[1] *Manhūs*, "ill-omened; *also* unlucky."

[2] *Jāne par tulā hū,ā thā*, "to be drawn up in array for; hence to be determined to do at once."

[3] "Hind Man.," L. 54 (*h*).

[4] *Jāme meṅ phūlā* [*hū,ā*] *na-samātā thā*, *lit.* so swelled that I could not be contained in my clothes, *i.e.* "overjoyed"; more than *bāgh bāgh honā*.

[5] Kabulis deal in fruit.

کي زبان ميں گفتگو کي اور اپنا حال بتايا اور کہا کہ " ہم صاحب سے ملاقات کرني چاھتے ھيں " * صاحب سے ملکر کچھہ فائدہ نہوا - اُنہوں نے ميري بات کو باور نکيا * کہنے لگے کہ " جو تم کہتے ھو اگر سچ بھي ھو پھر بھي ھمکو يقين ھے کہ سرکار ھرگز پانسو روپے تمھاري خلاصي کے لئے نديگي - اور مُمکن ھے کہ کچھہ بھي ندے " *

۲۱۷ — اِسکے بعد ' مجسٹريٹ ' صاحب کے پاس گئے اور اپني کہاني سُنائي * ميں نے دوھائي [1] دي کہ " مجھے غلامي سے چھڑائيے " - اورجب احمد شاہ نے ديکھا کہ روپے ملنے کي صورت نظر نہيں آتي تو وہ بھي بڑے زور کے ساتھہ کہنے لگا کہ " يہ ميرا غلام ھے " * پہلے صاحب ميرا حال ھي سُنتے نہ تھے ليکن جب اُنہوں نے ديکھا کہ " يہ کئي پلٹنوں کے سب افسروں سے واقف ھے " تو کچھہ توجّہہ کرنے لگے * پھر بھي روپے دينے سے اِنکار کيا اور کہا کہ " سرکار بھي ھرگز نہ ديگي " *

۲۱۸ — اب ايک اور تدبير کي - يعني بڑے ' کمشنر ' صاحب کے پاس گيا * خوش نصيبي سے ميں نے اپني ھي پلٹن کے ايک صوبيدار کو وھاں ' گارڈ ' پر پايا - اب کسي اور پلٹن ميں اُسکي ترقّي ھوئي تھي * پہلے ميں نے اپنے کو پہچنوانے کي کوشش کي [2] ليکن اُسکو ميري بات کا يقين نہ آيا * تب ميں نے ھندي ميں گفتگو کي اور وہ وہ باتيں کہيں کہ اُسکے دل کا شکّ دور ھو گيا * وہ ميرے ساتھہ ' کمشنر '

[1] *Maiṅ ne dohāʾī dī ki*—" I called out loud (for mercy, justice, etc.)—."

[2] *Pahchanwānā* (Caus. of *pahchānnā*), " to make one's self known." But *pahchān dikhānā* is to show some body-mark or some possession as a proof of identity.

صاحب کے پاس گیا * اُنہوں نے کان لگا کر میری سر گزشت سنی اور فوج کی بابت جو کابل گئی تھی سیکڑوں سوال پوچھے * اُنہوں نے بھی فرمایا کہ "میرے خیال میں سرکار یہ روپے ندیگی" * بہر کیف [1] صوبیدار نے ڈھائی سو روپے خود دینے کا وعدہ کیا اور جب صاحب نے سنا کہ اودھہ میں اسکا گھرانا خوشحال ہے تو اُنہوں نے باقی روپے دیئے اور میرا دستخط لیا * ایک کتاب میں یہ کار روائی لکھہ لی گئی اور میں آزاد ہوا لیکن گرہ میں کوڑی نہ تھی - فقط وہی میلے کچیلے افغانی کپڑے رہگئے تھے *

۲۱۹ — میں ایک پلٹن کے 'لاین' میں گیا اور سپاہیوں کو اپنا حال سنایا - سب کہنے لگے کہ "تو آشچی اور پتت [2] ہے - تیری ذات نہیں رہی" * بعض کہتے تھے کہ "افغانوں نے اسکو مسلمان کردیا ہے" * میں اجاتی [3] کردیا گیا - اب معلوم ہوا کہ جب تک پھر میں ذات میں نہ آؤں تب تک مجھے اپنوں سے بھی محبت کی اُمید نہیں * اس سے میں شکستہ خاطر ہوگیا - جی میں کہتا تھا کہ "اس سے بھلا تھا جو تو کابل ہی میں رہگیا ہوتا - وہاں تو کوئی نا مہربانی سے پیش نہیں آتا تھا" *

۲۲۰ — میں پھر 'بریگیڈیر میجر' صاحب کے پاس گیا دل اُداس تھا * جب میں نے کہا کہ "بڑے صاحب نے فدیہ کا

---

[1] *Ba-har kaif*, "at any rate; however": *lit.* "at every how": *kayfa*, Ar., "how?"

[2] *Ashuchi*, Hindī "impure"; *patit*, Hindī, (*lit.* fallen) means "outcaste."

[3] *Ajātī*, adj., "out-casted" and also one born in a low caste.

ایک حصّہ دیا ھے " تو وہ ' بریگیڈیر جنرل ' صاحب کے پاس مجھے لیجانے پر راضي ھوئے * جنرل صاحب بڑي مہرباني سے پیش آئے * وہ ھماري پُراني پلٹن کو جانتے تھے - کہا " اسوقت دھلي میں ھے " * مجھے کچھہ روپے دیے گئے اور اُنکے اِحاطے کے اندر رھنے کي اِجازت بھي ملي * نیز ' اجیٹن جرنیل ' صاحب کو میري نسبت خطّ لکھا کہ " یہ اپني پُراني پلٹن میں بحال [1] کیا جائے " * وہ افغاني کپڑے جو ایک برس سات مہینے میرے جسم پر رھے تھے اب اُتار ڈالے اور خط بنوانے کے بعد کچھہ تو میري سپاھي کي سي صورت بني * اب بھي مجھے بھرشٹ [2] سمجھہ کر میرے بھائي بند مجھسے کنارہ کرتے تھے - میرا حُقّہ پاني بند تھا [3] * بریگیڈیر صاحب اپنے برآمدے میں اکثر مجھے بلاتے اور میري رام کہاني [4] سنا کرتے اور میرے حال سے بہت دلچسپي لیتے تھے * اُنہیں کي مہرباني تھي کہ میري پھر قسمت جاگي - اور سرکار مجھے عنایت کي نظر سے دیکھنے لگي *

۲۲۱ — کچھہ عرصے کے بعد مجھے اپني پُراني پلٹن میں جو دھلي میں تھي ' جاین ' ھونے کا حکم ملا * بعض افسر جو میرے حال پر مہربان ھوئے تھے اُنھوں نے مجھے راہ خرچ عنایت کیا اور میں نے دھلي تک کوچ کرکے کرنیل صاحب کے پاس اپنے پہنچنے کي ' رپورٹ ' کي * وہ مجھے دیکھکر بہت خوش ھوئے اور معلوم ھوتا تھا

---

1 *Ba-ḥāl honā*, "to be reinstated."

2 *Bhirasht*, Hindī, "being morally or religiously defiled."

3 Figurative, as Brahmins don't smoke.

4 *Rām kahānī* — "pitiful tale": (from the sad story of Rām's exile).

کہ وہ میرا ' کورٹ مارشل ' والا قصّہ بھی بھول گئے ھیں * میں کچھہ مُدّت تک پلٹن میں فالتو سا رھا اور جب ایک جگہہ خالی ھوئی تو حوالدار کے عہدے پر دوبارہ بحال ھوا *

۲۲۲ — میں گھر خط بھیج چکا تھا - یہاں جواب ملا * میری پہلی بی بی بیکنٹھہ باشی ھوچکی تھیں - میری ماں بھی اور میرے پُرانے دوست پنڈت جی بھی گذر چکے تھے * میرے باپ مجھے بلاتے تھے اور فِدیہ کا روپیہ بھی دینا چاھتے تھے * لکھا تھا کہ " ھندی کرکے بھیجدونگا ؟ " * ابتک برھمن لوگ مجھے ذات باھر [1] ھی سمجھتے تھے - فقط مسلمانوں اور عیسائی طنبورچیوں اور باجے والوں کے ساتھہ میرا اُٹھنا بیٹھنا [2] تھا - بس یہی لوگ تھے جو مجھسے بات چیت کرتے * صاحبوں کو اِس بات کی خبر تھی اور وہ زیادہ مہربانی کرتے تھے * چونکہ روپے پاس نہ تھے اُسوقت ذات میں نہیں لیا جا سکتا تھا *

۲۲۳ — جب وقت پہنچا مجھے رضا ملی * گھر کیا سے کیا ھو گیا تھا [3] ! باپ بالکل بوڑھے ھوگئے تھے اور میرا چھوٹا بھائی سارا کار و بار چلاتا تھا * میرے غلام بنائے جانے کی خبر میرے گاؤں تک پہنچگئی تھی اِسلئے میں اپنے باپ کے گھر رھنے نہ پایا * دیکھا کہ سگا بھائی بھی دشمن ھے - وہ یہی سمجھتا رھا تھا کہ " بڑا بھائی مرچکا ھے اور سب

---

1 *Ẕāt-bāhar*, adj., out-casted = *ajātī*.

2 *—ke sāth merā uthnā baiṭhnā thā*, "I associated with —."

3 *Ghar kyā se kyā ho-gayā thā*, "how greatly my home had changed"; *kuchh kā kuchh ho-jānānā*, "to be entirely changed." Compare *kahīṅ se kahīṅ ā-nikalnā*, "to arrive at quite another place."

اب جائداد کا وارث بنونگا " * میں نے یہہ ثابت کیا کہ میری ذات جبراً لے لی گئی ہے اِسلئے باپ نے ذات میں داخل کیے جانے کا روپیہ دیا * ابکے [1] اِتفا خرچ نہ پڑا * مگر سچ پوچھیے تو ابتک میرے دل کو خوشی حاصل نہ ہوئی تھی کیونکہ میری ٹھاکرانی کی کوئی خبر نہیں ملتی تھی * وہ کچھہ مُدّت تک میری پرنی پلٹن کے ساتھہ رہی تھی اور پھر یکایک غائب ہوگئی تھی * بعض کہتے تھے کہ " اپنے دیس گئی ہے " - بعض کِنایۃً [2] کہتے کہ " وہ کسی سجیلے [3] جوان کے ساتھہ نکل گئی ہے " * میرے بیٹے کی کسی اور پلٹن میں بدلی ہوگئی تھی اور آسکی پلٹن سندھ گئی ہوئی تھی - کوئی دو برس سے آسکی خبر کسی کو نہ ملی تھی * میری پہلی بی بی کی ملکیّت کے کچھہ روپے میرے ہاتھہ لگے - اِس سے میں نے ڈھائی سو روپے جو صوبیدار کشل دوبے نے دیئے تھے ادا کردیئے *

۲۲۴ — میرے باپ بہت کوشش کرتے رہے کہ " یہ نوکری چھوڑ کر میرے ساتھہ رہے " - لیکن میرا دل میری بی بی اور بیٹے کے دیکھنے کے لئے ترستا تھا * اور یہ میں خوب سمجھتا تھا کہ گھر بیٹھے کبھی اِنکا پتہ نہیں لگ سکتا * اِسلئے میں نے بندیلکھنڈ جانے کا اِرادہ کر لیا تا کہ اپنی بی بی کو ڈھونڈھہ نکالوں * میں سیدھا ایک گاؤں کو چلا جہاں آسکا بھائی رہتا تھا * پہنچکر معلوم ہوا کہ یہ

1 *Ab ke* [*waqt*] "this time."

2 *Kināyat-an*, "by innuendo, insinuation" = colloquially *ishāre se* = *ishāre kināye meṅ*.

3 *Sajīlā sipāhī*, "a smart young soldier."

ایک مغرور راجپوت ہے اور بڑا زمیندار ہے - ذات میں تو وہ مجھسے اونچا نہ تھا لیکن درجے میں کہیں بڑھا چڑھا تھا * میرا دل اِس اندیشے سے بیٹھا جاتا تھا [1] کہ" دیکھیئے وہ کسطرح مجھسے پیش آتا ہے ؟" بہر صورت میں اُس سے ملا اور دل چلاکر [2] کہا کہ " میں اپنی بی بی کو لینے آیا ہوں " * میرا دل باغ باغ ہو گیا جب معلوم ہوا کہ وہ اپنے بھائی کے پاس ہے *

۲۲۵ — میں اپنی بی بی کو بخوشی اپنے گھر لیجانے پایا اور اُسکو اپنے باپ کے سپرد کرکے پلٹن میں ' جاین ' ہونے کے لئے دھلی کو واپس گیا * لیکن اب میرا دل بجھا ہوا تھا اور میں جینے سے بیزار تھا * جب تک کابل میں رہا آزادی کے خیال نے مجھے زندہ رکھا - ہر گھڑی آزاد ہونے کا خواب دیکھتا تھا * اب جو آزاد ہوکر میں واپس آیا تو کیا خاک ملا ؟ نہ ترقّی ہوئی نہ اپنی تکلیفوں کا عِوض پایا - بلکہ چھہ مہینے کی تنخواہ پہلے کی چڑھی ہوئی تھی اور اُسکے ملنے کی اُمید کم تھی * بہت سا روپیہ آزادی حاصل کرنے اور ذات میں آنے کے لئے خرچ ہوا اور ایک صاحب کا بھی بہت روپے کا قرضدار تھا - غم سے میں بیمار پڑ گیا اور مُدّت تک میرا نام ' سِیک رپورٹ ' پر رہا *

۲۲۶ — اِس عرصے میں میں نے کرنل صاحب سے درخواست کی کہ " میری ایک عرضی [3] سرکار کی خدمت میں بِھجوا

---

[1] *Dil baiṭhā jātā thā*, "my heart failed me, sank."
[2] *Dil chalākar kahā*, "making my heart stout, plucking up courage."
[3] *'Arẓī*, "a written petition": *'arz*, "an oral petition": *'arīẓa* = *'arẓī*.

دیجائے " * اُنہوں نے ایساهي کیا * اِس عریضے میں میں نے سب کچھ لکھا * مثلاً سرکار کي نوکري کتنی مدّت سے کرتا رہا ہوں - کِن کِن لڑائیوں میں شریک رہا - کب کب زخمي ہوا وغیرہ وغیرہ * اِس بات کو بھي ظاہر کر دیا کہ " میں جو شاہ کي فوج میں گیا تھا تو ایک صاحب کے کہنے پر گیا تھا - مجھے ترقّي اور زیادہ تنخواہ کي اُمید دلائي گئي تھي - سو ترقّي تو کہاں ابھي چھہ مہینے کي تنخواہ تک باقي ہے * زخمي ہوا - پکڑا گیا - غلام بنایا گیا - پانسو روپے اپني گانٹھ [1] سے دیئے تب کہیں [2] خلاصي ملي - پنشن والي نوکري کے اُنیس مہینے یونہیں [3] گئے " * عرضي کے آخر میں میں نے سرکار دولتمدار سے اِلتجا کي کہ " بندے کے حال پر رحم کیا جائے [4] اور اُسکي درخواست منظور فرمائي جائے " *

۲۲۷ — چھہ مہینے تک سخت اِنتظار کرنے کے بعد ایک دن کرنل صاحب نے مجھے بلا کر کہا کہ " سرکار تمہارے فدیہ کا روپیہ تو دیدیگي لیکن تمہاري چھہ ماہ کي تنخواہ نہیں دے سکتي کیونکہ اِسکا کوئي حساب موجود نہیں ہے کہ تمہاري یا شاہ کي فوج کے کسي اور شخص کي کتني طلب باقي ہے - ہاں اگر اپني سابق پلٹن کے کسي صاحب کا 'سارٹیفکٹ' اِس مطلب کا پیش

---

1 *Apnī gāṅṭh se* = "out of my own pocket"; *gāṅṭh*, "knot." Villagers knot up their money in their *dhotīs*.

2 *Tab kahīṅ*, "then and then only."

3 *Yūṅhīṅ*, "like this, for nothing," *vide* note 2, p. 14.

4 The passive *kiyā jā'e* is more formal and respectful than *raḥm kījiye*.

کر سکو کہ ' پسپائي کے وقت اتنے مہینوں کي ميري تنخواہ سرکار پر آتي ہے [1] ' تو اور بات ہے " *

بارھواں باب

۲۲۸ — جس دن میں کابل سے نکل کر اُس بقیہ ' یوروپین رجمنت ' سے جا ملا تھا اُس دن سے میں نے اپني ' لیوي ' کي پلٹن کے کسي افسر کي صورت نہ دیکھي تھي - میرا خیال ہے کہ سب کے سب مارے گئے ہونگے * جتنے نام مجھے یاد تھے کرنل صاحب کے آگے دھرائے لیکن وہ ایک کا بھي پتا نہیں بتا سکے * میري قسمت اچھي تھي کہ نعلبندي [2] کا بھي روپیہ ملگیا اور یہ کرنل صاحب ھي کي توجہہ تھي - اگر وہ باپ کي طرح پیش نہ آئے ہوتے تو یہ کبھي ھاتھہ نہ لگتا * گو میں ذات میں آیا اور افسروں نے بھي خوب خوب میري پیٹھہ تھونکي [3] لیکن اسکا نتیجہ یہي ہوا کہ میري پلٹن کے سپاھي مجھسے جلنے [4] لگے اور میرے واپس آنے سے ایک نایک اور ایک سپاھي کي ترقي رک گئي * سب سپاھي مجھپر یوں طعن تشنیع کیا کرتے کہ " تیري تو سُنت ہوگئي ہے [5] - کابل میں گوروں کے ساتھہ گائے کا گوشت خوب چکھا ! " *

---

1 *Sarkār par ātī hai* — "due to me from the Sirkar."

2 *Na'l-bandī*, lit. horse shoeing; also = *khirāj* or tribute: here incorrectly used by Sita Ram for "ransom."

3 *Khūb khub merī piṭh ṭhoṅkī*, "made much of me: *lit.* patted me well on the back"

4 *Mujh se jalne lage*, "were jealous of me."

5 *Terī to sunnat ho-ga*ʼ*ī*; *sunnat* (=circumcision) is for *sunnat-i Ibrāhīm*, "the custom of Abraham." *Sunnat* is specially a custom of the Prophet.

۲۲۹ — سرکار پر جو جو تباھیاں افغانستان میں آئي تھیں اُنکا چرچا سارے ھندوستان میں ھونے لگا * بہت سے کہتے تھے کہ " یہ بات نہیں ھے کہ انگریز اجیت ھیں " * خاص کر دھلي میں اِس قسم کے چرچے بہت ھوتے تھے * سپاھي بد دل [1] تھے - اُنہوں نے دیکھا کہ " سرکار جب چاھے ھمیں سندھ پار بھیج سکتي ھے " * وہ اِسکي شکایت کرتے تھے کہ " سرکار نے جو وعدے ھم سے افغانستان جانے کي ترغیب دیتے وقت کئے تھے پورے نکئے - ھم واپس آئے اور کچھہ بھي ھاتھہ نہ لگا - نہ ترقّي نہ اِنعام " * دھلي کے بادشاہ کي طرف سے چند مُخبروں نے ھمارے ' لاین ' میں آکر سپاھیوں کو ٹٹولا [2] اور فوج کے اصلي خیالات دریافت کرنے کي کوشش کي * جب سپاھیوں نے اُنکو بتلایا کہ کس آساني سے سرکار نے کابل کو دو بارہ لے لیا تو کہنے لگے کہ " فرنگي فوج جو پیچھے گئي تھي اگر بہت جلد ھندوستان واپس نہ آجاتي تو جاڑوں کے پڑنے پر پہلي فوج کیطرح برباد ھوگئي ھوتي " * جیسا میں نے اوپر بیان کیا ھے میري پلٹن کے سپاھي مجھپر کچھہ کچھہ مُبہہ کرتے تھے - خود مجھسے تو اِس مُعاملے میں کوئي ذکر نہ آتا لیکن کُھلم کُھلا چرچا ھوتا رھتا جو مجھسے پوشیدہ نہ تھا *

۲۳۰ — ساری کیفیّت میں نے ' کوارٹر ماسٹر ' صاحب سے کہي - وہ سنکر فقط ھنسے * پھر میں کرنیل صاحب کے پاس گیا -

---

[1] *Sipāhī bad-dil the*, "the sepoys were discontented." *Nālāṅ the* would mean "they complained openly."

[2] *Ṭaṭolnā*, met. "to find out the temper of."

اُنہوں نے کان لگا کر سنا لیکن کہا " ھمکو شُبہہ ھوتا ھے کہ تم نے عداوت کي راہ سے پلٹن پر یہ تہمت لگائي ھے - پھر میرے آگے اِس قسم کي خبریں مت لانا " * اُنکا خیال تھا کہ یہ فقط بازاري گپ ھے اور کچھہ نہیں * جھڑکي جو کھائي تو پھر میں نے دوبارہ کسي صاحب کے آگے کوئي ' رپورٹ ' نکي کیونکہ اِس سے اپني ھي برائي ھوتي تھي *

۲۳۱ — کابل اور سندھ کي لڑائیوں کے بعد دھلي سے لیکر فیروز پور تک سرکار کي پلٹنیں غدر کرنے پر آمادہ تھیں - سرکار کا اِقبال ھي تھا کہ عام بلوہ[1] ھونے نہ پایا * سپاھي اِسکي شکایت کرتے تھے کہ " سندھ جانے کے لئے ھملوگوں کو زیادہ بھتّا دینے کا وعدہ کیا گیا تھا لیکن جب ھم وھاں کوچ کرکے پہنچے تو ھم سے کہا گیا کہ ' یہ[2] تمہاري بھول ھے - اِسکا تو حکم ھي نہیں ملا ' - حالانکہ ھمارے کمان افسروں نے اِسکے ملنے کا یقین دلایا تھا " * حضور اُسوقت ھندوستان میں تشریف رکھتے تھے اور جانتے ھیں کہ بعض بعض پلٹنیں بِگڑي ھوئي تھیں * صرف چار پانچ میں بغاوت کے آثار ظاھر ھوئے تھے لیکن ناراضي سب کے دلوں میں جڑ پکڑے ھوئے تھي اور بہتوں کا خیال تھا کہ " عنقریب عام بغاوت[3] ھونے والي ھے " * * * * * * * * * * * * * * * * *

[1] *Balwa*, "disturbance," gen. term, but more than *fasād*; *ghadr*, mutiny of army; the latter word contains an idea of treachery; *baghāwat*, f., rebellion.

[2] Direct narration within direct narration.

[3] *Baghāwat*, "rebellion," *vide* note 1.

۲۳۲ — کچھہ شک نہیں کہ بعضوں کي شکايتيں بجا بھي تھيں * خود مجھسے سرکار کي طرف سے ترقّي اور زيادہ تنخواہ کا وعدہ کيا گيا تھا ليکن نہ يہ ملي نہ وہ * ہاں - سرکار نے فديہ کا روپيہ ديا تھا - ميں اب آزاد تھا غلام نہيں - اور يہ اِحسان ميں کبھي نہ بھولونگا *

۲۳۳ — سال گزر گيا - ناراضي اور بد دلي کے آثار ظاہر ہوئے * دہلي ميں مشہور تھا کہ کابل کي لڑائي کے زمانے ميں سرکار خود ڈري ہوئي تھي اور حکم ديا گيا تھا کہ توپخانہ مشق [1] کرنيکے لئے پہلے کي نسبت زيادہ گولے سر کرے تاکہ دلّي والے سرکار کا زور بھول نہ جائيں - ليکن کابل کي بپتا [2] بھي ايسي تھي جس نے بہت کچھہ ظاہر کرديا تھا کہ "سرکار اِسقدر بھي اجيت نہيں ہے جسقدر لوگ سمجھتے ہيں" - اور اِسميں شک نہيں کہ پہلے کي طرح سرکار کا رُعب [3] لوگوں پر نہ رہا تھا *

۲۳۴ — ايک اور سال گزرا * سپاہيوں کا وہ بڑ بڑانا کم ہو گيا اور اُنکا جوش بھي ٹھنڈا پڑ گيا * اُسوقت کہا جاتا تھا کہ سِکھہ لوگ سرکار کے مقابلے ميں اپنا زور آزمايا [4] چاہتے ہيں * اُنکي فوج بہت بڑي تھي اور خوب قواعد سيکھي ہوئي - اور اُنکو يقين تھا کہ "ہم انگريزي فوج کو شکست دينگے" * اب سرکار اَنبالہ اور لودھيانہ کي طرف پلٹنيں بڑھانے لگي - ميري پلٹن بہت سي اور پلٹنوں کے

---

[1] *Mashq*, f., practice; also drill.
[2] *Biptā*, f., Hindi, "misfortune" = *muṣibat.*
[3] *Ru'b*, m., "awe."
[4] *Zor āzmānā*, to try one's strength, come to conclusions with "Hind. Man.," L. 20 (*b*).

ساتھہ بھیجدي گئي * ہم لودھیانے پہنچے اور کچھہ مدّت تک وھیں رہے *

۲۳۵ — میں سمجھتا ھوں کہ انگریزي افسروں کا یہ خیال تھا کہ " سکھہ لوگ ندي کي پرلي ھي طرف سے بھبکتے [1] رھینگے - اِدھر آنے کي جرأت نکرینگے " * ستلج کے کنارے پر اُنکي بڑي ٹولیاں دکھائي دیتي تھیں لیکن ایک بھي اب تک اِدھر نہ آئي تھي * آخر سکھہ سواروں کي ایک ٹولي نے ھري پتن کے نزدیک ستلج سے پار اُترکر اِدھر چند گھسیاروں کو مار ڈالا اور سرکار کا کچھہ ذخیرہ رسد کا [2] اوٹ لیگئے * یہ پہلي دفعہ تھي کہ اُنکي نیت ھم پر کچھہ کچھہ ظاھر ھوئي لیکن پھر بھي سرکاري افسر سمجھتے تھے کہ " یہ لوگ ھرگز ھندوستان پر چڑھائي نکرینگے " *

۲۳۶ — اب اور بھي پلٹنیں فیروز پور بھیجي گئیں اور بعد ھي میري پلٹن کو وھاں جانے کا حکم ملا - اور کوچ در کوچ چلکر ھم چار دن میں وھاں پہنچ گئے *

۲۳۷ — خالصہ فوج کا بڑا نام تھا کیونکہ فرانسیسي صاحبوں نے اُسکو تعلیم دي تھي - بندوقیں اُنکي سرکار کي سي تھیں اور اُنکي توپیں بیشمار تھیں * اکثر کالي پلٹنیں سکھوں کا مقابلہ کرنے

---

[1] *Bhabaknā*, "to bluster," *lit.* to gurgle like wine or water poured out of a *ṣurāḥī*. A special kind of vessel with a narrow neck is called *bhabkā*, which is also an alembic or retort.

[2] *i.e.*, *rasad kā ẕak͟hīra*; note the collocation, to avoid two *kā* coming together. It would be better, in order to avoid the use of two *kā*, to write, *sarkārī rasad kā kuchh ẕak͟hīra*.

سے ڈرتي تھیں لیکن چونکہ چند یوروپین پلٹنیں بھي فوج میں تھیں اس سے اُنکي کچھہ ڈھارس بندھي تھي * چند روز کے بعد کچھہ [1] سوار یہ خبر لیکر فیروز پور کو [2] جھپٹے آئے کہ " خالصہ فوج تعداد میں کم سے کم پانچ لاکھہ ، ستلج کو عبور کر آئي ہے اور چھاؤني پر حملہ کیا چاہتي ہے [3] " * کئي افسر تحقیق کرنے کو بھیجے گئے - اُنھوں نے آکر کہا کہ " اتنا تو سچ ہے کہ ایک فوج آئي ہے لیکن تعداد قریب بیس ہزار کے ہے " * فیروز پور میں بس کوئي سات آٹھہ ہي پلٹنیں تھیں لیکن پھر بھي جنرل لٹلر صاحب خالصہ جي کا مقابلہ کرنے کو بڑھے * بڑا تعجب ہوا جب سکھہ لوگ ہٹ گئے اور فیروز پور کي طرف رخ نکیا * پیچھے سنا کہ اُنکا خیال تھا کہ " ساري چھاؤني کے نیچے نیچے سُرنگ لگائي گئي ہے - اگر ہم حملہ کرینگے تو سب کے سب اُڑادیئے جائینگے " - اِسلئے وہ میدان ہي میں لڑنا چاہتے تھے *

۲۳۸ — اِسکے چند روز بعد فیروز پور سے کچھہ دور پر زوروں [4] کي گولہ باري کي آواز سنائي دي * شام کو خبر آئي کہ ایک لڑائي ہوئي ہے * بعض کہتے تھے کہ " سرکار کي فوج شکست کھاکر ہماري چھاؤني کیطرف ہٹي چلي آتي ہے " - بعض کہتے تھے کہ " سِکھوں کي فوج بھگا دي گئي ہے " * یہ بھي خبر تھي کہ " کسي

---

1 *Vide* "Hind. Man.," L. 8 (*c*).

2 *Firozpūr ko jhapṭe āʾe*: note *jhapṭe* requires *ko*; if *jhapaṭnā* were omitted, the *ko* of motion would also be omitted.

3 *Ḥamla kiyā, chāhtī hai,* "is about to attack"; but *ḥamla karnā chāhtī hai* "wishes to attack"; *vide* "Hind. Man.," L. 20 (*b*).

4 *Zoroṅ kī gola-bārī* "heavy firing"; *zoroṅ kī bārish,* "heavy rain."

کي جيت نہيں ھوئي - دونوں لڑائي کے ميدان ميں پاؤں جمائے [1] کھڑے ھيں " * شام کو کئي افسر پہنچے اور اُنکي زباني سنا گيا کہ سرکار کي فتح ھوئي اور بہت سي توپيں سِکھوں کي ليلي گئيں *

۲۳۹ — حکم ملا کہ " جو جو پلٹنيں فيروز پور ميں ھيں سب دوسري فوج سے جا مليں " * رات کو ھمارا کوچ ھوا * ھم کچھہ گھوم گھام [2] کر گئے تاکہ سِکھوں سے مُنْھہ بھيڑ نہو جائے کيونکہ خبر تھي کہ " سکھہ لوگ ھمارا رستہ روکنے کو تيار کھڑے ھيں " * دوسرے دن دو پہر کو ايک لمبے کوچ کے بعد بے دانہ پاني ، ھم سرکار کي دوسري بڑي فوج سے جا ملے * ھم تھکن سے چُور [3] تھے اور ھرگز لڑنے کے قابل نہ رھے تھے - اِسپر بھي حکم ملا کہ " ابھي ابھي لڑائي کے لئے تيار ھو جاؤ " * سِکھوں کي کسي حرکت کے سبب سے لڑائي ميں دير ھوئي - سورج ڈوب رھا تھا اور رات کا اندھيرا چھانے پر تھا کہ لڑائي شروع ھوگئي *

۲۴۰ — يہ لڑائي البتہ لڑائي تھي - اِس سے پہلے ميں نے اِسکي مثال نہ ديکھي تھي * نزديک نزديک [4] سے ھم نے ' واليان ' چلائيں اور دشمن بھي اسيطرح برابر جواب ديتے رھے * جن جن لڑائيوں ميں ميں پہلے موجود رہ چکا تھا يہي ديکھا تھا کہ جہاں [5]

---

[1] *Pāʾoṅ jamāʾe (hūʾe) khaṛe haiṅ*, "holding their own ground."

[2] *Ham kuchh ghūm ghām-kar gaʾe*, "making a détour right and left": *ghūm-kar gaʾe*, "we made a single détour or circle."

[3] *Ham thakan se chūr the*, "we were worn out with fatigue": *chūr*, lit. broken to pieces. *Cf. Gham se chūr honā* and *nashe meṅ chūr honā.*

[4] *Nazdīk nazdīk se*, "from various near places." [5] *Jahāṅ* = "when."

نزدیک سے انگریزوں کي دو ایک ' والیاں ' چلیں دشمن رفو چکر[1] ھوگئے -
لیکن یہ سکھہ برابر ' والي ' کا جواب ' والي ' سے دیتے تھے * وہ
اپني جگہہ سے بس اُسي وقت ھٹتے تھے جب اُنکا دستہ قریب
قریب فنا[2] ھوجاتا تھا * اُنکي پلٹنیں کچھہ توپوں کے بیچ کچھہ
توپوں کے پیچھے کھڑي کي گئي تھیں - اُنکي آتشباري غضب کي تھي -
کسي سپاھي نے ایسي آتشباري کا کبھي سامنا نکیا تھا * سرکاري
توپیں ٹھنڈي پڑگئیں[3] اور گولي باروت کي گاڑیاں دشمن نے
اُڑادیں * میں نے اپني آنکھوں سے دیکھا کہ اُنکي توپوں نے دو
تین لال کُرتي کي پلٹنوں کو پیچھے ھٹا دیا - گولہ باري کیا تھي برسات
تھي - یہ لال کُرتي کي پلٹنیں درھم برھم ھوگئیں اور پھر کئي ایک
دیسي پلٹنوں کا بھي یہي حال ھوا * ایک لال کُرتي کي پلٹن کافور
ھوگئي[4] * اب میرے دل میں یہ خیال پیدا ھونے لگا کہ " سرکار بہادر کي
فوج دب جائیگي " اور ھم میں سے بہتوں کے دل پر خوف چھا گیا *

۱۴۱ — جب اندھیرا ھونے لگا ھم نے ایک نعرہ سنا جو
سکھوں کا سا نہ تھا - تب ' کیولري ' کي ٹاپوں کي آواز سنائي دي
اور تین نمبر ' ڈراگون ' دشمن کے مورچوں کے اوپر جھپٹ پڑے اور
تلوار سے اُنکے توپچیوں کے ٹکڑے ٹکڑے کرڈالے * یہ ' چارج ' بالکل اچانک[5]

---

1 *Rafū chakkar honā* = *kāfūr honā:* origin of idiom obscure. *Rafū karnā* is "to darn," and *chakkar*, m., means "a circle."

2 *Fanā ho-jānā*, "to cease to be." *Fānī*, adj., "transitory, corruptible" is applied to this world as opposed to *bāqī*, "lasting for ever." *Qarīb qarīb* "very nearly"; *vide* note 4, p. 179.

3 *Topeṅ ṭhanḍī par-gaʾīṅ*, "the guns were silenced"; *lit.* fell silent through inability."

4 "*Kāfūr ho-jānā*" has been incorrectly used here by Sitā Rām in the original. *Cf.* foot-note in the English translation.

5 *Achānak*, adv., generally used for calamities.

ھوا - کب کسي نے 'کیولري' کو 'باتري' کے مُنھہ میں چارج کرتے سنا تھا ؟ سکھہ کئي منٹ تک توپیں چھوڑ [1] مُنھہ دیکھتے رھگئے *

۲۴۲ — اب بالکل اندھیرا چھا گیا اور سرکار کي فوج نے لڑائي موقوف کردي - لیکن سکھہ جب کہیں روشني دیکھتے تو فوراً اُس طرف گولي چلاتے * جس فوج میں میں تھا اُسکي کمان پر جنرل لٹّلر صاحب تھے - یہ فوج ، اندھیرے میں ، رستہ بھول گئي * ڈر تھا کہ " کہیں ھم سیدھے سکھوں کے مُنھہ میں نہ جا پڑیں " - اِسلئے زمین پر پڑ رھنے [2] کا حکم ھوا * یہ رات کابل کي بعض راتوں کو یاد دلاتي تھي * گولوں کے ڈر سے ھم آگ نہ جلا سکتے تھے [3] - پاني کا کہیں نام نہ تھا - کھانے کو کچھہ باسي چپاتیاں ملیں جو بعض سپاھیوں کے جھولوں میں تھیں * صاحبوں نے کہا کہ " لڑائي اِسیکا نام ھے اور سکھہ لوگ لایق اور بہادر دشمن ھیں " * پھر بھي وہ فکرمند نظر آتے تھے کہ " دیکھیئے صُبح کیا ھونا ھے ؟ شب آبستن است کہ روز چہ زاید " * سردي اِنتہا کي پڑتي تھي - خالي پیٹ پر دانتوں کا بجنا سننے میں آتا تھا اور بس *

۲۴۳ — مجھے یاد ھے کہ اِس رات کو میري بغل والي پلٹن کا ایک صاحب گاتا ھوا ٹہلتا تھا - اور افسروں نے اُسکو منع کیا مگر وہ گاتا ھي رھا [4] * نشہ میں نہ تھا - وہ فقط 'مسکوٹ' میں نہونے کي

---

[1] This shortened form of the Conj. Part. indicates haste: *vide* Supplement, "Stumbling-Blocks."

[2] *Paṛ-rahnā*, "to lie down"; but *paṛā* (*huʾā*) *rahnā* "to remain lying down."

[3] But *āg na-sulgā-sakte the*, "we dare not *kindle* any kind of light."

[4] "Went on singing."

تکلیف کو گاکر بھلانا چاهتا تھا * عجب مصیبت کي رات تھي * انگریز اپني جگہہ سے نہیں هٹے تھے اور سکھہ بھي اپنے مورچون پر قدم جمائے کھڑے تھے - یعني برد کي سي حالت تھي *

۲۶۴ — جب صبح هوئي انگریزي فوج کچھہ کچھہ ترتیب کي صورت پکڑنے لگي * اب سکھون کے مورچون پر حمله کرنے کا حکم هوا * میرا ' کالم ' اُس ' کالم ' سے جا ملا جس سے رات کو الگ هوگیا تھا * خود گورنر جنرل صاحب میدان میں سوار پھر رهے تھے اور گورونکا دل بڑهاتے جاتے تھے - اور اپنے مُصاحبون سے کہتے تھے کہ " سپاهیوں سے کہدو کہ مردوں کي طرح لڑیں [1] - فتح هو هي کر رهیگي [2] " *

۲۶۵ — میري تو سمجھہ میں نہیں آتا (لیکن بعض کہتے تھے) کہ " گورنر جنرل صاحب جنگي لاٹ صاحب کے زیرِ حکم هیں " * لڑائي میں دونوں موجود تھے اور گورنر جنرل صاحب جنگي لاٹ صاحب کا حکم مانتے تھے * کہا جاتا تھا کہ " گورنر جنرل صاحب ولایت میں مشہور جنرل رهے هیں اور بہت سي لڑائیوں میں نام پیدا کیا هے " - چنانچہ ایک لڑائي میں اُنکا ایک بارو جاتا رها تھا * لاٹ گف صاحب کو گورے دل سے چاهتے تھے چنانچہ جب کبھي وہ پاس آجاتے تو وہ خوشي کے نعرے بلند کرتے *

---

[1] Indirect narration after verb of ordering: *vide* "Hind. Man.," L. 36 (*e*).

[2] *Fatḥ ho hī kar rahegī*, "victory is certain"; but *fatḥ ho hī rahegī*, "victory will be certain *some day or other*." *Vide* "Hind. Man.," p. 86, for first and "Stumbling-Blocks" for second.

۲۴۶ — اب گورے باڑیوں پر هلّا کرکے جھپٹ پڑے اور سکھہ لوگ بھاگ گئے * اسکے بعد ' هارس آرٹیلري ' بہت نزدیک کي گئي اور دشمن پر چھرّوں کي بوچھاڑ [1] لگا دي * لیکن سرکاري فوج تھکي ماندي اور بھوک سے مُرجھائي [2] هوئي تھي - دشمن کا پیچھا کیا کرتي [3] ؟ خالصہ فوج ندي کے گھاٹ تک پہنچي اور پار اُتر گئي * اسکا سارا ' کمپو ' ایک سو توپوں سمیت [4] لے لیا گیا * اُنکے تنبوؤں میں آگ لگا دي گئي تھي اسلئے باروت هر دم چھوٹتي رهتي تھي - چنانچہ کئي سپاهي لوٹ مچاتے [5] میں هلاک هوئے * معقول لوٹ هاتھہ لگي - سرداروں کے تنبو ، ریشم کے استر والے ، اور شال اور هر قسم کے هتھیار ، هاتھہ لگے * ان تنبوؤں کے بچانے کي کوشش میں بہت سے سپاهي بُري طرح جلے *

۲۴۷ — اس بڑي لڑائي کے بعد جب انگریزي فوج کھانا پکا رهي تھي ' بگل ' پر ' الارم ' بجایا گیا اور خبر آئي کہ " سکھہ سواروں کي فوج ساري کي ساري دهاوا کرکے چلي آرهي هے " - اور ساتھہ هي ایک نئي فوج همارے طرف آتي دکھائي

---

1 *Dushman par chharroṅ kī bauchhāṛ lagā-dī*, "poured grape into the enemy": *bauchhāṛ*, f., *lit.* "heavy shower."

2 *Murjhānā*, "to fade, wither" (of flowers or trees); *kumlānā*, "to droop (of flowers: less than previous)": *khushk ho-jānā*, to die (of trees, or flowers) and *mar-jānā* (of trees).

3 *Dushman kā pīchhā kyā kartī*, "how could it have pursued?": *kyā* for *kyūṅkar*.

4 For difference between *samet* and *sāth* *vide* Supplement, "Stumbling-Blocks."

5 *Lūṭ machānā*, "to loot a city, camp, or large place"; *lūṭnā*, "to rob" can be used of a single house. *Machāte meṅ*, Pres. Part. used as a noun; *vide* "Stumbling-Blocks," XLVII (2).

دي * لڑائي پھر چھڑ گئي ليکن سرکار کي توپيں فير نه هو سکيں کيونکه گولي باروت سب خرچ هو چکي تهي * سرکار کا اِقبال واقعي بلند تھا کيونکه بغير کسي ظاهري سبب کے سکھوں کي فوج هٹي اور چلي گئي * سبھوں کو تعجّب هوا کيونکه يه سب نئے اور تازه دم سپاهي تھے * بعض کہتے تھے که اُنہوں نے يه خبر يکايک [1] سني تهي که " سرکار کي ايک دوسري فوج همارے پيچھے آپہنچي هے " * خير - سبب کچھه هي هو چند ' رونڈ ' چلانے کے بعد اُنہوں نے ' فير ' کرنا موقوف کرديا - اور کوچ کر کے واپس چلے گئے * انگريزي فوج نے اُنپر فير نکيا کيونکه وه بندوق کي مار کے اندر نه تھے * اندازے سے کہا جاتا هے که اُنکے ايک لاکھه سوار تھے اور بخوبي هماري فوج کو گھير لے سکتے اور مٹادے سکتے تھے [2] * بعض کہتے تھے که " سردار تيج سنگھه ڈرگيا اسلئے نه لڑا " * اور تو اور [3] خود صاحب لوگ تعجب کرنے لگے * خالصه فوج کي پسپائي سے همارے سپاهيوں کے دل قوي هوگئے - وه سمجھتے تھے که " پھر اِنکو سرکار سے لڑنے کي همّت نه پڑيگي " *

۲۴۸ — هماري فوج نے يہاں کچھه دنوں مقام کيا اور مورچه بندي کرکے بھاري توپوں کے پہنچنے کے اِنتظار ميں رهي * سکھوں کے ' رير ' ميں ايک انگريزي فوج تهي ليکن اُسوقت اُنسے بہت دور تهي - اُسکو يہاں آتے آتے کوئي دس دن لگ گئے *

---

[1] *Yak-ā-yak*, "suddenly," is used generally; *vide* note 4, p. 180.

[2] *Miṭā-de sakte the*; or omit *sakte the* and write *gher-lete* and *miṭā-dete*. Conditional Tense; *vide* "Stumbling-Blocks," p. 53 (7), and p. 14 (8),

[3] *Aur to aur*, "not to speak of others."

جلد یہ خبر پہنچي کہ " لودھیانے کے نزدیک لڑائي ہوئي ہے اور سرکار کي چند توپوں اور سارے ' کمپو ' کو دشمن نے لے لیا ہے " * پھر خبر آئي کہ " ایک اور لڑائي ہوئي ہے جسمیں دشمن کو شکست ہوئي ہے - اور جو کچھہ دشمن نے پہلے لے لیا تھا واپس ملگیا " * یہ خبر سچ نکلي *

۲۴۹ — مہینے کے شروع میں سرکار کي سب فوجیں جمع ہوگئیں اور بڑي توپیں بھي پہنچیں * اب ہماري فوج کثیر تھي * اتني بڑي سرکاري فوج پہلے ہندوستان میں نہیں دیکھي گئي تھي - مشہور تھا کہ " سکھوں کي تعداد بھي کم سے کم کوئي ساٹھہ ہزار کي ہوگي اور چار سو توپیں اُنکے ساتھہ ہیں " *

۲۵۰ — سکھوں کي فوج سبراؤن کو کوچ کرکے گئي تھي اور اُس ' پوزیشن ' کو ایک سو توپیں لگا کر مستحکم کیا تھا * انگریزي فوج رات کو چلي اور صبح سویرے دشمن کے سر پر جاپہنچي * ظاہر تھا کہ سکھوں کو اُنکے آنے کي خبر نہوئي تھي - اُنکے خیموں اور تنبوؤں میں بڑي ہلچل پڑگئي اور ' بگلوں ' پر ' الارم ' بجایا گیا * پہلے توپخانے گولے چلانے لگے - بلا کي آتشباري ہو رہي تھي * سکھوں کي فوج کا ایک حصہ ندي کي پرلي طرف اُنہیں کے ملک میں تھا اور دوسرا حصہ ورلي طرف سرکاري حد کے اندر * ندي پر کشتیوں کا پل باندھا گیا تھا * تین گھنٹے کے بعد سکھوں کي ' باتریوں ' پر حملہ کرنے کا حکم ملا * یہاں کي آتش باري ، کہا جا سکتا ہے ، کہ فیروز شاہ سے بھي

بڑھکر تھي * خالصہ کي توپوں نے انگريزي فوج کے بعض حصّوں کو فنا کرديا - پھر بھي فوج جمي کھڑي رھي * چند يوروپين پلٹنيں توپوں پر ھلا کرکے جھپٹ پڑيں اور کئي کالي پلٹنيں بھي اُنکے پيچھے گئيں * يه بات مشهور ھے که همارے سپاھي سکھوں سے بهت ڈرتے تھے کيونکه يه لمبے چوڑے مضبوط جوان هوتے هيں - مگر پھر بھي همارے افسر همکو بڑھائے لے گئے * دھوئيں کے اندر سے يکايک پھر اُس لاجواب رجمنٹ ، يعني تين نمبر ڈراگوں ، کي چمکتي هوئي کرچيں اور کلغي والي ٹوپياں نظر آئيں - اُنھوں نے باتريوں پر پھر ' چارج ' کيا * ايسي لڑائي پيشتر هندستان ميں کبھي دو ديکھي نهيں گئي تھي *

۲۵۱ — اسکے بعد ايک بڑے زور کا نعرہ سنا گيا که " سکھ لوگ اپنے پُل کے اوپر سے پسپا هو رهے هيں " - يه نعرہ سرکار کي ساري فوج نے بلند کيا تھا * اِس پُل کے دونوں سروں پر دشمن نے توپيں لگائي تھيں ليکن اب وہ ندي کي پرلي طرف کي توپوں کو نهيں چلا سکتے تھے کيونکه اُنکو ڈر تھا که " کهيں[1] اپنے هي سپاهي هلاک نه هوجائيں " * دشمن ' سکشنوں ' ميں پُل پر سے گزرنے لگے اور بهت سي پلٹنيں پار اُتريں * اب سرکار کا توپخانه بهت نزديک گيا اور تھوڑے هي فاصلے سے گولے چلانے لگا - سيکڑوں کا ، ايک ايک باڑھ ميں ، خاتمه کر ديتا تھا * پيدل پلٹنيں بھي نزديک جاکر ' والي ' پر ' والي ' چلانے لگيں ليکن خالصه کي فوج ويسي هي ترتيب وار هٹتي چلي گئي اور واليوں کا بهت کم جواب ديا * ايک

---

1 *Kahīn* "for fear lest."

بھي سکھہ نے امان [1] نہ مانگي * یہ لوگ پُل پر ایک سرے سے دوسرے سرے تک پھیل گئے - آخر کو پُل ھي ٹوٹ گیا - اور ھزاروں سکھہ ندي میں (جو وھاں بہت گہري تھي) گر پڑے اور سیکڑوں اور بھي پاني میں کود پڑے تاکہ ٹوٹے ھوئے پُل کي کشتیوں میں انگریزوں کي طرف بہکر نہ چلے آئیں * جان کا نقصان غضب کا تھا - ایسا سما میں نے پیشتر کبھي نہ دیکھا تھا * کہیں ندي میں تیر کر نکل جانے کي اُمید میں بیچارے سکھہ ھاتھہ پاؤں مار رھے تھے - کہیں یاس و نا اُمیدي کي حالت میں تلے اوپر ایک دوسرے سے چمٹے ھوئے تھے کہ [2] موجوں نے اُنہیں ایسا ڈبویا کہ پھر زندہ نہ اُبھرے [3] *

۲۵۲ــ میں خود اِس پُل کے نزدیک مرتے مرتے بچگیا [4] *

ایک بڑے سے گولے کو میں نے زور سے اپني 'کمپني' کي طرف آتے دیکھا * اپنے ساتھیوں کو پکار کر ھُشیار کردیا * گولے سے بچنے کے لئے لوگ ایک طرف ھٹ گئے لیکن نجانے [5] کس طرح گولہ مُڑگیا اور اُسي جگہہ آیا جہاں اُس سے بچنے کے لئے ھمنے پناہ لي تھي - اِس گولے سے پانچ سپاھي اور ایک حوالدار اُڑ گئے - حوالدار چند قدم دور جا گرا - ایک سپاھي کي بندوق میرے سینے پر آلگي اور میں بیہوش ھوکر گر پڑا * جب ھوش میں آیا

---

[1] *Amān*, f., "a *state of* peace"; *also* "quarter in war."

[2] *Ki*, "when."

[3] *Ubharnā*, "to protrude (of an excrescence)"; *also* "to emerge from water."

[4] "Hind Man.," p. 172, line 20; and "Stumbling-Blocks," p. 18 (*g*).

[5] *Na-jāne*, colloq.

دیکھا کہ میری پلٹن آگے بڑھہ گئی ہے * میں اپنی جگہہ سے ہل نہ سکتا تھا لیکن میرے نصیب [1] اچّھے تھے کہ اِدھر کچھہ ڈولیاں زخمیوں کی تلاش میں آئیں اور مجھے اُٹھا کر ھسپتال لے گئیں *

۲۵۳ — اِس لڑائی میں سرکاری فوج بہت ضائع ہوئی ہوگی * ایک جنریل صاحب مارے گئے اور سنا کہ کوئی سو افسر، یا زخمی ہوئے یا مارے گئے * سکھہ فوج کا مال اسباب سب لے لیا گیا - بہت لوٹ ہمارے ہاتھہ لگی - عموماً سکھہ سپاہیوں کے کیس یعنی لمبے بالوں میں نقد چھپا ہوتا تھا - ہمارے بعض سپاہیوں کو ایک ایک نعش [2] سے سو سو نانک شاہی روپے ملے *

۲۵۴ — عامّ طور پر اِس موسم میں ندی سے پیدل گزرنا مشکل نہیں ہوتا تھا لیکن اِسوقت وہ بہت چڑھی ہوئی تھی - اگر ایسی بات نہ ہوتی تو سرکار کے سوار پار اُتر کر سیکڑوں کا کام تمام کر دیتے * پُل کے ٹوٹنے پر وہ کشتیاں جنسے پُل بنا تھا دھارے کے زور سے میلوں بہکر چلی گئی تھیں اور باقی جو کشتیاں کنارے پر تھیں اُنمیں آگ لگادی گئی تھی * دو ایک دن میں کچھہ کشتیاں جمع ہوئیں اور ہماری فوج ستلج سے پار اُترکر پنجاب میں داخل ہوئی *

---

[1] *Naṣīb* and *Qismat*. The former is, in Urdu, gen. masc. pl.: *uskī mulāqāt mujhe naṣīb hūʾī* = "I was lucky to meet him." *Qismat* is "Fate."

[2] *Ek ek naʿsh se sau sau rupai*, "from each corpse as much as a hundred rupees."

تیرھواں باب

۲۵۵ — ھم ھمیشہ سنتے تھے کہ "سکھوں نے فرانسیسي صاحبوں سے 'ڈرل' سیکھي ھے" لیکن یہ صاحب لوگ لڑائي سے پہلے الگ ھوگئے تھے - یا تو اُنھوں نے سرکار کے ساتھہ جنگ کرنے سے انکار کیا تھا یا یہ کہ سکھہ سردار اُنکے اختیارات پر رشک کرتے تھے اور کسي نہ کسي صورت سے اُنکو نکلوا چھوڑا تھا [1] * میں نے نہ خود سکھوں کي فوج میں کسي ولایتي صاحب کو دیکھا اور نہ یہ سنا کہ کسي اور شخص نے دیکھا ھے *

۲۵۶ — خالصہ فوج ایسي مردانہ وار لڑي کہ جسکي مثال اِس سے پہلے ھند میں نہیں دیکھي گئي تھي لیکن ظاھر تھا کہ اُسکے سردار اناڑي تھے - لڑائي کا فن اور اُسکے اُصول سے کچھہ بھي واقف نہ تھے - موقعے اُنکو ملے مگر اُنھوں نے فائدہ نہ اُٹھایا * جہاں تک میں جانتا ھوں اُنکے رسالے میدانِ جنگ کے نزدیک نہ آئے * جب میں لاھور میں تھا بہت سے سکھوں کو ھانک پکار کر کہتے سنا تھا کہ "سردار تیج سنگھہ غدار [2] ھے - مُلک کا دشمن ھے - جب اُسنے یہ خبر دي تھي کہ انگریزي فوج ھمارے 'ریر' میں ھے وہ خوب جانتا تھا کہ حقیقت میں فوج اُسوقت کوسوں دور تھي" * یہ اُسوقت کا ذکر ھے جبکہ سکھہ لوگ دکھاوے [3] کا حملہ کرکے ھٹ گئے تھے جیسا میں اوپر بیان کرچکا ھوں *

---

[1] *Unko nikalwā-chhoṛā thā*, "succeeded (with difficulty) in turning them out." *Vide* "Hind. Man.," L. 23 (*e*).

[2] *Ghaddār*, traitor to one's party ; betrayer.

[3] *Dikhāve kā ḥamla*, "a false attack, feigned attack."

۲۵۷ — مجھے یاد ھے کہ پل کے سرے کے نزدیک ایک گورا ایک زخمي سکھہ کو سنگین مارا [1] چاھتا تھا * میں حیران ھوا جب اِس زخمي نے امان مانگي کیونکہ اب تک کسي سکھہ نے دشمن سے امان طلب نہ کي تھي * وہ زخمي انگریزي زبان میں فریاد بھي کرنے لگا * اُس گورے نے اِس شخص کي پگڑي کو جھٹک کر اُتار لیا اور اُسکي کرتي بھي کھینچکر اُتارلي * پھر میں نے دیکھا کہ اُسنے اُس بیچارے آدمي پر جو اوندھا [2] پڑا تھا ٹھوکر چلائي اور سنگین سے اُسکو چھید چھید [3] ڈالا * چند اور گوروں نے بھي حقارت سے اُسکي لاش پر لات ماري اور پھر سنگین بھونکدي [4] * دریافت کرنے پر معلوم ھوا کہ یہ کسي یوروپین رجمنٹ کا بھگوڑا ھے اور اپنے رفیقوں کو چھوڑ کر سکھوں کي طرف سے لڑتا تھا *

۲۵۸ — چند روزوں کے بعد سرکاري فوج نے لاھور پر دھاوا کیا * اب سارا پنجاب بلونت کمپني بہادر کے پاؤں تلے تھا - اُسکي ٹکر [5] کا کوئي نہ تھا اور اُسکا سامنا کرنا عبث تھا * یہ واقعہ سنہ ۱۸۴۶ع کے فروري کے اخیر میں ھوا *

۲۵۹ — گورنر جنرل صاحب اور سرداروں کے بیچ ایک مشورے کا جلسہ ھوا - اور لاھور میں ایک انگریزي فوج مُقیم کي

---

[1] *Sangīn mārā chāhtā thā*, "was about to bayonet him"; *vide* note 3, p. 74.

[2] *Auṅdhā*, *vide* note 1, p. 50.

[3] *Usko chhed chhed-ḍālā*, "made holes in several places": *chhed* is here a verb and not a noun.

[4] *Bhoṅknā*, tr., "to stab; run into, of a sharp instrument"; *chubhnā*, intr., and *chubhonā*, tr., "to prick."

[5] *Ṭakkar*, f., "shock, concussion: match, equal." *Jawāb*, m., is also used in the latter sense.

گئي - زبردست خالصه فوج کا غرور ٹوٹ گیا * بہت سے سکھہ هتهیار ڈالدینے آئے - اُنکو یوں آتے هوئے دیکھنا ایک عجیب بات تھي - وہ بے تکلف [1] کہتے تھے کہ "سرکار نے همکو شکست دي هے لیکن ایک دن همارا بھي آنے والا هے" *

۲۶۰ — پنجاب میں عامّ طور پر خیال کیا جاتا تھا کہ سرکار اُس مُلک پر قبضه کرلیگي جیسا هندوستان کے اور اور حصّوں پر کیا هے - لیکن سرکار اور سکھوں کے درمیان ایک صُلحنامه لکھا گیا * اِس کے مطابق راجه لال سنگھه وزیر مقرّر کیا گیا اور کشمیر کا مُلک مہاراجه گلاب سنگھه کے هاتھه بیچا گیا * تب سرکاري فوج ندي کي اِسطرف اپنے حدود میں واپس چلي آئي اور پنجاب کو اُسکے حال پر چھوڑا *

۲۶۱ — اُسوقت سرکار کا اِقبال اوج پر تھا - کسي کو مُقابلے کا خیال بھي نه آتا تھا اور معلوم هوتا تھا که وہ باغیانه خیالات جو اِس لڑائي سے پیشتر فوج میں عامّ تھے اور جنکا میں ذکر کر چکا هوں باقي نہیں رهے * اب کمپني بہادر هي کے اِقبال کا چرچا تھا اور بس * * * * * * * * *

۲۶۲ — اِس لڑائي کے بعد میري پلٹن انبالے میں مُقیم هوئي اور دوسال وهاں رهکر مجھے جماعه داري [2] ملي - اب میري سرکاري نوکري کوئي پینتیس ۳۵ برس کي هوچکي تھي * سچ هے که میں جماعه دار هوگیا تھا لیکن وہ زر و مال جسکا ، نوکر هوتے

---

[1] *Be-takalluf*, "freely, openly; *lit.* without ceremony."

[2] *Jamā'ah-dārī*; this is the correct spelling: *jama'-dārī* is a corruption.

وقت ، خواب دیکھا تھا کہاں تھا ؟ سات زخم اور چار تمغے [1] بس یہي میري دولت تھي * میں بوڑھا ہو چلا [2] تھا لیکن سند یافتہ افسر تھا اور کِرِچ [3] باندھتا تھا * شاہ کي نوکري کرنے سے پہلے میرا بیٹا میري ہي پلٹن میں تھا * اب وہ سندھہ میں کسی جگہہ تھا اور دو سال سے مجھے اُسکي خبر نہیں ملي تھي * بہت سے سپاہي اُس مُلک کے مُہلک بُخار کي نذر [4] ہوئے اور اِس سے مُلک ایسا بدنام ہوا تھا کہ کالي پلٹنیں وہاں جانے پر مشکل [5] سے راضي ہوتي تھیں * گرمي وہاں ہندوستان کے اور حصّوں کي بہ‌نسبت بڑھکر [6] تھي * جو سپاہي بُخار میں مرنے سے بچ جاتے [7] اُنکو وہاں کي گرمي ایسا خراب کردیتي تھي کہ ہمیشہ کے لئے نکمّے ہوجاتے کیونکہ اپنے ملکوں میں پہنچنے کے بعد وہي بخار پھر عود [8] کر آتا * میرے بیٹے کا پچھلا خط جو مجھے ملا تھا اُس سے معلوم ہوا کہ اُسکي پلٹن کے ۷۵۰ سپاہي اسي بُخار میں مبتلا ہیں اور ایک لال کُرتي کي پلٹن کا نصف حصّہ فنا ہوچکا ہے - میرا بیٹا

---

1 *Tamghā*, T., "a medal"; vulg. *taghma*, though this form was originally correct.

2 *Maiṅ būṛhā ho-chalā thā*, "I was becoming an old man; *lit.* I was beginning to be an old man." *Vide* "Hind. Man.," L. 40 (*b*).

3 *Kirich*, f., "a splinter; a straight sword." *Talwār*, f., is a curved sword. *Shamsher*, f., was originally the "scimitar."

4 *Nazr* (vulg. *nazar*), f., "a vow; an offering to a superior"; *vide* note 3, p. 63.

5 *Mushkil*, adj. and subs., fem.

6 *Baṛhkar*, the Conj. Partic. of *baṛhnā*, is used as an adv. =*ziyāda*.

7 For difference between *bachnā* and *chhūṭnā*, *vide* "Stumbling-Blocks," p. 27.

8 *'Aud*, m., Ar., "returning; a relapse." Also *rah-rah kar ātā thā*.

بھي هسپتال ميں پڑا تھا اور بچنے کي اميد نہ تھي - چار هفتے سے خط لکھتے وقت تک وہ هاتھہ پاؤں هلا نہ سکتا تھا *

۲۶۳ — سنہ ۱۸۴۷ع ميں دو انگريز افسر ملتان ميں مارے گئے اور اس داغ [1] کے مٹانے کے لئے سرکار نے ديوان ملراج والي ملتان سے لڑنے کي تياري کي - اور ملتان کا محاصرہ کيا * اس سے سکھہ دوبارہ جوش ميں آئے * پھر وہ فوجيں جمع کرنے لگے اور انکا جنگي ولولہ [2] تازہ هونے لگا * اب سکھوں کے ساتھہ دوبارہ لڑائي کرنے کا چرچا هو چلا تھا * سرکار فوج جمع کرتي اور فيروز پور کي طرف اسکو بھيجتي گئي * پھر ميري پلٹن چڑھائي کرنے والي فوج کے شامل کي گئي * ملتان کے محاصرے کا کام آهستہ آهستہ هوتا تھا اس سے سکھوں کي همت بڑھنے لگي * وہ فخريہ [3] کہتے تھے کہ " ابکے [4] هم انگريزوں کو شکست ديکر رهينگے [5] " *

۲۶۴ — اب ميرٹھہ - انبالہ - دهلي - وغيرہ وغيرہ سے پلٹنيں پہنچنے لگيں اور آتے هي جلد جلد فيروز پور بھيجي جانے لگيں * ايک بڑي انگريزي فوج ستلج سے پار اترکر پنجاب ميں داخل

---

1 *Dāgh*, "mark, stain; brand; disgrace": this word gives also an idea of grief. *Dhabbā*, a big blot, lit. or met., has no idea of grief.

2 *Jangī walwala*, "warlike ardour"; *vide* note 5, p. 5.

3 ***Fakhrīya***, adv., "boastfully," and *qasamīya* (vulg. *qasmīya*), adv., "sworn on by oath," are Arabic abstract nouns, but in Urdu they are used as adverbs only.

4 *Ab ke*, "this time."

5 *Shikast de kar raheṅge*, "will succeed in defeating." "Hind. Man.," p. 86.

هوئي * کہا جاتا تھا کہ سکھ لوگ سردار شیر سنگھ کے زیر کمان جھیلم کے کنارے پر جمع ہوئے ہیں * دو تین بار کي کسیقدر سخت لڑائي بھڑائي کے بعد ہم سال کے اخیر میں سکھوں کي اصل فوج کے قریب پہنچے * یہ لوگ گھنے جنگل میں پڑاؤ ڈالے ہوئے[1] تھے * صرف اُنکے 'پکٹ' نظر آتے تھے * اُنکي تعداد کا تخمینہ کوئي نکرسکتا تھا - جاسوسوں نے خبر دي کہ " کوئي پچاس ہزار کي ہوگي - نیز اُنکي فوج دن بدن بڑھتي جاتي ہے اور اُنکي توپیں بیشمار ہیں " *

۲۶۵ — دشمن جنگل ہي میں رہے گویا لڑائي شروع کرنے کا ارادہ نہ تھا - لیکن ہمارا شک بہت جلد جاتا رہا یعني ایک روز جبکہ جنگي لاٹ صاحب اپنے 'اِسٹاف' کے افسروں کو لئے گشت کر رہے تھے سکھوں نے اُنپر توپ چلائي * لاٹ صاحب اِس بات سے غضبناک ہوئے کیونکہ اِس سے اُنکا ایک آدمي مارا گیا * فوراً لڑائي کا حکم دے دیا * ٹھیک اُسي وقت گھڑیالیوں نے تَن تَن بارہ بجائے لیکن لڑائي گویا اندھیرے میں ہوتي تھي کیونکہ چاروں طرف گھن کا جنگل تھا * پلٹنیں ایک دوسري سے مل مل گئیں * خود میري پلٹن میں دس نمبر رفل کمپني گرینڈیر کمپني کے آگے ہوگئي تھي - ہم لوگونکو اپني پلٹنوں پر سکھوں کا دھوکا ہوا اور دھوکھا مٹنے سے پہلے ہم نے ایک دوسرے کے اوپر 'والي' چلادي !

[1] "Stumbling-Blocks," p. 84, Remark.

٢٦٦ — هماري پلٹن کے کمان افسر صاحب بُخار سے بہت تنگ آگئے تھے اور اُنکو لڑائي کے دو هي تين روز پہلے 'سک' چھٹي پر جانا پڑا * پلٹن لڑنے کو جاهي رهي تهي بلکه آتشباري شروع بهي هوگئي تهي که ایک دوسرے کرنل صاحب کمان لینے کو پہنچے * اُنہوں نے دشمن کي لال کرتیوں کو دیکھه کر سمجھا که " یه هماري فوج کي کوئي پلٹن هے "- فوراً همارا گولي چلانا موقوف کروا دیا - کہا که " تم تو اپنے هي لوگوں پر گولي چلاتے هو " * بعض افسروں نے کہا که " هم اُنکي کالي پینٹیوں کو بخوبي دیکھه رهے هیں - یقین هے که وه سکھه هیں " * سکھه سپاهیوں کي پینٹیاں کالي یا بهوري هوتي تهیں اور سرکاري سپاهیوں کي یکرنگ سفید *

٢٦٧ — کرنیل صاحب گھوڑا دوڑا کر اُس مُشتبهه پلٹن کے قریب گئے - وه کوئي دو سو گز کے فاصلے پر تهي اور جنگل میں چھپي تهي - جاتے هي عین اُنکے منهه پر ایک ' والي' پڑي - مگر یه عجیب بات تهي که اُنکا ایک بال بهي بیکا[1] نهوا - هماري طرف واپس آکر پکارا " اچّها سپاهي لوگو! ' والیاں ' چلاتے جاؤ[2] " * یه شیر مرد تهے اور خوف کس چیز کا نام هے نهیں جانتے تهے - لیکن چونکه نئے آئے هوئے تهے پلٹن میں اُنکو کوئي جانتا نه تها اور نه اُنکے کمان بولنے کے الفاظ هي ٹهیک سمجهه سکتا تها - لڑائي کے وقت اس سے پلٹن کے کام میں خلل پڑتا هے *

---

[1] *Un kā ek bāl bhī bīkā na-hū*ā*, "he escaped without a touch", *lit.* not a hair was disarranged. *Bīkā*, Hindi, appears to be used only in this idiom, in Urdu.

[2] *Vide* "Stumbling-Blocks," p. 84 (8).

۲۹۸ — دن بھر لڑائي هوتي رهي [1] - نه إدهر جيت هوتي تهي نه اُدهر * کچهه توپيں سکهوں کي گئيں کچهه سرکار کي * سکهوں کي 'باتریاں' جنگل میں ایسي چهپي هوتي تهيں که توپوں کا شمار کرنا نا مُمکن تها * ایک رجمنٹ (یعني گوروں کي چوبيس نمبر پلٹن) نے ایک 'باتري' پر حمله کیا - لیکن توپوں کي غضبناک 'فیر' سے اور ایک سکهه پلٹن کي آتشباري سے جو 'باتري' کے پیچهے چهپي هوئي تهي اُنکو پسپا هونا پڑا - آدهے سے زیاده لوگ کام آئے - تیس سے زیاده افسر یا تو مارے گئے یا زخمي هوئے - اُنکے ساتهه ایک کالي پلٹن تهي - وه بهي بهت سي جانوں کا نقصان اُٹهاکر پسپا هوئي * وه کیونکر بهلا سامنا کر سکتي تهي جب یورپین هي تاب نه لا سکے ؟ شام کو سکهه لوگ یہاں سے هٹ گئے اور رسولپور نام ایک گاؤں میں جاکر مورچه بندي کرنے لگے * اس کو چیلیان موسي کي لڑائي کہتے هیں یه سال کے پہلے مہینے کي تیرهویں تاریخ کو واقع هوئي تهي * رات بهر سرکار کي فوج وهیں میدان میں پڑي رهي - لیکن یه کوئي جیت میں جیت نه تهي [2] * پاني بهي پڑنے [3] لگا جس سے زمین گویا جهیل بنگئي * اُس جهاڑ دار جنگل سے قریب هي جسمیں یه خونیں لڑائي هوئي تهي ایک صاف میدان بے جنگل کے تها اور لڑائي کے لئے اُس سے کہیں مُناسب تها *

---

[1] *Vide* "Stumbling-Blocks," p. 85.

[2] *Yih koʼī jīt meṅ jīt na thī*, "this was not much of a victory."

[3] For the difference between *girnā* and *paṛnā vide* "Hind. Man.," p. 79.

۲۶۹ ـــ وہ اعلی درجے کا اِنتظام جسکے لئے سرکار مشہور ہے اِس لڑائي میں نہ برتا گیا - یہ لڑائي محض جلدا جلدي میں هوئي اور اِسلئے ضروري حکم اور کام ساري فوج کو پیشتر بتلائے نہیں گئے تھے * علاوہ اِسکے اُس زمین کي حالت سے بھي صاحب لوگ واقف نہ تھے اور اِس سے لڑائي میں همیشہ بڑا هرج هوتا ہے - لیکن اِس ایک مشکل کا کیا ذکر ہے ؟ اِس لڑائي میں تو مشکلیں هي مشکلیں تھیں * سکھہ لوگ خوب لڑے لیکن اُنکي آتشباري ابکے ویسي سخت نہ تھي جیسي فیروز شاہ کي لڑائي میں دیکھي گئي تھي - اور ظاهر تھا کہ پچھلي لڑائي کے بعد سے اُنکي فوج کچھہ بہتر حالت میں نہ تھي - اور ابکي دفعہ سرکار کے سپاهي بھي سکھوں کے ساتھہ لڑنے سے پہلے کي طرح جي نہیں چُراتے تھے *

۲۷۰ ـــ رسولپور ایک چھوٹا گاؤں تھا اور اُسکي چاروں طرف گھرے گہرے نالے تھے - ورلي طرف ایک اونچا بند تھا اور جھیلم ندي بھي اُسکے نزدیک تھي - اگر اُس گاؤں کي ' پوزیشن ' انگریزوں کو ٹھیک معلوم هو جاتي تو اُسپر گولہ اندازي بخوبي کرسکتے - لیکن سکھہ اُسپر قبضہ کئے رہے اور اِدھر سے کچھہ نکیا گیا * سکھہ لوگوں نے اُسکے اِرد گرد بڑي بڑي توپیں آڑ میں لگائي تھیں اسلئے نزدیک جانا مُحال تھا * اِس بیکاري کے زمانے میں هم ندي تک نہانے یا پاني پینے کو جایا کرتے اور بار بار سکھہ سپاهیوں سے وهاں دو چار هو جاتے - وہ کہتے تھے کہ " انگریزي فوج کو سخت صدمہ

پہنچا ہے اور ابھي سانپ کي طرح چکرا گئي[1] ہے ورنہ کيا بات ہے کہ وہ حملہ نہيں کرتي ؟ " يہ بات ايک حدّ تک سچ تھي ليکن سکھوں نے بھي ايسا مزہ چکھا تھا کہ ہمکو ضرر پہنچانے کا خيال کم کرتے تھے *

۲۷۱ — ايک دن ہماري پلٹن کا ايک سپاھي جو ہميشہ اپني بہادري کي ڈينگ مارا کرتا کمپو ميں برے حال سے واپس آيا - گردن بہت کچھہ کٹي ہوئي تھي اور چہرے پر گہرے زخم تھے - اُسکا بيان يہ تھا کہ " ميں ندي کي ايک نالي سے پاني بھر رھا تھا کہ دشمن کا کوئي آدمي آيا اور مجھپر حملہ کيا " * اُس کا تو قول تھا کہ " ہم نے اُسکو گولي ماردي " - ليکن چونکہ ميں جانتا تھا کہ بلّي کا شير بنانا اُسکي عادت ہے[2] اُسکے بيان ميں مجھے شبہہ ہوا * اِسکے بعد جب سکھوں نے ہتھيار ڈالديئے ايک ہندوستاني نے جو سکھوں کي نوکري ميں تھا کہا کہ " ميں نے اُس سپاھي کو نالے ميں سے پاني پيتے ديکھا تھا - اُسکے ہشيار کرنے کو کہا کہ ' سکھوں کے ھاتھہ مارے جاؤگے - بہتر ہے کہ چلدو '[3] اُس نے ميري دوستانہ صلاح سننے کے عوض نزديک سے مجھي پر

---

[1] *Chakrā-jānā*, "to be giddy; also to be stunned": *sar bhinnā-janā* is a colloquialism for "to be stunned."

[2] *Billī kā sher banānā* "to make cats into tigers," an expressive but obscure idiom. Cf. *rā*ʾ*ī ko parbat kar-dikhāna*, "to make a mountain out of a mustard-seed," and *til kā tāl banānā*.

[3] Direct narration within direct narration.

گولي چلائي ليکن گولي خالي گئي - اس نا ٹھکري پر مجھے ایسا غصّہ آیا کہ فوراً تلوار ایکر اُسپر حملہ کیا اور اپني دانست میں اُسکا کام هي تمام کرکے چھوڑا * کم از کم اتنا تو هوا کہ اُسکے بدن پر ایسے چرکے [1] اگائے جنکے نشان مرنے هي پر مٹیں تو مٹیں " * جب یہ قصّہ اُس سپاهي کي کمپني کے لوگوں نے سنا تو اُس کي ڈینگ مارنے کي عادت همیشہ کے لئے جاتي رهي *

۲۷۲ — سکھہ سواروں کي یہ عادت تھي کہ نکل کر للکارتے [2] کہ " اگر تم میں کوئي مرد هو تو آئے اور ایک سے ایک کي لڑائي کا مزہ چکّھے " * ایک دن کوئي سردار آیا اور لانسر رجمنٹ اور ڈراگون رجمنٹ کے دو گورے خم ٹھونک کر [3] کھڑے هوگئے - ایک تو مارا گیا اور ایک سخت زخمي هوا - باقي گورے اپني هار پر بہت رنجیدہ هوئے اور بعضوں نے طیش [4] میں آکر اُس سکھہ پر گولي چلائي اور اُسے مار ڈالا * یہ گورے اپنے افسروں کے حکم کے بغیر لڑنے گئے تھے - افسر اُنکي شکست پر بہت کھسیائے [5] *

۲۷۳ — میں اِس لڑائي میں اُس فرق کو دیکھکر جو گوروں اور سپاهیوں کے درمیان زخمي هوتے وقت پایا گیا بہت مُتعجب

---

[1] *Charkā*, m., a slashing cut, a slit.

[2] *Lalkārnā*, to challenge to combat, to shout warningly to; *vide* note 7, p 35.

[3] *Kham ṭhonk kar khaṛā honā* "to accept a challenge." *Kham*, adj., bent, curved; and subs., the upper part of the arm; *ṭhonknā*, tr., to hammer, to thump with the open hand; *kham ṭhonknā* is to slap the biceps as wrestlers do in the arena, before closing.

[4] *Ṭaish*, m., "rage"; *ghaẓab*, m., "wrath"; *jhallāhaṭ*, f., "passion"; *ghuṣṣa*, "anger."

[5] *Khisiyānā*, "to feel mortified; to be enraged."

ہوا - جب کوئي گورا زخمي ہوتا تھا تو ایسے موقع پر دشمن کو گھونسا دکھلاتا اور جو کچھہ اُسکے منہہ میں آتا کہتا لیکن کبھي کراھنے[1] کي آواز اُسکے منہہ سے نہ نکلتي - لیکن اگر کسي سپاھي کے بازو یا پاؤں میں گولي لگتي تو وہ اُس عضو کو پکڑے ناچتا پھرتا اور پکارتا کہ " کمپني بہادر کي دھائي ! کمپني بہادر کي دُھائي ! " *

۲۷۴ — ایک دن صبح کو خبر آئي کہ " سکھہ لوگ اپني ' پوزیشن ' کو چھوڑ کر دریا کے کنارے چڑھاؤ کے رخ چلے گئے ھیں " * ملتان کو سرکار نے لے لیا تھا اور جو فوج اُسکے مُحاصرے پر مقرر تھي انگریز اُسکے آنے کي راہ دیکھہ رہے تھے * فروري کي کسي تاریخ کو وہ فوج آھي گئي - اب ھماري ساري فوج سکھوں کي تلاش میں نکلي * سکھوں نے گجرات نام ایک مقام پر مستعد ھوکر مقابلہ کرنے کا پکّا ارادہ کرلیا - یہاں اُنکے گرنتھیوں نے اُن کو فتح کا یقین دلایا تھا * سردار چتر سنگھہ سکھوں سے جا ملا - ملتان سے وہ کسي نہ کسي صورت سے بغیر کسي روک ٹوک کے نکل آیا تھا * گجرات میں ایک لڑائي ھوئي - یہ صرف بڑي توپوں کي لڑائي تھي * میري پلٹن بار برداري کے ' گارڈ ' پر مقرّر ھوئي تھي اور ' ریر ' میں خاصي دور[2] تھي - اِسلئے میں اِس لڑائي کے آنکھوں دیکھے واقعات بہت زیادہ نہیں بتا سکتا * سکھوں کي توپیں گرا دي گئیں - صَفیں درھم برھم کردي گئیں اور سنگین کي

[1] *Karāhnā*, "to groan from pain or grief.
[2] *Khāṣī dūr 'rīr' meṅ*, "a good way behind, in the rear."

نوک سے گڑوں لے لیا گیا * سکھوں کی ساري فوج راولپنڈي کي طرف بھاگ کر چلي گئي

٢٧٥ — اِس لڑائي کے بعد چند گورے ' پائمپ ' پیستے ھوئے میدان میں اِدھر اُدھر پھر رھے تھے - خدا جانے کسطرح چند ڈبے جو باروت سے بھرے تھے بھک[1] سے اُڑے - اس سے پانچ چھه گورے اور چند سپاھي ایسي بُري طرح جھلسے[2] که بڑے ھي عذاب سے جان دي * یه بیچارے اپنے رفیقوں کے پاس دوڑے اور کہا که " خدا کے لئے ایک ایک گولي ھمارے سر میں ماردو که اِس بلا کے عذاب سے چھٹکارا ھو " * اُنمیں میں نے ایک دو سپاھیوں کو دیکھا جو غالباً نمبر ٧٢ کالي پلٹن کے تھے - وہ سر سے پاؤں تک جلگئے تھے اور اُنکے گوشت کے تکّے کباب ھو ھو کر گرتے تھے * بارھا دیکھه چکا ھوں که سکھه سپاھي زخمي ھوکر گرے اور دیاسلائي سے اُنکے روئي دار کوٹ میں آگ لگ گئي جس سے پھر توشدان بھک سے اُڑا لیکن اِن سپاھیوں کا جلنا بلا کا جلنا تھا - ایسا سما میري آنکھوں نے کبھي نہیں دیکھا تھا * تقدیر بھي کیا عجیب شئ ھے ! یه گورے اور سپاھي اِن دونوں لڑائیوں میں موجود رہ چکے تھے اور ایک بھي زخم نه کھایا تھا لیکن اب جو وہ محض سیر کي خاطر چھل قدمي[3] کر رھے تھے تو اُنکي قضا آگئي!!

---

[1] *Bhak se uṛe*, "went off with a *bhak*." *Bhak*, f., is also the puffing noise of an engine.

[2] *Jhulasnā*, "to be scorched."

[3] *Chihil-qadamī*, "a short stroll"; *chihil*, Pers., "forty" and *qadam*, m., "a step." Compare the English "forty winks."

جتنے لوگ قتل ہوئے تھے اس سے لڑائي کے دیوتا [1] کا جي ابھي نہ بھرا تھا !

۲۷۶ — گجرات کي لڑائي کے بعد سکھہ لوگ جہیلم سے پار اُترکر بھاگنے لگے لیکن ھماري فوج کے ایک ھلکے سامان والے کالم نے اُنکا پیچھا کیا اور راولپنڈي کي راہ پر ایک پرانے قلعے کے نزدیک اُنکو آلیا [2] * اُن سکھوں نے جب دیکھا کہ " سرکار کے ھاتھہ سے چھٹکارے کي صورت نہیں ہے اور ھماري توپیں بھي قریب قریب سب جاتي رھیں " تو انگریزي جنرل صاحب کے آگے ھتھیار ڈالدیئے *

۲۷۷ — ھتھیار ڈالدینے کے بعد اُنکو اپنے اپنے گھر جانے کي اجازت ملگئي * ھر سپاھي کو سرکار ایک ایک روپیہ راہ خرچ دینے لگي - تھوڑے ھي لوگوں نے لیا - بہتوں نے حقارت سے انکار کردیا *

۲۷۸ — سکھوں کے ساتھہ افغان سواروں کا بھي ایک دستہ تھا - اُنکو دوست محمد خاں نے بھیجا تھا تاکہ فرنگیوں کے مقابلے میں اپني رستمي دکھلائیں - لیکن یہ [3] اپنے گھوڑوں کي تیز رفتاري سے فائدہ اُٹھاکر چلدیئے اور پشاور کے دروں میں سے اُس طرف کو بغیر کسي روک ٹوک کے نکل گئے * * * * * * *

---

[1] The god of war is Kārtik, reared by the constellation Krittikā or the Pleiades.

[2] *Kisī ko ā-lenā*, "to overtake."

[3] Note the absence of *ne*.

چودھواں باب

۲۷۹ — جب ملتان لے لیا گیا اور سکھوں کو گجرات میں شکست فاش ہوئي سرکار نے سارے پنجاب پر قبضہ کر لیا * سکھوں کا زور خاک میں ملگیا اور حکومت کي باگ سرکار دولتمدار یعني کمپني بہادر کے ہاتھہ میں آئي * سردار سب اسیر کر لئے گئے - اُنکے ہتھیار چھین لئے گئے - اُنکے دستے توڑ دیے گئے اور سب اپنے گھروں کو [1] بھیج دیے گئے * اب بغیر کسي روک ٹوک کے انگریزي پلٹنیں سارے پنجاب یعني لاہور - وزیرآباد - جہیلم - اٹک - پشاور اور اور جگہوں میں مقیم ہوگئیں * سچ ہے کہ انگریز عجیب و غریب لوگ ہیں ! اس واقعے کے چھہ ہي مہینے بعد بہت سي بارکیں بن بنا کر [2] تیار ہوگئیں - گویا جادو کا کھیل تھا * صاحبوں نے بنگلے بنواے - پولیس [3] قائم کي - ایسا معلوم ہوتا تھا کہ یہ ملک برسوں سے سرکار کے قبضے میں رہا ہے *

۲۸۰ — اب میري پلٹن جالندھر بھیجي گئي * سرکار کے لئے تجربہ کار سکھوں کي دو پلٹنیں قائم کي گئیں اور سکھہ جوان کالي پلٹنوں میں بھرتي کر لئے گئے * * * * *

---

[1] Or sing. *apne apne ghar ko.*

[2] *Ban banākar*; this form of Conjunctive Participle expresses going through various stages. *Vide* "Stumbling-Blocks," XLVI, 6 (*b*), Supplement.

[3] *Polīs*, m. and fem.: in the latter case *polīs* stands for *polīs kī jamā'at.*

۲۸۱ — کئي سال تک هندوستان میں کہیں لڑائي نه هوئي اور کوئي امر قابل ذکر نه هوا سواے اسکے که کچهه نئے نئے قانون فوج میں اور دیواني عدالتوں میں جاري کیئے گئے جو لوگوں کی طبیعت کے سخت خلاف تهے *

۲۸۲ — سنه ۱۸۵۵ ع میں صوبهٔ بنگاله میں کچهه[1] وحشي لوگوں سے جو سنتهال کہلاتے تهے ایک چهوٹي سي لڑائي هوئي * میري پلٹن بهي بهیجي گئي اور رانیگنج میں جو کلکتے سے چنداں دور نهیں هے مُقیم هوئي * پہلے پہل یہیں میں نے لوهے کي سڑک اور آگن دیوتا کو دیکها - جو کچهه میں پہلے دیکهه چکا تها اسکے آگے کچهه بهي نه تها - یه عجیب و غریب تماشا تها ! لوگوں سے میں نے اسکي نسبت پوچها - اُنهوں نے کہا که " همارا خیال هے که انگریزوں نے هر ایک لوهے کے ' بکس ' میں ایک ایک زبردست دیو کو بند کیا هے - نکلنے کے لئے دیو زور کرتے هیں تو[2] پهیے گهومنے لگتے هیں " * گو میں نے دیکها که اُسمیں پاني بهرا گیا اور کویله نیچے جلایا گیا لیکن اُسکي حرکت کے اُصول سے ایسا بیخبر[3] تها که اگر ایک صاحب مجهے نه بتلادیتے که " یه سب بهاپ کا زور هے " تو میں ضرور باور کرلیتا که " یهه اِنجن ایک دیو هے جو لکڑي اور کویله کهاتا هے اور منوں پاني پیتا هے " * میں ریل گاڑي پر کلکتے گیا - ایسي تیز چلتي

---

[1] *Vide* "Hind. Man.," L. 8 (c), for *kuchh* before persons.

[2] *Jab* understood before *nikalne*.

[3] *Be-khabar*, ignorant of = *lā ʻilm*. *Nā-dān* (or *jāhil*) could not be used here.

تھي کہ میں بیدم ہوا جاتا تھا [1] * جب ہم کلکتے کے نزدیک پہنچے تو بہت سے نیچ نیچ [2] ذات کے لوگ آکر سوار ہوئے اور اِسطرح پیش آنے لگے کہ گویا " ہم کسي سے کم نہیں هیں " - یہ اچھا نہ تھا - بہت سے لوگ ناراض ہو گئے *

۲۸۳ — کلکتے میں جو جو چیزیں میں نے دیکھیں میرے باپ دادا نے خواب میں بھي نہ دیکھي ہونگي * اس ذکر سے کیا فائدہ جب حضور خود هي بخوبي جانتے هیں ؟ جہازوں کا تو کیا کہنا [3] ؟ جیسا میں سمجھا ہوا [4] تھا اُس سے سو درجہ بڑے تھے - پھر کیا تعجّب ہے اگر صاحب لوگ دُنیا بھر میں پھیلے ہوئے هیں ؟ ہر جہاز میں ایک پوري پلٹن سما [5] سکتي تھي * لاٹ صاحب کي کوٹھي بہت هي بڑي ہے [6] * اگر ولایت کے اُمراء ایسي هي بڑي بڑي کوٹھیوں میں رہتے هیں (اور سنتا ہوں کہ یہي حال واقعي ہے) تو وہ بھي کیا هي مُلک ہوگا * اِس عالیشان [7] شہر میں دیکھا کہ صاحب لوگ کم ایک دوسرے کے ساتھہ بات چیت کرتے هیں اور یہ بھي سنا کہ آپس میں جان پہچان تک نہیں ہے - لیکن ایسا کیونکر ہوسکتا ہے جب سب ایک هي چھوٹے جزیرے سے آتے هیں ؟ *

---

1 *Vide* "Stumbling-Blocks," XLIX, 4, and Supplement.

2 *Nīch nīch z̤āt ke*, "of various low castes."

3 *Vide* "Hind. Man.," L. 54 (*h*).

4 *Jaisā main samjhā hūʼā thā*, "as I used to be thinking"; but *jaisā main* (*ne*) *samjhā thā*, "as I had thought."

5 *Samānā*, intr., to go into, enter, and be able to enter on account of size; often used for *aṭnā*, to be contained.

6 *Hai* (for English 'was') as it still exists.

7 *'Ālī-shān*, "magnificent; *lit.* of high dignity": in Urdu, but not in Persian, used of lifeless things.

۲۸۴ — یہ سنتھال تیر و کمان اور بڑے بڑے تیز تبر لیکر لڑتے تھے * جب ھملوگ گولي چلاتے تو وہ تتر بتر ھوجاتے * پہلے خبر تھي کہ اُنکے تیر زھر میں بُجھے ھوئے ھوتے ھیں اِسلئے ھم اُنسے بہت ڈرتے تھے - لیکن معلوم ھو گیا کہ ایسا نہیں ھے * گھنے گھنے جنگلوں سے ھم کوچ پر کوچ کرتے رھے اور گرمي کا موسم سون ندي کے پاس شاھراہ کي نگراني کرنے میں گذارا - اِسکے بعد یہ بلوہ مٹا دیا گیا اور میري پلٹن سے کو بھیجي گئي * بعض سنتھالوں نے مجھے بتایا کہ " ھمارے بلوے کا اصلي سبب یہ ھے کہ دیواني عدالتوں میں ھمارا اِنصاف ٹھیک نہیں ھوتا کیونکہ عملوں کو رشوت دینے کے لئے ھمارے پاس روپے نہیں ھیں " * وہ مہاجنوں اور ساھوکاروں کي شکایت کرتے تھے کہ " اِس لہو پي جانے والي قوم نے بھولے بھالے سنتھالوں کو اپنے پھندے میں پھنسا کر تباہ کردیا " * میں اصل حال سے واقف نہیں ھوں لیکن لڑائي عجیب ڈھنگ کي تھي - جنگل کے ایک حصّے میں ھم گولي چلاتے تھے اور دوسرے حصّے میں سرکار اُنکو چھکڑے بھر بھر کر چاول دیتي تھي *

۲۸۵ — اب افواہ اُڑا کہ " سرکار نواب سے اودھ کو چھین لینے والي ھے " - اِس سے ساري فوج میں کھلبلي [1] پڑ گئي کیونکہ اکثر سپاھي اُسي ملک کے تھے * بعضوں کو پروا نہ تھي لیکن یہ وھي

[1] *Khalbalī*, "unrest of *mind*, i.e., excitement": *halchal*, "outward commotion or excitement."

لوگ تھے جنکي وہاں کوئي جائداد نہ تھي * پھر بھي سب کے دلوں میں ایک عجیب قسم کي نفرت اور دہشت پیدا ہو گئي * اُسي سال سرکار نواب کو کلکتے لے آئي اور اودھ کي سلطنت کو اپنے ہاتھہ میں لے لیا * کچھہ رسالے اور پلٹنیں اودھ والوں کي قائم کي گئیں اور انگریزي افسر مقرّر ہوئے اور بہت سے ' اسسٹنٹ ' صاحب بھي * آنمیں سے بہت سے افسر بمبئي اور مدراس کي فوجوں سے آئے تھے - یہ بالکل بھچ[1] تھے - نہ ہماري زبان جانتے تھے نہ ہمارے دستور - اور یہي حال اُن صاحبوں کا بھي تھا جو بنگالہ کے ' کالج ' سے آئے ہوئے تھے * انگریزوں نے ملک کو یوں یکایک اپنے حدود میں شامل کر لیا تھا کہ لوگوں کي طرف سے ظاہراً کسي قسم کي مخالفت نہ ہونے پائي - اُنکو اتّفاق کرنے کا موقع ہي نہ ملا - لیکن تعلّقہ داروں اور رئیسوں کے دلوں میں مخالفت کا جوش پیدا ہوا - اُنکا خیال تھا کہ سرکار نے قول و قرار کا لحاظ نہ رکھا اور نواب کے ساتھہ بڑي سختي سے پیش آئي * سیکڑوں غرضي لوگ موجود تھے جو اِس جوش کے قائم رکھنے میں لگے ہوئے تھے - اُنہوں نے لوگوں کو یقین دلایا کہ " بڑے بڑے رئیسوں اور امیروں کي زمینین ضبط ہو جائینگي - سرکار اپني دیواني عدالتوں میں کسي نہ کسي حکمت سے بآساني ثابت کردیگي کہ اُن مالکوں کا اُس مال پر (جسکو وہ اپنا کہتے ہیں) اصل میں کوئي حقّ نہیں ہے " - اور واقعي حال یہ

---

[1] *Bhuch* = a griffin, i.e., one unacquainted with the language and customs; a raw inexperienced person, a green-horn: *bhuch Bangālī* is a common up-country expression for a raw person.

ہے کہ اودھہ میں بہت سے لوگوں نے ایسے ایسے طریقوں سے جائدادیں حاصل کرلی تھیں کہ جنہیں سرکار ہرگز تسلیم نکرتی * اب یہ لوگ ڈرنے لگے کہ " کہیں [1] تحقیقات نہو " * اِن لوگوں کے ساتھہ اُنکے یگانے بیگانے [2] حوالی موالی [3] نوکر چاکر طفیلی [4] مفتخورے [5] وغیرہ وغیرہ رہا کرتے تھے - یہ سب بھی بے غرض نہ تھے * یہی وجہہ تھی کہ اُسوقت سارے اودھہ میں (اور اس لئے ساری فوج میں) جوش خروش پھیلا ہوا تھا * میری راے ناقص میں سرکار کی حرکتیں بھی ایسی تھیں کہ سپاہیوں کے دلوں میں خواہ مخواہ طرح طرح کے شبہے پیدا ہوگئے - اور اودھہ کے چھین لئے جانے پر اُنکو سرکار کے خلاف سازش کرنے کی تحریک ہوئی * لکھنؤ کے نواب اور دھلی کے بادشاہ نے اپنے اپنے جاسوس بھیجے کہ انگریزی فوج کو تڑوالیں - یہ جاسوس سپاہیوں کو بھڑکاتے تھے - وہ کہتے کہ " دیکھو ! سرکار نے نواب کو کیسا دھوکھا دیا ! " وہ جھوٹ کے پل باندھہ [6] دیتے اور سپاہیوں کو خوب خوب سبز باغ دکھاتے [7] تاکہ اُنکو غدر کرنے اور اپنے فرنگی مالکوں کے خلاف میں کھڑے ہو جانے کی تحریک ہو اور وہ دھلی کے بادشاہ کو دوبارہ تخت پر بٹھائیں * وہ بڑے زور سے

---

1 *Vide* "Hind. Man.," p. 116.

2 *Yagāne begāne*, connections, *i.e.*, relations and friends; sometimes means *apne parā*ʾ*e* "one's household and outsiders."

3 *Ḥawālī mawālī*, "those surrounding one."

4 *Ṭufailī* "a parasite, an uninvited guest."

5 *Muft-kḥora*, "an *habitual* parasite or lazy hanger-on; *lit.* one that eats for nothing and uselessly."

6 *Jhūṭh ke pul bāndhnā*, "to tell heaps of lies, a chain of": *pul bāndhnā*, "to throw a bridge over a river."

7 *Sabz bāgh dikhānā*, "to allure by specious promises."

کہتے تھے کہ " اگر فوج ایک دل ہوکر ہم لوگوں کي صلاح پر عمل کرے تو یہ کام کوئي بڑي بات نہیں " *

۲۸۶ — اتّفاق سے اسي وقت سرکار نے ہر ایک پلٹن سے چھٹے ہوئے سپاہیوں کي ٹولیاں مُختلف چھاؤنیوں کو بھیجیں اس غرض سے کہ وہ نئي ' رفل '[1] کا اِستعمال سیکھیں * کچھہ مدّت تک یہ لوگ یوں ڈرل سیکھتے رہے - آخر کسي نہ کسي صورت سے یہ چرچا پھیل گیا کہ " نئي ' رفل ' کے کارتوس میں جو چربي ہے وہ گائے یا سُوَر کي ہے " * ہماري پلٹن کے سپاہیوں نے اور پلٹنوں کو یہ خبر لکھہ بھیجي - چنانچہ ہر ایک پلٹن میں کھلبلي سي پڑگئي * بعض سپاهي کہتے تھے کہ " ہم نے چالیس برس سرکار کي نوکري کي ہے - اِس مدّت میں کبھي سرکار نے کوئي ایسي حرکت نکي جس سے ہمارے دھرم کي بے آبروئي ہو " * لیکن اودھہ کے چھین لئے جانے سے لوگوں کے دل ڈانواں ڈول[2] ہوگئے تھے اور غرضي لوگ یہ کہتے پھرتے تھے کہ " انگریزوں کا اصل مقصد سارے ہندوستان کا ' کرستان '[3] بنانا ہے - اور اِنکا مطلب اِنہیں کارتوسوں سے پورا ہوگا کیونکہ ہندو اور مسلمان دونوں کا اِس سے مذہب خراب ہوگا " *

۲۸۷ — میں نے اِس قصّے کو اپنے افسر صاحب کے آگے بیان کیا * اُنہوں نے کچھہ توجّہہ نکي اور کہا کہ " اِسکا چرچا نکرنا " *

---

[1] '*Rafal*,' fem., because *bandūq* is fem.

[2] *Dil ḍāṅwāṅ-ḍol ho-jānā*, "unsteady; shaken in mind": *ḍolnā*, Hindi, is to swing on a pivot, in any direction; hence to move or shake as leaves of a tree in a wind.

[3] *Kiristān*, a native Christian convert or a low-class Eurasian.

اِسکے کچھہ مدّت بعد 'کمانڈر اِن چیف' صاحب یا 'گورنر جنرل' صاحب کا کوئی حکمنامہ سنایا گیا - اُسمیں لکھا تھا[1] کہ "سرکار نے کسی قسم کی ناپاک چربی کارتوسوں میں نہیں لگوائی ہے - آیندہ سپاہی اپناہی کارتوس بنائیں اور اپنے ہی پاس سے چربی لگائیں تاکہ اُنکو اِس بات کا اِطمینان ہوجائے کہ سرکار کا مقصد کسی کے دلکو دکھہ دینا یا کسیکی ذات کو خراب کرنا نہیں ہے" * اِس حکمنامے کا سنانا ہی بہتوں کے آگے اِس بات کا ثبوت تھا کہ "واقعی سرکار نے یونہیں کیا ہے ورنہ اِس حکمنامےکی کیا ضرورت تھی؟ اگر سرکار کا ارادہ ایسا نہوتا تو اِنکار ظاہر کرنے سے مطلب؟" *

۲۸۸ — رضا کا زمانہ یعنی اپریل کا مہینہ قریب آگیا - رضا کی میری باری تھی * جانے سے پہلے میں نے اپنے 'کمان افسر' صاحب کو جو کچھہ سنا تھا اُس سے آگاہ[2] کردیا اور اُنہیں خبردار[2] کردیا کہ "سپاہیوں کو عجب خبط ہوگیا ہے - یہ میں نہیں کہہ سکتا کہ یہ دیوانگی کیا صورت پکڑیگی" * ہرگز خیال میں نہیں آتا تھا کہ "فوج ساری کی ساری غدر کریگی - ہاں البتّہ وہ لوگ جنکو اودھہ کے لیلئے جانے سے نقصان پہنچا تھا بغاوت کریں تو کریں" - اِسوقت صرف چند فسادی اور بد معاش لوگ باغیانہ خیال رکھتے تھے * میں نے صاحب سے یہ بھی کہا کہ "یہ خبط شاید اوروں میں بھی پھیلے" * مجھے معلوم تھا کہ ہر ایک پلٹن میں بہت سے ایسے سپاہی تھے جو نمکحلال رہنا چاہتے تھے - میں نے کہا

[1] *Us meṅ likhā thā*: *likhā* is for *likhā hū͜ā*.

[2] *Āgāh karnā*, "to inform: hence sometimes to warn": but *khabardār karnā*, "to caution, warn."

کہ " میں اپني رضا سے دست بردار ہو سکتا ہوں اگر آپ کے خیال میں اِس سے کچھہ فائدہ ہو " * کرنیل صاحب کا خیال یہہ تھا کہ " یہ جوش جو ہماري نظر سے بھي پوشیدہ نہیں ہے بہت جلد اُسي طرح آپ سے آپ دب جائیگا جسطرح پہلے اکثر اِس قسم کا جوش پیدا ہو ہو کر دب چکا [1] ہے " * اُنہوں نے کہا کہ " تم بخوبي رضا پر جاسکتے ہو " *

٢٨٩ — راستے میں کوئي نئي خبر نہ سني * گھر پہنچا اور بعد ہي [2] خبر آئي کہ " میرٹھہ اور دھلي کي فوجوں نے غدر کرکے اپنے افسروں کو مار ڈالا ہے اور دھلي کے بادشاہ کو تخت پر بٹھا کر شہنشاہ مشہور کیا ہے " * اُن میں غدر کي تحریک اِس بات سے پیدا ہوئي کہ ایک پلٹن ساري کي ساري بیڑیاں اور ہتکڑیاں پہناکر [3] قید میں ڈالدي گئي تھي اور اُنکي عزّت یوں خاک میں ملگئي * یہ باتیں ایسي غیر معمولي تھیں کہ میں تسلیم نکرسکا - میں سمجھا کہ یہ فسادي لوگوں کا منگڑھت قصّہ [4] ہے - لیکن دن بدن افواہ ترقي پکڑتا گیا * میں ڈپٹي کمشنر صاحب کے پاس حقیقت دریافت کرنے کے لئے گیا * میرے وہاں جانے سے لوگوں کو مجھپر شبہہ پیدا ہوا - کیونکہ اِس زمانے میں سارے عملے اِسي تاک میں رہتے تھے کہ " کون آتا ہے اور کیا کہتا ہے ؟ " عرضي لیکر میں صاحب کے بنگلے پر گیا - چپراسي نے اُسکے پہنچانے سے

---

1 If indirect narration, then *dab-chukā thā*.
2 "Just after": note force of *hī*.
3 "Stumbling-Blocks," p. 64 (4): pass. of Conj. Part. not used.
4 *Mangaṛhat qiṣṣa*, "fabricated story" = *banāwaṭī qiṣṣa*.

انکار کیا اور کہا کہ " دفتر کے مقرر اوقات میں کسي وقت لے آؤ " - لیکن میں کسي نہ کسي صورت سے مل هي کر رها[1] - جو خبر سني تهي اُنہیں کہہ سنائي اور پوچها کہ " یہ سچ هے یا جهوٹ ؟ " صاحب نے هاں نہیں کچهہ نہ کہا لیکن بہت سے سوالات مجهسے کئے کہ " دیکهیں یہ کہاں تک جانتا هے اور اُسکے ضلع میں لوگوں کے دلوں پر ان خبروں کا کیا اثر پڑا هے ؟ " آخر صاحب نے اقرار کیا کہ " هم نے بهي یہ خبر سني هے " - اُنکے سوالوں کے انداز سے میں پہلے هي تاڑ گیا[2] تها کہ " یہ سب کچهہ جانتے هیں " * اُنہوں نے کہا کہ " خبریں مُبہم[3] اور[3] مشکوک هیں " *

٢٩٠ — اگر میں کسي بڑے دیسي افسر سے حقیقت حال دریافت کرتا تو شائد وہ بیدهڑک[4] کہدیتا کہ " همکو اسکا کچهہ علم[5] نہیں هے " - اور جسقدر زور کے ساتهہ وہ اپني لا علمي[5] ظاهر کرتا اُسي قدر میرا یقین کامل هوتا کہ " یہ سب کچهہ جانتا هے " * اگر میں اصرار کرتا تو وہ مجهے بهي ٹٹولنے لگتا کہ " دیکهیں یہ کسطرف هے ؟ " اور اگر خدا نخواستہ میرے مُنہہ سے باغیوں کے حق میں

---

[1] *Kisī na kisī ṣūrat se mil hī kar-rahā*, " somehow or other I succeeded in getting an interview." "Hind Man.," p. 86.

[2] *Tāṛ-jānā*, "to discover a secret from little signs, perceive."

[3] *Mubham*, "obscure, vague, of words, language": *mashkūk*, Ar., past part., pass.; from شکّ

[4] *Be-dhaṛak*, " unhesitatingly; *lit.* fearlessly."

[5] *Nādānī* is ignorance, as opposed to *dānā,ī*, wisdom.

Jahālat is gross ignorance as opposed to enlightenment: *lā-'ilmī*, ignorance of a particular event as opposed to *'ilm*, m., meaning knowledge; but *be-'ilmī* to *'ilm*, meaning science.

دعا نکل جاتي تو فوراً سرکار سے میري مُخبري کرتا اگرچه وہ خود هي اُنهیں باغیوں کے ساتهه شیر و شکر[1] هوتا *

۲۹۱ — جب میں گاؤں پهنچا تو اُسي خبر کا هر طرف چرچا تها * دیکهتے هي دیکهتے سارے مُلک میں کهلبلي پڑ گئي * کہتے تهے که "هر پلٹن سر اُٹهانے کو تیار هے" - آئے دن[2] خبر آتي رهتي که مُختلف چهاؤنیوں میں سب پلٹنوں نے غدر کرکے اپنے افسروں کو مارڈالا هے * پهر میں 'ڈپٹي کمشنر' صاحب سے ملاقات کرنے گیا اور کہا که "میں اپني پلٹن کے رضا والوں کو اور اُن پنشنیوں کو جو لڑنے کے قابل هیں جمع کرسکتا هوں" * اُنهوں نے شکریه[3] ادا کیا اور فرمایا که "اگر ضرورت پڑیگي تو بیشک خبر دونگا" *

۲۹۲ — اِسکے تهوڑے دنوں بعد لکهنؤ - سیتاپور اور اودهه کي اور اور چهاؤنیوں میں پلٹنوں نے کهلم کهلا[4] غدر کیا اور سارے ملک میں اُنهیں پلٹنوں کے سپاهي بهر گئے * اُنمیں سے بهتیرے اپنے گهر جابیٹهے اور سواے اِسکے که وہ کسي باغي پلٹن کے آدمي تهے غدر سے اور کسي قسم کا اُنکو تعلق نه تها *

۲۹۳ — اب مجهے معلوم هوا که لوگوں کي نگاهیں مجهه پر پڑتي هیں - اُنکو شبهه تها که "یه 'سول' افسروں سے مُخبري کیا کرتا هے" * ایک دن کسي باغي پلٹن کي ایک بڑي سي ٹولي

---

[1] *Shīr o shakar honā* = to be intimately mixed like milk and sugar: of friends.

[2] *Āʾe din*, *vide* p. 149, note 1.

[3] *Shukrīya*, a newly-coined word for the English "thanks."

[4] *Khullam khullā*, openly.

میرے گاؤں سے گزرنے لگی * میں نے اِن باغیوں کو سمجھایا کہ " اپنے اپنے گھر چلے جاؤ - یہی تمہارے لئے بہتر ہے - سرکار سے لڑنا سخت نادانی ہے " - لیکن یہ لوگ لوٹ پاٹ سے اور دھلی کے بادشاہ کی طرف سے اِنعاموں کے ملنے کی اُمید پر ایسے مست ہو رہے تھے کہ وہ میرے ہی سر ہوگئے - نزدیک تھا کہ مجھے گولی ماردیں کہ " اِس نے کیوں سرکار کی حمایت کی ؟ " اُنہوں نے کہا کہ " تو غدّار ہے " * آخر مجھے گرفتار کرلیا اور بھاری زنجیروں میں جکڑ ڈالا [1] اور ایک زنجیر میری گردن میں بھی ڈالی * وہ کہتے تھے کہ " تجھے لکھنو لے چلینگے جہاں ایسے نمکحرام کے پکڑنے کے لئے همکو خوب اِنعام ملیگا اور تیری سزا یہ ہوگی کہ سیسا پگھلا کر تیرے حلق میں ڈالا جائیگا " * میرا قصور بس اِتنا تھا کہ میں نے انگریزی راج کی ، جسکا میں نے مدّتوں [2] نمک کھایا تھا ، حمایت کی تھی ! مجھے طرح طرح سے بے عزّت کیا * جو کچھہ اُنہوں نے کیا تھا آسپر فخر کرتے تھے اور کہتے کہ " دیکھو ! صاحبوں کو کس آسانی سے هملوگوں نے مارڈالا اور جنگلوں میں خرگوشوں کی طرح کتنے بھاگ گئے " * اُنکو یقین تھا کہ کُل ہندوستان میں سرکار کی حکومت کا خاتمہ ہوگیا * میں نے ہولی کے دنوں میں بھی لوگوں کو ایسا مست نہ دیکھا تھا * سبھوں کا خیال تھا کہ " هم اپنے کارناموں کے صلے [3] میں نواب یا راجہ بنا دیئے جائینگے " - وہ آپس میں یہہ

---

[1] *Jakaṛnā*, tr., "to fetter; to bind round *tightly* (with chain or rope: of any thing)."

[2] *Muddatoṅ* (*tak*), adv., "for ages, for a very long time."

[3] *Kār- nāmoṅ ke ṣile meṅ*, as a reward for their exploits; *vide* note p. 209, and note 5, p. 127.

بحث کرتے کہ دیکھیں دھلي کے بادشاہ کي طرف سے کون کیا منصب اور عہدہ پاتا ہے * میں تو کچھہ نہ سمجھہ سکا کہ اُنہوں نے کیا کیا [1] تھا سواے اِسکے کہ پریڈ پر ایک بارگي اپنے افسروں پر گولي چلادي تھي اور بغیر کسي قسم کي مخالفت کے چھاؤني کو لوٹ کر اُس میں آگ لگا دي تھي *

۲۹۴ — جب یہ لوگ مجھے لئے جاتے تھے کچھہ لوگوں نے آکر اُنکو خبر دي کہ "گوروں کي ایک پلٹن نزدیک ہے" * اب اُنکي شیخیاں دو چند ہو گئیں - کہنے لگے کہ "ایک پل میں اُسکو نیست و نابود کردیتے ہیں [2]" * لوگوں کے سامنے تو یوں کہتے تھے لیکن دل ہي دل میں گوروں سے دو چار ہونے کے خوف سے گھبرائے ہوئے تھے * یہ گورا [3] پلٹن نہ آئي - خبر ہي غلط تھي اور مجھکو اِس سے خوشي ہوئي کیونکہ اُن سپاہیوں نے کہا تھا کہ "گورے نظر آئے اور ہم نے تجھے گولي ماردي [4]" *

۲۹۵ — اگرچہ اِس ٹولي میں دو صوبیدار تھے لیکن اُسکا سردار ایک سپاھي تھا * ایک روز میرے پاس آیا اور دھلي کے بادشاہ کا حکمنامہ دکھایا * مضمون یہ تھا کہ "سب سپاھي اُٹھہ کھڑے ہوں اور انگریزوں کو ہلاک کر ڈالیں - اگر کسي پلٹن کے سپاھي اپنے افسروں کو مار ڈالینگے تو اُنکو بے شمار روپے اور بڑے بڑے

---

[1] *Kyā kiyā thā*, note spelling.

[2] Present tense to express an immediate future.

[3] *Gorā palṭan*: in common use (*ghalaṭ-i ʻāmm faṣīḥ*), but grammatically this should be *gorī palṭan*.

[4] Note this way of expressing a future condition: *vide* "Hindustani Stumbling-Blocks," p. 95 (55). For *aur*, *vide* p. 14 (3*a*).

عہد سے اِنعام میں دیئے جائینگے " * یہ بھي لکھا تھا کہ " سرکار انگریزي کا ارادہ ھے کہ سب برھمنوں کو عیسائي بنا ڈالے - اسکا ثبوت یہ ھے کہ ایک سو پادري اودھ میں آرھے ھیں - سب لوگوں کو گائے اور سور کا گوشت کھلاکر[1] اُنکي ذات اور اُنکا دین برباد کردیا جائیگا - دیکھنا ھرگز ایسا نہونے پاوے بلکہ اپني ذات اور دین بچانے کے لئے لڑو اور ان ملچھہ[2] فرنگیوں کو دیس سے نکال دو " * اِس فرمان میں یہ بھي لکھا تھا کہ " سُلطانِ روم سے دھلي کے بادشاہ کو خبر ملي ھے کہ روسیوں کے ھاتھہ سے ولایت کے سب گورے مارے گئے ھیں اور گوروں کي یہي کئي پلٹنیں رہ گئي ھیں جو اب ھندوستان میں ھیں - یہ پلٹنیں مختلف مقاموں میں الگ الگ پڑي ھیں - اُنکو گھیر کر ھلاک کر دینا کوئي بڑي بات نہیں " * یہ اشتہار زرد کاغذ پر چھپا ھوا تھا اور کہتے تھے کہ " شاھي حکمنامہ ھے " * جس جس نے سنا اُسکا حرف حرف یقین کیا - میں بھي تو اُسکے اثر سے نہ بچ سکا * یہ سچ ھے کہ جب سے میں نوکر ھوا تھا کبھي سرکار کو ھملوگوں کے دھرم اور ذات میں دخل دیتے نہیں دیکھا تھا لیکن اب کچھہ کچھہ شبہہ میرے بھي دل میں پیدا ھو چلا[3] تھا * اب مجھے بھیڑیے والا قصّہ یاد آیا - " پہلے دینے کا وعدہ کیا گیا تھا اور

---

[1] For this misrelated participle, *vide* "Hind. Man.," L. 18 (*d*), and "Stumbling-Blocks," pp. 66-8 (8—10).

[2] *Malichh*, "unclean and barbarous"; originally a person that did not know Sanskrit. Bigoted Hindus still call all non-Hindus by this term.

[3] *Paidā ho chalā*, "(nearly) began to arise." *Vide* "Hind. Man.," L. 40 (*b*).

پھر کسطرح اِنکار کر دیا گیا - اور اَودھه کو کیوں سرکار نے ناحق چھین لیا ؟ " یه بھي دیکھنے لگا تھا که کئي سال سے ' پادري ' کچھه زیادہ آتے تھے * یه شہروں کے کوچوں اور سڑکوں[1] میں کھڑے ھوکر ھمارے پیارے دھرم کو جھوٹا بتاتے اور ھمکو عیسائي ھونے کي ترغیب دیتے تھے - کہا کرتے که " ھم سرکار کے نوکر نہیں ھیں - سرکار سے ھمکو کچھه روپیه پیسا نہیں ملتا " - لیکن بغیر سرکار کي اجازت کے وہ بھلا کسطرح ایسا وعظ کرسکتے تھے ؟ ھر شخص کو یقین تھا که " یه خفیه طور پر سرکار کے وکیل ھیں * اگر حکم نہیں ملا ھے تو وہ کیوں اِتني محنت کرتے اور تکلیف اٹھاتے ھیں " ؟ ساتھه ھي یه خیال بھي آیا که " سرکار ھمیشه میري مربي[2] رھي ھے اور چالیس برس تک میں نے اِسکا نمک کھایا ھے " - پس دل میں ٹھہرا لیا که " جب تک سرکار قائم ھے تب تک میں اُسکا ساتھه دیئے[3] جاؤنگا - کبھي نه پھرونگا " *

۲۹۶ — حضور کو معلوم ھو که میں اُسوقت زنجیروں میں جکڑا ھوا تھا اور جہانتک[4] ظاھر ھوتا تھا وہ یه تھا که " مجھے عذاب کے ساتھه مارنے کو لئے[5] جاتے ھیں " * آئے دن جب سننے لگا که شہر پر شہر چھاؤني پر چھاؤني باغیوں کے ھاتھه میں پڑتي جاتي[6] ھے تو میں اِس بات سے انکار نہیں کرسکتا که میرے دل میں یه شبہه

---

[1] *Saṛak*, f., is a broad road or street. *Kūcha* or *galī* is a narrow street and also a lane.

[2] *Sarkār hamesha merī murabbī rahī hai : murabbī* is common gender, and here made feminine because of *Sarkār*.

[3] A compound verb ; *vide* " Stumbling-Blocks," p. 83 (4).

[4] *Jahāṅ tāk* idiomatic for the logical *jo kuchh.*

[5] Not a compound verb ; for *liye huʾe jāte haiṅ.*

[6] " Stumbling-Blocks," pp. 84-5 (8).

پیدا ہونے لگا کہ "کمپنی کا راج اب جا رہا ہے" - سب سلاح خانے اور 'میگزینیں' [1] اور بڑی بڑی توپیں تو لیلی گئی تھیں - اب مجھے ایسا خیال کیونکر نہوتا ؟ لیکن اب تک بھی سرکار کے اُس اِقبال کے ستارے پر مجھکو بھروسا تھا جو ہمیشہ بُلند اور چمکتا رہا تھا * یہ بھی جانتا تھا کہ "خوش اِقبالی ایسے لوگوں کا ساتھہ نہیں دے سکتی جنھوں نے ایسے ایسے پاپ کئے ہوں [2] اور نمک تک [3] کا پاس نہ کیا ہو" *

۲۹۷ — جب وہ ٹولی جسمیں میں تھا لکھنؤ کے پاس آئی رستہ بدل دیا گیا اور ٹولی نے کانپور کی طرف کوچ کیا اور ندی سے پار اُتر گئی * یہ ظاہر کیا جاتا تھا کہ "ایسا کرنے کا حکم سیدھا بٹھور کے نانا صاحب کے پاس سے ہمکو پہنچا ہے" * رستے میں منہہ اندھیرے [کے وقت] صاحبوں کا ایک چھوٹا دستہ ، گھوڑوں پر سوار ، اِس ٹولی پر یکایک آپڑا * ہمارے گرفتار کرنے والوں کی رستمی اب کہاں تھی ؟ اُنہوں نے تو مُقابلے کا ارادہ تک [3] نکیا - فرنگیوں کو نیست نابود کرنے کے عوض خود جنگلوں میں بھاگ کھڑے ہوئے * میرے نصیب اچّھے تھے - مجھکو گولی مارنے کی جو دھمکی دی تھی اُنکے خیال سے اُتر گئی * اب کسی نے مجھے گاڑی سے جسمیں میں تھا گھسیٹ لیا - اُن فرنگی سواروں میں سے ایک مجھے گولی

---

[1] For some unknown reason *makhzan* is masculine while *megzīn* is feminine.

[2] Dubious Perfect.

[3] *Tak*: "Hind. Man.," L. 60 (*b*).

مارنے هي كو تها - اُسنے ميري زنجير كا خيال نكيا اور سمجها كه " يه كوئي بيمار يا زخمي باغي سپاهي هے " * وه هندوستاني[1] بولي كچهه نه سمجهتا تها - ليكن خوش نصيبي سے ايک افسر بهي پاس تهے - اُنهوں نے نزديک آكر ميرا بيان سنا * ميري زنجير ميري سچّائي كي مضبوط دليل تهي * اُنهوں نے زنجير كے توڑنے كا حكم ديا اور پهر مجهے اپنے كمان افسر كے آگے پيش كيا * اِنهوں نے ميرا نام پلٹن اور سارا اظهار لكهه ليا * اُن كو اِس بات كے معلوم كرنيكي بڑي خواهش تهي كه " اودهه كي كيا حالت هے - اور كوئي صاحب يا ميم كهين جنگل ميں چهپے تو نهيں هيں ؟ " آخري صاحب جِنكو ميں نے ديكها تها وه —— كے ڈپٹي كمشنر تهے - جب ميں اپنا گاؤں چهوڑنے لگا تها اُسوقت وه اپنا معمولي كام كرتے تهے ليكن اِسكو ايک مهينا هو چكا تها *

۲۱۸ —— چونكه مجهے سواري اچّهي نه آتي تهي كپتان صاحب سواروں ميں بهرتي نكرسكے - ليكن جب اُنكو معلوم هوا كه يه فارسي لكهنا پڑهنا جانتا هے تو مجهے ٹروپ كا منشي بنايا اور ايک ' سارٹيفكٹ ' ديا جسميں ميرے باغيوں كے هاتهه سے چهوٹ جانے كا حال لكها تها * كوئي چهه هفتے تک ميں اِس رسالے كے ساتهه ساتهه چلا - اِس عرصے ميں باغي سپاهيوں كي كئي ٹوليوں كو اُس نے تباه كرديا اور ايک دفعه دشمن كے با ضابطه رسالے كے ايک دستے سے دو چار هونے پر تلواروں سے لڑنيكي نوبت بهي

---

1 The word *hindūstānī* alone does not mean the Hindustani language.

آئي - ليکن دشمن نے صرف ايک بار پستول چلائے اور بعد هي سرپٹ گهوڑے دوڑا کر بهاگ گئے حالانکه اُنکي تعداد هماري تگني تهي * اُنکے اُنّيس سوار مارے گئے اور اکيّس اچّهے اچّهے گهوڑے سرکار کے پهر هاتهه لگے * هماري طرف کے پانچ صاحب مارے گئے اور سات زخمي هوئے *

۲۹۹ — اِسکے بعد همارا ٹروپ کانپور واپس گيا - يه شهر اُسوقت باغيوں سے لے ليا گيا تها * کپتان صاحب (اُنکا آفتاب اقبال هميشه تاباں رهے) بنده پروري کي راه سے مجهے پنجاب احاطے کي ايک پلٹن کے کسي کمان افسر کے پاس ليگئے - اِس پلٹن ميں بطور فالتو جماعه دار کے ميرا نام لکهه ليا گيا * يه پلٹن کئي لڑائيوں ميں شريک رهي تهي چنانچه لکهنو ميں بهي موجود تهي * هم باغيوں کا پيچها کرتے کرتے عين نيپال ميں داخل هوگئے اور دوباره ميں اُس جگهه سے گذرا جهاں چاليس سال پهلے هاتهيوں نے ميرے حواس گم کردئے تهے * لڑائي کي پوري کيفيت اِسقدر مشهور هے که بيان کي حاجت نهيں - ليکن جن جن لڑائيوں ميں ميں رها هوں کبهي نهيں ديکها که باغيوں نے ، خواه هندو خواه مسلمان ، ميدان ميں جمکر مقابله کيا هو[1] * عامّ طور پر وه پهلي ' والي ' کا سامنا کرليتے تهے ليکن اُسکے بعد اگر ديوار يا

---

1 *Kiyā ho*, Dubious Perfect and not *kiyā hai* as the statement is general. Were it a particular case, the Preterite would be substituted for the Dubious Perfect.

درخت کي آڑ نه ملتي تو اُنمیں فوراً بھاگڑ [1] پڑ جاتي * میں نے سُنا ھے که دھلي میں باغي لوگ قدم جماکر لڑے تھے - میں وھاں موجود نه تھا لیکن یه باغي لوگ کیا خاک لڑے ھونگے جبکه دس ھزار سے بھي کم تعداد کي انگریزي فوج نے اُنکي ستّر ھزار کي فوج کو شھر میں سے مار کر [2] نکال دیا، حالانکه سب مکان وغیرہ اور بے حساب گولي باروت اور سرکار کي اچّھي اچّھي توپیں اُنھیں کے قبضے میں تھیں *

۳۰۰ — ایک دن کا ذکر یه ھے که لکھنؤ کي ایک چار دیواري کے اندر بہت سے لوگ جو زیادہ تر باغي سپاھي تھے گرفتار کرلیئے گئے * لڑائي کے بعد یه سب ھماري پلٹن کے کمان افسر کے حضور پیش کئے گئے - صبح کو حکم ھوا که سب کو گولي مار دیجائے * اِتّفاق سے گولي مارنے والي پارٹي کي کمان لینے کي باري میري تھي * اسیروں [3] سے میں ایک ایک کرکے سب کا نام اور پلٹن کا نام پوچھتا گیا [4] * پانچ چھه نام سُن چکا تھا که ایک اسیر نے کہا که " میں فلاں پلٹن کا سپاھي ھوں " - یه وھي پلٹن تھي جسمیں میرا بیٹا نوکر ھوا تھا * خواہ مخواہ میں نے پوچھا که " میرے بیٹے اننتي رام کو جانتے ھو جو ' لایٹ کمپني ' میں تھا ؟ " جواب دیا که " یه میرا ھي نام ھے " * چونکه یه ایک معمولي نام ھے اور کوئي خطّ مدّتوں سے نه پانے کي وجه سے میں یہي سمجھتا رھا تھا که " میرا بیٹا سندھه کے بخار میں مرگیا ھوگا " میں نے پہلے چنداں

1 *Bhāgaṛ*, f., "a general stampede."
2 *Mārkar*, "having defeated."
3 *Asīr*, prisoner of *war*; not *qaidī*, "one in jail."
4 *Vide* "Stumbling-Blocks," pp. 84-5 (8).

خیال نکیا - لیکن جب اُسنے کہا کہ " میں تلونڈي کا رہنے والا ہوں "
تو میرا کلیجا مُنہہ کو آگیا [1] - یعني " کہیں یہ میراهي مُدتوں کا
گم شدہ بیٹا تو نہیں ھے ؟ " اُسنے اپنے باپ کا نام جو بتایا تو وہ
میرا ھي نام تھا - اب شک دور ھوگیا - وہ میرے پاؤں پر گر کر
مُعافي مانگنے لگا *

۱۰۳ — اُس نے اور اُسکي پلٹن کے سپاھي سب کے سب نے
بغاوت کي تھي اور لکھنو چلے گئے تھے * تیر کمان سے نکل چکا تھا - اب
کیا چارہ تھا ؟ اگر غریب بھاگنے کا ارادہ بھي کرتا تو پناہ کہاں
ملتي ؟ دن کے چار بجے اسیر مارے جانے کو [2] تھے - " میں اپنے ھي
بیٹے کا قاتل بنوں ؟ ھاے نصیب ! " میں نے اپنے میجر صاحب کے
حضور میں جاکر اِلتماس کیا کہ " عنایت فرما کر مجھے اِس کام سے
معاف رکھیں [3] " * وہ بہت بگڑے اور کہا کہ " تو کام سے جي
چُراتا ھے [4] - دیکھہ ! تجھپر ' کورٹ مارشل ' کرتا ھوں " * وہ
باور نکرتے تھے کہ " یہ سرکار کا نمکحلال نوکر [5] ھے " - اُنکو یقین
تھا کہ یہ بھي دل میں باغیوں کے ساتھہ ملا ھوا ھے " * فرمایا کہ
" بس ! ھم اب تیري اور کوئي بات سننا نہیں چاھتے " *
آخر میري پدرانہ محبت نے مجھپر غلبہ کیا - لہو نے جوش مارا

---

[1] *Merā kalejā muṅh ko ā-gayā*, "my heart leapt into my mouth."

[2] Infinite with *ko* for noun of agency: "Hind. Man.," L. 54 (*g*).

[3] Direct narration: *rakheṅ*, the 3rd Pers. pl. is here more respectful than the respectful Imp rative *rakhiye*.

[4] *Kām se jī churānā*, "to shirk work, skrimshank." *Kām-chor* is a 'skrimshanker.'

[5] Direct narration. If indirect were employed—*ki*—*maiṅ*—*hūṅ*.

اور میں رو پڑا - میں نے کہاکہ " میں اپنے ھاتھہ سے ایک ایک کرکے اِن اسیروں کو مارونگا اگر حکم ھوگا - لیکن اُنمیں ایک میرا بیٹا بھي ھے " * میجر صاحب نے کہا کہ " تو اِس بہانے سے اپنے بھائي بندونکے مارنے سے بچنا چاھتا ھے " * آخر اُنکا بھي دل پگھلا اور میرے کمبخت بیٹے کو اپنے آگے بلوایا اور بہت کُچھہ پوچھہ گچھہ کي *

۳۰۲ — یہ دل ھلا دینے والا سماں میں کبھي نبھولونگا - یہ بات ھرگز میرے دل میں نہ آئي کہ بیٹے کي جانبخشي کي درخواست کروں - اُسکا وہ مُستحق نہ تھا * میجر صاحب کو اب میري بات کا یقین آیا اور حکم دیا کہ " اِسکو اِس خدمت سے معاف رکھا جائے " *

۳۰۳ — میں رنج و غم کے بوجھہ سے جُھکا ھوا ڈیرے میں آیا - سکھوں کي طعن تشنیع سے کہ " یہ بھي نمکحرام باغي ھے " اور بھي چُور[1] ھوگیا * تھوڑے ھي عرصے میں میں نے اُس ھولناک اور جانگداز شلک[2] کو سنا - آخر میرے بیٹے نے غدر کا پھل پایا * مرتے دم تک اُسنے کسي قسم کا خوف ظاھر نکیا - لیکن کہیں[3] بہتر تھا جو[4] لڑائي میں مارا جاتا *

---

[1] —*aur bhī chūr ho-gayā*, "my grief made worse by—"; *lit.* "I was still more smashed."

[2] *Jān-gudāz shalak*, "the deadly volley; the agonizing volley": *jāngudāz*, *lit.* "soul-melting": but *dil-gudāz*, "heart-melting," means "pathetic."

[3] *Kahīṅ bihtar*, "far better." "Hindustani Stumbling-Blocks." Supplement.

[4] *Jo* here better than *agar*.

۳۰۴ — میجر صاحب کي مہرباني سے مجھے اپنے گمراہ بیٹے کے کریا کرم کرنے کي اجازت ملي - لیکن اور کسي کے لئے کسي قسم کي ریت رسم نہوئي - باقي لاشیں گیدڑوں اور گدھوں کے آگے ڈالدي گئیں *

۳۰۵ — غلامي سے چھوٹنے کے بعد ھي میں نے اپنے بیٹے کي خبر پائي تھي لیکن پھر اُسکا کچھہ کھوج خبر نہیں ملا تھا [1] * کابل روانہ ھونے کے بعد سے میں نے اُسکي صورت نہیں دیکھي تھي اور جب دیکھي تو اُسکو نمکحرام اور اپنے مربي سے (جسکي روٹي اُسنے بھي کھائي تھي - اور اُسکے باپ نے بھي) کھلم کھلا غدر کرتا پایا * اب اِس ذکر کو جانے دیجئیے - زیادہ کہنا فضول ھے * غدر کرنے والا ایک وھي نہ تھا * میجر صاحب نے پیچھے مجھہ سے کہا کہ "اور افسروں نے ھمیں ملامت کي کہ 'تم نے ایک باغي کا کریا کرم کیوں ھونے دیا؟'" لیکن اگر نیک کام پاپ کو دور کرتا ھے (میں نے سنا ھے کہ بہت سے صاحب بھي ھماري طرح اِسکا یقین رکھتے ھیں) تو میجر صاحب کے بھي سارے گناہ دُھل جائینگے * رحم دلوں کو بد نصیبي پیش نہیں آتي - خدا کرے کہ میرے میجر صاحب جلد 'جنرل' ھو جائیں *

پندرھواں باب

۳۰۶ — نیپال کي دوسري لڑائي سے واپس آنے پر (یہ لڑائي نیپالیوں سے نہیں ھوئي تھي بلکہ اُنلوگوں سے جنکو لیکر

---

[1] For concord of verb *vide* "Hind. Man.," Lesson 56.

سرکار نے پہلے نیپالیوں پر فتح پائي تھي) مجھے اڑتالیس برس کي
گھسّے اور رگڑ کي نوکري [1] کے بعد صوبیداري [2] ملي * کمپني
بہادر کے جھنڈے کے نیچے میري نوکري شروع ھوئي تھي اور
ملکۂ معظّمہ کے نشان کے نیچے تمام ھوئي * اب میں سٹھیا گیا [3]
تھا - پینسٹھہ کي عمر ھوئي تھي - اور اب وہ درجہ مجھے ملا جو
کالي پلٹن میں سب سے اونچا ھے - لیکن تیس برس پہلے میں
اِس منصب کے زیادہ لائق تھا * اب میں اپني کمپني کي سرداري
میں کیا کام دکھلا سکتا تھا ؟ ' ڈبل ' کیونکر کرتا اور ' لیٹري ' [4] کا کام
مجھسے کیا ھوسکتا تھا ؟ لیکن ابھي صاحب لوگ مجھہ میں
پہلي سي چستي اور چالاکي ڈھونڈھتے تھے - اڑتالیس برس کي
خدمت کا لحاظ نہ تھا - کسي کو یاد نہ رھا کہ یہ " مصیبت کا
مارا تیس برس تک بندوق اُٹھاتا رھا ھے اور اتني لڑائیاں
دیکھي ھیں جتني بہت سے افسروں کي عمر ھے " * اجیٹن
صاحب مجھے للکارتے [5] ھي رھتے گویا میں بیل تھا - اور یہ خود
محض ایک چھوکرے تھے اور عمر میں میرے پرپوتے ھو سکتے تھے -
کمانیر صاحب مجھے سخت سست کہا کرتے - اور میں اُلّو - گدھا -
بڑھیا - کہلاتا تھا * آخر مجھے ' کمانڈر اِن چیف ' صاحب کے

---

[1] *Ghisse aur ragaṛ ki naukarī*, "service of hard wear and too much tear."

[2] For *ṣūba-dārī*.

[3] *Saṭhyā-jānā*, "to be over sixty; and hence to be senile, foolish."

[4] *Laiṭarī k.*, "to skirmish": corruption of Light Infantry.

[5] *Lalkārnā*, to challenge; also to shout at, to warn, etc.

حضور میں لے گئے کہ " یہ بالکل نکما ہو گیا ھے - اب کمانیر صاحب اِس سے کوئی کام نہیں لے سکتے " *

۳۰۷ — میں زبردستی ڈاکٹروں کی ' کمیٹی ' میں پیش کیا گیا اور مجھے صوبیدار کی پنشن ملی - اگر میری خدمت پر نظر کی جاتی تو برسوں پہلے یہ پنشن ملی ہوتی جسکا میں حقدار تھا * میں تو اُسکو ترستا تھا [1] - ایسی کوئی چیز سارے جہان میں مجھے عزیز نہ تھی - لیکن منہہ کھولکر مانگتے [2] مجھے شرم آتی تھی * جب میں زبردستی نوکری سے الگ کیا گیا تو بیشک میں خوش نہوا * مجھے شک نہیں کہ کمپنی بہادر خود برسوں پہلے پنشن دیتی - کمپنی بہادر کا کوئی قصور نہیں - قصور نئے سخت قانون کا تھا * صوبیداری ملنے میں اِتنی مدّت لگتی تھی کہ اکثر سپاہیوں کو اُسکا حوصلہ [3] بھی نہوتا تھا - کیونکہ چالیس برس کے اندر یہ درجہ کم کسی کو ملتا تھا *

۳۰۸ — اب کئی سال سے تھوڑی تھوڑی [4] مُدت میں بعض سپاہی جماعہ دار اور صوبیدار بنے ہیں * غدر کے دنوں میں بہت سے اشخاص کو اِسکے عوض میں کہ وہ بھرتی کے لئے جوان لائے تھے ترقّیاں دی گئی تھیں * یہ طریقہ اچّھا تھا اور ایسے سردار چونکہ عزّت اور اعتبار والے لوگ ہوتے تھے اِسلیے سپاہیوں کی نظر میں اُنکی

---

[1] *Tarasnā*, *tr.*, "to long or yearn for a thing."

[2] "Stumbling-Blocks," pp. 74-5.

[3] *Hauṣala*, m., "crop of a bird; ambition (in a good sense)"; sometimes used for *himmat*, as: *rūpīya, kharch karne kā ḥauṣala nahīṅ hai* = he's not man enough to spend his money: *ḥauṣala-mand*, ambitious.

[4] *Muddat* colloquial for grammatical *muddatoṅ*.

بڑي قدر تهي - يه اُنکو اپني اپني کمپني کا ماں باپ سمجهتے تهے * ليکن اگر سرکار مُعزز اور مُعتبر افسر چاهتي هے تو سرستهه روپے ماهوار کے لالچ پر ايسے لوگ کم آئينگے * سلاح دار رسالوں کے ديسي افسر عام طور پر اچّهے خاندان کے هوتے هيں اور کسيقدر پيسے والے بهي * اُنکي تنخواهيں بهي معقول هيں اور وه اپني شان اور عزّت کو نباه[1] سکتے هيں *

۳۰۹ — غدر کے وقت جو لوگ آتے هي جماعهدار اور صوبيدار بنگئے وه سرکار کي خدمت اچّهي طرح بجا لائے اور لڑائي کے وقت فوج کي سرداري کا کام اچّهي طرح کيا - وه جوان تهے اور پُرجوش * ليکن لڑائي کے ختم هونے پر معلوم هوا که " چاليس برس کي خدمت والے سپاهيوں کے برابر، جو ڈرل کرنے سے بسبب عمر کے معذور هوگئے هيں، وه ' ڈرل ' نهيں جانتے " * افسر اُن پر بهبکتے[2] تهے اور طرح طرح کے سوالات کرتے - اُنکا امتحان بهي ليتے اور ' ڈرل ' کراتے تهے يهاں تک که وه اُکتا جاتے[3] اور تنگ آکر نوکري چهوڑ ديتے تهے * کرتے کيا که اور ترقّي کي تو اُميد نه تهي ؟ بعضوں کو ايسي زمينيں ديگئيں جهاں کهيتي کبهي نهيں هوئي تهي اور وه پلٹن سے رخصت کرديئے گئے *

---

[1] *Shān aur 'izzatko nibāhnā*, "to maintain one's dignity, live up to one's station": *nibāhnā*, "to maintain, to protect, and sometimes to fulfil."

[2] *Bhabhaknā*, "to bluster; *vide* note 1, p. 177. *Kisī par bhabhaknā*, "to bluster at, to bully (in words)."

[3] *—se uktā-jānā*, "to be sick or very weary of"—(things): *—se jī bhar-jānā*, "to be tired of (of persons or things; not so strong as previous)."

۳۱۰ — اگر سپاهي کو معقول پنشن ملے گي تو وہ خوش هوگا اور اگر پچیس سال کي نوکري کے بعد ملے گي تو اُسکو صوبیداري کي چنداں پروا نهوگي کیونکه یه درجه فقط اُسیوقت مل سکتا هے جب بڑهاپے سے وہ اُسکے لائق نہیں رهتا اور کوچ پر پیدل جانے کے قابل نهیں هوتا - اُسوقت تو اُسکو گهر بیٹهکر الله الله کرنا یا رام نام جپنا [1] چاهئے *

* * * * * * * * *

۳۱۳ — جنابِ عالي ! سپاهیوں کو اپنے افسروں سے اگر محبت نهوگي تو خوب نه لڑینگے - وہ ایسي سرکار کے لئے بهي میدان جنگ میں نه جائینگے جو اُنپر مهربان نهو * هاں اُنکے ساتهه مهرباني کیجاتي تهي لیکن پهر بهي وہ اپنے آقا سے پهر گئے - ایسے آقا پهر کهاں پائینگے ؟

۳۱۴ — * * * * * * * *

غدر کا اصلي سبب یه تها که سپاهي جاننے لگے تهے که " همارا زور کم نهیں هے اور صاحبوں کو هم پر پورا اختیار حاصل نهیں هے " - چنانچه وہ سمجهتے تهے که " سرکار هم سے ڈرتي هے " حالانکه سرکار کو اُنکي نمکحلالي پر بهت زیادہ بهروسا تها * جسطرح باپ بیٹے کو پهلي سرکشي پر عاق [2] نهیں کردیتا - اُسیطرح اُمید هے

---

[1] *Allāh Allāh karnā*, " to say Allāh Allāh " (of a Muslim), i.e., to think about Heaven and lead a secluded life " ; sometimes this phrase means to be lazy, but in this sense generally *Ḥaqq Allāh karnā* from the phrase taught to parrots *Haqq Allāh, pāk ẕāt Allāh*. *Rām nām japnā* is to repeat the word *Rām* (of a Hindu) when old and waiting for death : but *Rām Rām japnā* is to say daily prayers.

[2] *Āq karnā*, " disown a son."

که جو سزا سرکش بیٹے کو اب ملي هے وہ اُسے همیشه یاد رهیگي اور سپاهیوں کو اِسکا موقع نه دیا جائیگا که اُن کے دلوں میں پھر کھوٹ آنے پائے [1] *

۳۱۵ — اب میں دیکھتا هوں که سب افسر سپاهیوں پر اِعتماد کرتے [2] هوئے ڈرتے هیں - یهي حال برسوں قائم رهیگا - لیکن سب کو قصور وار ٹھہرانا اِنصاف نهیں هے - ایسے بهي لوگ تھے جو نمک کا حقّ نه بھولے تھے - اور بہت سے ایسے بهي تھے جنکا قصور فقط یهي تها که اُنکي پلٹن نے غدر کیا اور وہ ناچار تھے - خود هرگز سرکار سے مخالفت نهیں کرنا چاهتے تھے - لیکن دل میں خوف پیدا هوگیا تها که " جب اور سب نے غدر کیا هے تو هم میں اور اُنمیں کیا تمیز هوگي ؟ چنے کے ساتھه گھن بهي پِس جائیگا [3] " * یه بات اصلي غدر کي آگ بھڑکانے والوں کو خوب معلوم تهي اور وہ سب سے پہلے یهي چاهتے تھے که کسي پلٹن کو اُلجھالیں - پھر اُسکے سارے سپاهي خواہ مخواہ ساتھه دینگے * سب پلٹنیں اپنا اپنا نشان ساتھه لیکر گئیں - اُنہوں نے جو قسم کھائي تهي که " هم نشان کو هرگز هاتھه سے ندینگے " سو اُس قسم کو نباها [4] * اُنہوں نے سرکار کي نوکري کو چھوڑ دیا اور یه حیله کیا که " هم دوسري سرکار کے نوکر هوے هیں "

---

1 An illogical and confused sentence even in the original English.

2 "Stumbling-Blocks," pp. 74-5.

3 *Chane ke sāth ghun bhī pis-jātā hai*, "the weevil gets ground along with the gram"; a proverb.

4 *Qasam nibāhnā*, "to *maintain*, an oath": *qasam ko pūrā karnā*, "to fulfil or discharge an oath."

۳۱۶ — سرکار کو چاھئے کہ اپنے ھندو نوکروں کي پوري طرح خبر گیري کرتي رھے اور ایسي باتوں کو جن سے اُنکے دلوں میں شکایت پیدا ھو رفع کرے - تب ھندو کبھي اُسکے خلاف میں کھڑے نہونگے * ھندو کبھي غدر میں پہل نکرینگے - لیکن اگر غدر شروع ھوگیا تو وہ شریک ھو جائینگے *

* * * * * * * * *

۳۱۸ — میں صاحبوں کي طبیعت سے خوب واقف ھوں - جانتا ھوں کہ سیدھي بات کا سیدھا جواب ملنا اُنکو سب سے زیادہ پسند ھے * عموماً دیسي آدمي یہ نہیں سمجھتا - وہ سوال کا وھي جواب دینا چاھیگا جو اُسکے خیال میں پوچھنے والے کو خوش کر سکتا ھے یعني ٹھیک وھي جواب جسکي، اُسکے خیال کے مطابق، پوچھنے والے کو توقع ھو *

۳۱۹ — میرے بیٹے کے مرنے کے بعد پہلي سي بات [1] مجھہ میں نہ رھي - لوگوں کے آگے میرا سر نیچا ھوگیا * اُسکا اپنے روٹي دینے والے سے لڑنا میرے لئے بڑي ذلّت تھي * اب مجھے جس بات سے تسلّي ھوتي ھے وہ یہ ھے کہ میں نے سالھا سال [2] سرکار کي خدمت کي ھے اور اُس مدّت میں کبھي مجھے کوئي سزا نہ ملي سواے ایکبار کے جسکا ذکر میں پہلے کرچکا ھوں - میں نے اپني ساري زندگي سرکار کي نوکري میں بسر کردي * اب میرا ایک بیٹا رھگیا ھے جسکو میں

---

1 *Bāt*, good state, good condition.

2 *Sālhā sāl*, "long years": *sālhā* is the Persian plural of *sāl*.

اپنے کاغذات دیگر حضور کی خدمت میں بھیجتا ھوں * دو لڑکیاں بھی ھیں جنکی شادی ھو چکی ھے اور بہت بال بچوں والیاں ھیں *

۳۲۰ — میں نے کوئی دولت تو حاصل نکی - ھاں جو جائداد میرے باپ نے چھوڑی ھے اور صوبیدار کی پنشن جو سرکار سے عنایت ھوئی ھے یہ میری زندگی کے لئے کافی ھیں * میرے گاؤں کے لوگ میری عزّت کرتے ھیں اور اب وہ آرام اور فواید جو انگریزی راج کے سائے میں اُنہیں حاصل ھیں اُنکو بخوبی سمجھتے ھیں * بونے والے کو اب یقین ھے کہ " ایک دن فصل بھی کاٹونگا " - یہ بات پہلے مُیسر نہ تھی * اب بھی لوگوں پر عملے کچھہ نہ کچھہ ظلم کرتے رھتے ھیں لیکن فریاد رسی اثر ھو جاتی ھے - یہ ظلم ھر سال کم ھوتا جاتا ھے[1] * جب ضلع والے صاحب خود ضلع میں جاکر تحقیقات کرینگے اور نالش فریاد اپنے کانوں سُنینگے - جیساکہ ھمارے رحمدل صاحب کا (خدا اُنکا سایہ ھمیشہ ھمارے سروں پر قائم رکھے) طریقہ ھے - اور لوگوں کی بھلائی کی فکر میں رھینگے ، تو یہ کبھی سرکار کی مخالفت کرنا نہیں چاھینگے - لیکن جب کوئی صاحب ھماری زبان پوری طرح نہیں سمجھہ سکتے اور سب کام عملوں پر چھوڑ دیتے ھیں تو لوگوں کا جی خوش نہیں ھوتا - وہ سرکار کی شکایت کرتے ھیں اور حکومت کی تبدیلی چاھتے ھیں *

---

[1] *Vide* p. 221, n. 3.

۳۲۱ — حضور والا ! سب عملے رشوت خوار هوتے هیں ، خواه هندو هوں خواه مسلمان - اِس بات میں دونوں برابر هیں * ممکن هے که اُنمیں کوئي ایسا بهي هو جو پانچ روپے گهوس کے نه لے لیکن بندے نے تو سنا نهیں * اصلي سبب اِسکا یه هے که اُنکو سرکار سے تنخواهیں تهوڑي ملتي هیں - لیکن اِن تنخواهوں کا آدها بهي اگر ملے تاهم هر هر جگهه کے لئے سیکڑوں درخواستیں پڑ جائیں - " تنخواه تهوڑي هے تو کیا ؟ رشوت سے تلافي هو جاویگي " * همیشه سے یهي حال چلا آیا هے - جو سب سے زیاده بهینٹ [1] چڑهاتا تها وهي مقدمه جیتتا * جب لینے والے موجود هیں - تو دینے والے بهي هونگے - اور جب دینے والے هیں تو لینے والے بهي بهت ملینگے * صاحب لوگ اِس رواج کو اُٹها دینا [2] چاهتے هیں لیکن لوگوں میں کچهه اِس ڈهب کي اٹ سٹ [3] هے که کوئي صورت نهیں نکلتي *

۳۲۲ — اگر کسي بڑے صاحب کو خبر هوتي هے که کسي نالشي نے کسي عملے کي مٹهي گرمائي هے [4] تو وه غصے هوتے اور پوچهتے هیں که " تم نے ایسا کیوں کیا ؟ " اور یه نهیں سمجهتے هیں که نالشي کو اِسکا یقین هے که " رشوت کا ایک حصه صاحب کو بهي پهنچا هے " اِسلئے اُس آدمي کو منهه کهولنے کي جرأت نهیں هوتي -

---

1 *Bheṅṭ*, f., Hindi, a present to a deity or a superior, but in Urdu generally used for a bribe.

2 *Uṭhā-denā*, to lift up and take away, to remove, and hence to abolish.

3 *Aṭ saṭ*, f., (*k.*) combination (for a bad purpose).

4 *Muṭṭhī garmānā*, "to bribe; *lit.* to make the fist warm (by holding it in your hand)."

اُس نے مذکوری [1] سے لیکر سرشتہ دار تک سب سے یہی سنا ہے * ابتک میں نے کوئی ایسا دفتر نہیں دیکھا جہاں کے عملے کسی نہ کسی ڈھب سے ظاہر نکرتے ہوں کہ " صاحب کو رشوت کے لینے میں عذر نہیں ہے " * اُنکی گزران اِسی سے ہوتی ہے اِسلئے وہ اپنا فائدہ اِسمیں دیکھتے ہیں کہ لوگوں کا یہی خیال قائم رہے *

۳۲۳ — میرے گاؤں کے بڑے پٹواری نے ایک دن مجھسے کہا کہ " یہ تمہاری ہی خطا تھی جو تمہاری ترقی میں اِتنی مدّت لگی " * جب میں نے جواب دیا کہ " میں نے کبھی کوئی خطا نہیں کی " تو وہ ھنس پڑا - کہا کہ " تم نے دھوپ میں بال سفید کیئے ہیں [2] ؟ - سمجھہ کچھہ بھی نہیں رکھتے " * اُسکا مطلب یہ تھا کہ میں نے ترقی کے لئے کسیکا مُنہہ میٹھا نکیا [3] تھا * اُسکا خیال تھا کہ جس طرح ہر کام رشوت سے چلتا ہے اِسیطرح اِس سے ترقّی بھی حاصل ہوتی ہے *

۳۲۴ — میں نے انگریز افسروں کو رشوت لیتے بہت کم دیکھا ہے * سنا تو بہت کچھہ ہے لیکن اعتبار نہیں ہوتا - میں جانتا ہوں کہ اُنکو عزّت کا بڑا پاس ہوتا ہے * چھوٹے درجے کے گوروں میں اور کالے آدمیوں میں چنداں فرق نہیں - جب اُنکو رشوت لینے کا موقع ملے

---

[1] پیادہ =

[2] *Dhūp meṅ bāl sufaid karnā* "to whiten one's hair in the sunshine)," means to become grey *not* through experience; i.e., 'a grey head should be wise, but though your head is grey, I think it has been bleached by the sun.'

[3] *Kisī kā muṅh miṭhā karnā*, "to bribe." Also to stand treat to, to 'remember' (a servant).

ملجاتا هے تو لے هي ليتے هيں * ميں جانتا هوں كه صاحب لوگ رشوت نهيں ليتے ليكن يه بهي جانتا هوں كه بهت سے مجهسے اچّهے پڑهے لكهے هندوستانيوں كو يقين هے كه " يه بهي ليتے هيں " * جو بات خود آنكي طبيعت ميں نهيں هے اُسے وه كيونكر مانيں ؟ *

۳۲۵ — مجهے ياد هے كه ايک بار كسي كام پر مجهے ايک ' ڈپٹي كمشنر ' صاحب كے دفتر ميں جانے كا اِتفاق هوا تها * ميں هندوستاني كپڑے پهنے تها اور سمجهتا تها كه ميں سيدها اندر چلا جا سكتا هوں كيونكه سنا تها كه يه كُهلي عدالت هے * جهٹ دو تين چپراسي دوڑے آئے [1] كه " تمهارا يهاں كيا كام هے ؟ " ميں نے جواب ديا كه " كام صاحب سے هے - تم سے نهيں " * كهنے لگے كه " صاحب سے ملاقات هوني مشكل هے - وه اِسوقت كام ميں هيں " * اِسي قسم كے سيكڑوں حيلے بهانے كئے * آخر ايک نے كها كه " پانچ روپے دو تو تمهاري عرضي حضور ميں خود ليكر گزرانوں " * ميں نے جواب ديا كه " ميں عرضي ورزي [2] ليكر نهيں آيا هوں " * اُنهوں نے دير تک مجهے اندر نهيں جانے ديا كيونكه مجهسے وه كچهه وصول نكرسكے تهے * پيچهے بڑا منشي نكل آيا اور مجهسے بات چيت كي - كها كه " آج صاحب كا مزاج بڑا گر ا - ليكن اگر تمهيں كوئي ضروري كام هے تو دس روپے دو - كوئي اور عمله تمهارا ذكر كوديگا - وهي شير كے آگے جائيگا " *

---

[1] i.e. *daure hū,e ā,e*, "Stumbling-Blocks," p. 78 (15).
[2] Meaningless appositive, "Hind. Man.," L. 48 (*c*).

۳۲۶ — اُنکي رشوت خوري کي کوششوں سے تنگ آکر اور منشي کے بیان کو جھوٹ سمجھکر میں سیدھا دفتر میں گھس گیا - لیکن چپراسي اور عملوں نے جہانتک ھوسکا مجھے روکنے کي کوشش کي - وہ مجھپر آوازے کسنے [1] لگے - کہتے تھے " دیکھو! یہ کیسا اکھڑ [2] ھے! کیسا بیہودہ ھے کہ خواہ مخواہ درایا [3] چلا آتا ھے " - اور اُنھوں نے ایسا شور مچایا کہ صاحب متوجہ ھوگئے * میں سیدھا حضور میں جا کھڑا ھوا اور سپاھانہ ' سلیوٹ ' کرکے بات کرنے کي اجازت مانگي * اُنہوں نے حکم دیا کہ اِسے نکال دو اور مجھے بُرا بھلا بھي کہا * پیادوں نے مجھے بزور نکالنا چاھا لیکن میں نے اُنہیں پاس آنے ندیا - چونکہ خود صاحب نے مجھے جانے کے لئے کہا تھا اِسلئے میں نکل آیا لیکن پہلے اپنا نام پلٹن اور درجہ بتلادیا * ایک چپراسي نے جو پہلے میرے پاس آیا تھا ایک جھوٹي نالش کردي کہ " اِسنے حکم جایز کي مخالفت کي ھے [4] * دفتر کے دفتر نے قسم کھا کر کہا کہ " اِسنے چپراسي کو مار کر اُسکي بُري گت [5] بنادي ھے " * چپراسي نے بھي اپنا مُنہہ لہو لہان کرکے دکھلایا * یہ خون اُسنے پہلے سے تیار رکھہ چھوڑا ھوگا کیونکہ میں نے صرف اُن لوگوں کو جنھوں نے مجھے روکا تھا فقط ایک دھکا دیا تھا * حکم جایز کي مخالفت کے جرم پر دس روپیہ جرمانہ ھوا * جب پلٹن میں واپس

---

[1] *Awāze kasnā*, to speak at a person; also to jeer at, either openly or by innuendo.
[2] *Akkhaṛ*, "rough or rude in manner (of a boor, a villager)."
[3] *Darrānā*, to go straight, or boldly; only used in the participle.
[4] Even the illiterate use such law terms.
[5] *Gat*, f., state; in Urdu always used for plight, i.e. bad state.

آیا سارا حال بے کم و کاست کمانڈنگ افسر صاحب سے بیان کیا * وہ بہت خفا ہوئے اور اُسکي نسبت رپورٹ بهي کي - لیکن اِس بے عزّتي کي کبهي داد رسي نہوئي *

۳۲۷ — اگر ضلع والے صاحبوں کے پاس لوگوں کي رسائي ہو اور وہ غریبوں کي نالش فریاد کو کان لگا کر سنیں تو گهوس لینے کا دستور بہت کچهہ موقوف ہو سکتا ہے - کیونکہ اِس صورت میں عملوں کو ڈر رهیگا کہ " کہیں ایسا نہو صاحب لوگ حقیقتِ حال سے واقف ہوجائیں " اور خود لوگوں کي بهي آنکهہ کُهل جائیگي کہ " رشوت دینا فضول ہے " *

۳۲۸ — سزائیں جو سرکاري قانون کي رُو سے ملتي ہیں محض لغو ہیں، لڑک کهیل [1] ہیں * اکثر لوگوں کا خیال ہے کہ " سرکار خود ڈرتي ہے جو ایسي سزائیں دیتي ہے " * مثلاً ایک نیچ ذات کا آدمي کسي کے گهر میں سیندهہ لگاتا [2] ہے اور عورتوں کے زیورات چهین جهپٹ کر [3] لے جاتا ہے - جب وہ اِس سزا پر جیلخانے ایک برس یا اُس سے زیادہ کے لئے بهیجا جاتا ہے تو وہاں وہ ایسا کهاتا پیتا اور پہنتا ہے اور اُسکي ایسي خبر گیري ہوتي ہے کہ

---

1 *Laṛak-khel*, boy's play.

2 *Sendh lagānā*, to break into a house by digging through the wall.

3 *Zewarāt chhīn jhapaṭ-kar le-jātā hai*, snatch jewels from a number (or else snatch various things); *Chhoṛ-kar* has no meaning here; it is the meaningless appositive; *vide* "Hind. Man.," L. 48 (*c*); the repetition *chhīn chhoṛkar* gives an idea of number: also of two persons each snatching from the other as *āpas meṅ chhīn chhoṛ ho-rahī hai.*

اپنے گھر میں بھي اُسکو یہ باتیں میسر نہ تھیں * یہ سچ ھے کہ اُسکي آزادي چھن جاتي ھے لیکن کھانا تو پیٹ بھر پاتا ھے - سخت محنت پر تو وہ ھنستا ھے - یہ سخت محنت ایسے قلي کے لئے جو گاڑھے پسینے سے دن بھر میں آدہ سیر آٹا پیدا کرتا ھے بائیں ھاتھہ کا کھیل ھے * ھندوستاني حکومت میں اُسکا ھاتھہ قلم کردیا[1] جاتا - یہ البتّہ سزا ھے - چور بھي نہ بھولیگا اور سب بد معاش بھي عبرت پکڑینگے - اور بندے کي راے میں سزا کا یہي مقصد ھونا چاھئے *

۳۲۹ — سرکار کو یاد رکھنا چاھئے کہ رعیت گویا بیل ھے - اور ایک پتلي چھڑي کي مار کي . بیل کو . کیا پروا ھوسکتي ھے ؟ اُسکے لئے چھور[2] چاھئے - اور اِن لوگوں کے ساتھہ بھي یہي برتاؤ مناسب ھے * سرکاري سزاؤں کا اُنپر کچھہ بھي اثر نہیں ھوتا - اُنکو تو وہ ھنسي کھیل سمجھتے ھیں * انگریزي قانون خود انگریزوں کے لئے مناسب اور معقول ھوں تو ھوں . لیکن ھمارے لئے ھمارا دھرم شاستر ھي ٹھیک ھے اور اِسي کو ھملوگ زیادہ پسند کرتے ھیں * یہ ایسي زبان میں ھے جسکو سب سمجھہ سکتے ھیں - یہ بات انگریزي قانون کي نسبت نہیں کہي جاسکتي - بہت ھي تھوڑے ھندو اُسکو سمجھہ سکتے ھیں کیونکہ یہ عربي میں ھیں *

---

[1] *Qalam karnā*, to cut off at one blow; *qalam*, m. (and f.) a reed, a reed-pen, a pen, etc.; anything cut like a pen; a cutting of a plant, etc.

[2] *Chhor*, m., an ox-goad, the iron head.

۳۳۰ — میں نے بارہا مولویوں سے پوچھا کہ " ہمارے قانون کسواسطے ایسی زبان میں نہیں لکھے جاتے جنکو ہم سمجھہ سکیں ؟ " وہ کہتے ہیں کہ " ہندی میں اُنکا مطلب ادا نہیں ہوسکتا " * بندہ عرض کرتا ہے کہ ایسے جُرم جنکے لئے کسی خاصّ ملک کی زبان میں لفظ ہی نہ ہوں اُنکی سزاؤں کے لئے قانون جاری کرنے کی ضرورت ہی کیا ہے ؟ بھلا یہ کس انسان کی سمجھہ میں آئے کہ عورت زنا کرے اور شوہر اُسے بے سزا چھوڑ دے ؟ کیا - روپیہ اِسکی تلافی کرسکتا ہے ؟ لیکن انگریزی قانون کی رُو سے نہ ہم ایسی عورت کو سزا دے سکتے ہیں نہ اُسکے آشنا کو * یہ انصاف نہیں ہے اور عامّ طور پر اِس سے بد دلی اور ناراضی پیدا ہوتی ہے * اِس امر میں سب کی ایک راے ہے *

۳۳۱ — جتنے دلچسپ واقعات میری زندگی کے تھے میں نے عرض کردیئے اور بہت سی باتوں پر اپنی راے بھی ظاہر کی ہے * میں ہرگز ایسا کرنے کی جرأت نکرتا اگر حضور نے تاکیداً فرمایش نکی ہوتی * اگر کوئی بات نا مناسب میں نے کہی ہو تو حضور مُعاف فرمائیں * لیکن یہہ ضرور کہونگا کہ جو کچھہ میں نے لکھا ہے سب سچ ہے - میں نے چُھیوں پر توپ نہیں چلائی ہے[1] * اپنے گاؤں میں اب بہت ہی تھوڑے صاحبوں کو دیکھتا ہوں - کبھی کبھی ضلع والے صاحب مجھے بُلواکر میری کہانی سنتے ہیں *

[1] یعنی مبالغہ سے ہرگز کام نہیں لیا ہے - یہ فقرہ بھی منجملہ سیتارام کے تصرفات کے ہے - (مترجمین) *

سال میں دو دفعہ پنشن کے روپے لانے کو چھاؤنی جاتا ہوں اور
اسوقت اگلے وقتوں کے تذکرے چھیڑتا ہوں [1] لیکن اب پرانے صاحب
بہت کم رہ گئے ہیں اور نئے صاحب لوگ جو ہیں وہ بڈّھے
کی بکبک کب سنتے ہیں خصوصاً جب وہ ایسی باتوں کا ذکر کرتا ہو جو
انکے جنم لینے سے بھی پہلے گزر چکی ہوں؟ بھگوان کی کرپا اور سرکار کی
عنایت سے کسی بات کی کمی نہیں ہے - ایک بیٹا رہگیا ہے
امید ہے کہ مرتے وقت میرے منہہ میں پانی چوائیگا اور پھر میرا
کریا کرم اور سرادھہ کریگا * یہی میرے لئے کافی ہے کہ حضور
جب ولایت جائیں تو اِس بات کو نہ بھولیں کہ بڈّھا [2] صوبیدار
سیتارام بھی سرکار کا ایک سچا نمکحلال خادم تھا - اور کسی بات
کی مجھے خواہش نہیں ہے * اب میں اپنے آقا کو جو بجاے
باپ کے ہمیشہ میرے سر پر رہے ہیں آداب تسلیمات عرض کرکے
رخصت ہوتا ہوں *

سرگذشت

سیتا رام کی تمام ہوئی

---

[1] *Agle waqtoṅ ke tazkire chheṛnā*, "to talk of old times, revive old memories." *Tazkira*, "biography, memoir; and also for *zikr* mention." *Chheṛnā* generally but not always gives the idea of being a nuisance.

[2] *Buḍḍhā*, subs., but *būṛhā*, adj.

دوسرا حصہ

SELECTIONS

FROM THE

RUSŪM-I-HIND

OR

"THE CUSTOMS OF INDIA"

EDITED WITH NOTES BY

LIEUT.-COLONEL D. C. PHILLOTT, PH.D., F.A.S.B.,

Hindustani Lecturer, Cambridge; Late Secretary and Member, Board of Examiners, Calcutta; etc., etc.

Second Edition.

CALCUTTA:

PRINTED AT THE BAPTIST MISSION PRESS.

1914.

All rights reserved.

انتخاب از "رسوم هند"

جہاں آرا بیگم و محمّد یوسف اور گیتی آرا بیگم و محمّد جمیل الدّین کا قصّہ

ایک روز کا ذکر ھے کہ کسي جگھہ آندھي بڑے زور و شور سے آرھي تھي - درختوں میں ھوا سنسنا[1] رھي تھي - چاروں طرف کالي گھٹا چھا رھي تھي - بادلوں میں بجلي خوب آب و تاب دکھا رھي تھي - لوگوں کي نظروں میں موت کا سما[2] پھر رھا تھا - غیر موسم کي گھٹا سے سب کے دلوں پر فکر کا بادل گھر رھا تھا - اسي جگھہ سڑک کے کنارے پر ایک آباد سرا تھي جو نہایت پختہ اور خوش نُما تھي - معمول کے موافق وھاں بہت سے مُسافر آئے ھوئے[3] تھے - مگر اس طوفان سے گھبرائے ھوئے[3] تھے - سرا کے ایک کونے میں چھوٹا سا مکان بنا ھوا تھا - اِس کے اندر کسي کوٹھڑي میں ایک شخص بیھوشي کي حالت میں پلنگ پر پڑا ھوا تھا -

---

[1] *Sansanānā*, to whistle (of the wind).
[2] Or *samāṅ*, "scene"; but *sāmān*, "preparation; luggage."
[3] "Stumbling-Blocks," p. 84 (7), Remark.

اُس کے سرھانے دونو طرف دو † مامائیں [1] مونڈھوں پر بیٹھي ھوئي رومال ھِلا رھي تھیں - اور وھیں دو خوبصورت لڑکیاں جہاں آرا بیگم اور گیتي آرا بیگم چپکے چُپکے باتیں کرکے رنج و مصیبت کو بھُلا رھي تھیں - ایک دوسرے [2] کو خدا کي یاد دلا رھي تھیں [3] - تسلّي کي باتیں کر رھي تھیں - باھر کسي اور مکان میں اُن کے نوکر چاکر تھکے ماندے پڑے ھوئے تھے - پالکي - گھوڑا - رتھہ اور بیل وھیں کھڑے ھوئے تھے *

دونو لڑکیاں آندھي اور طوفان [4] کا ذکر کر رھي تھیں کہ اتنے میں اور بھي اُس کي شدّت ھوئي - ھوا کے زور سے شمع ‡ کافور [5] ھوگئي - چراغ گُل ھوگیا - دونو گُل اندام اندھیرے میں ایک دوسرے کي صورت دیکھنے سے رہ گئیں *

تھوڑي دیر بعد مینھہ کا جھڑاکا [6] شروع ھؤا - اِس قدر برسا کہ سب طرف پاني ھي پاني دکھائي دینے لگا - یہ خوفناک سماں دیکھہ کر جہاں آرا بیگم بولی :—

† مسلمانوں کے ھاں جو عورت خدمت کے واسطے نوکر رکھي جاتي ھے اُسے ماما کہتے ھیں *

‡ شمع کے کافور ھونے سے کنایہ ھے اُس کے بُجھنے سے - کیونکہ کافور کي یہ خاصیّت ھے - کہ وہ اُڑ جاتا ھے *

[1] *Māmā*, maid-servant.

[2] Note that *dusre* and not *dūsrī* is used in this expression.

[3] Note the plural verb. In some parts of India the singular is used after *ek dūsre ko*. The real nominative is وہ "they" understood.

[4] *Āṅdhī*, f., is generally a dust-storm. *Ṭūfān*, m., any storm; *Nūḥ kā ṭūfān*, "the deluge."

[5] *Kāfūr honā*, "to disappear"; but of people to run away, *kāfūrī sham'* is a white wax-candle.

[6] *Jhaṛākā*, "downpour of rain."

" دیکھو بؤا † گیتي آرا ! جب هم عجیب آباد سے چلے تھے - تو اِس مُصیبت کي کیا خبر تھي کہ ابّا ‡ جان کا یہ حال هوجائیگا ؟ افسوس اِس جنگل میں دوا دارو کہاں سے لاؤں ؟ ابّا جان کو کیا پلاؤں ؟ یہاں نہ حکیم ¶ ہے نہ طبیب - نوکر اپنے اپنے کام میں لگے هوئے هیں - اِدھر تو مجھے ابّا جان کا خیال ہے - اُدھر بھائي جان کا دل میں جدا تصور ہے کہ وہ دھلي میں بیٹھے اِنتظار کر رہے هونگے - اُنہیں هماري تکلیف اور مصیبت کي کیا خبر هوگي ؟ نہیں تو وہ جس طرح هوسکتا اپنے تئیں یہاں پہونچاتے اور دکھہ درد میں شریک هوتے - خیر ! الله تعالیٰ اِسي [1] میں کچھہ بہتري کریگا - اُس کا کوئي کام حکمت سے خالي نہیں ہے " *

گیتي آرا بیگم جس کي نسبت [2] جہاں آرا بیگم کے بھائي سے هوچکي تھي اُس کا ذکر سنتے هي کچھہ شرما گئي - اور بولي " بؤا ! خُدا سب کا مالک ہے - اُس سے مایوس نہ هونا چاهئے - کیا تعجّب ہے ابھي خدا تعالیٰ چچا جان کو شفا بخشے ؟ کیوں

---

† مسلمانوں میں اس لفظ کا اِطلاق چھوٹي بہن پر هوتا ہے - اور یہ محبّت کا بھي ایک لفظ ہے - عورتیں آپس میں گفتگو کرتے وقت اکثر بولتي هیں *

Itlāq, "application."

‡ ابّا باپ کو کہتے هیں - اور جان فارسي لفظ ہے - عزیز اور پیارے پر اِسکا اِستعمال هوتا ہے *

¶ حکیم دانا اور اُس شخص کو کہتے هیں جو حکمت کے تمام علموں سے واقف هو - اور مجازاً یہ لفظ طبیب پر بھي بولا جاتا ہے *

[1] *Isī meṅ* =in the present state.

[2] *Nisbat*, betrothal.

ایسي گھبرائي جاتي هو؟ اب دهلي پهنچ جاتے هیں - وهاں هر فنّ کا کامل آدمي موجود هے - جاتے هي کسي بڑے حکیم کو بلائینگے - اچّهي اچهي دوائیں پلائینگے - خدا تندرست کردیگا - هراساں هونے سے کیا هوتا هے؟ صبر کرنا بهتر هے " *

دونو لڑکیاں اِس قسم کي درد ناک باتیں کر رهي تهیں اور خدا کو یاد کرتي جاتي تهیں که اِتنے میں آندهي کم هوگئي اور کچهه روشني نمودار هوئي *

اِس کے بعد اُس مریض آدمي کا حال جو دریافت کیا گیا [1] تو معلوم هؤا که وه محمد ناصرالدین نامي ، ایک شریف زاده ، دهلي کا نامور رئیس ، ذات کا شیخ ، [2] بڑا خانداني اور معزّز آدمي تها - اُس کے باپ دادا کسي زمانے میں جاگیردار تهے - اور بادشاهوں کے وقت میں بڑے بڑے منصبوں پر سرفراز رهے تهے - علاوه اِس کے وه خود بهي بڑا لئیق تها - اور اب مدّت سے اپني لیاقت اور کارگذاري کے باعث سے ضلع نور پور کے پرگنے [3] عجیب آباد کا تحصیلدار هوگیا تها - وه تیس برس تک سرکار انگریزي میں متعلّق رها - اور همیشه بهت دیانت و امانت [4] سے کام کرتا رها - نه کبهي کسي سے رشوت لي - نه کسي مقدّمے میں کسي کي جانب

---

[1] i.e. when I the author enquired. The author now pretends he was on the spot.

[2] *Shaikh*, properly of Arab descent but not of the family of the Prophet. Many low-caste or obscure Muslims now assume this prefix.

[3] In Bengal *pargana*, but in the Panjab *taḥṣīl*.

[4] Both these words have nearly the same meaning, but the latter has special reference to honesty in money matters.

داري كي - هر دم خدا سے خوف كرتا رهتا - اور اپني عزّت اور
خاندان كے نام كا بڑا خيال ركهتا - حاكم محكوم [1] سب لوگ اُس سے
راضي تهے - اور دل سے اُس كي بهتري چاهتے تهے * اُس كا ايک
بيٹا تها محمد جميل الدين - اور ايک بيٹي تهي جهاں آرا
بيگم - وه اِن دونو سے بهت محبّت كرتا تها - مگر اپنے بڑے بهائي
كي بيٹي كو بهي جس كا نام گيتي آرا بيگم تها اِن دونو سے كچهه
كم نه چاهتا تها * گيتي آرا بيگم كے ماں باپ اُسے بچّه سا چهوڑ كر
مر گئے تهے - اِس سبب سے يه لڑكي اپنے چچا ناصر الدين كے پاس
رهتي تهي * جميل الدين گيتي آرا بيگم سے دو برس بڑا تها * جب
اُس كي عمر باره برس كي اور گيتي آرا بيگم كي دس برس كي
هوئي تو ناصر الدين نے ان دونو كي نسبت كردي - مگر نكاح [2]
مدّت كے بعد هؤا [3] - اُس وقت تک دونو كو آپس ميں ايک
دوسرے سے جدا ركهنا اور اُن ميں پرده كرنا ضرور [4] سمجها گيا *
گيتي آرا بيگم كے ماں باپ زنده نه تهے مگر ناصر الدين اُس سے
محبّت بهت كرتا تها - اِس سبب سے اُس نے اپني بهتيجي كي
جدائي گوارا نه كي - بلكه جميل الدين كو عجيب آباد سے اپنے چهوٹے

---

[1] *Mahkūm*, Ar., past participle of the same form as *ma'lūm* ; *ḥākim*, act. part. of the same form as *'ālim*, *qābil*, etc. ; both are connected with *ḥukm*.

[2] *Nikāḥ* here means the contract of marriage. *Vide* Hughes' *Dictionary of Islam*.

[3] *Hū'ā*, the Pret., is here used instead of the Future to indicate an event which the author knows took place later.

[4] For fear of unlawful connection.

بھائي محمد فيض الدين کے پاس دهلـي ميں بھيج ديا کہ وہ
وهاں رہ کر علم تحصيل کرنے ميں کوشش کرے * جب ناصر الدين
تيس برس تک لياقت اور ديانت سے سرکار کا کام انجام هو چکا
تو اُس نے ' پنشن ' کي درخواست کي * سرکار تو اُس سے راضي
هي [1] تهي - فوراً پنشن منظور هوگئي - اُس نے دهلي ميں
جا رهنے کا قصد کيا - اور سفر کا سامـان جو کچھہ ضرور تهـا سب
تيار کرليا - جهاں آرا بيگم اور گيتي آرا بيگم مدت سے عجيب آباد
ميں رهتي تهيں - اِس سبب سے وهاں کي عورتوں کو جو اُن کے
گهر ميں کبهي کبهي آيا کرتي تهيں اُن لڑکيوں کي جدائي کا بهت
قلق [2] هوا - اور چلنے کے دن سب کي سب اپني اپني سواريوں
ميں بيٹهہ کر اُن سے ملنے آئيں * باهر مردانے مکان ميں ناصر الدين
کے رخصت کرنے کے واسطے پرگنے کے بهت سے آدمي جمع هوئے -
ناصر الدين نے اپنے آدميوں † سے سارا اسباب چهکڑوں پر لدوايا - اور
دونو لڑکيوں کو ايک رتهہ ميں سوار کر کے اُن کي خدمت اور
نگهباني کے واسطے دو ماماؤں کو اُن کے پاس بٹهايا - اور آپ گهوڑے
پر سوار هو رتهہ چهکڑوں - اور نوکروں چاکروں کو ساتهہ لے [3] وهاں سے
روانہ هوا * اس کے اِخلاق [4] کا لوگوں کے دلوں پر نقش تها - کوئي

---

† جب لفظ آدمي کي کسي شخص کي طرف نسبت کرتے هيں تو اُس سے
اُس شخص کا خدمتگار مُراد هوتي هے - مثلاً ميرا آدمي - اور آپ کا آدمي -
اِس سے ميرا خدمتگار اور آپ کا خدمتگار مُراد هے *

[1] *Hī*, already.
[2] *Qalaq*, restlessness, anxiety
[3] *Le* or *le-kar*.
[4] *Ikhlāq*, m. sing., civility, but *akhlāq*, m. pl., morals.

اس کي جدائي نہ چاهتا تها - سب آدمي جو باهر بيٹهے تهے ، چشم پُر آب ، افسوس کرتے هوئے ، رخصت کرنے کے واسطے اُس کے ساتهہ هوئے - اور کئي کوس تک پہنچا کر اُلٹے چلے آئے *

ناصر الدين نے دو منزل تک تو آرام سے سفر کيا - مگر پهر اتّفاق سے اُسے بخار آگيا - اور تين روز تک برابر چڑها رها - کچهہ هلکا نہ هوا * دهلي کئي منزل رہ گئي تهي - اِس سبب سے کسي قصبے[1] ميں ٹهير[2] گئے - وهاں مدّت سے دهلي کا ايک طبيب رهتا تها - اُسے طلب کيا - اور گهر ميں پردہ کر کے اندر بُلايا - اپنے پلنگ کے برابر بٹهايا * طبيب نے آتے هي نبض ديکهي - تمام حال دريافت کيا - پوچها :—

” شيخ صاحب ! بخار کب سے هے ؟ سردي سے آتا هے يا گرمي سے ؟ کيا هر وقت چڑها هي رهتا هے يا کسي وقت هلکا بهي هوجاتا هے “ ؟

ناصر الدين نے تمام حقيقت اُس کے روبرو بيان کي * طبيب نے جواب ديا :—

” رستے کي ماندگي اور آب و هوا کے اِختلاف سے يہ بخار عارض هوگيا هے - مادّي[3] نهيں هے - اب آپ يهيں ٹهيرئيے - يہ قصبہ بهي اچّها هے - ضروري دوائيں يهاں مل سکتي هيں - اور

---

[1] A *qaṣba* is a town; it has a magistrate or deputy magistrate.

[2] *Ṭhairnā*, the modern Delhi pronunciation of *ṭhaharnā*.

[3] *Māddī* (from *mādda*, "matter") here means "constitutional." The doctor is a practiser of *Yūnānī ṭibb*.

بندہ بھي ہر وقت خدمت گذاري کو موجود ھے - جب شفا ہو جائيگي تو يہاں سے دھلي تشريف لے جائيگا ' *

ناصر الدين نے کہا - " آپ کي عنايت ميں کچھہ شک نہيں مگر دھلي بھي قريب ھے - وھاں سب منتظر ہونگے - اب تو جسطرح ہوسکے اپنے شہر ميں پہنچ جانا مناسب ھے - مرض سخت معلوم ہوتا ھے - ديکھا چاھئے پردۂ غيب سے کيا ظہور ميں آتا ھے " *

يہ گفتگو ہو ھي رھي تھي کہ ايک نوکر خاصدان لايا - اُس ميں پان کي گلوري [1] اور اِلائچياں اور پانچ روپے رکھے ہوئے تھے * طبيب نے گلوري کھالي - روپے ديکھہ کر بولے - " آپ کو يہ تکليف کرني کيا ضرور تھي ! ميں تو آپ کا نيازمند ہوں - خدمت ھي ميں حاضر ہونا اپني عزت کا باعث جانتا ہوں " *

ناصر الدين نے کہا - " الله ! آپ کيا فرماتے ھيں ؟ يہ حقير شے آپ کے لائق نہيں ھے - مگر اِس کا قبول کرنا مہرباني سے بعيد نہيں ھے " *

طبيب نے اُس وقت اپنے ايک خدمتگار کو آواز دي - اور روپے اُس کے پاس رکھواديئے - پھر کچھہ اور تسلّي اور تشفّي کي باتيں کر کے وھاں سے رخصت ہوا * ناصر الدين نے دھلي چلنے کا قصد کيا - اور دوسرے روز صبح ہوتے ھي پالکي ميں سوار ہو اپنے تمام ہمراھيوں کو ساتھہ لے دھلي کي طرف روانہ ہؤا * رات کو ايک

[1] *Gulorī* is one rolled-up and prepared betel.

جگہہ مقام کیا - اور طبیب کي تجویز سے جو دوائیاں اپنے ساتھہ لیتا آیا تھا اُن کا استعمال کیا * نُور کے تڑکے وھاں سے آگے بڑھا - اور اُسي سرا میں آیا جس کا ذکر قصے کي اِبتدا میں بیان کیا گیا ھے - یہاں اُسے ایسا بیہوشي کا بخار چڑھا کہ ساتھہ والوں کے حواسّ ٹھکانے نہ رھے - علاوہ اِس کے آندھي اور مینہہ کي وہ شدّت هوئي کہ مسافروں کے پاؤں پھول گئے - چھکّے چھوٹ [1] گئے * جہاں آرا اور گیتي آرا دونو لڑکیاں یہ حال دیکھہ کر چپکے چپکے اپنے رنج و مصیبت کي باتیں کرنے لگیں - اور تکلیفوں کے دور ھونے کے واسطے خدا تعالیٰ سے دعائیں مانگنے لگیں * ناصر الدین کو رات بھر شدّت سے بخار چڑھا رھا * صبح کو کچھہ افاقہ هؤا تو اُسے پالکي میں لٹاکر دھلي لے چلے - اور شام کے وقت سب کے سب شہر میں پہنچ گئے * وھاں فیض الدین اور جمیل الدین دونو منتظر تھے * ناصر الدین کے آنے کي خبر سنتے ھي اپنے نوکروں چاکروں سمیت تھوڑي دور استقبال کے واسطے گئے - اور گھر تک اُس کے ساتھہ ساتھہ [2] آئے * اُن لوگوں کو جس قدر اُس کے آنے کي خوشي ھوئي اُس سے زیادہ اُس کي بیماري کا رنج ھوا - خیر جس طرح ھوسکا پالکي سے اُتار کر گھر میں لے گئے - اور ایک پلنگ پر لٹایا * پھر پردہ کرا کے لڑکیوں کو رتھہ میں سے اُتارا - اور سارا اسباب بھي چھکڑوں میں سے نکال کر ٹھکانے سے لگایا *

---

[1] *Chhakkā* is a die for gambling: here the idiom means to be perplexed.
[2] *Sāth sāth*=keeping with him the whole time. For *samet* see Supplement to "Stumbling-Blocks."

گیتي آرا بیگم کے اُس گھر میں جاتے هي جمیل الدین کا وهاں جانا موقوف هوا - اور وہ باهر دیوان خانے[1] میں رهنے لگا - ضرورت کے وقت کبھي کبھي پردہ هو جاتا اور وہ گھر میں آکر اپنے باپ سے مل جاتا * ناصر الدین کے پاس اِس کے تمام رشتہ دار اور شہر کے سارے امیر و رئیس آئے - هر ایک نے اُس کي خبر پوچھي - اور تسکین و تسلّي کي باتیں کیں *

ناصر الدین کو بیماري کي شدّت هوتي گئي[2] - اور روز بروز اُس کا حال بگڑنے لگا * جب اُسے اپني زندگي کي کچھہ توقّع نہ رهي تو اُس نے اپنے بھائي فیض الدین کو یہ وصیّت کي - "میرا تمام مال و متاع اور جائداد شرع کے موافق تقسیم کرنا - جہاں آرا کے واسطے کوئي اچّھا خانداني عزّت دار اور پڑھا لکھا لڑکا تجویز کرنا - میں اپني بیٹي اور بھتیجي کو یکساں سمجھتا هوں - میرے بعد گیتي آرا کو کسي طرح کي تکلیف نہ دینا - اور هر طرح سے اُس کي خاطرداري کرتے رهنا - جس قدر جلدي هوسکے جمیل الدین سے اس کا نکاح کردینا * "

جب ناصر الدین کي موت کا وقت قریب آیا نزع کي حالت میں اُس کا منہہ خُشک هونے لگا - خشکي کے دور هونے کے واسطے تھوڑا سا شربت[3] پلایا * اُس کے بیٹے جمیل الدین نے

[1] *Dīwān khāna*, a high-sounding term for the men's apartments. *Bāhar* is opposed to *andar* or the *zanāna*.

[2] Increased gradually : 'vide' *Hind. Man.*, L. 26 (*a*).

[3] The subject is *logoṅ ne*, understood. *Sharbat*, m., is any syrup, especially fruit syrups.

جو حافظ [1] قرآن تها اور اِس وقت اُس کے سراهانے بیٹھہ هوا تها - آهسته آهسته سورهٔ یٰسین † پڑهني شروع کي - پهر سب لوگ جو وهاں موجود تهے کلمه پڑهنے لگے - بیمار بهي اپنے منهه سے کلمه پڑهتا رها - اور اسي حالت میں اُس کي جان نکل گئي * سنتے هي سب مردوں اور عورتوں نے قرآن کي عِبارت کا ایک فقرہ جو مصیبت کے وقت پڑها جاتا هے [2] اپني زبان سے نکالا * اِس وقت کچهه آدمي آب دیدہ هوکر آهسته آهسته [3] رونے لگے - کسي نے چیخ مار کر آواز نه نکالي - دونو لڑکیاں جو کم‌سِن تهیں اپنے تئیں ضبط نه کر سکیں - آواز سے رونے لگیں * بڑي عورتوں نے اُنهیں سمجهایا - "دیکهو اس طرح رونا شرع میں منع هے - صبر کرنا چاهئے - صبر کا اجر خدا دیتا هے - اور قرآنِ شریف میں لکها هے که خدا تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتهه هے ‡ *"

فیض الدین نے بهي اُن کي بهت تشفّي کي - اور محبّت کي باتوں سے اُن کي دل جمعي کي - بارے وہ بهي چپکي هو رهیں *

---

† قرآن کي چهتّیسویں سورۃ کا نام هے - اور مسلمانوں کے هاں اکثر نزع کے وقت تکلیف کے رفع کرنے کے واسطے یه سورۃ بیمار کو پڑهه کر سنایا کرتے هیں *

‡ دوسري سورۃ کي ۱۵۱ آیت * انا للہ وانا الیه راجعون - ان اللہ مع الصّٰبرین

[1] *Ḥāfiẓ*, one that has committed the whole of the Quran to memory; hence in the Panjab any blind man.

[2] "Verily from God we come, and verily to Him do we return."

[3] *Loud* wailing is forbidden by a *sunnat*, or tradition of the Prophet. For *Kuchh*, *vide* "Hind. Man.," L. 8 (*c*).

جوھیں ناصر الدین مر گیا وھیں اُس کا منہہ اور آنکھیں بند کردیں - اور دونوں پاؤں کے انگوٹھے ملا کر کسی کپڑے کی دھجی [1] سے باندھہ دیئے - تا کہ منہہ اور آنکھوں کے کھلے رھنے اور پاؤں کے جدا ھونے سے اُس کی شکل ھیبت ناک نہ ھو جائے * اب اِس امر کی تاکید شروع ھوئی کہ " جس قدر جلدی ھو سکے نہلا دھلا کفن دے کر دفن کردینا چاھئے " * فوراً دو تین واقف کار آدمی شہر کے باھر جہاں اُن کے خاندان کا قبرستان بنا ھوا تھا قبر کھدوانے کو بھیج دیئے - اور یہاں اِس کے نہلانے کو پانی گرم کرنا شروع کیا - اور گرم ھوتے وقت پاکیزگی اور صفائی کے واسطے اِس میں بیری † [2] کے پتے اور خطمی [3] کے پھول ڈال دیئے * پھر مُردے کے نہلانے کے لئے ایک علحدہ مقام میں لمبا سا گڑھا کھودا تا کہ اُس کے غسل کا پانی سب طرف نہ پھیلے - اور وھیں گڑھے میں اکٹھا ھوجائے [4] - اِس کے بعد ایک لمبا تختۃ خوب دھوکر اور تین دفعہ خوشبو دیکر اُس گڑھے پر بچھایا اور مُردے کو لاکر اُس پر چت لٹایا * پھر اُس کے عزیزوں ‡ اور رشتہ داروں نے [5] مذھب اسلام کی شرطوں

† اگر اشنان جو ایک قسم کی گھاس ھوتی ھے مل جائے - تو پانی میں اِس کا ڈالنا بہتر ھے - ورنہ بیری کے پتے ڈال دینے چاھئیں - اور جو وہ بھی نہ ھوں تو صرف پانی ھی کافی ھے *

‡ جو لوگ آپ مردے کو نہلانا نہیں جانتے - وہ اس امر کے واقف کاروں کو بلا لیتے ھیں *

[1] *Dhajjī*, any strip of cloth.

[2] *Berī* is a wild plum and *ber* a kind of cultivated plum ; in the Panjab the wild tree is called *beṛ*.

[3] *Khaṭmī*, " hollyhock. "

[4] This is not a universal custom amongst Muslims.

[5] These were strict Muslims. The less strict employ *murda-sho* or professional body-washers.

کے موافق نہلایا - اور غسل دینے میں تین دفعہ دائیں طرف سے - پھر بائیں طرف سے اُس کے اوپر پانی بہایا * اِدھر تو اُس کے نہلانے دھلانے کا سامان ہوتا رہا - اُدھر ایک بڑی چارپائی منگاکر اُس کے اوپر نیا بوریا بچھایا - اور سفید کپڑے کا بہت عمدہ کفن تیار کرایا - کفن میں یہ تین کپڑے تھے - لفافہ - اِزار اور قمیص * لفافہ اور اِزار صرف دو چادریں تھیں - اور قمیص (جسے کفنی بھی کہتے ہیں) لمبے کُرتے کے طور پر ایک کپڑا بیچ میں سے چاک کیا ہوا تھا [1] * جب چار پائی پر بوریا بچھا چکے تو اُس کے اوپر لفافہ اور پھر اِزار بچھائی - اور پھر چاک کی ہوئی جگہہ تک کفنی پھیلائی اور باقی موڑ کر سرھانے کی طرف رکھہ دی * جب مُردے کو اچّھی طرح نہلا دھلا چکے تو اُس کے بدن کو کپڑے سے پونچھا - اور صندل اور کافور پیس کر اُس کی پیشانی - ھاتھوں - گُھٹنوں اور پاؤں (یعنی اُن اعضا کو جو سجدے میں زمین پر ٹکتے ھیں) لگادیا - اور یہی خوشبو کفن کے کپڑوں میں بھی چھڑک دی * چارپائی پر کفن بچھا رکھا تھا - اُس پر مُردے کو لاکر لٹا دیا - اور کفنی کے چاک میں سے اُس کا سر نکال کر باقی کفنی کو جو مُڑی ہوئی اُس کے سرھانے رکھی تھی اُس کے اوپر پھیلا دیا * اِس کے بعد اِزار اور پھر لفافے کو لپیٹ دیا * سر - کمر اور پاؤں کے پاس نئے کپڑے کی دھجّیوں کے تین بند [2] باندھہ دیئے تا کہ کفن ہوا سے نہ اُڑے *

---

[1] i.e. a slit to admit the head.

[2] *Band*, any bandage : *patti* is a *broad* bandage.

کفن جو مرد † کے ساتھہ قبر میں جاتا ھے اِنھیں تین کپڑوں کا ھوتا ھے - مگر ایک بڑي لمبي چادر جو مُردے کو چارپائي سمیت اچّھي طرح ڈھانک لے اُس کے اوپر ڈال دي - اور اُڑنے اور سرکنے کے اندیشے سے اُس کے چاروں کونے چارپائي کے چاروں پایوں سے باندھہ دیئے - اور پھر عود کي بتّي [1] روشن کر کے سب طرف سے خوشبو دے دي *

ناصر الدین کے رشتہ دار اور شہر کے بعض رئیس باھر دیوان خانے میں بیٹھے ھي ھوئے تھے * جنازہ [2] اپنے کندھے پر اُٹھاکر قبرستان کي طرف لے چلے * شہر میں سے اور بھي مسلمان ثواب کے خیال سے جنازے کے ساتھہ ھوئے - اور نوبت به نوبت کندھے دیتے گئے - جنازے کا سرھانہ آگے کي طرف اور پاؤں پیچھے کي طرف تھے * سب آدمي کلمہ پڑھتے ھوئے موت کو یاد کرتے ھوئے اُس کے پیچھے پیچھے معمولي چال سے چلے جاتے تھے * جنگل میں ایک اچّھا صاف سا مقام دیکھہ کر جنازے کي نماز کے واسطے ٹھیرے وھاں کسي کوئیں پر لوگوں نے وضو کیا * پھر جنازے کا سر شمال - اور پاؤں جنوب کي طرف رکھہ کر سب لوگ صفیں باندھہ نماز کے واسطے کھڑے ھوگئے * ناصر الدین کے بیٹے جمیل الدین

† عورت کے کفن میں مرد کے کفن سے دو کپڑے زیادہ ھوتے ھیں - ایک تو دامني، جو سر پر اُڑھائي جاتي ھے - اور جس میں بال لپیٹ کر دونوں طرف رکھے جاتے ھیں - دوسرے سینہ بند جو بغل سے زانو تک ھوتا ھے *

[1] *Battī*, prop. a wick; hence any taper or light. The piece of aloes-wood (*ʻūd*) is shaped like a short taper.

[2] *Janāza* is the bier with the corpse and sometimes the corpse: *tābūt*, m., is a bier alone.

کو جو † ولي تھا [1] امام بنایا اُس نے جنازے کي نماز پڑھائي * جب نماز سے فارغ ھوچکے تو جمیل الدین نے اذنِ عام پکار دیا * اِس وقت کچھھ لوگ رخصت ھوگئے - اور باقي قبرستان میں جنازے کے ساتھھ گئے [2] * وھاں پہلے ھي سے قبر تیار ھوچکي تھي - اُس کا طول شمالي ‡ اور جنوبي - اور عرض مشرقي اور مغربي سمت میں تھا - اور مغرب کي طرف مُردے کے رکھنے کے واسطے ایک لحد ¶ بني ھوئي تھي * وھاں لے جاکر جنازے کو قبر کے پاس رکھھ دیا * پھر اُس کے اوپر کي چادر اُٹھائي - اور مُردے کو قبلے کي طرف سے قبر میں اُتار کر لحد میں داخل کیا - اور اُس کا چھرا ذرا قبلے کي طرف مائل کیا * اُس کے بعد گورکنوں [3] سے قبر کو پٹوا [4] دیا - اور اُس کي صورت ماھي [5] پُشت بنواکر وھاں

† امامت کا حق اوّل بادشاہ کا ھے - اگر وہ نہ ھو تو قاضي کا - اس کے بعد قبیلے کے امام کا - پھر ولي کا - اور ولي اِصطلاح میں اُس شخص کو کہتے ھیں جو بلحاظ میراث کے مُردے سے زیادہ تر قریب رشتہ رکھتا ھو *

‡ یہاں بھي شمالي اور جنوبي سمت سے وہ سمت سمجھني چاھئے جس پر سمت قبلہ عمود ھو - اور مشرقي اور مغربي سمت سے سمت قبلہ مراد ھے *

¶ قبر کے پہلو میں جو مُردے کے رکھنے کے واسطے اور جگہھ بنا لیتے ھیں - اُسے لحد کہتے ھیں *

[1] *Walī*, the nearest relation.

[2] The most important ceremony is the prayer.

[3] *Gor-kan*, "grave-digger," also the name of a species of badger.

[4] *Pāṭnā*, tr., "to roof over."

[5] *Māhī-pusht*, shaped like a fish's back; domed: roach-backed (of mules, and horses).

پاني چھڑکوا دیا تا کہ قبر کي مٹّي بالکل جم جائے - ھوا کے اثر سے اُڑنے نہ پائے - اچھّي طرح تھم جائے *

جب اِن کاموں سے فارغ ھو چکے تو سب نے فاتحہ [1] پڑھي اور نوکروں نے اناج روٹیاں اور نقدي جو پہلے سے ھاتھیوں پر اپنے ساتھہ لیتے گئے تھے مسکینوں اور فقیروں کو تقسیم کي - اِن لوگوں کا وھاں جمگھٹا [2] لگا ھوا تھا - سب راضي اور خوش ھوگئے - دعائیں دیتے ھوئے اپنے گھر چلے گئے *

مُردے کو دفن کرکے سب لوگوں نے گھر آنے کا ارادہ کیا - دور کے رشتہ دار اور شہر کے بعض رئیس رستے ھي میں سے جمیل الدین اور فیض الدین سے اجازت لیکر رخصت ھوگئے - اور باقي عزیز و اقربا ناصر الدین کے گھر آئے * کھانا پکا پکایا [3] بعض رشتہ داروں کے ھاں سے وھاں آگیا تھا - سب نے ملکر کھا لیا *

تیسرے دن صبح کے وقت اکثر رشتہ دار اور شہر کے بہت سے امیر و رئیس مردانے مکان میں جمع ھوئے - اور بہت سے مسکین اور فقیر لوگ بھي آئے - قرآن کے تیسوں سپارے † جن کي جلدیں علحدہ علحدہ بندھي ھوئي تھیں وھاں بیچ میں رکھے ھوئے تھے -

---

† سپارہ مختصر ھے لفظ سي پارہ کا - اور سي پارہ قرآن کے تیسوں حصّوں میں سے ھر ایک حصّے کو کہتے ھیں *

[1] *Fātiḥa*, the opening chapter of the Quran.

[2] *Jamghaṭā*, m., a collection of people (not big enough for a crowd) of one class ; a party ; *logoṅ kā jamghaṭā*, a crowd.

[3] *Pakā-pakāyā*, "ready cooked." After a death one meal is cooked outside the house, in a relation's house.

هر ایک نے وهاں سے لے کر ایک ایک دو دو سپارے پڑھے - اور تھوڑے عرصے میں کئي قرآن [1] ختم هوگئے - اور دو تین لاکھہ دفعہ کلمہ پڑھا گیا * جب فاتحہ هو چکي تو لوگوں نے جمیل الدین سے اُس کے باپ کي تعزیت کي [2] اور اُسے صبر و شکر [3] کرنے اور خدا کي رضا پر راضي رهنے کي نصیحت کي * آج کے دن بہت افراط سے [4] کھانا پکا تھا - مسکینوں اور فقیروں کو بھي تقسیم کرایا گیا - عزیزوں [5] اور قریبوں کو بھي کھلایا گیا [6] * تھوڑي دیر بعد سب لوگ رخصت هوکر چلے گئے * کنبے کي عورتیں کچھہ تو ناصر الدین کے مرتے هي اور کچھہ آج کے دن سواریوں [7] میں بیٹھہ کر اُس کے گھر آئي تھیں - اِن میں سے اکثر آج هي اپنے اپنے گھر چلي گئیں

اِس کے بعد چند روز تک اَور بھي رشتہدار اور دوست آشنا تعزیت کے واسطے آیا کئے * باهر مردانے مکان میں جمیل الدین اور فیض الدین اور اندر زنانے میں فیض الدین کي بیوي نجم النسا بیگم اور دونو لڑکیاں مہمانوں کي خاطر داري کرتي رهیں - اور علاوہ اِس کے جمیل الدین اور اُس کي بہن جہاں آرا بیگم دونو اپنے باپ کے مال میں سے غریبوں اور فقیروں کو بہت کچھہ تقسیم کرتے رهے *

---

1 Several times.
2 Offer condolences.
3 *Ṣabr o shukr*, m., "resignation."
4 *Ifrāṭ*, properly = "excess."
5 *'Azīz*, relations of a younger generation.
6 i.e. *khānā unko khilāyā gayā.*
7 *Sawārī*, here "conveyance."

ناصر الدين کے مرنے کے بعد جہاں آرا اور گیتي آرا اپني چچي نجم النسا کے پاس رهيں - اور وہ ان دونوسے بہت محبّت کرتي رهي * جميل الدين باهر مردانے مکان ميں رهتا - اور مولوي فخر الدين سے جو فارسي اور عربي ميں بڑا اُستاد تها علم تحصيل کرتا رهتا - اور پڑهنے لکهنے ميں بہت توجّہہ کرتا * کبهي ضرورت کے وقت پردہ کراکے اپني چچي سے ملنے کو چلا جاتا - ورنہ هميشہ اپنے اُستاد کي خدمت ميں حاضر رهتا اور فخر الدين کي فرماں برداري کو اپنا فخر سمجهتا *

جب ناصر الدين کو مرے هوئے ايک برس کا عرصہ گزر گيا تو جہاں آرا بيگم کي خالہ † زاد بہن مريم کا هديہ ‡ [1] اور اُس کے بهائي رحمن بخش کي بسم اللہ ¶ قرار پائي * جہاں آرا کي خالہ نے سب عورتوں کو بلوا بهيجا * ساري عورتيں نفيس نفيس [2] پوشاکيں اور عمدہ عمدہ [2] زيور پہن کر پردہ دار سواريوں ميں بيٹهہ کراُس کے گهر آئيں - اور اپني اپني ماماؤں اور نوکروں کو بهي ساتهہ ليتي گئيں * هر چند جہاں آرا بيگم کے دل سے باپ کا غم دور نہ هوا تها * اور وہ ناکتخدا ||

---

† خالہ عربي ميں ماں کي بہن کو کہتے هيں *

‡ هديہ اِصطلاح ميں قرآن کے ختم کرنے کي تقريب کو کہتے هيں *

¶ بسم اللہ اِصطلاح ميں وہ تقريب کہلاتي هے - جس ميں بچّہ پہلے پہل پڑهنا شروع کرتا هے *

|| کدخدا اور کتخدا دونو درست هيں - اور اس کے لغوي معني صاحب خانہ هيں - اور اصطلاح ميں بياهے هوئے آدمي کو کہتے هيں *

[1] *Hadiya*, Ar., prop. a "present."

[2] *Vide* "Stumbling- Blocks," Supplement LXI.

بھي تھي اور شرم و لحاظ غالب تھا هر جگهه جانا نامناسب تھا - مگر ایسے پاس کے رشتے میں اُس کي چچي هرگز اِنکار نه کر سکي - اور اپنے ساتھه لے گئي * جہاں آرا نے پردہ دار پالکي میں سے اُترتے هي اپني خاله کو بڑي تعظیم و تکریم سے سلام کیا - بہت ادب و قاعدے سے بات کي * اُس نے اُسے گلے سے لگایا - اور محبّت سے اپنے پاس بٹھایا * پھر وہ اپني چچي کے اِشارے سے اُٹھه کر مہمانوں سے علحدہ چپکي ایک کونے میں جا بیٹھي - اور اُس کي دَدَا † گلاب بھي اُس کے ساتھه رهي * اِس کے بعد وهي لڑکي مریم جس کا هدیه هونے والا تھا اُس کے پاس آئي - اور جہاں آرا بیگم کو سلام کیا * جہاں آرا نے اُسے اپنے پاس بٹھا لیا - اور اُس کے پڑھنے کا حال پوچھتي رهي * مریم نے خوش آوازي [1] سے اُس کو قرآن کي چند آیتیں سنائیں * جہاں آرا بہت خوش هوئي - اور بولي - "بوأ! تم بڑي ذهین هو - تم نے اِتني سي عمر میں قرآنِ شریف ختم کرلیا - عجب نہیں ہے که تم جلدي سے فارسي کي بھي کچھه کتابیں پڑھه لو" *

یه باتیں هوهي رهي تھیں که رحمن بخش جو چار برس کا تھا وهاں آگیا اور سلام کرکے جہاں آرا کي گود میں هو بیٹھا * [2]

---

† یه لفظ دَدَہ هے - اور اصل میں ترکي هے - اُس عورت کو کہتے هیں جو بچّه پالنے کے واسطے نوکر رکھي جاتي هے *

[1] *Khush-āwāzī* = *ilhān*, "intoning."

[2] *Ho-baiṭhnā* = *jā-baiṭhnā*.

جہاں آرا نے اُسے پیار کیا اور پوچھا * " میاں † ! بھلا بتاؤ تو کیوں مہمان جمع ھوئے ھیں - اور اپنا سپارہ تو دکھاؤ - کہاں ھے ؟ ھم نے سنا ھے تمھارے واسطے کمخواب ‡ [1] کا جُزدان [2] سیا گیا ھے " *

رحمن بخش نے اپني ددا لطیفہ نامي سے کہا " اچھي ددا ! میرا سپارہ لائیو - میں آپا ¶ جان کو دکھاؤں " *

یہ گفتگو ھوھي رھي تھي کہ ایک بیاھي ھوئي لڑکي جس کا نام دل افروز بیگم تھا اُس بچے کي پیاري پیاري باتیں سُن کر وھاں آ بیٹھي - اور وہ بھي اُس سے باتیں کرنے لگي * رحمن بخش گو کم عمر تھا مگر اُس کي بات مزے کي تھي - چالاکي سے جواب دیتا رھا * دل افروز جہاں آرا کو پہلے سے جانتي تھي - مگر اِس وقت انجان بنکر اِس بچے سے امتحاناً پوچھنے لگي - " میاں ! جن کي گود میں تم بیٹھے ھو - یہ تمھاري کون ھیں " ؟

اُس نے کہا - " تم کیا نہیں جانتي ھو ؟ یہ میري آپا جان ھیں " *

---

† میاں ھندي میں خاوند اور آقا کو کہتے ھیں - اور محبت کا بھي ایک لفظ ھے - اکثر اپنے سے کم درجے کے آدمي کو مخاطب کرتے وقت آپس میں بولتے ھیں *

‡ خاب فارسي میں روئیں کو کہتے ھیں *

¶ آپا بڑي بہن کو کہتے ھیں *

[1] *Kam-khwāb*, brocade with silver and gold flowers woven on it.

[2] *Juzdān*, satchel, specially for Quran.

دل افروز نے کہا - "تمہاري آپا جان بڑي غريب هيں جو ايک کونے ميں خاموش بيٹھي هيں - کچھہ تم هي سے باتيں کرتي هيں - هم سے تو بولتي بھي نہيں" *

جہاں آرا بيگم نے کچھہ جواب نہ ديا - مگر لطيفہ جو اِن دونو کي جان پہچان سے واقف نہ تھي جھٹ بول اُٹھي - "بيگم ! تم انہيں نہيں پہچانتيں ؟ خدا رکھے † - جہاں آرا بيگم هيں - ابھي اِن کي شادي نہيں هوئي هے - بات [1] بھي کہيں نہيں ٹھيري هے - اِس لئے شرم و لحاظ سے کونے ميں بيٹھي هيں - اِن کے باپ کا اِنتقال [2] هو گيا - شادي کا ارمان [3] جي کا جي هي ميں رہ گيا - بڑے دَور دَورے تھے [4] - اب بھي الله تعالى نے سب کچھہ دے رکھا هے - ملکوں کي بہتيري آمدني هے - هر چيز موجود هے - مگر خدا جلدي سے اِن کے بياہ کا دن دکھائے - الهي ! مُراد کے موافق شادي هوجائے" !

جہاں آرا جو پہلے هي دل افروز کے آنے سے شرما گئي تھي لطيفہ کي يہ باتيں سُن کر اَور بھي لحاظ [5] کرنے لگي - يہ ديکھہ کر دل افروز بولي - "بوا ! تم مجھہ سے اِتني کيوں شرماتي هو ؟

---

† يہ جملہ دعائيہ هے - يعني خدا انہيں زندہ رکھے *

[1] *Bāt*, "promise," i.e. = *nisbat*.

[2] *Intiqāl*, m., "removal" and hence a euphemism for death; formerly the term was restricted to Muslims.

[3] *Armān*, m., "desire," and in some parts of the Panjab vulgarly = "regret for something lost." *Jī meṅ rah-gayā* = was not carried out.

[4] *Daur daura*, colloquial for *zamāna-e iqbāl*: here used in pl.; *uske* understood.

[5] *Liḥāẓ*, m., "regard for," is sometimes, as here, used for "bashfulness."

میں تو کوئي غیر نہیں ہوں - ہمیشہ تمہارے گھر والوں سے ملتي رہتي ہوں - دیکھو تمہارے ابّاجان مجھے کیسا پیار کیا کرتے تھے ! اپنے ہاں کي لڑکیوں سے کچھہ کم نہ چاہتے تھے - اب تمہاري چچي بھي (جن کو میں خالہ جان کہتي ہوں) مجھہ سے بہت محبت رکھتي ہیں - کیا بتاؤں کیسي اُلفت [1] کرتي ہیں ؟ " *

جب دل افروز نے جہاں آرا سے اِس قسم کي باتیں کیں تو اُس نے بھي خیال کیا کہ یہ میرے سارے گھر سے واقف ہے - اور یہ سمجھکر اُس سے کچھہ گفتگو کي - اور بولي - " بوا ! جب سے ابّا جانِ مرحوم کا اِنتقال ہوا ہے مجھے اُن کا بہت غم و الم رہتا ہے - اُن کي محبت کا خیال آتا ہے تو چھاتي † پر سانپ سا لوٹ جاتا ہے [2] - پھر دل کو سمجھاتي ہوں کہ دنیا ناپائدار ہے - خدا کے سوا کسي کي ذات کو بقا نہیں - خیر صبر کرتي ہوں - جو گزرتي ہے دل ھي [3] پر گزرتي ہے " *

دل افروز نے کہا - " بوا ! صبر عجب چیز ہے - تم اپنے دل کو بہلایا کرو - آؤ چلو [4] - صحن میں پھرو - اِس طرح کیوں گُھٹي [5] بیٹھي ہو ؟ ذرا باہر نکلو " *

---

† چھاتي پر سانپ سا لوٹنا - نہایت اِضطراب اور غم سے کنایہ ہے *

[1] *Ulfat*, f., attachment between friends, etc., or between an animal and its master.

[2] *Loṭnā*, "to roll"; *lūṭnā*, "to loot," and *lauṭnā*, "to return" are all spelt لوٹنا. The idiom is generally used to express *jealousy*. Is it correct here ?

[3] i.e. *mere dil hī par*.

[4] *Āʼo chalo* = "let us go."

[5] *Ghuṭnā*, to be suffocated (here in a close room).

اِس عرصے میں کھانے کا وقت آگیا - پُر تکلّف [1] دستر خوان چُنا گیا - کھانا رکھا گیا - سب نے ملکر کھایا - پھر دسترخوان بڑھایا [2] - اُس کے بعد چلمچي † آفتابہ لاکر مہمانوں کے ھاتھہ دُھلائے - پان بنے هوئے رکھے تھے - سب کو کھلائے * جب ظہر کي نماز کا وقت ھوا تو عورتوں نے وضو کرکے نماز پڑھي - پھر ھدیہ کي تیاري ھونے لگي * مریم کو نہلا دھلا کر بہت نفیس پوشاک اور عمدہ عمدہ زیور پہنائے * دالان میں پہلے ھي سے اچّھا فرش بچھا ھوا تھا - قرینے [3] سے تکئے لگے ھوئے تھے - وھاں صدر [4] جگہہ میں مسند پر مریم کو لا بٹھایا * اِتنے میں عصر کي نماز کا وقت ھو گیا - مریم اور اَور لڑکیوں اور بڑي عورتوں نے نماز پڑھي * پھر بہت شائستگي [5] سے سب کي سب تکیوں سے الگ کر بیٹھہ گئیں - بیچ میں دو کشتیاں رکھي گئیں - ایک میں مریم کي اُستاني کا بہت عمدہ جوڑا - اور دوسري میں اُس کي نذر دینے کے لئے سو روپیہ نقد رکھے ھوئے تھے * علاوہ اِس کے اُسي جگہہ مٹھائي کے بھي بہت سے خوان چُنے ھوئے تھے * اُستاني جو مریم کے گھر ھي میں رھتي تھي بہت تعظیم و تکریم سے لائي گئي - اور صدر مجلس میں مسند پر مریم کے پاس بٹھائي

---

† یہ لفظ ترکي ھے - بعض آدمي سیلابچي کہتے ھیں - یہ تکلّف (affectation) سے خالي نہیں *

1 *Takalluf*, "ceremony": *pur-takalluf* here means that it was a guest dinner.

2 *Baṛhānā*, *vide* "Hind. Man.," p. 226 (2).

3 *Qarīne se*, in order, in their proper places.

4 *Ṣadr*, subs, mac. and adj.

5 *Shā'istagī se* = with the utmost propriety.

گئي - اُس نے آکر نظم میں کچھہ دُعا پڑھي - اور دعا کے هر شعر پر سب لڑکیوں نے جو مریم کي هم عمر تهیں بُلند آواز سے آمین کهي * جب دعا ختم هوچکي تو مریم نے کهڑي هوکر پهلے اُستاني کو اور پهر سب عورتوں کو بہت ادب سے سلام کیا - اِس کے بعد مریم کي ماں کو سب نے مُبارکباد دي * اُس نے اُسي وقت دونو کشتیوں پر سے کشتي پوش اُتار کر جوڑا اور سو روپے نذر کے طور پر اُستاني کے روبرو پیش کئے - اور کہا - " میں آپ کا حقّ کسي طرح نہیں ادا کرسکتي - اِسے قبول فرمائیے " *

اُستاني نے کچھہ تامّل [1] کے بعد دونو چیزیں لیں - اور لڑکي کو بہت سي دُعائیں دیں * پهر نجم النسا - جہاں آرا اور دل افروز نے مریم کے هاتهہ میں پانچ پانچ روپے دیئے - اور عورتوں نے بهي اپنے اپنے رشتے اور مقدور کے موافق یهي ڈهنگ [2] برتا * پهر خوانوں کے خوان پوش اُتارے گئے - اور بلوریں تشتریوں [3] میں شیریني تقسیم هوئي - گهر میں عورتوں کو دي گئي - اور باهر دیوان خانے میں جو بعض عزیز بیٹهے تهے اُنهیں بهي بهیجي گئي * اتنے میں مغرب کا وقت آگیا - سب نے نماز ادا کي - اور تهوڑي دیر بعد کهانا

---

[1] *Taʾammul*, m., "thinking, consideration"; and hence "pausing, hesitation; demurring."

She hesitated so as to show her politeness. It would have looked greedy to take the things at once. To say "no" to a host with the expectancy of being pressed and made to say yes, is called *nakhra*, or "coquetting like a woman."

[2] "Acted likewise."

[3] *Bilaur*, m., crystal; and *bilaurīn*. adj., made of cut-glass. *Tashtarī* is a saucer without a cup, while *pirich*, f., is a tea-saucer.

کھایا - اور پھر عشا[1] کي نماز پڑھہ کر بڑي رات گئے سونے کي تیاري کي - پلنگ دالانوں میں بچھے هي هوئے تھے - اپنے اپنے ٹھکانے سے جا لیٹیں * جہاں آرا اپنے پلنگ پر سو رهي - اور اُس کے پاس اُس کي دَدَا گُلاب بھي ایک چار پائي بچھا کر لیٹ رهي * پچھلي رات کو کچھہ عورتیں جاگیں - اور وضو کرکے تہجّد[2] کي نماز اور وظیفه[3] پڑھتي رهیں * صبح بہت سویرے هي باقي عورتیں بھي اُٹھیں - سب نے وضو کیا - نماز ادا کي - بہت دیرتک وظیفه پڑھا - خدا کي درگاہ میں دعا کي *

تھوڑا هي عرصه گزرا تھا که دِل افروز کے گھر سے اُس کا نوکر نور خاں آیا - اُس نے اندر اِطلاع کراکے دِل افروز کي دَدَا سوسن[4] کو بلایا - اُس کا نام سنتے هي وہ گھبرائي - اور جھٹ ڈیوڑھي پر آئي * نور خاں بولا - " میں ایک خوشخبري لایا هوں - بیگم صاحب سے کہدو - ابھي حضور کے بھائي صاحب آئے هیں - جلدي سے آپ کو بُلایا هے - گھوڑے پر سے اُترتے هي مجھے اِدھر بھیجا هے - آپ نوکروں چاکروں سے اسباب اُتروا رهے هیں " *

---

[1] The times of prayer are: (1) *fajr* or *ṣubḥ kī namāz*, from an hour or an hour and a half before sunrise to sunrise; (2) *ẓuhr*, or "mid-day," i.e. from noon till about 3 p.m.; (3) *'aṣr*, or "late afternoon," from 3 till before sunset; (4) *maghrib*, "evening," i.e. just after sunset; (5) *'ishā*, before going to bed. The illiterate even, if religious, know these terms and use them in speech.

[2] *Tahajjud*, an extra prayer that may be said after midnight and before the morning prayer. Only the very religious perform this prayer as there is no admiring audience. Of some Muslims it is said that they have never missed a *tahajjud* prayer since the age of 12.

[3] *Waẓīfa* are certain texts, etc., repeated after any prayer. This word also means one's daily 'portion' of the Quran, and "pension."

[4] *Sausan* is the Iris.

یہ شخص محمد یوسف نام ایک بڑا لائق اور نو عمر جوان تھا۔ اور اپنے سب رشتہ داروں کے ساتھہ دھلي میں رهتا تھا - مگر سرکاري نوکري کے سبب سے چار برس سے باهر گیا هوا تھا - اور سرکار انگریزي کو اپني کارگزاري اور لیاقت دکھاکر چھوٹي هي عمر میں رسالے کا جمعدار هوگیا تھا * محمد یوسف اور اُس کے عزیز و اقربا ذات کے سیّد [1] اور بہت عزّت دار آدمي تھے - اُس کا باپ محمد یعقوب پہلے انگریزوں کے هاں رسالدار تھا - اور سکھوں کي لڑائي میں بہت بہادري اور جانبازي سے لڑا تھا - مگر اب اُس نے ' پنشن ' لے لي تھي - اور بہت اچھي طرح فراغ بالي سے زندگي بسر کرتا تھا • انگریز اِس کي بہت عزّت کرتے تھے - اور اِسي کے سبب سے سرکار انگریزي میں اُس کے بیٹے کي بھي بڑي عزّت تھي *

جب دل افروز نے سوسن کي زباني اپنے بھائي کے آنے کا حال سنا تو وہ بہت خوش هوئي - اور اُس کو اُس سے ملنے کا ایسا اِشتیاق هوا کہ یکایک جہاں آرا سے کہنے لگي " لو بوا خدا حافظ ! اب میں اپنے گھر جاؤنگي - اور بھائي سے ملونگي " *

جہاں آرا کي دَدا گلاب جو وهیں بیٹھي تھي بولي - " بیگم ! ایسي کیوں گھبراتي هو ؟ خدا تعالی نے تمھارے

---

1 *Sayyid*, any descendant from Fāṭima the Prophet's daughter, through her sons. *Sharīf*, according to some Indians, is such a descendant through her daughters. The Persians, and perhaps all Shi'ahs, style any one *Sharīf* whose mother was a *Sayyida*, but whose father was not a *Sayyid*. Amongst the Arabs *Sayyid* and *Sharīf* appear to be synonymous.

بھائي کو بھیج دیا - اب دلجمعي سے جاکر مل لینا - آج لڑکے کي بسم اللہ ہونے کو ہے - سارے مہمان ٹھیر گئے ہیں - تمہارا رہنا بھي ضرور ہے - بیٹي † ! تمہارا اور تمہاري خالہ کا ایسا مُعاملہ [1] نہیں ہے * کہ تم بسم اللہ کا اِنتظار نہ کرو - اور ابھي چلي جاؤ "*

دل افروز نے کہا - " دَدَا ! اگر مجھے بھائي کے آنے کي خبر نہ ہوتي تو کچھہ مُضائقہ نہ تھا [2] - میں ٹھیر جاتي - مگر اس خوشخبري کے سُننے کے بعد تو مجھہ سے نہیں رہا جاتا [3] - یہي جي چاہتا ہے - ' ابھي بھائي سے جاکر ملوں ' "*

اتنے میں رحمن بخش کي دَدَا لطیفہ بولي - " بیگم ! تمہارے بھائي ایسے کہاں گئے ہوئے تھے جو تم اُن کے آنے کي خبر سُنتے ہي گھبرائیں - اور چلنے کو تیار ہو گئیں " ؟ *

دل افروز نے لطیفہ کي طرف مُخاطب ہوکر اپنے بھائي کا حال بیان کرنا شروع کیا - اور کہا - " دَدَا ! یہ میرا چھوٹا بھائي ہے - مجھے اس سے بہت محبّت ہے - اور وہ بھي مجھہ سے ایسي اُلفت کرتا ہے کہ کیا بیان کروں ؟ چشم بد دور ! صورت شکل والا ہے - اور اِتني سي عمر میں ایسي بہادري کے کام کرتا ہے جن کے سُننے سے تعجّب آتا ہے - وَردي کے کپڑے اُس پر لاکھہ

† یہاں محبت کے طور پر اس لفظ کو اِستعمال کیا گیا ہے *

[1] *Mu'āmala*, lit. "dealings."

[2] For this use of *thā*, *vide* "Hindustani Stumbling-Blocks," p. 101 (15).

[3] Note this passive of a neuter verb and *vide* "Hind. Man.," L. 47 (*d*), Remark.

لاکھہ [1] زیب دیتے ھیں - اور سفید پوشاک کو تو خود اُسي سے رونق ھوجاتي ھے " *

یہ باتیں ھو ھي رھي تھیں کہ دل افروز کے بھائي نے اپنے دوسرے آدمي کے ساتھہ پالکي بھیجي - اور بلانے کي تاکید کي * دل افروز فوراً جانے کے واسطے کھڑي ھوگئي - اور رخصت ھونے کے اِرادے سے سب سے ملنے لگي * اِس وقت مریم کي ماں نے دل افروز کے پاس آکر کہا " بیٹي ! تمھارے مزاج میں بڑي جلدي ھے - بھلا [2] کوئي مہمان بے کھائے بھي کسي کے گھر سے جاتا ھے ؟ بھائي کي بسم اللہ کا اِنتظار نہیں کرتیں [3] تو کھانا تو [4] کھاتي جاؤ - تیار ھے - دسترخوان بچھتا ھے " [5] *

یہ سن کر وہ تھوڑي دیر ٹھیري رھي - پھر کھانا کھا کر اپنے گھر روانہ ھوئي * اِدھر تو وہ جاکر اپنے بھائي سے ملي - اُدھر بسم اللہ کي تیاري ھوتي رھي * عزیز و اقربا اور شہر کے امیروں اور رئیسوں کے لئے پہلے ھي سے رُقعے [6] بھیجے گئے تھے - عصر کي نماز پڑھتے ھي سب لوگ آئے - اور مردانے مکان میں تکیوں سے لگ کر قرینے سے [7] ھو بیٹھے * رحمن بخش کو نہلا دھلا بہت عمدہ پوشاک

---

1 *Lākh lākh*, colloquial for "very many."

2 *Bhalā*, interj. Well! strange! how in the devil! etc.

3 *Kartīṅ* is Pres. Tense for *kartī ho*: the *ṅ* must be added to show it is plural. *Vide* also Hind. Man. L. 18 (*e*).

4 *To khānā to*; the first *to* answers to *agar* understood, and the second *to* = at least.

5 Pres. for immediate future: "is just going to be spread." "Is being spread" is *bichh-rahā hai* (and *bichhā hai* = is spread).

6 *Ruq'a*, m., a letter, specially one of invitation.

7 *Qarīne se* in good order, in proper postures, i.e. as etiquette demanded.

پہنائي - اور ایک شخص آسے گود میں آٹھاکر باھر لایا - اور صدر مقام میں اُسے تکئے سے لگا کر مسند پر بٹھایا * آستاد جن سے بسم الله پڑھوانی منظور تھي وھاں آئے - اور آنھیں لوگ تعظیم سے صدر مجلس میں لائے * پاس کے رشتہ دار بھي اِس وقت مسند کے پاس آ بیٹھے * رحمن بخش کے پاس ایک کمخواب کا جزدان تھا - اور اُس میں سُرخ کاغذ پر طلائي حرفوں میں بسم الله اور سورهٔ علق † لکھي ھوئي تھي - اُستاد نے جزدان میں سے کاغذ نکال کر ایک تکئے پر رحمن بخش کے آگے رکھا * شیرینی کے خوان پہلے ھي سے وھاں موجود تھے - اِن میں سے ایک خوان اُس کے آگے سرکا کر کہا " اگر تم پڑھہ لوگے تو جتنی مٹھائي چاھنا آپ لے لینا [1] - اور جتني چاھنا اور لڑکوں کو دے دینا " *

پھر اُستاد جو جو اپنے مُنہہ سے بولتا گیا لڑکا جلدي جلدي پڑھتا گیا * اِس کے بعد اُستاد اور ساري مجلس کے لوگوں نے دعا کي - اور پھر سب نے مبارکباد دي - اُستاد کو ایک اشرفي - سات روپے اور بھاري [2] جوڑا دیا گیا - اور اِس کے بعد بھي ھر موقع پر اِس کے حقّ [3] کا بہت خیال کیا گیا * اِس کے بعد لوگوں نے رحمن بخش کے ھاتھہ میں کچھہ روپے دیئے - پھر مردانے اور زنانے میں شیرینی تقسیم کي گئي - لڑکے کي ماں کو بھي بہت بہت

† اھل اسلام کي کتابوں میں لکھا ھے - کہ قرآن کي یہي سورة پہلے پہل نازل ھوئي تھي *

1 For this colloquial use of the Infinitive *vide* "Hind. Man.," L. 54 (*h*).

2 *Bhārī* here means costly.

3 The teacher had now established a right to tips on certain occasions.

مبارکباد دي گئي * جب شام هوئي تو سب مردوں نے باهر کهانا کهایا اور بہت اچّهي گلوریاں جو مزا بدلنے کے واسطے تیار هوکر آئي تهیں [1] کهاکر رخصت هوئے * دوسرے روز عورتیں بهي سواریوں میں بیٹهه بیٹهه کر [2] اپنے اپنے گهر چلي گئیں * جو لوگ اِس تقریب میں نہیں آئے تهے دستور کے موافق اُن کے حصّے خوانوں میں چُنوائے [3] گئے اور اُن کے گهر بهجوائے گئے *

اس کے بعد دل افروز کو جهاں آرا کي ایسي محبّت هوگئي که وه همیشه تیسرے چوتهے دن اُس کي خبر کے واسطے اپنا آدمي بهیجتي رهي - اور اِس کي چچي نجم النسا کے مزاج کي کیفیت بهي دریافت کرتي رهي - ایک روز اُس کے آدمي نے واپس آکر کہا - "حضور! میں دیوڑهي پر گیا تها - ماما نے کہا - 'بیگم صاحب آرام کرتي هیں - آج اُن کي طبیعت کچهه ماندي هے - میں جگا نہیں سکتي' " *

دل افروز یه بات سن کر بہت فکرمند هوئي - دوسرے روز صبح هي سواري میں بیٹهه کر عیادت † کے واسطے جهاں آرا کے گهر گئي - اُترتے هي نجم النسا دو سلام کیا - اور گیتي آرا بیگم سے بهي ملي * نجم النسا نے اُسے گلے سے لگایا - اور جهاں آرا کے پاس لے گئي * جهاں آرا ایک پلنگ پر لیٹي هوئي تهي - اور گلاب

---

† بیمار پُرسي *

[1] i.e. from the zenana.

[2] *Baiṭh baiṭh kar* emphasizes the idea of plurality.

[3] = *rakhwāʾe-gaʾe*; pass. causal; *vide* "Hind. Man.," L. 47 (*a*).

اُس کے پاس بیٹھي ہوئي رومال ہلا رہي تھي * دل افروز نے جہاں آرا سے پوچھا - ”بوا ! تمہاري طبیعت کچھہ علیل ہے ؟ مجھہ سے تو کہو - کیا حال ہے ؟ جس وقت سے میں نے یہ خبر سني ہے - اُسي وقت سے دل کو ایسي بیقراري ہوئي ہے کہ کیا بیان کروں ؟ خیر ! رات تو جس طرح ہوسکا گزاري - مگر صبح کو نہ رہ سکي - آپ ہي تمہارے پاس آئي - بارے تمہیں ہوش و حواس میں دیکھا - دم میں دم آیا - اب تم اپنا مُفصّل حال بیان کرو کہ اچّھي طرح میرا اِطمینان ہو “

جہاں آرا نے اپنے مزاج کي کیفیت اُس کے روبرو بیان کي - اور کہا - ” بوا ! مجھے دو روز سے اعضا شکني [1] اور بخار تھا - دردِ سر بھي شدّت سے تھا - اب بخار کو اِفاقہ ہے - دردِ سر بھي کم ہے - حکیم جي آئے تھے - نُسخہ پینے کو دے گئے تھے [2] - دوائیں اچھي ہیں - اور خدا کي عِنایت سے مجھے موافق بھي ہیں “ *

یہ کہکر اپنے دَدَا سے نُسخہ منگایا - اور دل افروز کو پڑھہ کر سنایا * دل افروز نے وہ نسخہ اپنے ہاتھہ میں لیا - اور اُس کي دواؤں کو دیکھہ کر پسند کیا - اتنے میں کھانے کا وقت آیا - دستر خوان بچھا کر سب نے کھانا کھایا * دل افروز کي پٹاري [3] اُس کي دَدَا اپنے ساتھہ لیتي آئي تھي - مگر یہاں نجم النسا ہي کے پاندان میں سے اُسے گلوریاں دي گئیں - اور مہمان نوازي کي ساري

---

1 Pains in the body; lit. “breaking of the limbs.”

2 Gave and went away.

3 *Piṭārī*, any small box, but gen. of wood, bamboo, or leaves.

رسمیں پوری کی گئیں * جب تھوڑا سا دن باقی رہ گیا تو دل افروز نے نجم النسا سے گھر جانے کی اِجازت مانگی - اور جہاں آرا سے جاکر کہا - " لو بوا خدا حافظ ! اب تو میں جاتی ہوں - خدا چاہے تو عنقریب مُلاقات ہوگی - تمہاری چچی کے ہاں لڑکا پیدا ہونے والا ہے - بھلا وہ مجھے کا ہے کو چھوڑینگی ؟ ضرور بلائینگی " *

اِس گفتگو کے بعد سوار ہوکر اپنے گھر چلی گئی - مگر اب بھی بدستور اپنا آدمی اُس کی خبر کے واسطے بھیجتی رہی - اور جہاں تک ہوسکا اُس کی چچی سے ملاقات بڑھانے میں کوشش کرتی رہی *

چند روز کے بعد رمضان کا مہینا آیا - اور دل افروز بیگم کی چھوٹی بہن قمر زمانی کا جو سات برس کی تھی روزہ قرار پایا [1] * ان لڑکیوں کی ماں پہلے ہی مرگئی تھی - اس سبب سے قمر زمانی کے روزہ رکھنے کا بُلاوا [2] اُس کی بڑی بہن دل افروز کی طرف سے گیا - اُس نے کُنبے کی سب عورتوں کو بلا بھیجا * نجم النسا - گیتی آرا اور جہاں آرا کو بھی کہلا بھیجا - ایسے دور کے رشتے میں کنواری [3] لڑکیوں کا جانا کب مناسب تھا ؟ وہاں صرف نجم النسا بیگم کا ہو آنا [4] واجب تھا * غرض وہ خود ہی پالکی

---

[1] As she was only seven years old, she would not fast for the whole month; only for a day or two. Muslim children sometimes insist on fasting, and it is all the parents can do to stop them.

[2] *Bulāwā*, invitation; *Khudā ke yahāṅ kā bulāwā* = death.

[3] *Kuwārā*, m., unmarried.

[4] *Ho-ānā*, going and coming back.

میں سوار ہوکر چلی گئی - اور ایک ماما کو بھی اپنے ساتھہ لیتی گئی * دل افروز اُس کے آنے سے بہت خوش ہوئی - اور بڑی تعظیم سے دروازے کے پاس سے اُترواکر دالان میں لے گئی - وہاں بہت سے مہمان جمع تھے - [1] سب کے سب نجم النسا سے ملے * اتنے میں قمر زمانی بھی آئی - اور اُس نے بہت ادب سے سلام کیا * نجم النسا نے دعا دیکر اُسے اپنے پاس بٹھا لیا - اور کہا " بوا ! آج تم روزے سے ہو ؟ بتلاؤ تو تم نے کیا سحری † کھائی تھی ؟ اور اب روزہ کھولنے [2] کی کیا کیا تیاریاں ہو رہی ہیں " ؟

وہ لڑکی اُسے جواب دیتی رہی * جب ظہر کی نماز کا وقت آیا تو اُستانی نے آکر اُسے وضو کرایا - اور پہلے پہل نماز پڑھوائی * نماز کے ختم ہونے کے بعد سب نے دعا کی کہ " اللہ تعالیٰ اِس لڑکی کو نیک ہدایت دے ! عبادت اور نیک نیتی کی طرف مائل رکھے ! جھوٹ اور خیانت [3] سے بچائے رکھے " * اِس وقت سے ہمیشہ نماز کی اُس پر تاکید رہی *

† سحری اُس کھانے کو کہتے ہیں - جو مسلمان لوگ پچھلی رات کو کھا کر دن کو روزہ رکھتے ہیں - اور اسے سحر گہی بھی بولتے ہیں *

[1] Masculine, as the word *mihmān* is masculine. There would, however, be only ladies in the party.

[2] Note the difference between *roza kholnā* and *roza toṛnā*.

[3] *Khiyānat*, f., is breach of trust; disclosing secrets; embezzlement; treachery. In a military sense, *ghadr* is a better word than *khiyānat* for treachery.

جب آفتاب غروب ہونے کو آیا - اور روزہ کھولنے کا وقت قریب آیا تو افطاري † کي تیاري ہونے لگي - فالودہ اور طرح طرح کے لذیذ شربت بنائے گئے - فصل کے تازہ پھل - فالسے - کھرني - شفتالو اور اور اسي قسم کي چیزیں قرینے سے لگائي گئیں [1] - نمک مرچ چھڑکي ہوئي نیبو ‡ نچوڑي ہوئي چٹپٹي دالیں [2] بلوریں طشتریوں میں رکھي گئیں * مغرب کي اذان ہونے سے پہلے ہي سب چیزیں تیار کرکے دیوان خانے میں جہاں مرد اکٹّھے تھے بھجوا دیں - اور گھر میں بھي ہر ایک مہمان کے آگے رکھوا دیں * روزہ کھولنے کا وقت قریب آگیا تھا - سارے روزہ دار دعائیں مانگنے لگے - قمر زماني سے بھي دعا منگوائي [3] * عورتوں نے آفتاب کے غروب ہوتے ہي قمر زماني کا روزہ کھُلوایا - اور آپ بھي افطار کیا - پھر مردوں نے باہر اور عورتوں نے اندر افطاري کھائي * جب مغرب کي نماز سے سب فارغ ہوچکے تو پہلے کھانا فقیروں کو تقسیم کرایا گیا - اور پھر مردانے اور زنانے میں جدا جدا دسترخوان بچھایا گیا [4] - اس وقت کے کھانے کا [5] کیا پوچھنا ہے *

† افطار کے معني روزہ کھولنے کے ہیں - اور افطاري اصطلاح میں اُن چیزوں کو کہتے ہیں - جو روزہ کھولتے ہي کھانا کھانے سے پہلے کھائي جاتي ہیں *

‡ اس لفظ کي اصل سنسکرت کي طرف راجع ہے *

1 *Qarīne se lagā,e, ga,e*, were laid out on the table.

2 *Dāl*, f., here means husked gram soaked in water. *Chiṭ puṭā* or *chaṭ paṭā*, adj., means "savoury and spiced"; (*pilaw* would not be *chaṭ-paṭā*).

3 "Made her pray": not *namāz*.

4 Singular; one in each.

5 *Khānā* is here a noun, not a verb. *Vide* "Hind. Man.," L. 54 (*h*), for *pūchhnā*.

هر قسم کي چيز موجود تهي - خاطر داري اور مهمان نوازي کي بهي کچهه کمي نه تهي - سب نے اچّهي طرح کهانا کهايا * مردوں کو عشا کي نماز پڑهنے مسجدوں میں جانا تها - اُسي وقت چلے گئے - اور عورتیں تهوڑي دير بعد گهر هي میں نماز میں مشغول هوئيں * پهر سب نے پچهلي رات کو سحري کهائي - اور دوسرے روز بدستور روزه رکها * آج کے دن سب مهمان رخصت هوئے - اور نجم النسا بيگم بهي اپنے گهر چلي گئي * گيتي آرا اور جهاں آرا دونو اُس کي مُنتظر تهيں - اُنهوں نے اپني چچي کو سلام کيا - اور بهت ادب سے مليں * دل افروز نے نجم النسا کي زباني گيتي آرا اور جهاں آرا کو بهت سلام کهلا بهيجا تها - اُس نے آتے هي سلام کا پيغام ادا کرديا *

دل افروز کو جهاں آرا کي گفتگو اور خوش اِخلاقيا اور اُس کي صورت اور سيرت ايسي پسند نه آئي تهي که وه هردم اُسے نه ياد کرتي - اور کوئي تدبير اُس کے ساتهه رهنے کے واسطے نه نکالتي * انجامِ کار اُس کے دل میں يه خيال آيا که " جهاں آرا کي خوبي میں تو کچهه شک نهيں - مگر ميرا بهائي بهي بهت سجيلا - نيک اطوار اور نو عمر هے - جهاں آرا کے لائق هے - اگر دونو کي نسبت قرار پا جائے تو خانداني اور خوبصورت لڑکي همارے هاں آجائے - بهائي کا گهر بهي آباد هوجائے " * آخر اُس نے ايک روز موقع ديکهه کر محمد يوسف سے کها - " بهائي ! اب تم جوان هوگئے هو - خدا کي عنايت سے صورت شکل والے هو - تنها نه رهنا چاهئے - اپنا گهر آباد

کر لینا چاهئے - ابّا جان کو بھي تمھاري شادي کا بہت خیال ھے - اگر تم شادي کر لوگے تو وہ بھي نہایت خوش ھونگے " *

اُس نے جواب دیا " آپا جان ! ابھي تو آپ مُعاف رکھئیے اچّھي طرح گزري جاتي [1] ھے - آزاد ھوں - کسي کا فکر نہیں بیاہ کرونگا طرح طرح کے اندیشوں میں پھنس جاؤنگا " *

دل افروز نے کہا - " بھائي ! کیا کہتے ھو ؟ کوئي کسي کے سر پر همیشه نہیں رهتا ؟ ایسے میں [2] ابّا جان زندہ ھیں - خدا اُن کو همارے سر پر قائم رکھے ! اُن کي زندگي میں گھر کي تجویز کر لو - دیکھو اچّھي بات ھے - اور میں جانتي ھوں شادي تو کروھي گے - اب نہیں دو برس میں - چار برس میں * یوں کب تک بیٹھے رهو گے ؟ مگر جو بات † میں نے سوچي ھے وہ پھر نہیں هاتھه آنے کي - [3] ذرا متوجّهه هو کر سنو - اور اچّھي طرح خیال کرو تو کہوں * بھائي ! تم جانتے ھو ناصر الدین خان اور فیض الدین خان ‡ کے خاندان اور همارے خاندان سے راہ و رسم اور قرابت مدّت سے چلي

† بات اِصطلاح میں شادي کے پیام کو کہتے ھیں - چنانچه اکثر بولا کرتے ھیں که اُس کي بات آئي ھے - اور کبھي نسبت کي جگهه بھي اس کا اِطلاق آتا ھے - مثلاً اُس کي بات ٹھیر گئي *

‡ لفظ خان پٹھان کي قوم میں اکثر نام کا جُز اور کبھي خطابي ذاتي یا موروثي ھوتا ھے - اور اور قوموں میں اکثر خطابي ذاتي یا موروثي اور کبھي نام کا جز ھوتا ھے *

1 ‘*Umr* or *zindagī* understood.
2 *Aise meṅ*, colloquial for *abhī*.
3 *Agar* understood before *zara*.

آتي ہے - دیکھو وہ لوگ کیسے خانداني هیں - عزّت والے - مقدور والے [1] - غرض هر طرح سے اچّھے هیں - بزرگوں کي ملاقات کے علاوہ تم بهي تو اُن کے لڑکوں بالوں سے واقف هو - باهر دیوان خانے میں جایا کرتے هو - سب سے ملتے رهتے هو - اور عورتوں سے تو خود میں مِلتي جُلتي هوں - بس کیا تعریف کروں ؟ کچھ کہا نہیں جاتا - جو تجویز میں نے سوچي ہے خدا کرے پوري هوجائے ! بهائي ! وهي لڑکي جہاں آرا بیگم جس کي خوبیوں کا ذکر میں گهر میں کرتي رهتي هوں اُسي کي بات ہے - صورت شکل کي کیا تعریف بیان [2] کروں ؟ بس یہ جي چاهتا ہے کہ بیٹهي اُسے دیکها کروں - رنگ جیسے انار کا دانہ - نقشہ [3] بہت درست - آنکهیں کٹورا سي [4] - ناک سُتواں [5] * قد کو دیکهو تو ویساهي اچّها - بات کرتے وقت مُنہہ سے پهول جهڑتے هیں - اَخلاق اور عادتیں سب خوب - سُگهڑ [6] ویسي هي - دسوں † اُنگلیاں دسوں چراغ * اور بهائي ! تم جو یہ کہتے هو کہ ' بیاہ کرنے سے طرح طرح کے اندیشوں میں پهنس جاؤنگا ' یہ تمہارا فکر بیجا ہے - تم جانتے هو جو آدمي آتا ہے [7]

† یعني هاتهہ کي هر اُنگلي هنر کي روشني سے چراغ کي طرح چمک رهي ہے *

[1] Rich.

[2] *Bayān* is not necessary here and is better omitted.

[3] *Naqsha*, features.

[4] Not a good metaphor: better *baṛī baṛī*.

[5] *Sutuwān* or *suthī hū*ʾ*ī* (*nāk*) "thin fine"; but *suthā hu*ʾ*ā chihra*, "drawn" (of the face in illness or grief, or during Ramaẓān).

[6] *Sughaṛ*, neat (opp. to *phūhaṛ*, slovenly).

[7] *Dunyā meṅ* understood.

اپنا رزق اپنے ساتھہ لاتا ھے - اللہ تعالی ابّا جان کو زندہ اور تندرست رکھے ! ابھي تو وہ سر پر موجود ھیں - تمھیں کیا اندیشہ ھے ؟ آگے [1] خود بھي نوکر ھو - تنخواہ دار ھو - مِلکوں کي بھتیري آمدني ھے - کسي چیز کي کمي نھیں ھے - خدا کي دي ھوئي ھمہ نعمت موجود ھے - کیوں ڈرتے ھو ؟ دیکھو اِس بات سے نہ چوکنا - دیکھا چاھئے وہ بھي منظور کرتے ھیں یا نھیں - کچھہ ھي ھو پیغام تو جائے ھي [2] گا - اگر مان لیا تو بھتر ھے نھیں تو ھمارا کیا بگڑتا ھے - ؟ بھتیري جگہہ سے لوگوں کے رقعے † پھر جاتے ھیں " *

محمد یوسف نے جس وقت بھن کي یہ شائستہ تقریر سُني خاموشي کے سوا کچھہ بن نہ آیا - سر جُھکا کر چُپکا ھو رھا - دل افروز سمجھہ گئي کہ " بارے میرے کلام نے اِس کے دل پر کچھہ اثر کیا " - اور خدا کا شکر بجا لائي - مگر اب یہ خیال ھوا کہ " جھان آرا بیگم کے ھاں کیونکر پیام بھیجوں ؟ فیض الدین خان اور نجم النسا بیگم سے کس طرح اپنا مطلب ظاھر کروں ؟ " آخر اُس کي راے اِس امر پر جمي کہ " فیض الدین خاں کے ھاں لڑکا پیدا ھونے والا ھے - ضرور بلاوا آنے والا ھے - جب وھاں

---

† مسلمانوں کے ھاں دستور ھے - جس عورت کے ھاں شادي کا پیام بھیجنا منظور ھوتا ھے - وھاں ایک کاغذ جس میں حمد اور نعت اور مرد کے حسب و نسب کا حال لکھا جاتا ھے - بھجوادیتے ھیں - اور اسي کو اصطلاح میں رقعہ کھتے ھیں - مگر یہ امر کچھہ ضروري نھیں ھے *

[1] *Āge*, moreover.

[2] *Hī* is the only particle that can split a verb like this.

جاؤنگي تو خود هي اِس بات کا ذکر چھیڑونگي [1] " * دل افروز کا باپ محمد یعقوب چند روز سے انبالے گیا هوا تھا - اُس سے بھي اِس امر کا دریافت کرنا ضرور تھا - فوراً اُسے تمام حال کي اِطّلاع دي * وہ سُن کر نہایت خوش هوا - اور دل افروز کو اِس مُعاملے میں پیام کرنے کي اِجازت دي *

تھوڑے عرصے کے بعد فیض الدین کے هاں بیٹا پیدا هوا - اُسي وقت قریب کي رشتہ‌دار عورتیں وهاں آکر جمع هوئیں - سب طرف سے مبارکبادي کي آواز آنے لگي * دائي کو بہت سا اِنعام دیا * کُرتہ - ٹوپي پہلے هي سے سیا هوا رکھا تھا - بچّے کو نہلا دُھلا کُرتہ اُس کے گلے میں ڈال دیا - اور ٹوپي سر پر پنہادي * پھر دائیں کان میں اذان [2] اور بائیں میں تکبیر [3] کہي اور کچھہ شیریني چباکر اُس کے تالو کو لگادي * پیٹ صاف کرنے کے واسطے کچھہ دوائیں مقرّر هوتي هیں جن کو مرکّب کرکے گُھٹّي کہتے هیں - وہ بھي تھوڑي تھوڑي دیر بعد بچّے کو پلاتے رهے [4] * ناتواني دور هونے اور دود بڑھنے کے لئے حریرہ [5] وغیرہ اَور قوّت دار چیزیں زچّہ [6] کو کہلاتے رهے [4] * دو تین روز تک نجم النسا نے آپ لڑکے کو دود پلایا - مگر پھر ایک انّا نوکر رکھا * جب ساتواں دن

---

[1] Note this use of this verb. It gives the idea of commencement.
[2] *Azān*, f., the call to prayer.
[3] i.e. the whole of the preliminary formula of a *farẓ namāz*.
[4] Kept on giving continually; *vide* "Hind. Man.," L. 30 (*b*).
[5] *Ḥarīra*, a kind of porridge of wheat-flour, almonds, poppy-seed.
[6] *Zachcha* or *zacha*, the lying-in-woman, the mother in the straw.

هوا تو نجم النسا کے بلاوے کے موافق سب عورتیں سواریوں میں بیٹھہ کر اُس کے گھر آئیں * آج کے دن صبح هي زچّه اور بچّه کو نہلایا - هر ایک کو بہت عمدہ جوڑا پہنایا - اور سب [1] بزرگوں کي صلاح سے لڑکے کا نام عبد الرحمن اقرار پایا * دو † بکرے پہلے هي سے منگا رکھے تھے * اِدھر تو وہ ذبح کئیے گئے - اُدھر نائي نے بچّے کے سر پر اُسترا پھیرا - اور اُس کے بال اُتارے * سب لوگوں نے لڑکے کو کچھہ کچھہ روپے دیئے - اور انّا جو اُسے گود میں لئے بیٹھي تھي وہ روپے اپنے پاس جمع کرتي گئي * بکروں کي کھالیں اور کچھہ گوشت فقیروں کو تقسیم کرایا گیا - اور کچھہ پکا کر مہمانوں کو کھلایا گیا * بچّے کے بالوں کے هم وزن چاندي لله [2] دے دي * مہمانوں کي بڑي خاطر داري کي - اور هر طرح سے اُن کي خدمت گزاري کي * کچھہ عزیز واقربا جو دیوان خانے میں بیٹھے تھے اُنہیں بھي کھانا کھلادیا - اور کُنبے میں سے جو لوگ نہیں آئے تھے اُن کے گھر بھجوا دیا *

دل افروز بیگم تو آج کے دن کا اِنتظار هي [3] کر رهي تھي - وہ بھي مہمانوں کے ساتھہ آئي - اور نجم النسا بیگم سے ملي - اور اُسے بیٹے کے پیدا هونے کي مبارکباد دي * نجم النسا اُس کو اپنے پاس بٹھاکر باتیں کرنے لگي * پھر دل افروز نے لڑکے کو پیار کیا - اور اُسے

---

† بیٹے کے واسطے دو بکرے اور بیٹي کے لئے ایک بکرا ذبح کیا جاتا ھے - اور اسے عقیقے کي رسم کہتے هیں *

1 *Buzurg*, here elders of the family.
2 *Lillāh*, "for Allah."
3 *Hī* qualifies *intiẓār*, and emphasizes the waiting.

پانچ روپے دیئے * نجم النسا بولي - " بیٹي ! تمھیں یہ تکلیف کرني کیا ضرور تھي ؟ "

دل افروز نے کہا " خالہ جان ! آپ کیا فرماتي ھیں ؟ میں کس لائق ھوں ؟ یہ میں نے اپنے چھوٹے بھائي کو دیئے ھیں * "

اِس کے بعد بچّے کو دعائیں دینے لگي - " خدا اُسے عمر دراز کرے ! تمھیں اُس کے سر پر سلامت رکھے ! اپني زندگي میں اُس کا بیاہ کرو ! اُس کي خوشیاں دیکھو " !

پھر وھاں سے اُٹھہ کر اَور مہمانوں کي مجلس میں چلي گئي - اور اُن سے باتیں کرتي رھي - مگر اپني گفتگو کا موقع دیکھتي رھي *

رات کے وقت جب سب مہمان کھانا کھاکر فارغ ھوئے - اور اپنے اپنے پلنگ پر جا سوئے دل افروز زچّہ کے پاس جا بیٹھي - اور اُس سے اِدھر اُدھر کا ذکر کرنے لگي * آخر حرف مطلب زبان پر لائي - اور ایک اچّھي تقریر سے اُس کي بِنا اُٹھائي [1] - " خالہ جان ! آپ کے اور ھمارے خاندان کي راہ و رسم [2] مدّت سے چلي آتي ھے - بہت عرصے سے سب لوگ آپس میں ملتے جُلتے رھے ھیں - دُکھہ درد میں ایک دوسرے کے شریک رھے ھیں - دیکھو تمھارے ابّا جانِ مرحوم کو میرے دادا [3] جانِ مغفور سے کیسي دلي دوستي تھي ! کوئي کام بغیر آپس کے مشورے کے نہ ھوتا تھا -

---

[1] *Binā uṭhānā*, "to erect a building"; here = to commence.

[2] Communication, dealings, friendly dealings.

[3] Father's father. Note that contrary to the rule in Platts, 34 (2), *Rem. a*, *dādā* is not inflected.

چھوٹي خالہ جان کي نسبت قرار پانے کے وقت لوگوں نے بہتيرے مجھبے تمہارے ابّا جان کے دل میں ڈالے - مگر جو میرے دادا[1] صاحب نے اُن سے کہدیا وھي اُنھوں نے کیا - کسي کي نہ سُني - اور خدا کي عِنایت سے وہ بات سزاوار بھي ھوئي - اور اُس سے دلوں میں اَور زیادہ محبّت بڑھي - پھر میرے چچا جان کے بیٹے کا (جو آپ کے کُنبے میں رشتہ ھوا) اُس سے سب کا میل جول اَور بھي زیادہ ھو گیا * خیر پہلي باتوں کا کیا ذکر کروں ؟ اب بھي ھمارے ابّا جان خالو جان سے کیسي محبّت کرتے ھیں - اور خالو جان بھي خدا اُنھیں خوش رکھے ھر بات میں اُن کا کہنا مانتے ھیں - اور مجھے یقین ھے کہ جو کچھہ میں ابّا جان کي طرف سے کہونگي خالو جان اُسکو نہیں ٹالنے کے[2] " *

نجم النسا دل افروز کے طرزِ کلام سے اُس کا مطلب سمجھہ گئي مگر اِس بات کا ظاھر کرنا مناسب نہ جانا - صرف اِسي قدر جواب دیا " ھاں بیٹي ! ھمارے تمہارے بزرگوں کي ایسي ھي راہ و رسم تھي - اور اب بھي سب میں وھي محبّت چلي جاتي ھے " *

دل افروز بولي - " خالہ جان ! کیا اچھي بات ھو جو کوئي ایسا سبب ھو جاے جس سے ھماري اور آپ کي راہ و رسم اَور بھي زیادہ بڑھہ جائے " *

نجم النسا نے کہا - " اب کیا تم کچھہ کم جانتي ھو جو آئندہ زیادہ ھونے کي تجویز سوچتي ھو ؟ اب بھي اللہ کي عنایت

---

1 *Vide* footnote 3, p. 41.
2 "Hind. Man.," L. 32 (*e*).

سے همارا تمہارا بہت ربط هے - اور خدا چاهے تو آگے زیادہ هي هوتا جائیگا - دل جمعي رکھو " *

هر چند دل افروز بیگم اپنی تقریر میں ایک آدهه فقرہ اِس طرح کا کہہ دیتي تهي جس سے اُس کا مقصد صاف ظاهر هو جاتا تها - مگر نجم النسا بیگم حرفِ مطلب دانستہ اُڑا جاتي - اور ایسا جواب دیتي که دل افروز کو هر دفعہ نئي بات کہني پڑتي - آخر اُس نے کہا " خالہ جان! میں آپ کي چهوٹي هوں - مفصّل نہیں کَہہ سکتي هوں - میرا مُنهہ اِس بات کے لائق نہیں هے - سارا مطلب کیونکر عرض کروں ؟ چهوٹا مُنهہ بڑي بات - ابّا جان نے جو کچهہ خط میں لکها هے آپ خود ملاحظہ فرما لیجئے " *

یہہ کہکر فوراً اپنا صندوقچہ منگایا - اور اُس میں سے خط نکال کر نجم النسا کو دکهایا - یہ خط محمّد یعقوب کے هاتهہ کا لکها هوا تها - اور دل افروز کے ایک خط کا جواب تها - اُس کے مضمون کا خلاصہ یہ هے که " برخوردار محمّد یوسف کا رشتہ ناصر الدین خاں کي بیٹي سے هونا بہت مناسب هے - اور میرا ارادہ تها که میں خود وهاں جاکر فیض الدین خاں سے اِس امر کا ذکر کرتا [1] - اور جس طرح هوسکتا اُنهیں راضي کرلیتا [1] - مگر کیا کروں - مجبور هوں - میرا آنا نہیں هوسکتا - تم آپ خدا کي عنایت سے هوشیار اور عقلمند هو - یہ کام بہت خوبي سے انجام دے سکتي هو - خود

[1] *Kartā* or *karūn*; *vide* "Hindustani Stumbling-Blocks," p. 60 (2).

اپني خاله صاحبه کي خدمت ميں جانا - اور اس طرح سے کلام کرنا که کوئي بات اُنهيں ناگوار نه معلوم هو" *

نجم النسا خط ديکهتے هي بولي - " بوا ! تمهارا مُعمّا ميري سمجهه ميں آگيا - مگر ميں اِس مقدمے ميں کچهه نهيں بولتي - تمهارے خالو جان کو اِختيار هے - جهاں [1] چاهيں جهاں آرا کي نسبت ٹهيرائيں - وهي اُس کے باپ کي جگهه هيں - مگر هاں [2] تمهاري خاطر سے يه خط اُن کے سامنے رکهه دونگي " *

دل افروز بولي " ميں جانتي هوں خالو جان بهي جو تجويز کرينگے آپ هي کي صلاح سے کرينگے - پس آپ جهاں تک هوسکے سعي کرنے ميں دريغ نه کيجئيگا [3] " *

نجم النسا نے کها - " بوا ! يه معاملے اور قسم کے هيں - ميں رشتے کي باتوں ميں کچهه دخل نهيں ديتي - لڑکي کے بهتيرے رقعے آئے - اُس کے چچا کو کوئي جگهه پسند نهيں آئي - جهاں اُن کا جي ٹهکيگا [4] وهيں بات قرار پائيگي " *

اِس کے بعد دونو ميں کچهه اور باتيں هوتي رهيں - پهر دل افروز اپنے پلنگ پر جاکر سو رهي [5] * دوسرے روز جب مهمان چلے گئے اُس نے بهي اپنے گهر جانے کا قصد کيا - اور چلتے وقت

---

1 "Stumbling Blocks," p. 15 (*6b*).

2 *Hāñ*, "of course."

3 "Stumbling-Blocks," pp. 48 (*b*) and 46 (4). Note that it is 3rd pers. pl. fem. here.

4 *Vide* Supplement, "Stumbling-Blocks."

5 For difference between *so-gayā* and *so-rahā* 'vide' "Hind. Man.," p. 85, lines 1—5, and "Stumbling-Blocks," p. 87 (2).

نجم النسا سے کہتي گئي - " خالہ جان ! خدا کرے اب با مراد ملاقات هو " *

نجم النسا مُسکرائي - اور دل افروز کو گلے سے لگا کر رخصت کیا * تھوڑي دیر بعد فیض الدین گھر میں آیا - اور اپني بیوي کے پاس جاکر بیٹھا * نجم النسا نے دل افروز کي ساري گفتگو اُس کے سامنے بیان کي - اور محمد یوسف کے باپ کا خط بھي دکھایا * وہ دیکھہ کر خاموش هو رها نجم النسا بولي - "صاحب اتنے رقعے آئے - پھیر دیئے - کوئي پسند نہیں آتا - آخر لڑکي کي کہیں شادي کرني هي هے - اِس سے بہتر کون سي جگہہ هوگي ؟ لڑکا نیک چلن - هوشیار - خوبصورت - ذات کا بہت اچّھا - پڑھا لکھا - کماؤ [1] هے - آگے باپ بھي 'پنشن' دار هے - اچّھے مقدور والے لوگ هیں - حاکموں کے هاں بھي اُن کي بہت عزّت هے - جیسے همارے گھرانے کا نام هے ویسے هي وہ بھي نامور هیں - عورتیں بھي بہت ملنسار هیں - کوئي بد مزاج نہیں - گھر کا ڈھنگ اچّھا - مردوں کا برتاؤ عورتوں کے ساتھہ بہت خوب *

فیض الدین خاں نے کہا - " هاں اُن کے گھرانے کا حال تو خوب معلوم هے - لوگوں کے اچّھے هونے میں کچھہ شک نہیں - اور اِس باب میں جو تمہاري مرضي هے وهي مجھے بھي منظور هے - مگر پھر بھي اچھي طرح سوچ لو - سمجھہ لو - میں بھي

[1] *Kamāʿū*, industrious, earning a good living.

لڑکے کا حال خوب تحقیق کرلیتا هوں - جمیل الدین بڑا بھائي هے - اُس سے بھي دریافت کرلینا چاهئے "

القصّہ اِس مُعاملے میں بہت سي گفتگو اور جستجو عمل میں آئي - اور چند روز کے بعد اِسي رشتے پر سب کي راے قرار پائي *

دل افروز کے گھر سے تو هر روز یہاں کي خبر لینے کو آدمي آیا هي کرتا تھا * جب لیت † و لعل [1] میں بہت دن گزر گئے اور نجم النسا چلّہ بھي نہا چکي - تو ایک روز دل افروز نے اپنے آدمي کي زباني کہلا بھیجا - " میرا دل آپ سے ملنے اور بچّے کے دیکھنے کو بہت چاهتا هے - کل انشاءالله تعالیٰ میں بھي آؤنگي " *

نجم النسا نے جواب دیا - " بیٹي ! تمہارا گھر هے - کیوں نہیں آتیں ؟ جس وقت تمہارا جي چاهے بے تکلّف چلي آؤ " *

دوسرے دن دل افروز آئي اور سب سے ملکر اِدھر اُدھر کي باتیں کرنے لگي - آخر اپنے مطلب کا ذکر کیا - اور بولي - " خالہ جان ! یقین هے کہ آپ نے اور خالو جان نے میرے ابّا جان کي بات کو نہ ٹالا هوگا " *

---

† لیت و لعل عربي زبان میں اُن حرفوں میں سے هیں جو فعل کے مُشابہہ هیں - اور یہ دونو لفظ آرزو اور اُمید کے مُقام پر بولے جاتے هیں *

[1] *Lait o la'l*, f. (lit. in Ar., "would that! and perhaps"), not giving a decided answer.

نجم النسا پہلے تو یہ بات سن کر چپکي ہو رهي - پھر دل افروز کے درپے ہونے سے ایسي گفتگو کرنے لگي جس سے اُس باب میں اُس کي رضامندي پائي جائے * دل افروز بہت خوش هوئي - اور فوراً بول اُٹھي - " لیجئیے [1] خالہ جان ! مبارک هو " *

نجم النسا نے اُسے معقول جواب دیا - پھر تو سب عورتوں کے منہہ سے مبارکباد کي آواز نکلي - اور بات پختہ هو گئي * دل افروز اپنے گھر آئي - اور تار برقي کے ذریعے سے اپنے باپ کو اِس امر کي اِطلاع کرائي - وہ تو منتظر هي تھا - یہ مُژدہ سُن کر نہایت خوش هوا * تھوڑے دنوں کے بعد دل افروز نے لکھا کہ " آپ یہاں تشریف لائیے - اور بھائي کي شادي کي کوئي تاریخ ٹھیرائیے " * محمد یعقوب خوشي خوشي [2] دهلي میں آیا - اور شادي کے سامان میں مصروف هؤا * پھر فیض الدین اور نجم النسا سے بھي نکاح کي تاریخ مقرّر کرنے کا پیغام کہلا بھیجا * وهاں تو پہلے هي سے تمام جہیز † بنا رکھا تھا - بلکہ ناصر الدین نے اپني حیات هي میں سب کچھہ تیار کرا رکھا [3] تھا * اُنہوں نے آپس کے مشورے سے ایک تاریخ مقرّر کردي - اور محمد یعقوب نے بھي منظور کرلي * جب

---

† جہیز عربي لفظ هے - اُس سامان کو کہتے هیں جو بیٹي کے ساتھہ دیا جاتا هے *

[1] *Lījiye*, a respectful form of *lo*.

[2] *Se* understood ; = glad all the way.

[3] *Karā*—causal ; for *rakhā*, 'vide' "Hind. Man.," L. 23 (*d*).

نکاح کا دن قریب آیا تو محمد یعقوب نے تمام عزیز و اقربا اور شہر کے رئیسوں کے نام [1] نوید کے رقعے بھیجے *

القصہ نکاح کے روز پہر دن رہے سے [2] لوگ آنے شروع ہوئے * ایک وسیع مکان پہلے سے آراستہ تھا - اُس میں بہت عمدہ فرش بچھا ہوا تھا - قرینے سے تکئے لگے ہوئے تھے - پردے - جھاڑ - فانوس - دیوارگیریاں اور اور چیزیں موقع سے مُرتّب تھیں * سب مرد اِس مکان میں آئے - اور عورتیں زنانے مکان میں جمع ہوئیں * محمد یوسف دولہا دھو شاھانہ پوشاک پہن مردانے میں آیا - اور صدر مجلس میں تکئے سے لگ کر مسند پر ہو بیٹھا * محمد یعقوب کي طرف سے مہمانوں کي خاطر داري کي گئي - اور مصالح کي تھالي [3] جس میں بن الائچیاں اور اور اسي قسم کي چیزیں تھیں ہرایک کے آگے رکھي گئي * دل افروز کا خاوند شیخ فضل احمد اور اور قریب رشتہ داروں نے مجلس کا خوب اِنتظام کیا * جب چار گھڑی دن باقي رہا اور سب لوگ اکٹھے ہوچکے تو محمد یعقوب نے اہل مجلس کي طرف مخاطب ہوکر کہا - " اب سب صاحب تکلیف فرماکر نوشہ کے ساتھہ تشریف لے چلیں " *

یہ سنتے هي سب لوگ کھڑے ہو گئے - اور دولہا کے ہمراہ دُلہن کے گھر پہنچے - قریب رشتے کي عورتیں بھي پالکیوں اور رتھوں میں سوار ہوکر پیچھے پیچھے آئیں * وہاں جمیل الدین اور فیض الدین

[1] *Par* understood after *nām*.

[2] Three hours before sunset. Past Partic. as noun. "Stumbling Blocks," p. 77 (*a*).

[3] *Thālī*, a round metal plate or tray, generally of brass.

نے کمال آرائش سے مردانہ اور زنانہ مکان سجا رکھا تھا * مرد مردانے مکان میں آئے - اور عورتیں زنانے مکان میں اُتریں * نوشہ کے واسطے مردانے مکان میں مسند بچھي ہوئي تھي - آتے ھي وھاں بیٹھہ گیا - اور باقي آدمي بھي تکیوں سے لگ کر قرینے سے بیٹھہ گئے * تھوڑي دیر بعد قاضي جو پہلے ھي سے وھاں موجود تھا نوشہ کے سامنے آبیٹھا - اور اُس کے قریب رشتہ دار اور شہر کے بڑے بڑے رئیس بھي مسند کے گرد جمع ھو گئے * قاضي نے نکاح نامہ † پہلے ھي سے لکھہ رکھا تھا [1] مگر لڑکي کے نام اور مقدارِ [2] مَہر کي جگہہ چھوڑ دي تھي - دونو باتیں اِسي وقت دریافت کرکے لکھہ دیں * پھر نکاح کا خُطبہ [3] پڑھا - اس میں خدا اور حضرت محمد صلعم کي تعریف، اور نکاح اور نسل بڑھانے کي خوبي، اور اور اِسي قسم کي باتیں تھیں * اِس کے بعد جمیل الدین کي طرف جو جہاں آرا بیگم کا بھائي اور اُس کا ولي ‡ تھا مخاطب ھو کر پوچھا - " تم نے

† نکاح نامہ ایک کاغذ کا نام ھے - جس میں حمد و نعت اور دولھا دولھن کے نام اور مَہر کي مقدار نکاح کي تاریخ اور اور اسي طرح کي باتیں ھوتي ھیں - مگر اِس کاغذ کا لکھا جانا کچھہ ضروري نہیں ھے - شروع میں صرف زباني اقرار کافي ھے *

‡ بارھا لڑکي کي طرف سے ایک وکیل مقرر ھوجاتا ھے - اور وھي نکاح کي مجلس میں آکر اُس کي طرف سے اقرار کرتا ھے - مگر اس صورت میں وکالت کي تصدیق کے دو گواہ ضرور ھوتے ھیں *

1 *Rakhnā* = beforehand, *vide* "Hind. Man.", L. 23 (*d*).

2 *Iẓāfat*, '*vide*' "Hind. Man.," L. 61 (*g*).

3 *Khuṭba* is a sermon read before the midday Friday prayer, and as a preliminary ceremony in *nikāḥ*.

مُسمّاۃ جہاں آرا بیگم بنت شیخ ناصر الدین مرحوم کو لاکھہ † روپے کے مہر پر میر محمد یوسف ابن میر محمد یعقوب کے نکاح میں دیا ؟ "

اُس نے جواب دیا - " ہاں - دیا " *

پھر قاضي نے نوشہ کي طرف متوجہہ ہوکر کہا - " تم نے مُسمّاۃ جہاں آرا بیگم بنت شیخ ناصر الدین مرحوم کو لاکھہ روپے کے مَہر پر اپنے نکاح میں قبول کیا ؟ "

" وہ بولا - قبول کیا " *

یہ آواز سنتے ہي اہلِ مجلس دست بدعا ہوئے - اور سب لوگوں نے مبارکباد ادا کي * اتنے میں دلہن والوں کي طرف سے دو کشتیاں آئیں - ایک میں پانسو روپے نقد اور دوسري میں دولہا کا جوڑا یعني دوشالہ - رومال - اور اورا سي قسم کي چیزیں تھیں * وہ کشتیاں دولہا [1] کے سامنے رکھي گئیں - اور پھر تمام اشیا خبرداري سے اُس کے نوکروں کو دي گئیں * چھواروں کے خوان وہاں پہلے ہي سے موجود تھے - کچھہ تو لوگوں کو تقسیم کئے گئے - اور باقي لُٹا [2] دیئے گئے * اس کے بعد شیریني کے حصّے بٹے - اور ہرایک کے آگے مصالح کي تھالي رکھي گئي - اور پانوں کا بھي دَور ہوا * جو لوگ دولہا [1] کے دُور کے رشتہ دار تھے وہ اُسي وقت

---

† دہلي کے مسلمانوں نے اب اس امر کا انتظام کرلیا ہے - کہ دو ہزار روپے سے زیادہ کا مَہر ہرگز نہ باندھا جائے *

[1] **Note that *dulhā*, m., is not inflected.**

[2] *Luṭā-denā—(ko,i chiz logoṅ ko)*, "to cast to be scrambled for."

محمد یعقوب سے اجازت لے کر اپنے اپنے گھر چلے گئے - اور قریب رشتہ دار اور بہت سے یار وهیں ٹھیرے رهے *

اب دلھن کے وداع هونے کي تیاري شروع هوئي * جھیز کي تمام چیزیں صندوق - پلنگ - چھپر کھٹ [1] - برتن - شطرنجیاں اور اور سامان باهر رکھا گیا * اندر گھر میں جہاں آرا بیگم کو پہلے هي سے خوب آراستہ کرکے دلھن بنا رکھا تھا - بھاري بھاري زیور اور نہایت نفیس جوڑا پہنا رکھا تھا [2] * یہ سب چیزیں تو اُسي کي تھیں - مگر علاوہ اِس کے عمدہ عمدہ جوڑے - ایک حویلي - دس دکانیں - ایک پردہ دار پالکي اور رتھہ - اور محمد یوسف کے لئے تانجھان [3] اور ایک گھوڑا ساز سمیت [4] دیا گیا * جہاں آرا رخصت هوکر پالکي میں سوار هوئي - اور دل افروز بھي اُسي پالکي میں اُس کے پاس بیٹھہ گئي - اور اُس کے میکے [5] میں سے اُس کي ددا گلاب اور دو مامائیں مہمانوں کے ساتھہ کسي سواري میں بیٹھہ کر اُس کي خدمت کے واسطے چلیں * اتنے میں مردانہ محفل کے بھي سب لوگ اُٹھے - اور دولھا کے گھر کي طرف روانہ هوئے * محمد یوسف گھوڑے پر سوار تھا - اور جہاں آرا کي پالکي اُس کے پیچھے -

---

1 Bedstead with mosquito-curtains.

2 *Rakhnā*, "beforehand", *vide* "Hind. Man.," p. 86 (*d*). The idea is that a bride is too modest to dress herself. Etiquette too demands that the bride should close her eyes and adopt a posture of conventional modesty with her head on her hand: speech too would be unmaidenly.

3 *Tānjhān*, an open palanquin, now old-fashioned.

4 For the difference between *samet* and *sāth* 'vide' Supplement, "Stumbling-Blocks," VIII.

5 *Maikā*, the parent's house as opposed to *susrāl*, the house of the father-in-law or *susar*.

اور عزیز و اقربا اور تمام دوست آشنا اُن کے ساتھہ چلے * جب وھاں پہنچ گئے تو دلھن زنانے مکان میں اُتري - اور محمد یوسف - محمد یعقوب اور اَور تمام مرد مردانے مکان میں بیٹھے * تھوڑي دیر بعد عزیز و اقربا نے کھانا کھایا - اور ولیمے [1] کي دعوت کے واسطے رات بھر تیاري ھوتي رھي * دوسرے روز صبح کو تمام رشتہ دار اور شہر کے رئیس آئے - اور سب نے عمدہ عمدہ کھانے کھائے * جب مرد رخصت ھوگئے - اور زنانے میں عورتیں بھي کھانے سے فارغ ھوئیں تو اتفاقاً دل افروز کي ددا کي نگاہ اُس کے گلے پر پڑي - دیکھا - تو گلے کا سارا زیور موجود ھے مگر موتیوں کي کنٹھي [2] کا پتا نہیں * یہ دیکھتے ھي بول اُٹھي - " اے بیگم ! تمھاري کنٹھي کہاں ھے " ؟

دل افروز نے اپنے گلے پر ھاتھہ پھیرا تو کنٹھي نہ پائي - مگر اُسے یہ خیال ھوا کہ " ددا نے جو یہ ذکر کیا ھے اُسي کے پاس ھوگي " - سوچ کر کہنے لگي - " میں تو تھکي ماندي تھي - رات کو پلنگ پر پڑتے ھي سو رھي - تم ھي گہنا پاتا اُتھا کر اپنے پاس رکھتي ھو - کنٹھي کي بھي تمھیں ھي خبر ھوگي - اچھي ددا جو تم نے اُٹھائي ھو تو دے دو " *

وہ بولي - " نہیں بیٹي ! اگر میں نے اُٹھائي ھوتي تو پہلے ھي دے دیتي - اپنے صندوقچے میں دیکھو - پاندان میں ڈھونڈو - کہیں نہ کہیں تمھارے ھي پاس ھوگي - میں بچھونے میں بھي

---

[1] *Walima*, any feast, but especially that given after the consummation of marriage.

[2] *Kanṭhī*, a neck collar from *kanṭh*, Adam's apple, and hence the throat.

دیکھ لیتي هوں - تمهیں تو اپني چیز کي کچھه خبر رهتي نهیں شاید وهیں پڑي هو " *

یه کهکر دَدَا نے بچھونا جهاڑا - پلنگ اُٹھایا - مگر کنگھي کا کهیں پتا نه پایا * اِتنے میں [1] اور عورتوں کو بهي اِس بات کي اِطّلاع هوگئي - هم عمر لڑکیاں جو وهاں جمع تهیں اُن میں سے ایک دل افروز کي طرف مُخاطب هوئي - اور سب کو سُنا کر کهنے لگي - " بوا ! هم ایک بات بتائیں - تمهاري کنگھي ابهي نکل آتي هے - لونڈیاں - اور ماماٴیں جن پر تم کو شُبهه هے سب کو اِکٹّها کر کے چار چار اُنگل کي تیلیاں [2] اُن کے هاتهه میں دے دو - اور اُنهیں اپنے پاس سے هٹا کر تهوڑي دیر بعد وہ تیلیاں مانگ لو - جس نے تمهاري کنگھي لي هوگي اُس کي تیلي ایک اُنگل بڑهه گئي هوگي " *

اِس گفتگو سے اُس کا یه مطلب تها که جس نے کنگھي لي هو وہ دینے کے پہلے اپني تیلي کو ایک اُنگل گھٹا دے - اور اِس طرح سے چور کا پتا لگ جائے *

ایک اور بولي - " بوا ! اِتنا بکهیڑا کیوں کرتي هو؟ لو ! ذرا سي بات هے - ایک کوٹهڑي میں کوئي چیز رکهه دو - اور ایک ایک عورت کو جس پر شُبهه هو وهاں علحدہ بهیجو که اپنے هاتهه سے اُس چیز کو چُهو کر چلي آئے - جس نے کنگھي لي

---

1 *Itne meṅ* here means " in the meantime, while this was going on."
2 *Tīlī*, a small stick ; also one lucifer match.

هوگیي اُس کا هاتهه وهیں چپکا رہ جائیگا " * اِس میں یه راز تها که اُس شے کو عِطر مَل دیا جاتا [1] - سب کے هاتهوں میں عِطر کی خوشبو آتي [1] - مگر چور ڈر کے مارے هاتهه نه لگاتا [1] اور صاف پہچانا جاتا [1] *

ایک اور بول اُٹهي - " بوّا ! مجهے ایسا عمل [2] آتا هے جس سے چور معلوم هو جائے - نه کسي سے کچهه کهو نه سُنو - سب لونڈیاں اور ماماؤں کے نام علحده علحده پرچوں پر لکهو - اور اُنهیں جُدا جُدا ایک لوٹے میں ڈالو - میں اور ایک اور لڑکي دونو اپني اُنگلیوں سے لوٹا تهام لینگي - اور میں هر ایک نام پر عمل [2] پڑهتي جاتي هوں - جس وقت چور کے نام پر عمل پڑها جائیگا لوٹا خود بخود چکّر کها جائیگا " *

دل افروز یه سب باتیں سُن رهي تهي - مگر اُسے اس امر کا بہت خیال تها که کوئي مہمان اپنے دل میں بُرا نه مانے که " اُسے هماري لونڈي یا ماما پر شک هے " * یه سوچ کر اُس نے کوئي عمل نه کیا - اور انجامِ کار اپني نیک نیّتي سے کنٹهي پاگئي *

جہاں آرا جو صبح هي پالکي میں سوار هوکر اپنے میکے میں چلي گئي تهي شام کے وقت پهر سُسرال میں آئي - اور اِسي طرح بارها میکے اور سُسرال میں آتي جاتي رهي * اُس کے خاوند کو اُس سے کمالِ محبّت هوگئي - اور دونو بہت اِتّفاق اور آرام سے

[1] The Aorist could be substituted for the Conditional here.

[2] *'Amal*, m., a charm (Muslim); *mantar*, m., (Hindu).

زندگي بسر کرنے لگے * محمد یعقوب کو انبالے میں کچھہ ضروري [1] کام تھا - وہ اپنے بیٹے کي شادي کرکے پھر وھیں چلا گیا *

جب جمیل الدین اپني بہن کے نکاح سے فارغ ھوچکا تو اُس نے مکّے جانے کا عزم کیا - اُسے حجّ کرنے کا بڑا شوق تھا - اور وہ ھمیشہ اِسي خیال میں رھتا تھا کہ " جس طرح ھوسکے اپنے تئیں مکّے میں پہنچاؤں " * اُس کا اُستاد مولوي فخرالدین بارھا اُس کے رو برو حجّ کي فضیلتیں [2] بیان کرتا رھتا تھا - اور سوا اُس کے فقہہ کي کتابوں میں وہ خود بھي حجّ کا بیان پڑھتا رھتا تھا * یہ باتیں اُس کے دل پر بہت اثر کرتي تھیں - اور مکّے جانے کا شوق بڑھاتي تھیں - مگر اُس نے اپنے دل میں یہ سوچ لیا تھا کہ " بہن کي شادي قریب ھونے والي ھے - اُس میں میرا شامل ھونا ضرور [1] ھے - جب اُس کام سے بے فکر ھوجاؤنگا تو وھاں کا قصد کرونگا " *

القصہ جہاں آرا کے نکاح کے بعد اُس کے دل پر مکّے جانے کي [3] جم گئي * ایک روز اُس کي بہن سُسرال سے آئي ھوئي تھي - وہ اور نجم النسا بیگم اور فیض الدین سب کھانا کھا کر صحن میں تختوں کے فرش [4] پر بیٹھے ھوئے کچھہ باتیں کر رھے تھے - اِدھر اُدھر مونڈھے کرسیاں بچھي ھوئي تھیں - ماماَئیں - لونڈیاں

---

[1] For difference between *zarūr* and *zarūrī* 'vide' Supplement, "Stumbling-Blocks."

[2] *Fazīlat*, excellence ; i.e. benefit in a religious sense.

[3] *Bāt*, understood.

[4] i.e. tables for sitting on.

پہنچ رہی تھیں * جمیل الدین نے موقع دیکھ کر مکے جانے کا ذکر چھیڑا - اور اپنے چچا اور چچی کی طرف مخاطب ہو کر کہا - " مجھے والدِ مرحوم کے حینِ حیات ہی میں کعبۃ اللہ جانے کا شوق ہے - خدا تعالی نے تندرستی عطا کی ہے - زادِ راہ اور سواری کا بھی مقدور دے رکھا ہے - رستے میں بھی سب طرح کا امن ہے - حجّ کرنا مجھ پر فرض ہے - بہن کے نکاح سے بھی فارغ ہوچکا ہوں - اب اِس امرِ خیر میں توقّف نہ کرنا چاہئے - آپ مجھے وہاں جانے کی اجازت دیں " *

فیض الدین اور اُس کی بیوی اس مُعاملے میں اُسے منع نہ کرسکے - لیکن اُس کی مفارقت کے سبب سے دونو اپنا رنج ظاہر کرنے لگے * جمیل الدین نے کہا - " آپ میری جدائی کا فکر نہ کیجئے - دل جمعی رکھئیے - میں اِنشاء اللہ تعالی حجّ سے فارغ ہو کر بہت جلد آپ کی خدمت میں حاضر ہونگا " *

چند روز کے بعد وہ اپنے دو نوکروں سمیت [1] عرب کی طرف روانہ ہوا * اُس کا چچا اور کئی رشتہ دار تھوڑی دور تک اُس کے پہنچانے کو گئے - اور پھر واپس چلے آئے * جمیل الدین بڑا خلیق اور رحم دل تھا - بزرگوں کی بہت تعظیم کرتا تھا - اور تمام گھر والوں سے اچّھی طرح پیش آیا کرتا تھا - اِس سبب سے سب لوگ اُسے یاد کرتے تھے * جمیل الدین کو بھی کبھی اپنی بہن اور کبھی چچا اور چچی کا دھیان [2] آتا - کبھی اُس کے دل میں اُس کی

---

1 *Vide* note 2, p. 9.

2 *Dhiyān*, properly "attention," here = *yād*.

منسوبہ † گیتي آرا بیگم اور بچپن میں دونو کے ساتھہ کھیلنے کا خیال گزرتا - اسي طرح وہ رستے میں سب کو یاد کرتا تھا - مگر کعبے کا شوق اور حج کا ثواب [1] هردم اُس کے دل کو شاد کرتا تھا * گیتي آرا بھي اپنے دل میں طرح طرح کے اندیشے کرتي - مگر شرم و لحاظ کے سبب سے کچھہ مُنہہ سے نہ نکالتي *

جمیل الدین کے جانے کے چند روز بعد محمد یوسف کي رخصت کے دن بھي پورے ہوگئے - مگر اُسے اپني بیوي جہاں آرا بیگم سے بہت محبت تھي - اور وہ ایک لمحہ اُس سے جُدا هونا نہ چاهتا تھا - اِس واسطے اُس نے اپنے دل میں کہا - " میرا رسالہ انبالے میں هے اور بہت مدّت تک وهیں رهیگا - کوچ نہیں هونے کا [2] - علاوہ اس کے ابّا جان کا مکان بہت پردہ دار هے - اور وہ خود بھي اِن دنوں میں وهیں هیں - جس طرح هوسکے اپني بیوي کو انبالے میں ساتھہ هي لیتا جاؤں - اور غالب هے کہ ابا جان کے وهاں هونے سے میرے چچیا سسرے [3] اور چچیا ساس دونو اِس بات سے کچھہ بھي ناراض نہ هونگے - بلکہ خوشي سے اِس امر کي اجازت دے دینگے " *

---

† جس لڑکي سے کسي لڑکے کي نسبت قرار پاتي هے - اُسے اُس کي منسوبہ کہتے هیں *

1. *Ṣawāb* for (*ṣawāb kā kām*), m., future reward. *Ṣawāb*, m., opposed to *khaṭā*.

2 "Hind. Man.," L. 32 (*e*).

3 Plural for respect.

یہ سوچ کر پہلے اُس نے اپنی بیوی کو ساتھہ چلنے پر راضی کیا - پھر اپنی بہن دل افروز بیگم کو نجم النسا بیگم کے پاس بھیجا کہوہ وھاں جاکر اُس کی مرضی دریافت کرلے * اگرچہ فیض الدین اور اُس کی بیوی کو اِس بات کے سُننے سے رنج ھوا مگر وہ دونوں اِعتراض نہ کرسکے - خاوند کو عورت کا اِختیار ھوتا ھے - کچھہ دم نہ مارا - دونو چُپکے ھو رہے * دل افروز نے نجم النسا سے کہا - "خالہ جان! ھمیں ھر طرح سے تمہاری مرضی منظور ھے - کوئی امر تمہاری راے کے خلاف نہیں ھونے کا"[1] *

نجم النسا بولی - "نہیں بیٹی! جو تمہاری مرضی ھے وھی ھماری مرضی ھے" *

دل افروز بیگم اِس مُعاملے میں اُن کی اِجازت لیکر اپنے گھر چلی آئی - اور محمد یوسف سے ساری حقیقت بیان کی * جب روانگی کا وقت قریب آیا تو جہاں آرا رخصت ھونے کے لئے اپنے میکے میں گئی - اور فیض الدین - نجم النسا اور گیتی آرا سے ملی * اُس کی جدائی سے سب ھی آزردہ خاطر تھے - مگر گیتی آرا کو اِس امر کا بہت قلق[2] تھا * جہاں آرا بھی اُس سے ملکر چشم پُر آب ھوئی - اور حسرت اور افسوس کی باتیں کرنے لگی * پھر بولی - "بوا! مجھے بھی تمہاری جدائی سے بہت رنج ھے - مگر کیا کروں - مجبور ھوں - کچھہ کہہ نہیں سکتی ھوں - خیر، جو خدا کی مرضی ھے وھی بہتر ھے - اِنشاء اللہ تعالی

[1] Hind. Man. L. 32 (*e*). [2] *Qalaq*, sorrow.

تھوڑے ھي عرصے میں ملینگے - خط بھي آدھي مُلاقات ھے - جلدي جلدي [1] بھیجتے رھینگے - [2] میں تمھارے پاس اپنے ھاتھہ کا لکھا ھوا علحدہ خط بھیجا کرونگي [2] - تم بھي جو کچھہ حال ھو آپ ھي لکھہ بھیجا کرنا " *

جہاں آرا میکے والوں سے مل کر اپني سُسرال میں آئي - اور دوسرے روز اُن کے چلنے کي صلاح [3] ٹھیري * محمد یوسف نے رتھہ میں اپني بیوي اور دو ماماؤں کو بٹھایا - اور آپ گھوڑے پر سوار ھو تین چار خدمتگار ساتھہ لے انبالے کو روانہ ھوا * وھاں ھنسي خوشي [4] کئي مہینے تک رھا - مگر اُس کے رسالے کو شاھجہان پور جانے کا حکم ھوا - اور اُسے بھي وھاں جانا ضرور پڑا * یہ حکم سُنتے ھي اُسے اپنے بیوي کي جُدائي کا فکر پیش آیا - اور اُس کے غم و الم میں مُبتلا ھوا * جہاں آرا نے بھي جس وقت یہ بات سُني حیران و ششدر رہ گئي * کئي دن تک دونو کو یہي خیال رھا - اور جس قدر سفر کا زمانہ قریب آتا تھا اُسي قدر فکر و اندیشہ زیادہ ھوتا جاتا تھا - آخر روانگي کے ایک دن پہلے جب رات کو دونو کھانا کھا چکے اور تنہائي کا وقت آیا تو محمد یوسف نے جہاں آرا بیگم سے کہا - " بیگم [5] ! مجھے تمھاري جُدائي کا بہت رنج ھے - مگر کیا کروں ؟ مجبور ھوں - سرکار کا

[1] *Jaldī jaldī*, colloquial for *jald jald*.
[2] Note the gender of *ham*; 'vide' "Hindustani Stumbling-Blocks."
[3] This use of *ṣalāḥ* for *'azm* is colloquial only.
[4] *Se*, understood.
[5] Hindus (and consequently Indian Muslims) never address their husbands or wives by name.

حکم ہے - تعمیل ضرور ہے - اِس قدر اُداس کیوں ہوتی ہو؟ دیکھو - پردۂ غیب سے کیا ظہور میں آتا ہے؟ تم ابّا جان کے پاس چند روز رہو - میں تھوڑے عرصے میں دھلی جانے کی کچھہ تدبیر کرونگا - اور تمہیں وہاں بُلا لونگا" *

جہاں آرا (جس کے دل پر غم کی گھٹا[1] چھا رہی تھی اور آنکھوں سے آنسوؤں کی جھڑی[2] لگ رہی تھی) خاوند کی باتیں سُن کر بولی "صاحب[3]! تمہیں کسی کے دل کی کیا خبر ہے؟ اِن تسلّی کی باتوں سے کیا فائدہ؟ مُلاقات جب ہی ہوگی جب خدا کی مرضی ہوگی - خیر جس طرح ہو سکیگا ہم صبر کرینگے[4] - مگر تم اپنا دل کیوں بھاری کرتے ہو؟ تمہارے کُڑھنے[5] سے میری چھاتی پھٹی جاتی ہے *

رات بھر دونو میں اِسی قسم کی باتیں ہوتی رہیں * صُبح کی اذان ہونے سے پہلے دونو اُٹھے - تھوڑی دیر بعد نماز پڑھی * خدا کی درگاہ میں دعا کی " کہ پھر جلد ملاقات ہو" * محمد یوسف نماز اور وظیفے سے فارغ ہوکر بولا - "لو بیگم! خدا حافظ" * جہاں آرا نے کہا - " خیر، اللہ نگہبان ہے" *

پھر محمد یوسف اپنے باپ[6] پاس آگیا - اور بہت ادب سے اُس کی تشفّی اور تسلّی کی باتیں کرتا رہا * اِس کے بعد مردانے مکان میں گیا - وہاں پہلے ہی سے اُس کے دوست آشنا بیٹھے تھے -

1 *Ghaṭā*, f., a dense cloud.

2 *Jhaṛī*, a heavy downpour of rain lasting a day or more.

3 *Vide* note 5, p. 59.

4 *Vide* note 2, p. 58.

5 *Kuṛhnā*, to fret.

6 For *bāp ke pās*: Delhi people often omit *ke* with *pās*.

سب سے مل [1] گھوڑے پر سوار ہو اپنے رسالے میں چلا گیا * تھوڑي دیر میں رسالہ روانہ ہوا - اور کوچ مقام کرتے ہوئے چند روز بعد شاھجہاں پور پہنچ گیا *

محمد یوسف کو وہاں گئے ہوئے کچھ بہت عرصہ نہ ہوا تھا کہ دھلي میں غدر ہوگیا - اور انگریزوں کي فوج [2] جو میرٹھہ میں باغي ہو گئي تھي اُس نے [2] دھلي میں آکر بہت سے انگریزوں کو قتل کیا - اور اُن کے بنگلے جلادیئے * کئي دن تک یہ لوگ بے سر و افسر رہے * پھر اُنہوں نے دھلي کے بادشاہ کو اپنا سردار بنا کر انگریزوں سے مُقابلہ کرنے کا سامان کیا *

انگریزوں کے وقت میں جن لوگوں کي جاگیروں اور منصبوں میں فرق یا خلل واقع ہوگیا تھا اُن میں سے چند آدمیوں نے یہ خیال کرکے کہ " بادشاہ کے ذریعے سے ہماري جاگیریں پھر مل جائینگي - اور منصب سابق حاصل ہوجائیگا " بادشاہ سے جا ملے *

فیض الدین کے بزرگ کسي زمانے میں جاگیردار تھے - وہ بھي اپني جاگیر کي اُمید پر بادشاہ پاس گیا * بادشاہ نے اُس کي بہت عزّت کي - اور بڑے منصب پر سرفراز کرنے کا وعدہ کیا - اِس سبب سے اُس کا دل بڑھ گیا *

اِس عرصے میں شہر کے باھر پہاڑي پر انگریزوں کي فوج آپڑي اور لڑائي شروع ہو گئي * فیض الدین ہر روز ہتھیار باندھ گھوڑے

[1] Note this meaning of *milnā*, "to bid farewell," and also "to greet." The shortened form of the Conj. Part. indicates haste; *vide* Supplement, "Stumbling-Blocks."

[2] *Fauj—us ne*; note this construction with a relative clause.

پر سوار هو فوج کے ساتھہ جاتا - اور گھر میں آکر نجم النسا اور گیتي آرا سے طرح طرح کا ذکر کرتا اور کہتا - " اب انگریزوں کي شکست هونے والي هے - هماري جاگیر پھر همیں مل جائیگي - تمام عُمر هماري اولاد چَین کریگي - انگریزوں نے شریفوں کے رُتبے گھٹا دیئے - اِن کي جاگیریں مُفت ضبط کر لیں - کسي نے نه پوچھا - که ' یه [1] لوگ عزّت دار هیں - کیونکر اپنا گزاره کرینگے ' - اِن کے وقت میں بڑے بڑے عُهدے اور منصب بھي هم لوگوں کو ملنے موقوف هوگئے - عمده علاقوں کا تو کیا ذکر روزگار هي مشکل هوگیا - اگر زندگي باقي هے تو دکھا دینگے که بادشاهي [2] عملداري میں کیسے کیسے منصب شریفوں کو ملتے هیں " *

نجم النسا اور گیتي آرا اُس کي باتوں سے نهایت رنجیده هوتیں اور کهتیں [3] - " تم انگریزوں کے جانے سے خوش هوتے هو - اِن کے وقت میں کیا تکلیف تھي ؟ هر طرح سے امن چین تھا - وه لوگ دین کي باتوں میں کچھه دخل نه دیتے تھے - سب مسلمان نماز روزه دل سے ادا کرتے تھے - کسي کو کچھه ممانعت نه تھي - آگے اهلِ اسلام کي قدر و عزّت بھي بهت تھي - اب پُوربیوں نے تو آکر شهر کا ستیاناس کردیا - بیٹھے بٹھائے [4] سب کا چین کھودیا - آنکھوں کي نیند اُڑ گئي - دل پریشان هو گیا - بھلا ، بال بچّوں اور

[1] *Chūṅki* is understood before *yih*.

[2] *Bādshāhī 'amal-dārī* always refers to a Muhammadan king of India.

[3] When the Imperfect is used in its habitual sense, the *thā* can be omitted altogether; *vide* Supplement, "Stumbling-Blocks."

[4] *Baiṭhe biṭhā*ᵉ*e*, adv., "for no cause"; Hind. Man., p. 174, line 21. For this form *vide* Supplement, "Stumbling-Blocks."

عورتوں کا مارنا بھي کہیں [1] شرع میں درست ہے ؟ یہ فوج والوں نے کیا غضب کیا کہ اُنھیں بھي نہ چھوڑا ! ایسي باتوں سے عاقبت کے درجے کي کیا توقّع رکھني چاهئے " ؟

گیتي آرا کبھي کبھي یہ بھي کہا کرتي تھي - " چچا جان ! آپ جو کہتے ھیں کہ انگریز شریفوں کي قدر نہیں کرتے بھلا آپ ھي خیال کیجئیے کہ میرے ابّا جان اور منجھلے چچا جان کي کیسي خاطر کرتے تھے - ابّا جان ' ڈپٹي کلکٹر ' تھے - جب ظُہر کي نماز کا وقت آتا تو کچہري میں سے اُٹھہ کر نماز کو چلے جاتے - اور انگریز بہت خوشي سے اُنھیں اِجازت دیتے - اور چچا جان کو بھي تحصیلداري کے زمانے میں اِسکي اِجازت ملتي تھي - مذھب کي باتوں میں تو وہ لوگ کسي کو نہیں روکتے - نیز نماز پڑھنے کي مُہلت دے دیتے تھے " *

لڑائي کے دنوں میں فیض الدین اور اُس کے گھر کي عورتوں میں اکثر اِسي قسم کي گفتگو رھتي - اور عورتیں اُسے بہت سمجھاتیں مگر وہ کاھے کو باز آنے والا تھا - اُسے تو کچھہ اور ھي خیال تھا * روز سپاھیوں کے پاس جاتا - اور گھر میں وھاں کي سر گذشت کہکر سب کو جلاتا [2] * ایک دن اُس نے مولوي فخر الدین سے بھي اپني ھمّت اور بہادري کا ذکر کیا - اور پہاڑي پر جانے اور انگریزوں سے مُقابلہ کرنے کي ساري حقیقت بیان کي * مولوي

[1] *Kahīṅ*, indicates astonishment.
[2] i.e. *sab ke diloṅ ko jalātā*. For omission of *thā* 'vide' note 3, p. 62.

فخر الدین تو بڑا عالم فاضل اور تفسیر اور فقه اور حدیث اور تمام دینی علموں میں اُستادِ مُسلّم [1] تھا - یه سُنتے هي جھلّا اُٹھا [2] - اور علمي تقریر سے اُسے سمجھا نے لگا - " تمہارے دل میں یه کیا خیالِ خام سمایا هے ؟ دیکھو اِن باتوں سے باز آؤ - تمھیں انگریزوں کے وقت میں کون سي تکلیف تھي جو اس طرح جلي بھُني باتیں [3] کرتے هو ؟ اُنھوں نے تو ایسا آرام دے رکھا تھا که اب سب یاد کرتے هیں - خصوصاً مسلمانوں سے بہت هي ملے جُلے رهتے تھے اور اُنھیں بڑے بڑے عہدے دیتے تھے - علاوہ اِس کے اُن کي عملداري میں سب لوگ اچّھي طرح دل جمعي سے مذهبي اُمور بجا لاتے تھے - کسي کا هرج نه تھا - کیا تم اِس لڑائي کو مذهبي لڑائي جانتے هو ؟ دینِ اسلام کي ترقّي کا باعث سمجھتے هو ؟ اگر یه خیال کرتے هو تمہارا گمان غلط هے * دیکھو ! پہلے کیسے اِطمینان سے مسلمان لوگ جماعت کے ساتھه نماز پڑھتے تھے - مسجدیں کھلي رهتي تھیں - کچھه خطرہ نه تھا - رات دن جس وقت جي چاهتا تھا بیباک مسجد میں چلے جاتے تھے - بے کھٹکے عبادت کرتے تھے - جامع مسجدوں میں عشا کي نماز بڑي رات گئے [4] تک هوتي تھي - کچھه اندیشه نه تھا - اب رات تو ایک طرف رهي [5] دن دهاڑے بھي مسجدوں میں اچّھي

[1] *Musallam*, admitted (by all to be an *ustād*).

[2] *Jhallānā* is properly to "fly into a passion."

[3] *Jalī bhunī bāteṅ*, "bitter words"; but *jalī kaṭī bāteṅ*, "hasty words spoken in anger."

[4] i.e. *baṛī rāt ke jāne tak*.

[5] *Vide* also "Hind. Man.," L. 50 (*g*).

طرح جماعت نہیں هوتي - بادشاہ براے نام حاکم هے مگر واقع
میں محکوم هے - فوج کا هر شخص اپنے تئیں حاکم سمجھتا هے -
نہ کوئي سردار هے نہ اِمام هے - ایک بے قاعدہ غدر مچ رها
هے - بازاري اور دنیا طلب آدمي اِس غدر میں شریک هوگئے -
اور اگر کوئي شریف بھي شامل هوگیا هے تو فوج کي زبردستي
یا خوف یا کسي اور باعث سے پھنس گیا هے - تم شریف [1] هوکر
اِس طرح کي باتیں کرتے هو؟ هوش میں آؤ - دوراندیشي
اِختیار کرو - دیکھو هندوستان کے تمام مسلمان سرکار انگریزي کي پناہ
میں هیں - اور شرع کے موافق کوئي مستأمِن † اُن لوگوں سے
جن کے امن میں هے مذهبي لڑائي نہیں کرسکتا - چنانچہ
فتاویٰ ' دُرِّ مختار ' اور ' هدایہ ' اور ' عالمگیري ' میں لکھا هے
کہ جو مسلمان غیر مذهب والوں کي عملداري میں امن سے رهے
اُسے اُن کي جان و مال کو نقصان پہنچانا حرام هے * خیال کرو کہ
انگریزوں نے هندوستان پر دو طرح سے حکومت حاصل کي -
یا غلبے اور فتح کے سبب سے یا عهد و پیمان کے باعث سے -
اور ' فتاویٰ عالمگیري ' میں مذهبي لڑائي کي شرطوں میں لکھا هے
کہ هم میں اور دشمنوں میں عهد و پیمان نہ هوا هو - اور اِس
امر کي اور بھي شرطیں هیں کہ اُن میں سے یہاں ایک بھي
نہیں پائي جاتي * مذهبِ اسلام میں یہ بات مقرّر هوچکي

---

† مستأمِن اُس شخص کو کہتے هیں - جو غیر مذهب کي عملداري
میں امن سے رهے *

1 *Hokar* = notwithstanding; *vide* "Stumbling-Blocks," p. 69 (13 *a*).

هے کہ اگر مسلمان اپنے اختیار سے کسي کو بادشاہ بنانا چاهیں تو مسلمان کو قوم قُریش [1] میں سے بنائیں - لیکن جو شخص اپنے غلبے سے بادشاہ هوا هو - یا مسلمان لوگ پہلے هي سے کسي بادشاہ کي اطاعت میں هوں - تو اُس بادشاہ کا مسلمان هونا شرط نہیں هے - وہ کسي مذهب کا هو اُس کي اطاعت لازم هے - چنانچہ 'کتاب تار تار خاني' میں هے کہ اطاعت کے لیے بادشاہ کا مسلمان هونا شرط نہیں هے - 'کتاب پیدائش' کے اُنتالیسویں باب میں لکھا هے کہ حضرت یوسف نے قطفیر † [2] مصري کي اطاعت اور نوکري قبول کي اور نہایت وفاداري سے اُس کي خدمت انجام دي - حالانکہ قطفیر مسلمان نہ تھا - اِسي طرح هندوستان میں مسلمانوں کو سرکار انگریزي کي اطاعت کرني ضرور هے - دیکھو باز آؤ - یہ ایک ناحق غدر مچ رها هے - اِسے مذهبي لڑائي سے کچھہ علاقہ نہیں - سبحان الله! همارے پیغمبر تو عورتوں اور بچّوں اور بُڈھوں کے مارنے سے منع فرمائیں اور پھر یہہ فوج جان بوجھکر ایسا کام کرے؟ ور تم بھي مسلمان هوکر اُس کي رفاقت کرتے هو؟ حدیث کي بڑي مُعتمد کتابوں 'بخاري' ‡ اور 'مُسلم' ‡ میں عبد الله ابن عمر کي روایت سے لکھا هے کہ رسولِ خدا نے عورتوں اور

---

† اس شخص کا لقب عزیز تھا *

‡ یہ کتابیں اپنے مولفوں کے ناموں سے مشہور هیں *

[1] *Quraysh* was the tribe of the Prophet.

[2] Potiphar.

بچّوں کے قتل کرنے سے منع فرمایا - اور ' ابو داؤد ' † میں اَنس
کي روایت سے نقل کي گئي ھے کہ رسولِ خدانے فرمایا کہ
' نہ قتل کرو بڈّھے ضعیف کو - اور نہ چھوٹے بچّے کو - اور نہ عورت
کو ' * دیکھو - پیغمبرِ خدا کے خلیفۂ اوّل حضرت ابوبکر نے فوج کے
دو افسروں ابو عبیدہ اور خالد کو جو ملکِ شام کي طرف گئے تھے یہ
نصیحت کي تھي - کہ ' ایسا نہ ھو کہ عورتوں یا بچّوں کے قتل
کرنے سے اپني فتح کو داغ لگاؤ - درختوں کو نہ کاٹنا - اناج کو نہ
جلانا - اور جو عہد و پیمان کرو اُس پر ایمان داري سے قائم رھنا -
لازم ھے کہ تمہارا قول و فعل دونو مطابق ھوں ' * فیض الدین !
تم فوج والوں کي باتوں پر نہ جانا [1] - وہ جو اھلِ اسلام کو بھڑکا کر کہتے
ھیں کہ ' نصاریٰ اور مسلمانوں میں بڑي عداوت چلي آتي
ھے ' یہ اُن کي غلط فہمي [2] ھے - حقیقت پوچھو تو مسلمانوں
کے مذھب میں نصاریٰ کے سوا کوئي قوم ایسي نہیں ھے جس
کے ساتھہ مذھب کي رُو سے مسلمانوں کا ربط ھو - قرآنِ شریف
میں سورۂ مائدہ کي پچاسي [3] آیت میں خدا تعالیٰ نے
ھمارے پیغمبر سے فرمایا کہ ' تو سب سے زیادہ مسلمانوں کا
دوست اُن لوگوں کو پائیگا جو اپنے تئیں نصاریٰ کہتے ھیں - اِس
سبب سے کہ اُن میں عالم اور پارسا ھیں - اور اِس واسطے کہ وہ

† یہ کتاب اپنے موٴلف کے نام سے مشہور ھے *

[1] — *paṛ na-jānā*, "do not be deceived by"; note idiom; only used in the negative.

[2] Misapprehension.

[3] Eighty-fifth: note this form for euphony.

تکبر نہیں کرتے ' * سوا اِس کے جس زمانے میں فارس والوں نے اهلِ روم[1] کو جو عیسائي تھے شکست دے کر روم پر غلبہ کیا - تو مسلمان لوگ عیسائیوں کے[2] شکست کھانے سے ایسے غمگین هوئے که الله تعالیٰ نے مسلمانوں کي تسلّي کي - اور همارے پیغمبر پر وحي بھیجي که ' میں عنقریب عیسائیوں کے فتح دینے سے مسلمانوں کو خوش کرونگا ' - چنانچه سورۂ روم کي پہلي هي آیتوں میں یه ذکر لکھا هے - علاوه اِس کے جب مکّے کے مُشرکوں[3] نے مسلمانوں کو نہایت تکلیف دي تو اِسي ربط کے سبب سے پیغمبرِ خدا نے مسلمانوں کو حکم دیا - ' تم حبشه (جہاں کا بادشاه عیسائي هے اور نجاشي کہلاتا هے) چلے جاؤ ' * اِس حکم کے موافق چند مسلمان وهاں چلے گئے - اور نجاشي نے اُن کي بہت خاطر داري کي '' *

فیض الدین نے جس وقت مولوي فخر الدین کي یه علمي تقریر سُني اُس کے دل پر بہت اثر هوا - مگر پھر بادشاه نے اُسے بڑا منصب عطا کیا تھا اور اپنا مُصاحب بنایا تھا * ایک روز وه کسي رسالے کو لئے هوئے پہاڑي پر چڑهه گیا اور آگ کي بوچھاڑ میں آگے بڑهتا جاتا تھا که اُس کے سر میں ایک گولي لگي - اور اوسي وقت اوسنے دم توڑا * جب نجم النسا اور گیتي آرا کو یه خبر پہنچي غم و الم میں مُبتلا هوئیں - اِدهر تو خود تنہا هوگئیں -

1 *Rūm*, the Byzantian empire; also Turkey, Greece, etc.
2 "Stumbling Block," Supplement, XXXIX.
3 *Mushrik*, polytheist; one who says that God has a *sharīk* or partner.

اُدھر جہاں آرا بیگم کي طرف سے کوئي خبر نہ آتي تھي - اِس پریشاني کي حالت میں اُنھوں نے مولوي فخر الدین سے صلاح پوچھي * اُس نے کہا - " یہاں رھنا ھرگز مناسب نہیں - کہیں چلا جانا بہتر ھے " *

وہ بولیں - " کیا کریں ؟ کہاں جائیں ؟ رستے بند ھیں - فوجیں چلي آتیں ھیں - باغیوں نے ناک میں دم کر رکھا ھے - ھر جگہہ لُوٹ مچ رھي ھے - کیا مجال ھے کہ کوئي کوس بھر بھي رستہ چل سکے ؟ "

مولوي فخر الدین نے جواب دیا کہ " اب جہاں آرا بیگم کے پاس انبالے چلے چلو - انبالہ امن کي جگہہ ھے - وھاں انگریزوں کي عملداري ھے - میں تمھارے ساتھہ ھوں - دو تین نوکر بھي موجود ھیں - رستے میں باغیوں سے جس طرح ھوسکیگا بُھگت [1] لینگے - اور جب انبالے پہنچ جائینگے تو ھم امن میں ھونگے * "

آخر سب کي [2] یہي راے قرار پائي - اور ایک روز چلنے کي صلاح ٹھیرائي * نجم النسا اپنے بچے سمیت [3] اور گیتي آرا اور اُس کي دَدَا سب کي سب ایک بیل گاڑي میں بیٹھیں * مولوي فخر الدین اور تین نوکر سب کے سب ھتیار باندھہ کر اُن کے ساتھہ ھوئے - اور فوج سے بچ کر ایک اور طرف سے انبالے کي راہ لي * رستے میں وھي امر پیش آیا جس کا خطرہ تھا - باغي اپنے لٹھہ [4] اور

---

[1] Enjoy; suffer; and here put up with.
[2] Note, no *ne*; *vide* "Stumbling-Blocks."
[3] *Sāth* and *samet*, *vide* "Stumbling-Blocks," Supplement.
[4] *Laṭh*, a large heavy pole; but *lāṭh*, a big *lāṭhī*.

تلواریں لیکر سب طرف سے نکل آئے * مولوي فخر الدین عورتوں کو سمجھانے لگے " دیکھو - کچھہ گھبراؤ نہیں - دلجمعي سے بیٹھي رهو - صبر کا وقت هے - الله تعالی پر توکّل کرنا چهئے - اُس کا کوئي کام حکمت سے خالي نہیں " *

یه گفتگو هوهي رهي تهي که باغي آپڑے * مولوي فخر لدین اور تینوں نوکو بہت بہادري سے مقابله کرتے رهے - آخر مولوي فخر الدین اور اُن کے نوکر قتل هوئے اور نجم النسا کے بچے عبد الرحمن نے بھي جو اُس وقت گاڑي بان کي گود میں تها لُٹهه کے صدمے سے جان دي * باغیوں نے خوب اسباب لوٹا - اور ساري چیزیں لے کر بهاگ گئے *

اب صرف نجم النسا - گیتي آرا اور اُس کي دَدَا یهي تینوں عورتیں باقي رہ گئیں - تکلیفیں اُٹهاتي هوئي آگے چلیں * نجم النسا کے دل پر اُس کے لڑکے کا صدمه ایسا نه هوا تها که وہ زندہ رهتي [1] - جیتے جي مرگئي - اور اُس کے فکر میں سخت بیمار هوئي * جب اُس کي موت کا وقت قریب آیا تو گیتي آرا کي طرف مخاطب هوکر کہا " بوا ! تقدیر میں یه صدمے اُٹهانے [2] تهے - ظ موں نے میرے لختِ جگر عبد الرحمن کو اِس بے رحمي سے مارا - اُس کا باپ پہلے هي مرچکا تها - اب مجهے اپنے مرنے کا تو افسوس

---

[1] Note this use of the Past Conditional after the Pluperfect; *rahe*, Aor., would be wrong. If the Perfect (*hu'ā hai*) however were used, the Aorist could follow. Compare (*a*) *Itnā na-khāyā thā ki ser hotā*, and (*b*) *Itnā nā-khāyā hai ki ser ho.*

[2] Plural infinitive.

نہیں ہے - تمھاری تنہائی کا بہت خیال ہے - تم ایسے وقت میں صبر و اِستقلال سے رہنا - ہرگز نہ گھبرانا - اللہ تعالیٰ سب مشکلیں آسان کردیگا - وہ بڑا کریم و کارساز ہے " *

اِس گفتگو کی تھوڑی دیر بعد اُس نے اِنتقال کیا - اور صرف گیتی آرا اور اُس کی دَدا باقی رہ گئی [1] *

گیتی آرا نے گاؤں والوں کی مدد سے جس طرح ہوسکا اُس کی تجہیز و تکفین کی - اور وہیں جنگل میں اُسے دفن کردیا - پھر حیرانی اور پریشانی کی حالت میں آگے بڑھی - اور رنج والم کا حال اپنی ددا سے کہتی گئی * کبھی اپنے چچا فیض الدین کی [2] محبّت اور کبھی اُس کے بچّے کی [3] اُلفت کا ذکر کرتی - کبھی نجم النسا کی مفارقت اور اُس کی رفاقت اور موافقت کا بیان کرتی - کبھی پہلی [4] راحت و آسودگی کو یاد کرتی اور کہتی " دَدا ! ابّا جان نے ہمیں اِسی دن کے واسطے ناز ونعمت میں پالا تھا ؟ صدمے اُٹھاتے اُٹھاتے چھاتی پتّھر بن گئی ہے - کچھ کہہ نہیں سکتی ہوں - ہر حالت میں صبر و شکر بہتر ہے " *

کبھی جہاں آرا اور اُس کے خاوند کا دھیان کرتی - کبھی جمیل الدین کا خیال کرتی اور دل ہی دل میں کہتی -

---

[1] Note the singular verb after *dadā*; a plural verb close to *dadā* would sound odd. But *Geti Ārā aur uskī mānġā^e^īn* (not *ā^e^ī*). *Vide* "Hind. Man.," pp. 199-200.

[2] Subjective genitive.

[3] Objective genitive.

[4] *Pahlī* former.

" دیکھئیے - اُس پر کیا گزرتي ھوگي ؟ کہاں ھوگا ؟ کس طرح زندگي بسر کرتا ھوگا " ؟ *

اِنہیں خیالات میں وہ طرح طرح کي مُصیبتیں اور تکلیفیں اُٹھاکر اپني دّدا سمیت انبالے میں پہنچي - اور محمد یوسف کے گھر جاکر اوّل سے آخر تک جہاں آرا کے رو برو سارا حال بیان کیا *
جہاں آرا کو نہایت رنج ھوا مگر اپنے تئیں سنبھال کر بولي - " بوا ! مجھے پہلے ھي اندیشہ تھا کہ ' دیکھئیے - میرے عزیزوں پر کیا بنِي ھوگي ؟ ' اب اِس وقت میري یہ حالت ھے کہ کاٹو - تو بدن میں خون نہیں " -

گیتي آرا نے پوچھا - " بھائي محمد یوسف کہاں ھیں ؟ "
جہاں آرا نے کہا - " بوا ! بھلا مجھے کیا معلوم ؟ جب سے غدر ھوا ھے کسي کي کچھہ خبر نہیں ھے - رستے بند ھیں - نہ کوئي کہیں جاسکتا ھے نہ آسکتا ھے - خدا کا شکر ھے کہ تم میرے پاس آگئیں - آنکھوں کے سامنے رھوگي - تمہیں سے دل بہلیگا " *

اُدھر تو جہاں آرا اور گیتي آرا دونو انبالے میں رھیں - اِدھر جمیل الدین حجّ [1] سے فارغ ھوکر دھلي میں آیا * یہاں انگریزوں کا تسلّط [2] ھوگیا تھا - اُس نے اپنے عزیز و اقربا اور یار و آشنا کو تلاش کرنا شروع کیا * دل افروز بیگم کے خاوند شیخ فضل احمد غدر کے زمانے میں سرکار

[1] For a full description of the *Ḥajj* vide Hughes' "Dictionary of Islam."

[2] *Tasalluṭ*, m., having command over, supremacy.

کا بہت خیر خواہ رہا تھا - اِس سبب سے سرکار نے اُس کو اور اُس کے مال و متاع کو اپنے امن میں رکھا - اور کسي کو دست اندازي نہ کرنے دي * جمیل الدین اُس کے ھاں گیا اور اُس سے تمام حال دریافت کیا * اُسے تمام حادثوں کي اِطّلاع ھو چکي تھي - ساري حقیقت جمیل الدین کے روبرو بیان کردي * وہ سنکر فکر و اندیشے میں مُبتلا ھوا * فضل احمد نے اُس کي بہت خاطرداري کي - اور رات کو اُس سے حجّ کا بیان اور رستے کي سرگزشت پوچھي * جمیل الدین نے سارا حال بیان کیا *

فضل احمد نے کہا - " میں آپ کي گفتگو سن کر نہایت خوش ھوا - خدا تعالی سب مسلمانوں کو حجّ کي توفیق [1] دے - اب یہ تو بتاؤ [2] کہ ' آپ کو اِس غدر کي کہاں خبر ھوئي - اور یہاں تک کیونکر پہنچے ' ؟ "

جمیل الدین نے جواب دیا - " جس وقت میں مکّۂ معظّمہ سے بمبئي آیا اُسي وقت میں نے اُسکا چرچا سُنا - بہت حیران اور فکر مند ھوا کہ ' دھلي میں میرے عزیز و اقربا پر کیا گذري ھوگي ؟ ' فوراً وھاں کے حاکموں سے ملا اور ایک رسالے میں مقرّر ھوگیا - پھر اتفاقاً دھلي کي طرف اُس رسالے کا کوچ ھوا - میں اُس کے ساتھہ ساتھہ یہاں تک پہنچا - اور تم سے آکر ملا " *

[1] *Taufiq*, divine guidance ; divine favour.

[2] *Āp baiṭho*, etc., is a Delhi colloquialism. After *Āp*, the Resp. Impera. should be used.

رات کو جمیل الدین اور فضل احمد دونو اِسي طرح کے ذکر کرتے رھے * جب صبح ھوئي تو جمیل الدین نے دھلي کے انگریزوں کو اپنے آنے کي اِطّلاع دي - وہ آس کي خیرخواھي کے سبب سے آس سے بہت خاطرداري سے پیش آئے اور آس کي جائداد واپس دیکر شہرِ دھلي میں رھنے اور تمام عزیز و اقربا کے بلا لینے کي اجازت دي * جمیل الدین نے خاطر جمع ھو کر دو تین روز بعد انبالے میں اپني بہن جہاں آرا بیگم کے نام خط بھیجا - اور تمام حقیقت اُس میں لکھہ دي * وھاں تو کمال اِنتظار ھي تھا - خط کے پہنچتے ھي سب کے سب نہال ھو گئے - اور خوشي کا ایک سما بندھہ گیا * اب صرف جہاں آرا بیگم کے خاوند محمد یوسف کا فکر باقي رھا - اُس کے باب میں زیادہ گھبراھٹ کي وجھہ یھہ تھي کہ وہ ایک رسالے کا جمعدار تھا - اور آس کي طرف سے یہ تردّد تھا کہ " وہ انگریزوں کي وفاداري میں ثابت قدم رھا - یا فوج کے لوگ جو سرکار انگریزي سے پھر گئے تھے اُسے بھي زبردستي اپنے ساتھہ لے گئے ؟ " محمد یعقوب - گیتي آرا - اور جہاں آرا کو رات دن یھي خیال تھا - اور سب کے سب اِسي فکر وا ندیشے میں مُبتلا تھے *

اِسي حالت میں چند روز گذر گئے * آخر ایک دن بہار کے موسم میں جہاں آرا اور گیتي آرا دونو اپنے گھر کے چمن میں کرسیوں پر بیٹھي ھوئي باتیں کر رھي تھیں کہ اتنے میں ایک خوبصورت نو عمر آدمي فوج کي وردي پہنے - ھتھیار باندھے - بے باک اندر

چلا آیا * جہاں آرا اور گیتي آرا اُسے دیکھتے هي حیران هوگئیں اور آنچل [1] سنبھالتي هوئي [2] بھاگ کر دالان میں جاچھپیں *

یه شخص محمد یوسف هي تھا - اُس نے بھي غدر کے زمانے میں بڑي بڑي تکلیفیں اُٹھائي تھیں - اُس کا رساله انگریزوں سے پھر گیا تھا مگر وہ باوجود خطروں کے سرکار انگریزي کے ساتھ رها - اور وفاداري سے هرگز نڈگا [3] * انجام کار انگریزوں نے اُسے بہت خوشحال کیا - اور طرح طرح کے اِنعام سے مالا مال کیا - اور عُہدۂ رسالداري پر ممتاز کیا *

محمد یوسف نے جو اپني بیوي کو بھاگتے هوئے دیکھا بے اِختیار هنس پڑا * گیتي آرا کے پردے کے سبب سے اندر دالان میں نه جا سکا - باهر هي سے بولا - " بیگم ! میں هوں - کیوں گھبرائیں - کہاں چلي گئیں ؟ "

جہاں آرا یه کلام سُنکر بہت خوش هوئي - اور باهر آکر محمد یوسف سے ملي * پھر دونو چمن میں بیٹھ کر باتیں کرنے لگے * جہاں آرا نے سارا گزرا هوا حال اپنے خاوند کے روبرو بیان کیا * اِس سرگزشت کے سُننے سے اُسے بہت رنج هوا مگر اپني بیوي کي تشفّي کي * اتنے میں محمد یعقوب جو کسي انگریز پاس ، اپنے بیٹے کي خبر پوچھنے ، باهر گیا هوا تھا مردانے مکان میں آیا -

---

[1] *Ānchal* is the loose *right-hand* end of a *do-paṭṭā*, which can be cast over the left shoulder.

[2] Arranging, putting to rights.

[3] *Ḍignā* to lose one's foothold (and in the Panjab, 'to fall'); to swerve from, to waver.

محمّد یوسف فوراً اُٹھہ کر اپنے باپ کي خدمت میں حاضر ہوا[1] اور اُسکے دیکھنے سے اُس کا دل باغ باغ ہوا * کچھہ مدّت بعد محمد جمیل الدین کا نکاح گیتي آرا بیگم سے ہوگیا * سب ہنسي خوشي رہنے لگے *

1 Note idiom.

تيسراحصه

SELECTIONS

FROM THE

QAṢAṢ-I HIND, CHAND PAND, MIR'ĀT-UL-'ARŪS

AND

FASĀNA-E ĀZĀD

EDITED WITH NOTES BY

LIEUT.-COLONEL D. C. PHILLOTT, Ph.D., F.A.S.B.,

Hindustani Lecturer, Cambridge; Late Secretary and Member, Board of Examiners, Calcutta; etc., etc.

Second Edition.

CALCUTTA:

PRINTED AT THE BAPTIST MISSION PRESS.

1914.

All rights reserved.

جلال الدّین اکبر بادشاہ

جب ہمایون جودھپور کي مُصیبت جھیلکر امر کوٹ پہنچا تو پَل کي پَل ستارے نے آنکھہ کھولي [1] یعني اکبر پیدا ہوا * شاہ بے سپاہ کے نمک حلال رفیقون نے آکر مبارکبادیں دیں - اُس کے پاس کوئي رسم ادا کرنے کا سامان نہ تھا - چُپ ہوگیا - لیکن کمر میں ایک مُشک نافہ کا ہونا یاد آگیا - وہي نکالا اور شگون کے لئے ذرا ذرا [2] سا مُشک سب کو بانٹ † دیا * چند ہي [3] روز کے بعد قندھار کا سفر پیش آیا - مگر راہ میں ہمایون ، مرزا عسکري یعني بھائي کے ڈر سے ، ایران کو بھاگا - بیٹے کو گرمي کے سبب سے جاں نثاروں کے حوالے کیا - اور ماں روتي دھوتي خاوند کے ساتھہ چلي گئي *

پیچھے مرزا عسکري یعني اکبر کا چچا [4] آیا - رہا سہا اسباب بھائي کا سمیت قندھار کو چلا گیا - اور بھتیجے کو کابل میں دوسرے چچا کامران کے پاس بھیجدیا * یہ اقبال مند بچّہ وہاں پرورش

---

† ترکوں میں دستور ہے کہ ایسے موقع پر ضیافت عام کرتے ہیں - اور دولتمند لوگ اپنے نوکرون کو جوڑے دیتے ہیں - بلکہ جو پہلے آکر خوشخبري دے - تو جو کپڑے پہنے بیٹھے ہوتے ہیں وہ اُسے اُتار کر دے دیتے ہیں *

[1] *Āṅkh kholnā*, to awake from sleep. Compare ***bakht bedār honā*** and *qismat khulnā*.

[2] *Zarā zarā* = a little to each.

[3] *Hī* only.

[4] *Chachā*, father's brother. Note that this word is not inflected *Vide* Platts.

پاتا - اور ایسي باتیں کرتا کہ دیکھنے والوں کو تعجّب آتا * کامران کا بیٹا اُس سے کئي برس بڑا تھا - اور یہ دُودھہ پیتا تھا * ایک دن کامران نے دونو کو کُشتي لڑوایا * اکبر کي انّا ھمایون اور بیگم کي یاد میں اور اپني قید میں آٹھہ [1] پہر روتي رھتي تھي * اُس نے شگون لیا - اور دل میں کہا کہ " اگر اِس وقت اکبر نے اس لڑکے کو پچھاڑ دیا [2] تو جانونگي کہ اِس کے باپ کا اِقبال بھي ضرور پلٹا لیگا " * خدا کي شان! اکبر نے حریف کو اِس طرح اُٹھاکر پٹخا [2] کہ دیکھنے والے حیران رہ گئے *

کہتے ھیں کہ جب ھمایون ایران سے پھرا اور کابل کا مُحاصرہ کیا - تو باھر سے قلعے پر توپیں مار رھے تھے - کہ [3] فصیل پر کوئي بیٹھا ھوا نظر آیا * جب اُس پر مارنے لگے تو کبھي توپ رنجک چاٹ [4] گئي - کبھي گولا ایسا ھي اُگل دیا [5] * سب حیران ھوئے * آخر معلوم ھوا کہ گولوں کي بہت بوچھاڑ دیکھہ کر بے رحم چچا نے بھتیجے کو وھاں بٹھا دیا تھا *

جب فتحیاب ھو کر ھمایون شہر میں داخل ھوا - تو بیگماتیں [6] محلّ سرا میں جا اُتریں * اِس وقت عجب لطف ھوا - یعني

1 Better *āṭhoṅ pahar*.

2 *Pachhāṛnā*, to throw down on the *back*. *Paṭakhnā* is to throw down anyhow.

3 *Ki*, "when."

4 *Ranjak*, f., priming-powder. *Ranjak chāṭ-jānā*, to flash in the pan.

5 *Ugalnā*, to vomit or cast out of the mouth voluntarily. *Qay karnā*, involuntarily.

6 A double plural. *Begamāt* is an Arabic plural of the Turkish word *Begam*. *Beg*, masc.

بادشاہ بیگم بھي اُنھي میں مل کر بیٹھہ گئیں * اب اکبر سوا چار برس کا تھا * انّا اُنگلي پکڑے[1] لائي اور کہا - " لو! امّا جان کو پہچانو - اور اُن کي گود میں جا بیٹھو" * اکبر نے بیچ میں کھڑے ھوکر ھریک کو بغور دیکھا - اور دوڑ کر سیدھا ماں کي گود میں جا بیٹھا *

غرض ھونہار بیٹا باپ کے ساتھہ کئي برس تک فتوحات میں اپنے اقبال سے مدد دیتا پھرا *

جب دلّي میں باپ حکمراني کرتا تھا افغان جو پنجاب کے دامنِ کوہ میں چھپے تھے - یہ اُن پر دشمن شکاري کي مشق کرتا پھرتا تھا * دفعۃً باپ کے مرنے کي خبر پہنچي * بیرام خاں اتالیق تھا - اور اکبر اُسے خاں بابا کہتا تھا - اور وھي کار وبار کا مُنتظم تھا * اُس نے فوراً سرداروں کو جمع کرکے شہزادے کے سر پر تاج شاھي رکھہ دیا - اور دلّي کي طرف تختِ رواں کا رُخ کیا * رستے میں خبر لگي کہ ھیمو بقّال نے آگرہ لیکر دلّي کي طرف باگیں موڑیں *

جالندھر کے مقام پر عرضیاں پہنچیں کہ حاکم نے آگے بڑھہ کر میدان کیا تھا مگر شکست کھا کر پنجاب کو بھاگا - اور ھیمو دلّي میں آگیا * اکبر تو لڑکا تھا - سنکر چپ ھوگیا - مگر تمام سرداروں کي آنکھوں میں شیر شاھي معرکے پھر گئے - اور کہا کہ " دشمن ایک لاکھہ سوار اور ھزار ھاتھي کي فوج رکھتا ھے - اُس کے ساتھہ اِس حال سے مقابلہ کرنا اپنے خون سے ھاتھہ دھونا ھے -

---

[1] Past participle to express state. Inflected as the verb is transitive, *vide* "Hind. Stumbling-Blocks."

بہتر یہہ ہے کہ یہیں سے کابل کو پھرو - سالِ آیندہ میں آکر خبر لینگے [1] " *

اکبر نے بیرام خاں سے علحدہ کہا کہ " دادا کا نام اور والد کا کام تمہارے دم سے بنا - اب تم کہو کہ صلاح کیا ہے " ؟

اُس نے کہا کہ " تمام دربار میرے حاسدوں سے بھرا ہوا ہے - اِس معرکے کا سنبھال لینا کچھہ بڑي بات نہیں - مگر یہ لوگ میري بات پیش نہ جانے دینگے " *

اکبر نے ہمایوں کي روح کي قسم دے کر کہا کہ " تم کسي کي پروا نہ کرو - اور بے تامّل جو مُناسب دیکھو وہ کرو " *

خانخاناں نے پھر جلسے میں آکر تقریر شروع کي *

سب نے کہا کہ - " بیگانے ملک میں مر کر لاشے چیل کووں کو کھلانے سے کیا حاصل ؟ بہتر یہ ہے کہ کابل میں چلکر بیٹھو - اور اُدھر سے لشکر لے کر سالِ آیندہ اِس مُہّم پر آؤ " *

بیرام خاں نے کہا کہ " جس ملک کو دو دفعہ لاکھوں جانیں دے کر لیا اب اُسے بے مرے مارے [2] دشمن کے حوالے کرنا مردانگي کا مُنہہ کالا کرنا ہے - پادشاہ تو آج بچّہ ہے مگر ہم تم بوڑھے سردار ہیں - آقا نے ایران توران تک ہمارا نام روشن کیا - لوگ کیا کہینگے ؟ سفید ڈاڑھیوں پر یہ روسیاهي اُٹھاني بڑے حیف کي بات ہے " ! *

---

[1] *Khabar lenā*, to take notice; settle accounts with; serve out.

[2] i.e. *be mare yā māre*.

اکبر اِس چھوٹي سي عمر میں سنبھلکر هو بیٹھا [1] اور کہا کہ " خان بابا ! میري راے تمھارے ساتھه هے - اب کہاں جانا اور کہاں آنا ؟ بغیر مرے مارے هندوستان نه چھوڑینگے - یا تخت یا تخته " * بچّے کے کلام سے بڈّهوں کي خشک رگوں میں خونِ مردانگي دوڑ گیا * بیرام خاں خانخانان اُسي وقت تلوار ٹیک کر اُٹھه کھڑا هوا اور کوچ کا حکم دیا *

رستے میں اُدھر کے بھاگے هوئے سردار آکر ملنے شروع هوئے - خانخانان نے بہت شرمندہ کیا اور کہا کہ " سبحان الله ! آقا کے بعد اُس کے بیٹے کے ساتھه جوانمرد اِسي طرح حقِ نمک ادا کرتے هیں ! " غرض کسي کو سزا کسي کو دلاسا دیتے چلے [2] *

هیمو بھي نام کو بقّال تھا - مگر همّت کا پورا اور عقل کا ٹوکرا [3] تھا - دلّي لے کر دل اور بھي قوي هوگیا تھا * پانی پت میں دونو لشکروں کا مقابلہ هوا * هیمو نے پہلے توپوں کا زنجیرہ باندھا - پھر هاتھي جن کا آسے بڑا گھمنڈ تھا اور کئي بادشاهوں کے گھر بگاڑ کر جمع کئے تھے - اُنھیں دیوارِ فولاد کي طرح کھڑا کیا * خود ایک هاتھي پر (کہ دیکھنے میں ابر سیاہ اور رفتار میں بجلي تھا اور اُس کا نام هوائي رکھا تھا [4]) صندوقي هودج میں بیٹھا * طرفین [5] کے بہادر داد مردانگي کي دینے لگے * اِسي حالت میں

---

[1] Now assumed a resolute posture.
[2] Giving as he marched along.
[3] *Tokrā*, the term used, indicates contempt or ridicule.
[4] Hīmu is the subject.
[5] *Ṭarafain*, Ar. dual.

ایک قضا کا تیر[1] هودج کو توڑ کر هیمو کي بهینگي آنکهه میں لگا - خون جاري هوتے هي تمام فوج میں هل چل[2] پڑ گئي * هیمو نے آپ تیر کهینچ رومال سے آنکهه باندهه لي - اور هودج میں کهڑا هوگیا * اِدهر اُدهر پهرنے لگا اور سرداروں کو پکارنے لگا - مگر هاتهي تیروں کي بوچهاڑ سے بهاگا * ایک ترک بهاگتا هاتهي دیکهکر اوسکے پیچهے دوڑا - اور فیلبان پر تیر جوڑا[3] * فیلبان چلّایا که " نه مارنا - مطلب میرے هي پاس هے " * یه سن کر خوش هوگیا * تین کوس پیچهے بادشاه تهے - هاتهي کو گهیر کرکے وهاں پهنچایا - اور هیمو کو سامنے حاضر کیا * خانخانان نے اکبر سے کہا که - " پہلي مہمّ هے - حضور خود شگون فرمائیں که جهاد اکبر هو " * وه هنس کر بولا که - " بندهے هوئے دشمن پر ! " غرض بادشاه نے تلوار چهوا دي - خانخانان نے بیٹهے بیٹهے ایک هاتهه ایسا مارا که اُس کا سر اکبر کے پاؤں پر گر کر کابل پهنچا - اور بالا حصار کے دروازے پر لٹکا * بدن دلّي میں بهیجدیا که اِس فتح عظیم کي خبر خاصّ و عامّ کو هوجائے * اکبر خالص تُرک بچّه[4] تها اور علم سے بے بهره - مگر بیٹهتا تو تاریخي داستانیں اور علمي باتیں سنتا - اٹهتا تو هاتهي لڑاتا - شیر مارتا - باز اُڑاتا - مُلک گیریاں کرتا - اور مُلک بخشتا *

---

[1] *Qaẓā kā*, fatal, death-bringing.
[2] *Halchal*, confusion, hubbub.
[3] *Tīr joṛnā*, to aim an arrow.
[4] *Bachcha* = by birth.

نور جہاں بیگم

ملک ایران میں خواجہ محمد شریف نام ایک عہدہ دار تھا - چونکہ آدمي با لیاقت اور صاحب تدبیر تھا - بڑھتے بڑھتے وزارت کے مرتبے کو پہنچ گیا * چند روز کے بعد اُس کا انتقال ہوا - اور وارثوں سے فلک نے دغا کي * مرزا غیاث اُس کا بیٹا ایسا تباہ ہوا کہ معاش کي تلاش میں گھر سے نکلا - اور ایک قافلے کے پیچھے پیچھے مع عیال ہندوستان کو روانہ ہوا * بي بي حاملہ تھي - اُسي سفر کي حالت میں ایک لڑکي پیدا ہوئي - بے سامانی کا سفر - جنگل کا مقام - محلّوں کے بیٹھنے والے ماں باپ نے ساري رات جنگل میں پریشاني کي حالت میں کاٹي * صبح ہوتے پھر روانہ ہوئے * لڑکي جو ایسے نُحوست کے وقت میں پیدا ہوئي تھي - اُس کا لے چلنا سخت مشکل ہوا * آخر باپ نے اپني حالت اور بیٹي کي ذات کے انجام کو سوچا - کہا کہ "خدا پر توکّل کرو - اور اُس کي قسمت کے حوالے کرکے یہیں چھوڑ دو" * جب کچھ بن نہ آئي تو ماں نے کلیجے کے ٹکڑے کو زمین پر رکھہ دیا - روتي چلي گئي * پیچھے سے ایک اور قافلہ آتا تھا - اُس صبح کے تارے کو زمین پر پڑا دیکھہ کر سب حیران ہوگئے * ایک سوداگر کے دل میں خدا نے رحم ڈالا - گود میں لئے منزل پر آیا * اُس جنگل بیابان میں دود[1] کہاں ؟ سارے قافلے میں اِس بات کا چرچا تھا - کسي کو مرزا غیاث کا خیال آیا - سوداگر سے کہا " کہ وہ

---

[1] *Dūd* for *dūdh*.

قسمت کا مارا جو دوسرے قافلے کے ساتھہ ھے اُس کے [1] عیال بھي همراہ هیں - اگر سپرد کرو تو شاید که [2] اِس بچّے کي جان بچ جائے " * غرض کچھہ اُجرت پر لڑکي اُس کے حوالے ھوگئي * سوداگر نے جب مرزا غیاث کي لیاقت اور خاندان کا حال معلوم کیا تو بہت اوسکي موجودہ حالت پر افسوس کیا - اور هندوستان میں پہنچ کر اکبر کے دربار میں پہنچایا *

همایوں بادشاہ جب هرات میں پہنچا تھا تو خواجه شریف یعني مرزا غیاث کا باپ هرات کا حاکم تھا - اور اُس وقت میں بادشاہ کي بہت خدمت کي تھي * چنانچه اب مرزا غیاث نے باپ کے حقوق کو اپني سفارش میں پیش کیا - اور چونکه خود بھي مُحاسب اور خوشنویس اور شاعر خوش بیان تھا - ایک عہدے پر مقرّر ھوگیا *

جس طرح اَور اُمرا کي بیبیاں محل میں جایا کرتي تھیں اسي طرح مرزا غیاث کي بي بي بھي جایا کرتي تھي * اِس عرصے میں لڑکي بھي بڑي ھوگئي تھي - اُس کا نام مہرالنسا رکھا [3] تھا * چنانچه ماں کے ساتھہ بیٹي بھي جایا کرتي تھي * اِس عمر میں اُس کے حسن خدا داد اور آن اور انداز کو دیکھہ کر ساري بیبیاں کہتي تھیں " که دیکھئیے یه بجلي کدھر گرتي ھے " * ایک دن مینا بازار میں پھرتي تھي - جہانگیر که اِن دنوں میں شاهزادہ

---

[1] '*Iyāl*, m., pl., "family *or* wife."
[2] *Ki* and not *agar*, *vide* "Hind. Man.," L. 52 (*e*) (4).
[3] The subject is 'her parents.'

تھا - دو کبوتر ھاتھہ میں لئے وھاں جا نکلا * مہر النسا کا البیلے پن [1]
سے چمن میں پھرنا بہت بھایا - پھول توڑنے لگا اور اُس سے کہا
کہ "بی لڑکی [2] - ذرا ھمارے کبوتر تو لئے رھو" * مہر النسا نے کبوتر
اُس کے ھاتھہ سے لے لئے * اتفاقاً ایک کبوتر پھڑک کر ھاتھہ سے
چھوٹ گیا * جب شاھزادہ اُدھر متوجہہ ھوا تو پوچھا کہ " ھیں !
میرا کبوتر کیا ھوا ؟ " اُس نے کہا کہ "صاحبِ عالم وہ تو اُڑگیا " *
شاھزادے نے کہا - " کیونکر " ؟ اُس نے دوسرا بھی اُڑا دیا کہ
" حضور اِس طرح اُڑگیا " * یہ بھولے پن کی ادا اُس وقت ایسی
بھلی معلوم ھوئی کہ شاھزادے کے دل میں اُسکی جگہہ ھوگئی *

ماں کو جب یہ حال معلوم ھوا تو بیگم سے شکایت [3] کی
اور بیٹی کو محلّ میں لے جانا چھوڑ دیا - بلکہ رفتہ رفتہ یہ شکایت
بادشاہ کے کان تک پہنچی * اکبر بہت خفا ھوا - بیٹے کو خلوت
میں بلا کر سمجھایا کہ " بیٹا ! بادشاھوں پر واجب ھے نوکروں
کی بہو بیٹیوں [4] کو اپنی بہو بیٹیاں سمجھیں - اگر ھم ایسی باتیں
کرنے لگیں تو دنیا میں آج ھی قیامت آجائے - تمھیں بھی ایک دن
بادشاہ ھونا ھے - خبردار پھر ایسا کام نہ کرنا " * ساتھہ اِس کے مرزا
غیاث کی بی بی سے بھی کہا کہ " تم بیٹی کی کہیں شادی کردو -
اور چند روز آسے جہانگیر کی آنکھوں سے الگ رکھو " *

---

[1] *Albelā-pan*, simple grace. [2] *Bī laṛkī*, a term of respect; "Miss."

[3] Muslim boys are forbidden to speak to girls of about 12 years and over, not of their family.

[4] *Bahū* is lit. son's wife: *bahū beṭiyāṅ* means women related by blood and those connected by marriage.

علي قلي خاں ایک شخص شاہ ایران کے نعمت خانے کا داروغہ تھا - وہ بادشاہ کے مرنے کے بعد تبدیل سلطنت سے ملتان میں آنکلا * عبد الرحیم خانِ خاناں اُن دنوں بھکر میں لڑتا تھا - اُس سے ملاقات کي - اور اوسکے ساتھہ معرکے میں بڑي بڑي جانبازیاں دکھلائیں * جب خانِ خاناں دربار میں آیا تو اُسے بھي ساتھہ لایا * علي قلي خاں ، جیسا لائق اور دل کا بہادر تھا ویساھي خوبرو جوان تھا * اکبر نے ایک مُعزّز عہدہ دے کر اُس سے مہر النسا کي شادي کي - اور ڈھاکے کا صوبہ کرکے بھیج دیا * مہر النسا حُسن و خوبي کے ساتھہ [1] عقل کي پتلي [2] اور لطائف وظرائف میں بُلبُلِ ھزار داستان تھي - چند روز میں میاں کو غلام بنا لیا *

جبکہ جہانگیر بادشاہ ھوا تو پھر اُس کي نیّت بد ھوئي - اور عِشق کي چنگاري جو کجلا گئي تھي وہ چمک اُٹھي * علي خاں کو بہانے سے بُلا بھیجا اور چاھا کہ کسي ایسے ڈھب سے مروا ڈالے جس کا اِلزام نہ آئے - چنانچہ ایک دن اُس کي شجاعت اور بہادري کي بہت سي تعریفیں کرکے مست ھاتھي کے سامنے کردیا * اُس شیرِ جنگ [3] نے اُسے مار ھٹایا [4] - پھر ایک شیر سے نہتّا [5] بھڑا دیا * اُس نے بے ھتیار ھي مارا - اور شیر افگن خاں کا خطاب لیا * جب یہ وار نہ چلي تو ایک راز دار کي زباني جہانگیر نے صاف

---

[1] —*ke sāth,* "in addition to." *Ḥusn* is beauty of appearance; *khūbī* is a general term.

[2] *'Aql kī putlī* = "wisdom personified."

[3] *Sher-i-jang,* lion of battle.

[4] *Mār-haṭānā* = *mārkar haṭānā.*

[5] *Nihattā,* for *nihatthā,* "having nothing in the hand, i.e. unarmed."

صاف الفاظ میں اوس سے اوسکي بي بي کو طلب کیا * اُس غیرت والے کي غیرت نے گوارا نہ کیا - اور یہي مناسب دیکھا کہ اس نوکري پر لعنت کر کے اپني جاگیر پر جا بیٹھے [1] * بادشاہ نے اپنے کوکہ قطب الدین خاں کو بردوان کا صوبہ کر کے بھیجا - اور اِشارہ کر دیا کہ جس طرح پر ھو اُس کا کام تمام کرے * شیر افگن خاں بے خبر بردوان میں اپني جاگیر پر بیٹھا تھا * اوسکي آمد کي خبر سنتے ھي اِستقبال کو آیا - دو چار جان نثار اُس کے ساتھہ تھے * قطب الدین خاں کے آدمیوں نے فوراً انھیں گرفتار کر لیا * شیر افگن خاں دیکھہ کر حیران ھو گیا - سمجھا کہ معاملہ بگڑ گیا - تلوار کھینچکر کوکہ جي کے ایسا ایک ھاتھہ مارا کہ دو ٹکڑے ھو کر ھزار سالہ مُردوں میں جا ملے * بادشاھي سپاھي دیکھتے ھي ٹوٹ پڑے - اور اُس تنِ تنہا کي بوٹي بوٹي کر ڈالي - مگر ننگ و نام کے دیوان میں نام اُس کا سرِ دفتروں میں لکھا گیا * اُس بے گناہ کے لئے ھزار جُرموں کے برابر تو یہي جرم تھا کہ جہانگیر کا رقیب تھا * اب تو پردہ درمیان سے بالکل اُٹھہ گیا * ایک بي بي کُھلم کھلا جہانگیر کي طرف سے مہر النسا کے پاس پیغام لے کر آئیں * مہر النسا سنکر آنکھوں میں آنسو بھر لائي اور بولي کہ " شیر افگن جیسے خاوند کو گنوا کر دوسرے کا منہہ دیکھنا ننگ و وفا کا منہہ کالا کرنا ھے - بي بي ! تم میري طرف سے حضور میں عرض کرو کہ ' خیر ' جہاں پناہ ! اُس بد نصیب پر جو کچھہ گزر گئي اُس کي تقدیر میں یہي لکھا تھا - مگر بیوہ بیکس پر اب رحم فرمائیے - اور

[1] Aorist ; indirect narration.

اِس مرنے والے[1] کي روح کو ايذا نه ديجئيے' * "اس جواب کو جس نے سنا يهي کها که " سبحان الله ! لاج والـي بي بي جسے اپنے پيارے شوهر کا رقيب ديکهتي هے اُس کي مسند شاهي تک پر اِسي طرح لات مارتي هے" * کچهه عرصے کے بعد جهانگير نے ماں کو اشارہ کيا که مهر النسا کو اپني سهيليوں ميں رکهه لو" * مدّت اِس طرح بهي گذري * غرض اخير کو يه هوا که مهر النسا سے نور محل اور نور محلّ سے نور جهاں ، بادشاہ بيگم ، بذکر نورالدين جهانگير کے پهلو ميں بيٹهه گئي * نورجهاں حُسنِ صورت کے ساتهه حُسنِ تدبير ميں بهي بے نظير تهي * بادشاہ تو شراب کي مستي ميں رنگرلياں[2] منايا کرتا اور نور جهاں تمام سلطنت سنبهالتي - يهاں تک که جو حضور ميں کچهه عرض کرتا جواب پاتا - که " هم تو دو پيالے شراب اور ايک سيخ کباب پر سلطنت بيگم کے هاتهه بيچ چُکے - جو کهنا هو اُن سے کهو" *

شهاب[3] الدين شاہ جهاں

جب جهانگير بادشاہ نے وفات پائي تو آصف جاہ وزير نے هرکاروں کے داروغه کو خلوت ميں بلا کر کها که " کوئي ايسا تيز رفتار هرکارہ لاؤ - که اِسي وقت هَوا هو جائے - اور يه همارے هاتهه کي انگوٹهي هے - اِسے شاهزادۂ خرم تک پهنچائے -

[1] *Marne-wāle* is past, not future; it refers to *Sher-Afgan*.
[2] Singular, not plural.
[3] *Shahāb*, meteor.

که حیدر آباد دکن میں ہے - ایک اشرفي کوس کا تو ابھي حساب سمجھادو - اور انعام پیچھے دیکھا جائیگا " * چنانچه مہتا بنارسي نام ایک ہرکارہ آیا - اور انگوٹھي لے روانه ہوا * اِدھر وزیر نے مصلحةً ایک شاہزادے کو تخت پر بٹھا دیا اور تمام لشکر کو لیکر لاہور گیا * اُدھر ہرکارہ انگوٹھي لیکر اُڑا * کوہ دریا پر سے ہوا کي طرح گذرتا اور ہوا کو گرد کي طرح پیچھے چھوڑتا دو مہینے کي منزلیں بیس دن میں طے کرکے جُنیر کے مقام میں شاہزادے کي خدمت میں حاضر ہوا * خسر [1] اور داماد میں پہلے ہي سے اشارے ٹھیرے ہوئے تھے * انگوٹھي کو دیکھتے ہي مطلب سمجھہ لیا - اور فوراً آگرے کي طرف کوچ کیا - اور دارالخلافه میں پہنچکر شاہانه دربار کیا * جابجا فرمان بھیجے گئے - اور شہاب الدین شاہ جہاں کے لقب سے فرمانوں کي پیشاني نے رونق پائي *

خان جہاں لودھي کي بغاوت کے سبب سے دکن میں عام فساد ہوا * لودھي تو مارا گیا - مگر ملکِ دکن اُس کي آفت میں گرفتار ہو گیا * نتیجه اِس کا یه ہوا که وہاں کے حاکموں کو کامل طور پر مُطیع کرنے کے لئے بڑے معرکے ہوئے * عہد نامے تازہ کئے گئے اور اُن حاکموں کے زور گھٹائے گئے *

علي مردان خاں والي قندھار نے شاہ ایران سے ناراض ہو کر قندھار کو شاہ جہاں کے حوالہ کردیا - مگر شاہ ایرن نے پھر لیلیا *

---

1 Vulg. *susar*, father-in-law.

هرچند ایک دفعہ دارا شکوہ اور دوسري دفعہ اورنگ زیب بڑے بڑے سامانوں کے ساتھہ گئے مگر دونو ناکام پھر آئے * شاہجہاں نے بلخ کو بھي فتح کیا - مگر سنبھال نہ سکے *

اہلِ پرتگال نے چاٹگام میں ایک کوٹھي مُستحکم بنائي - اور ھُگلي اُس کا نام رکھا * ڈھاکے کے حاکم کو اُن کي طرف سے شبہہ پیدا ھوا چنانچہ اُس نے دربار کو اُن کي شکایت لکھي - اور یہ بھي لکھا کہ " یہ لوگ روز بروز گُستاخ ھوتے جاتے ھیں - بلکہ قلعے پر توپیں بھي چڑھا لي ھیں " * بادشاہ نے حکم بھیجا کہ " اُن بت پرستوں کو نکال دو " * چنانچہ بہت سے آدمي اُن کے قتل ھوئے - باقي اِس طرح نکالے گئے کہ پھر اہلِ پرتگال بنگال میں قدم نہ رکھہ سکے * اکبري عہد کے خلاف شرع قواعد و آئین ، اور جہانگیر کے وقت کے عیشِ رنگین [1] سب موقوف کئے - اور بندوبست کے آئین و قوانین جاري کئے *

صفائي یعني سُتھراپن

بہت ضرور ھے کہ تم اپنے تئیں پاکیزہ اور صاف رکھو - میلا کُچیلا رھنا نہایت بُري بات ھے * نا صاف رھنے سے بیماري پیدا ھوتي ھے اور لوگ گِھن [2] کیا کرتے [3] ھیں - کوئي بیٹھنے یا پاس آنے کا روادار [4]

---

[1] Lit. highly-coloured luxury.
[2] *Ghin*, f., "disgust."
[3] *Vide* "Hind. Man.," L. 20 (*d*).
[4] *Rawā-dār*, adj., permitting: *wuh mere āne kā rawādār nahīṅ* = he won't permit me to come.

نہیں ہوتا * کم سے کم دن میں دو مرتبہ منہہ دھونا چاھئے * تمام دنیا کا دستور ھے کہ اپنے تئیں ھر ایک شخص بموجب اپنے مذھب کے پاکیزہ رکھتا ھے * ھندو ھر روز نہاتے ھیں * اھلِ اسلام ھر روز نہیں نہاتے لیکن پانچوں وقت وضُو کرتے ھیں اور جُمعہ کے روز غسل [1] * تم یہ بات سنکر بہت تعجّب کروگے کہ بعض لڑکے منہہ دھونے سے ڈرتے ھیں - اُن کا چہرہ نا صاف اور بد رونق رھتا ھے *

جاڑوں میں ٹھنڈے پانی کے اِستعمال سے اگر تکلیف ھو تو تازہ یا گرم پانی لو - لیکن بلا ناغہ منہہ کو دھوکر خوب صاف کرو - اور اپنے جسم پر کسی طرح کی غلاظت یا گندگی مت رھنے دو * خاک اور مٹّی سے کھیلنا بڑی عیب کی بات ھے - اس سے کپڑا اور بدن دونوں کا نقصان ھے *

لڑکپن میں رُطوبت کا غلبہ ھوتا ھے اسواسطے ناک اکثر بہا کرتی ھے - جس لڑکے میں ایسی رطوبت ھو ھمیشہ اُس کو ایک رومال اپنی جیب میں رکھنا چاھئے * جب ناک صاف کرنے کی ضرورت ھو علحدہ کونے میں ناک صاف کرنی چاھئے یا اگر کم ھو تو رومال میں - پھر رومال کو ھر تیسرے روز بدل ڈالنا مناسب ھے * لیکن ناک کو دامن یا آستین سے ھرگز نہیں پونچھنا چاھئے * ھمیشہ دستر خوان پر کپڑے کو سمیٹ کر بیٹھنا چاھئے * عجیب عجیب طرح کی بد تمیزیاں لڑکوں میں ھوتی ھیں - کوئی آستین چبایا کرتا ھے - کوئی بٹن - کوئی دامن * ھم کو اُمید ھے کہ تم ایسی خراب

---

[1] *Ghusl*, m., washing the whole body.

عادت هرگز اختیار نه کروگے * بعض لڑکے کہانے کی جو چیز اُن کو دي جائے دامن یا ٹوپي میں رکھہ لیا کرتے هیں - اس سے اُن کي حرص[1] معلوم هوتي هے - کپڑا پہننے کے واسطے هے نه کہانے کي چیزیں بهرنے اور رکہنے کے لئے - بہتر هوتا که ایسے لڑکے بجائے ٹوپي کے دیگچي اوڑهتے[2] اور بجائے انگرکهے[3] کے دستر خوان کا کُرته اُن کو بنا دیا جاتا *

نواب صاحب کي روانگي

نواب صاحب نے محلّ سرا میں جاکر کہا که " اب میں رخصت هوتا هوں " *

حُسن[4] — دُلہا بهائي[5] جلدي آئیےگا[6] ؟

سپہر[7] — هاں جلدي سے آجائیےگا * وهاں دوهي[8] تین روز تو رهئیگا *

---

1 *Ḥirs*, greed. *Bad-tamīzī*, ill manners, would be a better expression here.

2 *Ṭopī oṛhnā*, a Delhi idiom. *Oṛhnā* is properly confined to wearing or covering oneself with an uncut garment, while *pahinnā* is used for cut garments, head-gear, shoes, and gloves.

3 *Angirkhā* is the old-fashioned long coat as worn by *khidmatgārs*. It is still much worn in Delhi. It has a semicircular breast-piece fastened by tapes; no buttons.

4 Contraction for *Ḥusn-ārā*.

5 Brother-in-law (sister's husband); *lit.* the bridegroom brother.

6 Future respectful Imperative, 2nd pers., pl.; also in conditions used for 2nd pers., pl., Fut.; *vide* "Stumbling-Blocks," pp. 48 (*b*) and 49 (2 *a*) and Remark. *Mihrbānī karke* is more formal than the respectful tenses and may be used to inferiors.

7 Contraction of *Sipihr-ārā*.

8 *Hī*, only.

ن [1] ـــــ بس اور کیا ؟ وهاں کرنا کیا هے ؟ دو نہیں اِنتّہا تین دن *

سپہر ـــــ اُفّ فوہ [2] ! بڑي دور جانا هے * جو ریل نہوتي تو مہینوں کا راستہ تہا [3] * سیدھے چلے جائیگا یا کہیں ٹکیگا [4] بھي ؟

ن ـــــ بس ایک دن کے لئے ـــــ کے ' هوٹل ' میں ٹکونگا [4] *

بڑي بیگم صاحب نے کہا " میں تو [5] هرگز نہ جانے دیتي مگر مجبور هوں - بات هي ایسي هے کہ کچھہ کرتے دهرتے [6] بن هي نہیں پڑتي [7] * مگر آنا جلد ورنہ هم [8] سب تڑپا [9] کرینگے " *

---

1 Contraction of *Nuwāb.*

2 *Uff!* is Arabic and Persian, but *uff foh* the modern Urdu equivalent.

3 *Thā* for *hotā*, 'vide' "Stumbling-Blocks," p. 101 (15).

4 *Tiknā* means to make a short stay or halt, while *ṭhaharnā* may mean a long or a short halt, as: *Maiṅ wahāṅ do din tikā* or *ṭhahrā*, but *Maiṅ Landan meṅ do baras ṭhahrā* or *rahā* (not *ṭikā*). *Ṭiknā*, "to last," has the sense of being strong, while *ṭhaharnā* has a wider meaning, 'to be in good condition' as well as 'to be strong.' *Ṭiknā*, 'to last,' is used of concrete things only, while *ṭhaharnā* may be used both of concrete and abstract things.

5 *Maiṅ to* = as for me.

6 *Karte dharte*, meaningless appositive; *Hind. Man.*, L. 48 (c).

7 *Ban nahīṅ parti*; *bāt* understood. *Ban-parnā*, to be effected.

8 *Ham* is always masculine, though in the Panjab it is also used as a feminine. "Stumbling-Blocks," VI (1), pp. 8-9.

9 *Tarapnā*, to flutter like a fish out of water or as a fowl with its throat cut.

بہار النسا [1] بیگم کو منظور نہ تھا کہ نواب صاحب اتنا بڑا سفر اختیار کریں * کئی بار سمجھایا کہ " کہاں بھئی [2] جاؤگے ؟ لکھہ بھیجو کہ ہم علیل ہوگئے * نہ جانے والے [3] سیکڑوں بہانے کر سکتے ہیں " *

نواب صاحب نے کہا - " واہ ! اِس سے فائدہ ؟ جھوٹ بھی بولوں اور دوستی کے بھی خلاف عمل میں آوے ؟ اِتنے بڑے دوست کے لئے ذرا سا سفر کرنا کون [4] مشکل بات ہے ؟

بہار — جانا فرض ہي [5] کیا ہے ؟ نہ جاؤ تو کیا ہرج ہے ؟

سپہر — ہاں لکھہ بھیجئیے کہ " گھر میں طبیعت علیل ہے ایک عزیز کی " *

بہار — روپیہ تو بھیج چکے ہو *

حسن — ہاں ! تو پھر کیا [6] ہے ؟ اب تو ہم نہ جانے دینگے *

ن — روپیہ کي آنکو ضرورت اِسقدر نہیں جسقدر ہماري مدد کي ضرورت ہے *

---

1 *Bahār-un-Nisā*, a mongrel compound: *bahār* is Persian and *nisā* an Arabic broken plural without a singular.

2 *Bhaʿī* for *bhāʿī*.

3 *Na-jāne-wāle*, non-goers, those who don't *intend* to go.

4 *Kaun*; properly *kyā*: 'vide' "Hind. Man.," L. 5 (*b*).

5 *Hī*, at all.

6 *Mushkil* understood after *kyā*.

سپہر — ایک ہفتے میں آجائیگا *

ن — واہ !

بہار — پھر کیا ؟ کوئی مہینے دو مہینے میں آؤگے ؟

ن — نہیں - بس کوئی [1] بارہ روز میں *

بہار — اچّھا - اللہ مالک ہے *

ن — واہ رے ہندوستان * ' میموں ' کو دیکھو * کتنی دور انگریز جاتے ہیں مگر اُنکو اِسکا خیال نہیں * یہ بھی ایک قسم کی پست ہمّتی ہے - یہاں کہ سفر کا نام سنا اور کانپنے لگے * اِس چھاؤنی کے کپتان صاحب نے اپنے دو لڑکے ولایت بھیجے ہیں - ایک چھہ برس کا ہے - ایک سات برس کا *

بہار — چھہ برس کا ؟ ایسا سفید ہوگیا خون ؟

حسن — بھونڈی [2] محبّت اِن لوگوں میں نہیں ہے - " چاہے لڑکا پڑھے یا نہ پڑھے مگر لاڈ ضرور ہو - پڑھہ کر چاہے الف کے نام بے بھی نہ جانے [3] مگر شادی دُھوم دھام سے ہو - لاکھوں روپیہ تُہیڑی کیا جائے * چاہے مکان کی اینٹیں تک بِک جائیں -

---

[1] Note *koʾī* "about" is not inflected. "Hind. Man.," L. 8 (*b*) (1).

[2] *Bhoṅḍī maḥabbat* = blind affection. *Bhoṅḍā*, H. = *bahut bad-ṣūrat*, hideously ugly (of men, animals or things).

[3] *Alif ke'nām be bhī na-jāne*, an idiom ; construction obscure.

مگر تزک ضرور ہو - شوکت میں فرق نہ آئے " * یہاں تو بس ہردم یہی فکر رہتی ہے کہ " جو بات ہو ظاہری نمایش سے خالی نہو " * عورتیں پڑھنا لکھنا جانتی نہیں ۔ مردوں کے خیالات پست * بس اِس شان و شوکت کے خیال نے ایسا چوندھیا رکھا ہے کہ ہم کسی مصرف ہی [1] کے نہیں *

ن ـــ ہم تو اپنے لڑکے کو ولایت [2] ضرور بھیجینگے *

بہار ـــ کیا !

حسن ـــ اخّاہ ! [3] بہت چونکیں *

بہار ـــ نہیں نہیں - ہم سنیں تو- " کہاں بھیجینگے ؟ "

ن ـــ ولایت *

بہار ـــ ضرور *

ن ـــ دیکھہ لینا [4] - ضرور بھیجوں بالضرور بھیجوں * وہاں سے تعلیم پاکر آئیگا * ہرج ہی کیا ہے ؟ ' بیرسٹر ' ہو کر آئے [5] یا

---

1 *Hī*, at all.

2 Note the *ko* or *meṅ* of motion is omitted. "Hind. Man.," L. 12 (*i*).

3 *A<u>kh</u><u>kh</u>āh* is a modern Urdu interjection that has not yet found its way into the dictionaries.

4 *Dekh-lenā* = you will see.

5 The future termination *gā* is understood from the next verb *āʼegā*.

ڈاکٹر ہو کر - یا حاکم ہو کر آئیگا - لیاقت ہوگي - فخرِ خاندان کہلائیگا *

بہار — مگر آئیگا بھي عیسائي ہو کر *

حُسن — واہ ! یہ کیا کچھہ فرض ہے ؟ اِتنے مسلمان گئے کیا سب عیسائي ہي ہو کر آئے ؟ بھلا ! دو ایک کا نام تو او * ہُونہہ - وہ - جو نظیر آباد [1] کے پاس بیگم رہتي تھیں اُنکا نواسہ ولایت ہو آیا [2] ہے * اب بیرسٹري کرتا ہے * جو گیا خوش و خرّم آیا * کوئي دس بارہ دن کا تو راستہ یہاں سے ہے *

بہار — اُوئي اللہ [3] ! اِتنا جھوٹ ؟ کم سے کم چھہ مہینے میں آدمي جاتا ہوگا * کیا یہاں سے وہاں تک ریل تھوڑا ہي ہے کچھہ ؟

حُسن — (مُسکراکر) بجا *

نواب صاحب کے رخصت ہونے کے وقت حسن آرا نے کہا " دلہا بھائي ! اِتنا خیال رکھیںگا کہ میري طبیعت ابھي صاف نہیں ہے - جسقدر جلد مُمکن ہو اُسي قدر جلد آئیگا " *

---

1 *Nazīr ābād*, a *mahalla* in Lucknow.
2 *Ho-ānā*, to go and come back.
3 *Ū,ī*, a woman's exclamation.

یہ کہکر حسن آرا آبدیدہ ہوگئي * بہار النسا کا دل بہر آیا *
بڑي بیگم نے دعا دي کہ " اللہ کرے جس طرح پیٹھہ دکھائي
اُسي طرح منہہ دکھاؤ "[1] * سپہر آرا نے گلوریاں بناکر خاصدان میں
رکھیں *

[1] This is the usual women's blessing given to a departing friend or relative.

تمام شد

Printed at the Baptist Mission Press, Calcutta, and published by the Board of Examiners.